(*b*) whether it is a fact that an inquiry into allegations of corruption, misdeeds, favouritism, etc., is pending against the said official with the Anti-Corruption Establishment ;

(*c*) whether it is a fact that many months ago the Anti-Corruption Establishment had moved the Board of Revenue for the immediate transfer of M. Ghulam Nabi to some other place for facilitating the conduct of investigations against him but he has so far been transferred ;

(d) whether it is a fact that the said official continues to deal with establishment cases, the relevant record is in his custody and the witnesses who are generally Government officials are apprehensive of deposing against him for fear of being victimised with the result that the Anti-Corruption Establishment is unable to proceed further in the said investigations ;

(*e*) if answer to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, (*i*) the present progress of the investigations ; (*ii*) reasons for not transferring him to some other Division and (*iii*) the action Govetnment intend to take in transferring the said official to some other Division ?

Minister fo. Revenue (Mr. Ghulam Sarwar Khan). (*a*) Yes.

(*b*) Yes, some allegations against Mr. Ghulam Nabi are reported to be under consideration with the Superin-

tendent of Police, Anti-Corruption Establishment, Northern Region, Rawalpindi, but according to the Commissioner, Rawalpindi Division, these allegations are false and malicious having been initiated through the machination of a disgruntled official.

(*c*) Yes, but the transfer was not considered necessary due to position stated against (*b*).

(*d*) Mr. Ghulam Nabi does put up establishment cases as Senior Superintendent to the Commissioner who passes orders on them after due consideration and the former has no position at all to victimise any body in the presence of the latter.

(*e*) (*i*) the case is reported to be under consideration of the Superintendent of Police, Anti-Corruption Establishment, Northern Region Rawalpindi ; (*ii*) in view of the position stated above, there ; and (*iii*) is no justificasion for his transfer elsewhere, unless the Anti-Corruption Department substantiates the charges.

Adjournment Motions

Mr. Speaker : We will now take up the adjournment motions. Adjournment motion No. 568.

EXPULSION FROM SAWAT STATE OF THE PARENTS OF STUDENTS WHO TOOK OUT A PROCESSION

Mr. Hamza Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence namely, the most callous and autocratic action on the part of the local administration in turning out of Sawat parents of the students who took out a proccssion in sympathy with the demands of students all over the Province. This has caused deep resentment and frustration in the minds of the public throughout the Province.

The news has appeared in daily Nawa-e-Waqt, Lahore in its issue of 6th February 1969.

وزیر مال - جناب والا . یہ مجھے کل نوٹس ملا تھا اور میں نے کوشش کی ہے کہ اس کے متعلق اطلاع حاصل کروں -

There is no truth in the statemnet that the parents of students taking part in the demonstration have been expelled from Swat State.

گو یہ واقعہ بھی ٹھیک نہیں -

مسٹر حمزہ - کیا ؟

Mr. Speaker. Facts have been denied.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر- یہ کل کے اخبارات میں جن میں پریس ٹرسٹ کے اخبارات بھی شامل ہیں ان میں یہ خبر شائع ہوئی بلکہ آج کے اخبارات میں مزید تفصیلات شائع ہوئی ہیں -

وزیر قانون - تردید بھی چھپ گئی ہے -

مسٹر حمزہ - وہ پھر مجھے آپ بتا دیں میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کل تمام کے تمام اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی ہے - مزید پشاور سے یہ خبر آئی ہے کہ وہ لوگ جو سوات کے رہنے والے ہیں اور پشاور میں آباد ہیں انہوں نے بھی اس پر احتجاج کیا ہے - اور اس طرح اس خبر کی تصدیق کی ہے - وزیر موصوف نے وہ اطلاع دی جو انہیں بہم پہنچائی گئی ہے - میں ان سے التجا کرونگا کہ وہ دوبارہ اس کی تصدیق کر لیں -

مسٹر سپیکر - آپ کی اطلاع سٹوڈنٹس کے متعلق ہے یا ان کے والدین کے متعلق ہے -

وزیر مال - ان کے والدین کے متعلق ہے -

There is no truth in it that the parents of the students taking part in the demonstration have been expelled from the Swat State.

Mr. Hamza. Sir he says "the parents of the students taking part in the demonstration".

Minister for Revenue. Turning out of Swat the parents of the students, who took out a procession in sympathy,

Mr. Speaker. The facts have been denied and the motion is ruled out of order. Next motion please.

HUNGER STRIKE FOR THE RELEASE OF STUDENT LEADER RASHID SHEIKH

Major Muhammad Aslam Jan. Sir, I ask for leave to make a motion for the ajdournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely on 5th of February 1969 three students of Rawalpindi want on hunger strike to press for the release of a student leader, Rashid Sheikh. This appeared in the Pakistan Times, Lahose, on 6th of February 1969. This news has perturbed the mind of the public of West Pakistan.

Minister for Law. Sir, I will request that this motion and the next motion, which pertain to the Home Department, may, kindly be taken up when the Home Minnster is present. At present he is not in Lahore.

Mr. Speaker. We will take up motions No. 569, 570 and 571 on Monday.

Minister for Law. Sir, let it be on Tuesday.

Mr. Speaker. Alright, we will take them up on Tuesday.

Bill

THE UNIVESITY OF THE PUNJAB BILL 1969

(Resumption of discussion).

Mr. Speaker. We will now take up the orders of the day. Yes, Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر (لاہور 2) ۔ جناب سپیکر ۔ آج ہم صوبہ کی سب سے زیادہ اہم لیجسلیشن پر بحث کر رہے ہیں ۔ جس کے پس منظر میں سٹوڈینٹس کی لاشیں ۔ ان کے والدین کی چیخ و پکار ۔ لاٹھی چارج کا شور آنسو گیس کے بادل اور گولیوں کی بوچھاڑ کا سماں ہے ۔ آج ہم نے یونیورسٹی آرڈیننس کی تنسیخ کے بعد اس نئے بل کے اصولوں پر جسے آج متعارف کرایا جا رہا ہے اس پس منظر کو ذہن میں رکھتے ہوئے بحث کرنی ہے ۔ میں اس معزز ایوان کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ پنجاب یونیورسٹی پاکستان میں ہی نہیں بلکہ برصغیر پاک و ہند کی نہایت ہی پرانی یونیورسٹی ہے ۔ اور حال ہی

میں اس کے لئے آٹھ سو ایکڑ اراضی حاصلی کی گئی ہے اور اس کا کیمپس بنانے کے لئے تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں 3 کروڑ روپیہ مہیا کیا گیا تھا۔ اس یونیورسٹی میں 7 فیکلٹیز ۔ 8 ڈیپارٹمنٹ ۔ 3 یونیورسٹی کالج اور سوشل ریسرچ سنٹرز کے علاوہ کم و بیش 89 ملحقہ کالج شامل ہیں ۔ جناب والا ۔ مجھے پھر دھرانے دیجئیے کہ ہمیں ان اصولوں پر بحث کرنی ہے جو اس لئے بل میں دیئے گئے ہیں اور میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں ۔ اپنی study کی بنا پر اور بہت سے لوگ جن سے میں نے ملاقات کی ہے ان کے خیالات کی بنا پر کہ وہ تمام کے تمام اصول جن کے خلاف پر زور احتجاج جاری تھا وہ اس بل میں تا حال زندہ رکھے گئے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں اپنی بحث کا آغاز اس شعر سے کرتا ہوں ۔

خشت اول چوں نہد معمار کج
تا ثریا می رود دیوار کج

اگر آپ فرینڈز ناٹ ماسٹرز میں ریفارمز کے باب کو دیکھیں تو اس میں جناب صدر مملکت نے یہ فرمایا ہے کہ میں نے پہلی پریس کانفرنس میں جو مارشل لا کے دو دن بعد کی تھی اس میں کہا تھا کہ یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ طلبا کی تکالیف کو دور کرنے کے لئے ایک کمیشن بنایا جائیگا ۔ در اصل یہ ان کے ذہن کا عکس تھا اور وہ سمجھتے تھے کہ سیاسی پارٹیوں کو ختم کرنے کے بعد میری بقا اس میں ہے کہ میں طلبا کی سرگرمیوں کو کچل کے رکھ دوں ۔

Minister for Education. Sir, can he discuss the intention of the head of the State and assume things ?

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ 30-12-1958 کو لیشنل ایجوکیشن کمیشن بنایا گیا جس نے 26 اگست 1959 کو اپنی سفارشات پیش کیں اور ان کو حکومت پاکستان نے 6 اپریل 1961 کو اپنایا ۔ جناب والا۔ یہ نا پاک قانون یعنی یونیورسٹی آرڈیننس جون 1961 کو ملک کے دونوں حصوں میں نافذ کیا گیا ۔ اس کے ایک سال بعد یعنی ستمبر 1962 کے آغاز میں ایجی ٹیشن مشرقی پاکستان میں شروع ہو گیا اور 17 ستمبر 1962 کو

مغربی پاکستان کے طلبا نے بھی ایجوکیشن کمیشن کی ریفارمز کے خلاف احتجاج شروع کر دیا ۔ یہ احتجاج جاری رہا اور طلبا پر تشدد ہوتا رہا ۔ طلبا گولیوں کا نشانہ بنائے گئے اور ان کے والدین دیوانہ وار پھرتے رہے ۔ جیسے کیمبل پور کے ایک طالب علم کے والدین دیوانوں کی طرح اسمبلی میں گومتے پھرے اور ممبران اسمبلی کے گھروں پر جاتے رہے ۔ مگر ان کی داد فریاد ۔ ان کی کوئی شنوائی نہ ہوئی ۔ میں بر سر اقتدار طبقہ کو انتباہ کرنا چاہتا ہوں ۔

قریب ہے یارو روز محشر چھپے گا کشتوں کا خون کیونکر
جو چپ رہے کی زبان خنجر لہو پکارے گا آستین کا

جناب منسٹر صاحب اس میں بہت زیادہ شامل نہیں ہیں مگر ۔ جس شخص نے اس ظلم کا آغاز کیا تھا میں کہنا تو نہیں چاہتا مگر وہ اپنی اولاد کے ہاتھوں مارا گیا یہ خون آلودہ اور خونچکان داستان ۔ ہے یونیورسٹی آرڈیننس کے پس منظر کی ۔ میں خواجہ صاحب سے بالکل اتفاق نہیں کرتا کہ یہ علمی معاملہ ہے ۔ یہ ملک گیر اور ہمہ گیر ایجی ٹیشن ہے ۔ اور اس سے زیادہ موثر اور شدید ایجی ٹیشن ہے جو سیاسی جماعتوں نے کیا ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ طلبا نے کراچی میں اور لاہور میں صداقی التخاب کے دوران اپنی مہم کا آغاز کیا تھا کیونکہ اس وقت سازگار ماحول تھا اور وہ چاہتے تھے کہ یونیورسٹی آرڈیننس کو منسوخ کیا جائے 10-12-1964 کو حمودالرحمان رپورٹ شائع ہوئی میں اس میں سے کچھ اقتباسات پیش کرنا چاہتا ہوں اس باب کا ہیڈنگ ہے ۔ "بیک گراونڈ آف آرڈیننس" کراچی میں طلبا نے اس کے خلاف احتجاج کیا اور اپنے اس احتجاج کو بدستور جاری رکھا ان کے اس سلسلہ احتجاج کا نتیجہ یہ ہوا کہ گزشتہ تین ماہ سے ملک کے کونے کونے سے ملک کے تمام افراد اور عوام طلبا کے حقوق اور مطالبات کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے ہیں ۔ اور بالآخر یہ ظالم حکومت گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہو گئی ہے ۔ لیکن کیا کیا گیا ہے میں یہ عرض کرتا ہوں ۔ میرے پاس اعداد و شمار ہیں صرف انہوں نے کلاز 42 کو جو آرٹیکل 98 کے تحت آتی ہے اس کو ختم کیا ہے ۔ کلاز 12 (بی) جو وائس چانسلر کی removal

کے متعلق تھی اسے remove ھی نہیں کیا بلکہ اس بل میں نہ سینٹ کو رکھا ہے اور نہ یونین کو رکھا ہے اگرچہ وزیر تعلیم صاحب نے اپنے بیان میں یہ وعدہ کیا ہے کہ وہ ترمیم بھی گورنمنٹ کے کہنے کے مطابق ہو چکی ہے جن سے کم از کم میں اتفاق نہیں کرتا ۔ میں صرف یہ عرض کرتا ہوں کہ میں صرف یونین کے مسئلہ کے متعلق چار پانچ منٹ بات کر کے بل کی تفصیل میں چلا جاوں گا ۔ یہ کہا جاتا ہے اور اکثر کہا گیا ہے بلکہ بہت سے وزرا صاحبان نے بھی فرمایا ہے کہ بچوں کو سیاسی جماعتیں ورغلاتی ہیں ۔ یہ بات بالکل درست نہیں ہے ۔ جو بچے تعلیم یافتہ ہیں وہ ریڈیو اور ٹیلیویژن پر مقامی اور بین‌الاقوامی خبریں سنتے ہیں اور اخبارات پڑھنے سے ان کے ذہن میں یہ چیزیں نشوونما پاتی ہیں ۔ انہیں خود پتہ ہوتا ہے کہ تعلیمی اداروں میں کیا ہوتا ہے اس سے وہ بھڑک اٹھتے ہیں ۔

جناب والا ۔ اب میں نئے بل کے اصولوں پر آتا ہوں کہ کیا یہ اصول ہمیں قابل قبول ہیں ؟ سب سے پہلے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس لئے بل میں بالکل پرانے ہنگامی قانون کا چربہ ہے جس کی کم و بیش تین چار کلازز میں ترمیم کی گئی ہے ۔ دو سب کلازز کو حذف کیا گیا ہے اس کے تحت تمام قواعد و ضوابط آتے تھے ۔ اس ہنگامی قانون میں کم و بیش پانچ ہزار الفاظ تھے ان میں سے دو ہزار الفاظ کو حذف کیا گیا ہے اور دو یا تین ہزار الفاظ کا اس میں اضافہ کیا گیا ہے ۔ ان تمام کو ملا کر پانچ چھ ہزار الفاظ بنائے گئے ہیں ۔ جناب والا ۔ یونیورسٹی کے قواعد میرے پاس ہیں ۔ یہ عوام کو غلط تاثر دے رہے ہیں ۔ یہ ان پرانے اصولوں کو ھی رکھنا چاہتے ہیں اور انہوں نے خود بغور اس کا مطالعہ نہیں کیا ۔ یہ کانوں کی بجائے آنکھوں کو زیادہ استعمال کریں ۔ صدر مملکت نے کہہ دیا تھا کہ یونیورسٹی ہنگامی قانون کو منسوخ کر دیا جائے اور طلبا کے مطالبات کو مان لیا جائے ۔ اسی لئے پہلے ہنگامی قانون کو منسوخ کر کے لیا بل بنایا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ اب میں اختصار کے ساتھ بل کے ڈھانچے پر بحث کرتا ہوں ۔ مجھے اس بل میں سب سے زیادہ پر زور اعتراض اس بات پر ہے کہ

صوبائی گورنر کو چانسلر نہ بنایا جائے ۔ یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ ہم نیا چانسلر مقرر نہیں کر سکتے ہیں ۔ ہمارے پاس ایسی روایات موجود ہیں۔ جناب علی گڑھ ۔ بنارس اور دھلی یونیورسٹیوں میں گورنر چانسلر نہیں ہیں ۔ علی گڑھ ایک ایسا اداوہ ہے جس پر ہم سب کو ناز ہے وہاں پر بھی گورنر صاحب چانسلر نہیں ہیں ۔ بلکہ وہاں چانسلر Educationist ہوا کرتے ہیں ۔ آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ جب انگریزوں نے 1904 میں یہ قانون رائج کیا اس وقت گورنر کی پوزیشن کیا تھی ۔ کم از کم 1935 کے انڈیا ایکٹ کے تحت گورنر کی پوزیشن یہ تھی کہ وہ کسی سیاسی جماعت سے متعلق نہ ہوتا تھا ۔ اس لئے اس وقت یہ چیز قابل قبول تھی ۔ اب جبکہ گورنر مغربی پاکستان ایک سیاسی جماعت کنونشن مسلم لیگ کا فرد ہے اور وہ سیاست میں بھر پور حصہ بھی لیتا ہے اور اڈانمس باڈی میں چانسلر کے پاس تمام اختیارات ہوتے ہیں ۔ اس لئے گورنر کو یونیورسٹی کا چانسلر رکھنا حکومت کی ایک مذموم حرکت ہے ۔ حکومت کو چاہئے کہ یونیورسٹی میں سیاست کا دخل نہ ہونے دے یہ بات بھی مجھے عرض کرنی ہے کہ ہنگامی قانون کی طرح وائس چانسلر کو بے پناہ اختیارات دے دیئے گئے ہیں جس کے متعلق میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں ۔ وائس چانسلر کو بے پناہ اختیارات دے کر حکومت نے دیکھ لیا ہے کہ 75 لاکھ روپے کا غبن پنجاب یونیورسٹی میں جو ہوا ہے وہ کسی کمیٹی کے سپرد کیا گیا ہے ۔ 14 مقدمات سندھ یونیورسٹی میں رجسٹر ہو چکے ہیں ۔ اس لئے میں وائس چانسلر کو اس قدر وسیع اختیارات دینے کے حق میں نہیں ہوں ۔ اس کے علاوہ مجھے یہ بھی عرض کرنا ہے کہ میں وائس چانسلر کو اختیارات دینے کے کیوں خلاف ہوں ۔ حمودالرحمان کمشن رپورٹ میں جو comments دیئے گئے ہیں میں سمجھتا ہوں وہ comments نہایت وزنی اور قیمتی ہیں ۔

> As regards status the complaint is that although the Government College and University Teachers get the same pay as Class I and Class II Officers of the Government, they

are denied the same status. The teachers of Government Colleges particularly seem to resent that their attestations of certificates or other documents are not accepted like those of Gazetted staff and similar Gazetted status may also be given to the University teachers: There can be no difficulty with regard to their own expense. The legitimate objections that can possibly be raised against the provisions of this Ordinance are -

(1) certain grounds of penalty ...

جناب والا ۔ وائس چانسلر کو غیر محدود اختیارات دینے کے بعد ایک ایسے غیر جمہوری ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ہنگامی قانون کی تخلیق کر دی گئی جو یونیورسٹی نے خود بنایا ہے اور اس میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ وائس چانسلر جب بھی چاہے جس وقت بھی چاہے کسی کو نکال سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ ان کے تین پیراگراف کا میں حوالہ دیتا ہوں ۔

That certain grounds of penalty have not been properly defined, as for example subversive activities unwholesome influence. That in and cases where a University employee is to be proceededa gainst for subversive activities, he neither can be given a reasonable opportunity of showing cause nor the Selection Board can be consulted, nor does he have a right of appeal in this case as the action is taken by she Chancellor himself. where a corporate body gives right to a contractual relationship, the provisions

of disciplinary rules by legislation by Chancelor was not necessary and should have been left to the University themselves to frame their own discipline rules and incorporate them as part of the conditions of the service of the employees.

جناب والا ۔ لیکن ہمارے وزیر باتدبیر کو پھر بھی اس بات پر اصرار ہے ۔ اس "سٹیچو" کے تحت تین سنیر پروفیسروں کو مجبور کیا گیا ہے ۔ کہ وہ یونیورسٹی کی نوکری چھوڑ دیں ۔ اور بہت سے جونئیر پروفیسروں کو نشانہ بنایا گیا ہے ۔ یہ اس بنیاد پر بھی ناقابل قبول ہے ۔ کہ discpline رولز کے لئے جو provision رکھی ہے ۔ وہ مشتردانہ اور ظالمانہ ہے ۔ اور وائس چانسلر کو چانسلر کا agent بنا کر سٹوڈنٹس پر rules لگانے کیلئے یہ provision رکھی ہے ۔ ۔ ۔

The provision, therefore, which denies a person even a reasonable right of showing cause, violates this principle. Even in the cases of persons detained under Security Act or the Public Safety Act, there is a provision that they should be furnished with the ground of the action in such manner that they may, be able to make an effective representation against their detention, and that their cases must within three months be put before a board usually presided over by a Judge of the Supreme Court or High Court for review.

جناب والا ۔ detention کی صورت میں بھی cases review ہوتے ہیں۔ اگر کسی کو maintenance of public order آرڈیننس یا D.P.R. کے تحت

گرفتار کیا جاتا ہے - تو یہ cases بھی review ہوتے ہیں - مگر ان کو یہ right بھی deny کیا گیا ہے - پروفیسرز کے متعلق - یہ بیہودہ الفاظ نہیں بلکہ یہ حمودالرحمان کمیشن رپورٹ ہے - جس میں سے میں یہ الفاظ پڑھ رہا ہوں - تو جناب والا - سب سے پہلا اعتراض مجھے یہ ہے کہ چانسلر پولٹیکل آدمی نہیں ہونا چاہئے - دوسرا یونیورسٹی rules and regulations کی دفعہ 45 اور 46 کے تحت جو details ہوں - وہ تمام کی تمام House کو legislation کے لئے آنی چاہئے تھیں - میں یہ کہونگا کہ پارلیمانی تاریخ میں یہ سب سے بڑی غلط بیانی ہے - گذشتہ 300 سال میں یہ پہلی غلط بیانی کی گئی ہے کہ ہم یونیورسٹی آرڈیننس کو repeal کر رہے ہیں - پانچ چھ ہزار لفظوں کی legislation میں سے دو تین ہزار الفاظ نکالے گئے ہیں - اور دو تین سو الفاظ کا اضافہ کیا گیا ہے - جناب والا - اس آرڈیننس کو اور جو سابق گورنر نے 1963ء میں یونیورسٹی آرڈیننس بنایا تھا - دونوں کو repeal کیا جاوے - اور میں سمجھتا ہوں - بلکہ میں مطالبہ کرتا ہوں کہ ٹیچرز کا status گزیٹڈ ہونا چاہئے -

اب میں اس مسئلہ کی طرف آتا ہوں جو ایجیٹیشن کرنے والی تین classes ہیں - یعنی پہلی - یونیورسٹی پروفیسرز - دوسری پرائیویٹ institution کے پروفیسرز - جن کا کوئی بھی right مخصوص نہیں ہے - اور تیسری سٹوڈنٹس ہیں - اب جناب والا سٹوڈنٹس کو آپ دیکھیں - میں ایک کوٹیشن عرض کرتا ہوں کہ کیسے ہونا چاہئے - جناب ڈاکٹر رادھا کرشن کمشن کی رپورٹ میں ہے - - - - -

> As early as 1949, the Commission on Indian University Education, headed by Dr. Sir, Radha Krishan had ruled out authoritarian control as a means of maintaining discipline in Universities. Writing about constructive approach as to the solution of disciplinary and allied problems, the Commission observed as follows:

The modern youth cannot be driven by fear

اور یہ جناب والا ۔ fear سے انہیں drive کر رہے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

and that if at all a system was found necessary to control the students it should be based on the ideas of the students self-government which would promote association of the students with handling of the problems of the students discipline after an extensive examination of the working of the various kinds. The Commission was firmly of the view that the best way of restoring orderly life in the educational institutions was to entrust the students with management of their day to day affairs with the minimum of interference from the authorities. This suggestion might raise the eyebrows of the old fashioned authority wielding Vice-Chancellers and Principals but these persons are not indispensabl. The nation can find abundant talent to run its educational institutions in an enlightened manner-

یعنی وہ بھارت کی حکومت کو suggest کرتے ہیں کہ ان وائس چانسلروں کو جو ان چیزوں کو oppose کرتے ہیں ۔ کان سے پکڑ کر نکال دو ۔ تا کہ سٹوڈنٹس خود اپنے روزانہ کے معاملات کو طے کریں ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ میں طلبہ کی تمام demands کی پرزور حمایت کرتا ہوں ۔ اور ان کی agitation کی پرزور حمایت کرتا ہوں ۔ کیونکہ یہ مبنی بر حق ہیں ۔ اس لئے سٹوڈنٹس کی تمام کی تمام demands مان لی

جناب والا ۔ جہاں تک سٹوڈنٹس کی یونین کا تعلق ہے ۔ میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ جناب وزیر صاحب کو یا تو اپنے محکمہ سے واقفیت نہیں ۔ یا پھر ہیر پھیر سے بات کرتے ہیں کہ ایک آئین بنایا جائے گا ۔ اور یونین بنے گی۔ انہوں نے elected کا لفظ لکھا ہے ۔ مجھے ان کی نیت پر شبہ ہے ۔ الیکشن قریب آ رہے ہیں ۔ کل دو گھنٹے .F.C کالج کے باہر پولیس اور طلبہ کے درمیان خشت باری ہوتی رہی اور اس کے بعد فوج بلا لی ۔ کیا یہ عقل کی بات ہے کہ تمام کے تمام سٹوڈنٹس مجبور ہوگئے ہیں کہ مظاہرے کریں اور اپنے مطالبات کے لئے لڑیں ۔ آکسفورڈ یونیورسٹی میں سٹوڈنٹس یونین کا President جو ہوتا ہے ۔ وہ eminent politician ہوتا ہے ۔ ہوئے ہیں ۔ یہ کہتے ہیں کہ سٹوڈنٹس سیاست میں غلط ملط ہوتے ہیں ۔ قیام پاکستان کے وقت یہاں کیا ہوا تھا ۔ کشمیر میں جو سٹوڈنٹس کام کر رہے ہیں ۔ اس کے متعلق ان کی کیا رائے ہے ۔ کیا یہ حقیقت نہیں کہ student ہی تھے ۔ جنہوں نے سابقہ فرنٹیئر میں جا کر جابر حکومت کو ختم کیا تھا۔ اور ریفرنڈم کے لئے آپ کے واسطے ووٹ حاصل کئے تھے۔ یہی حال امریکہ ۔ جنوبی کوریا جاپان اور دیگر بہت سے ممالک کا ہے کہ جو تمام قومی تحریکیں چلی تھیں ۔ وہ سٹوڈنٹس سے ہی چلیں ۔ اور کامیاب ہو کر رہیں ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے گذارش یہ کرنا ہے کہ ہم ہرگز اس بات کی اجازت دینے کے لئے تیار نہیں ۔ کہ یہ سٹوڈنٹس کو جس طرح چاہیں curb کریں ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ Universities اور Colleges وہ مقدس مقامات ہونے چاہئیں ۔ جہاں ان کی چنگیزی پولیس کو اور اس پولیس کو جو مسجدوں میں جوتوں کے ساتھ داخل ہو جاتی ہے ۔ جانے کی اجازت نہیں ہونی چاہئے ۔

جناب والا ۔ خدا کا شکر ہے کہ ان تعلیمی اداروں کے پروفیسروں نے بھی زبان کھولی ہے ۔ اور انہوں نے ہیلی کالج آف کامرس کے پروفیسر پر جو پولیس نے کیا ۔ اس کی سخت مذمت کی ہے ۔

جناب والا ۔ ہم کو پولیس کی ایڈمنسٹریشن نہیں چاہئے۔ یونیورسٹیز میں self government ہونی چاہئے ۔ میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا

ان کے نزدیک طلبا کسی غیر ملکی حکومت سے ملے ہوئے ہیں ۔ تقریباً نصف درجن طلبا کو گولیوں سے شہید کیا گیا ۔ ان پر اس قدر تشدد کیا گیا ۔ کہ اب ہر کالج کے باہر پولیس لٹھ لے کر کھڑی ہے ۔ یہاں پر طلبا کی demands کے متعلق بڑا غلط بیان کیا گیا ہے کہ طلبا کی demands پوری ہو گئی ہیں ۔ میں حمودالرحمان کمشن کی رپورٹ کے مطابق عرض کرتا ہوں ۔ کہ ان کی continued demands یہ ہیں ۔

1. Repeal in toto of the University Ordinance,
2. Withdrawl of all cases penping against the students, and
3. Release of all those students who are under arrest.

کیا انہوں نے شہنشاہ حسین کو جو کراچی کے student leader ہیں رہا کیا ہے ۔ یہ کہتے ہیں کہ صدر مملکت کہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ کاش آئین میں کوئی provision ہوتی ۔ تو میں ان کے اس بیان دینے پر مقدمہ کر سکتا ۔ وہ کہتے ہیں کہ students کی demands پوری ہو گئی ہیں ۔ withdrawal of three year's course کے متعلق تو میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے ایک procedure بنا دیا ہے ۔

4. 50% deduction in tuition fees,

جناب والا ۔ یہ بھی نہیں مانی گئی ۔

5. Opening of M. A., M. Sc. and M. Com classes in Colleges.

یہ آج سے نہیں ۔ وہ 1947 سے مانگ رہے ہیں ۔

6. Awarding 2nd Division on 45% marks.
7. Admission to be given to all deserving students.

ان میں سے بیشتر demands ایسی ہیں جو نہیں مانی گئیں ۔

8. Supplementary examination fees to be charged on the numbers of papers.
9. Fifty percent reduction in bus fares.

10. Upgrading of Agricultural College Tando Jam to a University.

11. Abolition of age bars for admission to Punjab and Karachi University.

جناب والا ۔ یہ ان کی گیارہ demands تھیں ۔ ان کے آگے تفصیل demands تھیں ۔ جن میں سے ایک بھی نہیں مانی گئی ۔ اب صدر مملکت اور وزیر تعلیم کا ایک بیان آ گیا ہے ۔ کہ تمام کی تمام demands مان لی ہیں ۔ اب بتائیے ۔ میں کیا تقریر کروں ۔ سابق چیف جسٹس آف پاکستان نے جو بیان دیا ہے ۔ اس میں طلبا کے مطالبات کو support کرتے ہوئے وہ یہ کہتے ہیں ۔

> Students were faced with difficulties of all kinds : Lack of teachers, lack of accommodation-both teaching and residential, lack of books, lack of epuipment, lack of every kind of facility (Sir, note it "lack of every kind of facility) needed for proper education. This state of affairs continued to exist from year to year even though three new Universities were set up subsequently at Peshawar, Karachi and Rajshahi mostly by make-shift arrangement.

یہ باتیں وہ ان کی تکالیف کے متعلق کہہ رہے ہیں ۔ ایسے حالات میں جب سے 1961 کا آرڈیننس promulgate ہوا ہے ۔ لازماً ان کے خلاف تمام صوبہ میں resentment ہونا جائز تھی ۔ اس کے بعد میں اس بات کی طرف آتا ہوں کہ یہاں وائس چانسلرز کی جتنی ریاستیں تھیں ۔ انگریز انہیں abolish کر گیا ۔ جنہوں نے اپنے آپ کو پاکستان کے اندر concede کیا ان میں لاہور ۔ کراچی پشاور اور دوسری universities ہیں ۔ میں ان کے نوابوں لاٹلے شہزادوں یعنی وائس چانسلرز کو بھیڑ بکریوں کے ریوڑ ۔ پبلک کا

خزانہ اور گلابیلو بھی ملازموں کا گروہ یعنی پروفیسرز دینے کو تیار نہیں ہوں ۔ (شور)

Mr. Speaker. Order in the press Gallery.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ ہمیں proper check رکھنا چاہئے اور proper check کے لئے سینیٹ کا ہونا ضروری ہے ۔ کیا کروں ۔ میرے دل میں وزیر صاحب کا بڑا احترام ہے ۔ ان کے سامنے آنکھیں نیچی ہو جاتی ہیں ۔ ان کا کل تو ٹھیک ہے ۔ لیکن معلوم نہیں وہ کس طرح بہت بڑی غلط بیانی کر گئے ہیں ۔ مجھے یہ نہیں کہنا چاہئے ۔ یہ غیر پارلیمانی ہے ۔ بہت بڑا عذاب ہے ۔ یا camouflage ہے ۔ پتہ نہیں ۔ اس کا صحیح ترجمہ کیا ہوگا ۔ پہلے تو Senate دیا ہی نہیں تھا ۔ اب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب ایک ترمیم لے آئے ہیں ۔ اور میں یہ عرض کروں گا کہ حمودالرحمان کمیشن نے Senate کے لئے recomendation کی تھی ۔ اس میں سے میں دو تین پیرے پڑھوں گا ۔ میں اس پر اگر کچھ عرض کروں ۔ تو مجھے بحث کے لئے چار سال چاہئیں ۔ لیکن میں کیا کر سکتا ہوں ۔ اس رپورٹ میں لکھا ہے ۔

That the Senate should be restored.

Khan Ajoon Khan Jadoon. It has been restored.

Malik Muhammad Akhtar. It has not been restored in that form. 70 to 80 would be a reasonable number and strength for the Senate of a General University and 50-55 for Technical and Agricultural Universties. The only elective element in it should be representatives or Registered Graduates only of at least ten years standing being eligible for election, though in case of teachers, the principle of rotation in 5 years of election should be adopted to give very senior teachers an equal opportunity of participation.

پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے کسی حد تک Senate کو لانے کی کوشش کی ہے ۔ ابھی ان کی ترمیم پیش نہیں ہوئی ۔ اس میں لکھا ہے کہ 90 افراد کی Senate میں 18 Registered Gradnates کے نمائندے ہوں ۔

باقی Principals ہوں ۔ جن کو میں سرکاری ملازم گردانتا ہوں ۔ university teachers other than professors and the heads of departments کی 5 seats ہیں ۔ 1954 اور 1904 کے قانون میں سارے کے سارے یونیورسٹی پروفیسر شامل تھے ۔ اس وقت وہ 30 ہیں ۔ ان کو reduce کر کے اب 5 کر دیا ہے ۔ اس میں باقی تمام افسر ہیں ۔ constituent Collegs میں جتنے principals ہیں ۔ وہ تین میں سے دو آئیں گے ۔ وہ بھی ان کے ملازم ہیں گورنمنٹ کالجوں کے پروفیسرز براہ راست محکمہ تعلیم کے ماتحت ہیں اور سرکاری ملازم ہیں ۔ میرا اپنا اندازہ یہ ہے کہ اس طرح 33 فیصدی represent element ہوگا ۔ باقی 66 فیصدی ایسے لوگ ہوں گے ۔ جو حکومت سے تعلق رکھتے ہیں ۔ یہ تو ایسے ہی ہے ۔ کہ یہاں کی Local Government کی standing committee کو اجازت دی جائے ۔ کہ وہ اسمبلی کے ممبران elect کرے ۔ اس لئے میں اس تجویز اور اس ترمیم سے بالکل اتفاق نہیں کرتا ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ اگر آپ نے 90 آدمی Senate میں رکھنے ہیں ۔ تو 50 Registered Graduates کے نمائندے ہونے چاہئیں ۔ یہ ٹھیک ہے ۔ وہ بھی Principals اور Professors میں سے چنیں گے ۔ لیکن یہ choice ان کی ہونی چاہئے ۔

جناب والا ۔ یہ ساڑھے چار لائنوں کا 1904 کا سنیٹ کا constitution ہے اور وہ یہ ہے ۔

> Ordinary Fellows shall not be less than 40 nor shall exceed 70, and their composition shall be as follows: Ten shall be elected by the registered graduates or Senate. five to be elected by the Faculties, and the rest to be nominated by the Chancellor.

یعنی اس وقت ہندوستان کی تمام یونیورسٹیوں میں رجسٹرڈ گریجویٹوں کی تعداد درجنوں سے زیادہ نہیں تھی انہوں نے اس وقت یہ کہا تھا ۔ اول

تو انہوں نے 1961 میں سنیٹ کو repeal ہی کر دیا تھا اور جب حکومت نے علیحدہ یہ حال دیکھا اور جب پارٹی میں بغاوت کے آثار نمودار ہوئے اور خدشہ نظر آیا تو انہوں نے سنیٹ میں 3/2 میجارٹی گورنمنٹ آفیشلز یا ہر سر اقتدار آدمیوں کی دیدی ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں autonomy پر جلد آنا چاہتا ہوں ۔ سنڈیکیٹ جس کا یونیورسٹی بل میں انہوں نے پرویزن کیا ہے وہ ridicolous ہے ۔ سنڈیکیٹ میں وائس چانسلر دو Deans دو ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ اور constituent کالجز کا ایک پرنسپل ہوگا ۔ ہائی کورٹ کا ایک جج ۔ چلئے یہ ایک independent ہے ۔ سیکرٹری ایجوکیشن یہ بھی nominee ہوگا ۔ تین وائس چانسلر کے nominees یہ بھی ملازم ہیں ۔ ایک پرنسپل آف professional کالجز تو یہ بھی ملازم ہے ۔ اور چیئرمین آف دی بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سکنڈری ایجوکیشن at Multan یہ بھی ملازم ہے اور دو پراونشل اسمبلی کے نمائندے اور تین رجسٹرڈ گریجویٹ with 10 years standing یعنی 25 افراد کی سنڈیکیٹ میں صرف 5 افراد ہونگے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ 80 فیصدی official ridden سنڈیکیٹ اور 66 فیصدی official ridden سنیٹ ہوگی ۔ اب آپ اندازہ کیجئے کہ کیا یہ چیز ہمیں قابل قبول ہو سکتی ہے ۔ میں اب یونیورسٹی autonomy پر آتا ہوں جس کے متعلق ہمارے وزیر باتدبیر نے بہت ہی دعوی کیا ہے اور میں اس کا تجزیہ کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ میں ان کی یونیورسٹی autonomy کا پوسٹ مارٹم کرنے سے پہلے چودھری محمد تارڑ کے ایک سوال کے جواب میں جناب وزیر تعلیم نے جو جواب دیا ہے اور جس کا وہ کل جواب دے رہے تھے پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں ۔

وزیر تعلیم (مسٹر محمد علی خان) ۔ میں بڑے مزے سے سنوں گا ۔ اور سن رہا ہوں ۔ ملک محمد اختر ۔ یہ فرماتے ہیں ۔

The number of posts in Class I Senior in School administrative

cadre"; and the apswer is 26. "The number of posts out of those mentioned held by the persons belonging to former Sind, N. W. F. P., Punjab, Balauchistan and Bahawelpur State areas, alongwith the names and designation of these officers,"

ملک محمد اختر . جناب والا ۔ حکومت کو بتانا تو یہ چاہئے تھا کہ فلاں ریجن میں اتنے اور فلاں ریجن میں اتنے ہونا چاہئیں ۔ لیکن انہوں نے اس کو غلط ملط کر دیا اور یہ سمجھے کہ بات ٹل جائیں گی ۔ انہوں نے فہرست جو دی ہے اس میں 25 ایسے افراد ہیں جو کلاس (I) سینئر in school admnistration ہیں ۔ میں اسے جلدی میں جو دیکھ سکا وہ یہ ہے اور مجھے یہ نظر آیا ہے ۔ 6 انسپکٹرز آف اسکول اگر میں غلطی نہیں کرتا یہ محض سندھ ریجن کے ہیں اور کوئٹہ کا ایک ہے اور غالباً لاہور ریجن کے 6 ڈویژنوں میں سے ایک ہے ۔ اور فرنٹیئر کا ایک بھی نہیں ہے ۔ صفر ہے ۔ جناب والا ۔ ہمارے پاس اکثر لوگ آیا کرتے ہیں اس کا سبب بھی میں بتائے دیتا ہوں کہ انہوں نے ایسا کیوں کیا ۔ یہ بات کئی سال سے چل رہی تھی اسے اب میں بر ملا کہے دیتا ہوں ۔ کہ successively دو سیکشن آفیسرز سندھ کے ہیں ۔ کیا یہ بھی آپ autonomy چاہتے ہیں ؟ ہم پوری یونیورسٹی کو آپ کے حوالے کئے دیتے ہیں ۔ ہمیں آپ کی شرافت پر اعتماد ہے لیکن صرف فائننشل کنٹرول کے لئے اور pre-audit کے لئے ۔ جناب والا ۔ میں عرض کروں گا کہ ایک بہت ہی eminent پروفیسر ڈاکٹر کتھاری جن کا رتبہ بہت بلند ہے اور یہ انڈین رائل ایجوکیشن کمیشن کے ممبر یا پریذیڈنٹ تھے ۔ انہوں نے autonomy کو پھولوں کی زبان میں بیان کیا ہے ۔ جس میں خوشبو مہکتی ہے ۔ اگر میں اسے پڑھ دوں تو وزیر تعلیم اور میرے پیارے بھائی اس کو کاٹنے

تصور کریں گے - یہ بڑی لمبی رپورٹ ہے اس کے صرف میں abstracts پڑھے دیتا ہوں -

It is important to recognize that the case for autonomy of Universities rests on the fundamental consideration that without it Universities cannot discharge effectively their principal functions...

ان بیچاریوں کے functions کیسے ہیں -

... of teaching, research and service to community, and only an autonomic institution, free from regimentation of the ideas, party or power block can pursue to fearlessly build up teachers and student habits, independent thinking and a spirit of enquiry unfettered by limitations and prejudices of the near and the immediate, which is so essentirl for the development of a free society.

آگے وہ کہتے ہیں -

As Bertrand Russel has observed; where independent thinking dies out whether from lack of courage or absence of discipline, there the full wheel of propaganda and criticism is thus a much more serious thing than any people realise

جناب والا - وہ کہتے ہیں -

It is a pity that men in places of

power and responsibility are not more of ten aware of this.

یعنی وہ condemn کرتے ہیں اپنی حکومت کو کہ ہماری حکومت بے خبر ہے ان چیزوں سے اور ہماری حکومت کا یہ حال ہے ۔ اب ذرا سی میں اور quotation دیتا ہوں ۔

Autonomy within a University, autonomy of departments, colleges, teachers and students in relation to the University as well as autonomy of a University in relation to the University system as a whole i. e. autonomy of one University in relation to another or in relation to the other Universities, autonomy of the University system as a whole including relations with the outside agencies, and influcnces from outside that system, the most important of which are the Centre and the State Government.

یعنی وہ کہتے ہیں کہ سنٹر اور اسٹیٹ گورنمنٹ سے اس کی مکمل طور پر autonomy ہونا چاہئے ۔ جناب والا ۔ میں یہ گزارش کرتا ہوں اور جناب وزیر تعلیم سے براہ راست یہ سوال کرتا ہوں ۔

وزیر تعلیم ۔ غصے میں نہ آئیے ۔

ملک محمد اختر ۔ کیا آپ نے جو ترمیم پیش کی ہے اس کا کوئی جواز ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یونیورسٹی نمائندہ ادارہ نہیں ہے کیا آپ نے سنڈیکیٹ میں 80 فیصدی officialdom کو برقرار نہیں رکھا ۔ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ آپ اسے جھوٹ گردانتے ہیں ۔ کیا آپ نے یونیورسٹی کی خود مختاری کو برقرار رکھا ؟ ۔ کیا آپ جو ترمیم لائے ہیں وہ غیر جمہوری

اور غیر نمائندہ نہیں ؟ کیا یہ حقیقت نہیں کہ آپ نے یونیورسٹی آرڈیننس کے 5/6 ہزار الفاظ میں سے 200 الفاظ گھٹائے ہیں اور 200 بڑھائے ہیں اور کیا آپ نے طلبا کے ان مطالبات میں سے جو میں نے پیش کئے ہیں کوئی بھی مطالبہ مانا ۔ میں کہتا ہوں کہ میں ہرگز باور کرنے کو تیار نہیں ہوں میں ہر گز تسلیم کرنے کو تیار نہیں ہوں کہ آپ نے یونیورسٹی آرڈیننس کو منسوخ کیا ہے ۔ میں اپنے آزاد رکن دوستوں اور اپوزیشن کے افراد اور بالخصوص اپنے لیڈر کی خدمت اقدس میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ آج تک طلبا کے خون سے ہولی کھیلی گئی ہے ۔ آج تک ان کی قبائیں ان کے خون سے ڈوبی ہوئی ہیں اور آج ہم نے اس یونیورسٹی بل کو مان لیا تو یہ یقیناً ہماری بھی روسیاہی ہوگی ۔

جناب والا ۔ مجھے صرف ایک اور مثال دینی ہے کیونکہ مجھے نوٹ دستیاب ہو جاتے ہیں کہ ان کی پنجاب یونیورسٹی میں ایک گردیزی ہے جو پہلے کی نسبت تین گنا تنخواہ پر نوکر تھے ۔ ان کے رولز اینڈ ریگولیشن میں انہیں ڈاکٹر گردیزی ہے جو پہلے کی نسبت تین گنا تنخواہ پر نوکر تھے ۔ ان کے رولز اینڈ ریگیولیشن میں انہیں ڈاکٹر گردیزی کہتے ہیں ۔ (اغلباً وہ سوشیالوجی کے پروفیسر تھے) ۔ ایک اور ڈاکٹر عبدالحمید ہیں جو کہ پروفیسر حمید احمد خان کے غیض و غصہ کا شکار ہوگئے ۔ ان کے ایک اور لیچر تھے جن کو گردیزی کہتے ہیں وہ بین الاقوامی شہرت کے ماہر اقتصادیات تھے وہ بھی نکالے گئے ۔ سابق گورنر جس کو اپنے کئے کی سزا مل چکی ہے انہوں نے محض اپنے غصے کا پیاس بجھانے کے لئے مشہور ماہرین تعلیم کو کان سے پکڑ کر یونیورسٹی سے نکال دیا ۔ جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ موجودہ یونیورسٹی کے قوانین اس خونچکان داستان کو دھرائیں گے ۔ یہ تحریک بند نہیں ہو گی ۔ آپ نیشنل گورنمنٹ بھی بنا لیں آپ پولیٹیکل لیڈروں کو بھی اپنے ساتھ شامل کر لیں ۔ سٹوڈنٹس کی تحریک ابھی ہے اور چلتی رہے گی ۔ آپ ان کو دھوکا نہیں دے سکتے ۔ وہ چپڑاسی نہیں ہیں ۔ وہ دیہاتی نہیں ہیں ۔ وہ گنوار نہیں ہیں ۔ ان میں بی اے بی اے کے طالب علم ہیں ۔ ان میں فارن ڈگریاں لئے ہوئے لیچرز

ہیں ۔ لیکچرز بھی ہیں اور آپ ان کے شاگرد ہیں ۔ کیا آپ آج اتنے ہوشیار ہو گئے ہیں کہ اپنے اساتذہ کو دھوکہ دیں ۔ میں دھراتا ہوں اس بات کو کہ صدر مملکت ۔ وزیر تعلیم اور گورنر مغربی پاکستان اس سے بڑی غلطی نہیں کر سکتے کہ یونیورسٹی آرڈیننس منسوخ ہو چکا ہے ۔ اس ناپاک کتاب میں یونیورسٹی آرڈیننس کی روح ہے جسے یونیورسٹی بل کے نام سے موسوم کیا جا رہا ہے ۔ اس کا جگر اور اس کے تمام اعضا اس میں موجود ہیں ۔ اب آپ ملک کے دانشمند لوگوں کو دھوکہ نہیں دے سکتے ۔ آپ اس دن کے لئے تیار ہیں جب کہ آپ کا یوم حساب ہوگا ۔ آپ ہوں خواہ کوئی اور ہو خواہ آپ کی آئندہ آنیوالی حکومت ہو وہ اس کے ساتھ ٹکرائیں گے اور اپنے جائز حقوق کو منوا کر رہیں گے ۔

وزیر تعلیم ۔ پانی پی لو ۔

ملک معراج خالد ۔ جناب والا ۔ حکومت نے یونیورسٹی آرڈیننس کو منسوخ کر دیا ہے ۔ یہ بھی اعلان ہمارے سامنے ہو گیا ہے کہ یونیورسٹی سٹوڈنٹس یونین بحال کر دی جائے گی اور اخبارات کے ذریعے ہمیں یہ بھی معلوم ہو گیا ہے کہ فیسوں میں کمی ہو جائے گی ۔ فیسوں کے کرایہ میں کمی کی جائے گی اور اس سے بڑھ کر یہ ہے ۔ ۔ ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak. Point of order. Sir, I heard a very unfortunate remark made by Malik Muhammad Akhtar in which he referred to .

Malik Mohammad Akhtar. I withdraw.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak. He made a reference to the villagers and peons community. It is most unfortunate because they are very educated and cultured people.

Malik Muhammad Akhtar. Sir, I made certain remarks that 'dehatis' and 'peons' are ignorant people. I withdraw those remarks and reques that they may be expunged.

میاں محمد شفیع - پہلے کیا ہی نہ کرو -

ملک معراج خالد - پروفیسر حمید احمد خان وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی کو علیحدہ کر کے یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی ہے کہ طلبا کے مطالبات مانے جا رہے ہیں کیونکہ ان کو علیحدہ کیا گیا ہے - غرضیکہ حکومت کی طرف سے یہ مختلف اقدامات اس لئے کئے گئے ہیں کہ لوگ یہ سوچنے پر مجبور ہو جائیں کہ کافی حد تک انہوں نے مطالبات تسلیم کئے ہیں اور موجودہ یونیورسٹی بل کے ذریعے جیسا کہ اس کے اغراض و مقاصد سے ظاہر ہے یونیورسٹی کے معاملات کو زیادہ جمہوری اور عوامی بنایا جائیگا - میں جناب والا - یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تمام چیزیں اور خاص کر یونیورسٹی بل پر ہمارے کافی سے زیادہ اعتراضات ہیں جن کا میں ذکر نہیں کروں گا اور یونیورسٹی آرڈیننس کا منسوخ کر دینا اور یونیورسٹی بل کو اس دعوے کیساتھ لانا اور آرڈیننس کو منسوخ کر دینا کہ یہ تمام باتوں کو پورا کرنے کیلئے ہیں تو یہ اس بات کے ہم معنی ہے کہ اس سے پہلے جو بھی قوانین تھے وہ غیر جمہوری تھے - غیر عوامی تھے اور طلبا اور ٹیچرز کے مجموعی احساسات اور شعور کی تکذیب تھی - تذلیل تھی - جیسا کہ میرے فاضل دوست نے اس ساری تاریخ کو بیان کرتے ہوئے کہا ہے جب سے یہ آرڈیننس نافذ کئے گئے طلبا نے اپنے احتجاج کو تحریک کی صورت میں پیش کیا - لیکن تشدد سے اسے دبایا گیا - تو گویا جتنی ان سالوں کی طلبا اور اساتذہ کی احتجاجی تحریک تھی یہ اسکو تسلیم کرنے کے ہم معنی ہے اب یونیورسٹی بل پیش کیا جا چکا ہے اس دعوے کیساتھ کہ یہ تمام گذشتہ برائیوں کی اور کوتاہیوں کی تلافی ہے - اس مرحلہ پر میں مجبور ہوں کہ ہم یہ فیصلہ کریں کہ وہ کونسا ذہن تھا جس نے پہلے یونیورسٹی آرڈیننس کو نافذ کیا - وہ کون سے مقاصد تھے جنکے تحت وہ یونیورسٹی آرڈیننس نافذ کیا گیا اور اس پر پوری سختی سے عمل درآمد کیا گیا کیونکہ جب تک ہم اس ذہن اور ذرائع کو سامنے نہیں رکھیں گے تب تک ہم یونیورسٹی بل کے حسن و قبح پر بحث نہیں کر

سکتے اور یہ نہیں جان سکتے کہ ان کو سنوارنے کے لئے کون کون سی خوبیاں ہونی چاہئیں ۔

جناب والا ۔ قومی زندگی کو از سرنو تشکیل دینے کیلئے صدر مملکت کیطرف سے جو فلسفہ اور پروگرام ملک کو دیا گیا ہے اس کی روح یہ تھی کہ عوام بے حس ہیں بے شعور ہیں وہ مسائل پر فہم و ادراک نہیں رکھتے ۔ اس لئے ضروری ہو جاتا ہے کہ جو کچھ ہم انکی بہتری کے لئے ضروری خیال کرتے ہیں اسکے مطابق عمل کیا جائے ۔ یہ وہ بنیادی مرض ہے جس کی وجہ سے عوام کے تمام طبقات مختلف بیماریوں کا شکار ہو گئے ہیں ۔ اب ہم تجزیہ کرتے ہیں کہ معاشرہ کے متحرک جاندار اور باخبر طبقات کون کون سے ہیں جن سے عوامی ذہن تشکیل پاتا ہے ۔ جناب والا ۔ اگرچہ میرے دوست نے دیہاتی عوام کے متعلق اپنے الفاظ واپس لے لئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ دیہاتی عوام کسان اور کاشتکار اپنی روز مرہ زندگی کے سلسلہ میں معاملات سے پوری طرح باخبر ہوتے ہیں ۔ کیونکہ انہیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔ اور اس بنا پر وہ تمام قومی مسائل کو اپنی جان کی قیمت پر جانتے ہیں ۔ ایک تو یہ طبقہ محنت کشوں اور مزدوروں کا ہے ۔ پھر دانش ور ہیں ۔ متوسط طبقہ اور ان میں سے زیادہ اساتذہ اور ہمارے طلبا ہیں ۔ جو نہ صرف جاندار اور طاقت ور ہیں بلکہ باخبر ہیں ۔ اس طبقہ کو محبوس اور اسیر کرنے کے لئے اور انہیں اپنی مٹھی میں رکھنے کے لئے ضروری تھا کہ یونیورسٹی کے متعلق کوئی ایسا ہی آرڈیننس بنایا جاتا ۔ چنانچہ یہ آرڈیننس لایا گیا ۔ اس کے متعلق عوام میں احتجاج ہوا ۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر ہم اس بات کو حقیقتاً تسلیم کرلیں کہ یہ تمام کاروائی علم اور فکر کو اسیر کرنے لئے روا رکھی گئی ہے اور اس نظریہ کا نتیجہ ہے تو کوئی نیا بل یا قانون مفید ثابت نہیں ہو سکتا نہ وہ اصلاح احوال کر سکتا ہے جب تک اس میں بنیادی خیال اور نظریہ کی نفی موجود نہ ہو ۔ میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ موجودہ بل ان مطالبات کو پورا نہیں کرتا ۔ اور بدقسمتی سے جس طرح قومی زندگی کے دوسرے شعبوں میں ابھی تک وہ نظریہ اور فکرکار فرما ہے اصلاح احوال کے لئے

قطعی طور پر کوئی موثر اقدام نہیں کیا گیا اسی طرح موجودہ یونیورسٹی بل جس شکل میں پیش کیا گیا ہے اس میں وہ نظریہ بدستور موجود ہے بلکہ وہ اس کی روح اور اساس ہے ۔ یہ اساتذہ طلبا اور تمام معاشرہ کو غلط فہمی میں مبتلا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ ہم آپ کے مطالبات سے پوری طرح آگاہ ہو چکے ہیں اور آپ کی تحریک کو اپنی تحریک سمجھتے ہیں ۔ طلبا کے بیشتر مطالبات اس میں پورے نہیں کئے گئے اور جیسا کہ اختر صاحب نے فرمایا ہے جب تک انہیں تسلیم نہیں کیا جاتا تب تک اصلاح احوال کی صحیح صورت ہمارے سامنے نہیں آسکتی ۔ بلکہ میں اپنے پاک صفت وزیر کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ اب یہ طلبا کی تحریک نہیں ۔ یہ محض عوام کی تحریک نہیں بلکہ یہ فکر و نظر اور فعل و عمل کا انقلاب عظیم ہے اور آپ اسے قطعی طور پر عارضی کاروائیوں سے نہیں روک سکتے ۔ خدا را آپ اس سے سبق حاصل کریں اور جان لیں کہ جب تک آپ کا وہ بنیادی نظریہ قائم ہے جس کی رو سے آپ قوم کے تمام طبقات کو جن کو میں طلبا اور اساتذہ اور دانشور سر فہرست ہیں محبوس رکھنا چاہتے ہیں اور انکی رجمنٹیشن کرنا چاہتے ہیں ۔ اس وقت تک موجود انقلابی تحریک نہیں رک سکتی ۔

جناب والا ۔ اس وقت حکومت کی طرف سے یہ یونیورسٹی بل لانے کا جو اقدام کیا جا رہا ہے یہ طلبا اور اساتذہ کی عظیم قربانیوں کے طفیل ہے اور میں دیانتداری سے سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری قوم کا درخشاں باب ہے ۔ یہ تحریک جس رخ پر چل رہی ہے کاش کہ ارباب اختیار اس سے سبق حاصل کریں اور اپنے عمل کی صحیح راہ متعین کریں ۔ طلبا کے متعلق یہ کہنا کہ وہ سیاسی لیڈروں کے آلہ کار ہیں وہ معاملات کو نہیں سمجھتے کوئی درست بات نہیں ۔ یہی وہ لوگ ہیں جن میں سے ڈاکٹر انجینیئر سیاستدان اور اصحاب فکر پیدا ہونگے ۔ جنہوں نے سیاسی ، معاشرتی اور اقتصادی معاملات میں قوم کی رہنمائی کرنی ہے یہ وہ لوگ ہیں جنکے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ یہ مستقبل کے معمار ہیں ۔ یہ مستقبل کے حاکم ہیں یہی وہ لوگ ہیں

جنہوں نے ہماری قومی زندگی کے ہر محاذ پر تمام پاکستان دشمن طاقتوں سے لڑنا ہے ۔ انکی زندگی فکری طور پر مفلوج کرکے رکھ دینا اور ان سے یہ توقع رکھنا اور مطالبہ کرنا کہ تم مسائل کو سمجھنے کی کوشش نہ کرو۔ تم سیاست میں حصہ نہ لو ۔ سیاسی زندگی جو کہ قومی زندگی ہے اس سے انہیں محروم رکھنا ملک کی خدمت نہیں ۔ جن قربانیوں کے طفیل یہ تحریک پروان چڑھی ہے وہ انشاءاللہ رنگ لائیں گی ۔ اب جب کہ آپ اس بات پر مجبور ہوئے ہیں کہ طلبا اور اساتذہ کے معاملات کو جمہوری رنگ میں سوچیں ۔ آپ کو دوسرے شعبوں میں بھی یہ کوشش کرنی چاہئے ۔ اگر آپ ایسا نہیں کریں گے تو خود ختم ہو جائیں گے ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یونیورسٹی بل میں ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے آخری فقرہ کیا فرمایا ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ انہوں نے کہا ہے کہ اگر آپ ایسا نہیں کریں گے تو خود ختم ہو جائیں گے ۔

ملک معراج خالد ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یونیورسٹی آرڈیننس آمرانہ تھا اور آمریت کی اس مذموم صورت کو مٹانے کے لئے یہ بل لایا گیا ہے تو میں یہ مطالبہ کرتا ہوں ۔ جیسا کہ ملک صاحب نے تفصیلاً فرمایا ہے ۔ کہ اس دوران میں اس آرڈیننس کے تحت اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے وائس چانسلر نے چانسلر کی ہدایات کے تحت 60 ، 70 باشعور اور نہایت ہی قیمتی اشخاص سے جس سے برق طرح سے سلوک کیا ہے ۔ انہیں تمام حقوق سے محروم کیا گیا ہے ان کی زندگیاں تباہ کر دی گئی ہیں اس کا مداوا کیا جائے ۔ اس ساری چیز کا کون ذمہ دار ہے ۔ اس کے علاوہ جن قابل اساتذہ کو پاکستان سے باہر جانے پر مجبور کیا گیا ۔ وہ لوگ جن کی قابلیت اہلیت اور احسن کارکردگی کو تسلیم کرتے ہوئے بین الاقوامی اداروں نے انہیں بیش گنا تنخواہ پر رکھا ۔ وہ بھی مایوسی اور بے دلی کے عالم میں اپنا وطن چھوڑنے پر مجبور ہوئے

اور اس کے جو اثرات اساتذہ طبقہ پر مرتب ہوئے جس طرح ان میں مایوسی اور بے چینی پھیلی ۔ اس کا کون ذمہ دار ہے اور کیا اس کی کچھ تلافی یا علاج کیا جائیگا ۔ ملک صاحب نے اس ضمن میں بہت سے اساتذہ کا نام لیا ہے مگر انہوں نے ڈاکٹر عباس اور شیخ عبدالحمید کا ذکر نہیں کیا ۔ انہوں نے مسٹر گردیزی کا ذکر کیا ہے تقریروں اور شوکاز نوٹسوں کی وجہ سے انہیں پریشانی ہوئی اور جو نقصانات ہوئے انکا کون ذمہ دار ہے ۔ اس لئے جناب والا میں مطالبہ کرتا ہوں کہ حکومت ان تمام ناجائز کارروائیوں کی جانچ پڑتال کرنے کے لئے ایک کمیشن مقرر کرے ۔ وہ کمیشن ایک رپورٹ مرتب کرے جو اس ایوان کے سامنے رکھی جائے ۔ اور جن لوگوں کو ان ناجائز کارروائیوں سے نقصانات پہنچے ہیں انہیں معاوضہ دیا جائے ۔

جناب والا ۔ یہ بھی ایک اہم حقیقت ہے جسے ملک کا بچہ بچہ جانتا ہے کہ سنڈیکیٹ یونیورسٹی کے بعد پنجاب یونیورسٹی میں 75 یا 80 لاکھ کا غبن ہو اس کے لئے جسٹس شفیع الکوائری کمیشن بیٹھایا گیا انہوں نے رپورٹ مرتب کرلی ہے ۔ مگر وہ ابھی تک منظر عام پر نہیں آئی ۔ اور لطف یہ ہے کہ یونیورسٹی نے یونیورسٹی انتھارٹیز ہی کی اس معاملہ کی تفتیش کے لئے دوبارہ تقرری کی ہے ۔ اس معاملہ میں بھی لوگوں کے جذبات کو ٹھنڈا کرنے کے لئے اس کمیشن کی رپورٹ کو منظر عام پر لایا جائے اور جو لوگ اس غبن کے مرتکب ہوئے ہیں انہیں قوم کے سامنے پیش کیا جائے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اخبارات میں بیان کے ذریعہ یہ یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ سینٹ بحال کی جائے گی ۔ میں اپنے دوستوں سے اتفاق کرتا ہوں لیکن کسی ایسے طریقے سے ان الفاظ کو رکھا جاتا کہ اگر سینٹ کے معاشرہ میں آزاد ارکان کی بالا دستی نہیں ہوتی ، سینٹ محض یونیورسٹی کے ملازمین پر مشتمل ہوتی ہے تو اس سینٹ کا ہونا یا نہ ہونا ایک برابر ہے ۔ اس لئے نہایت ہی لازمی ہے کہ سینٹ میں کم از کم 90 ارکان میں سے 40 رجسٹرڈ گریجوایٹ کے نمائندے ہوں تاکہ یہ رجسٹرڈ گریجوایٹ کے نمائندے زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھتے ہوں اور وہ

تعلیم کے معاملات کے ماہر ہوں ۔ وہ معاشرہ کے احساسات اور جذبات کے مطابق صحیح معنوں میں officialdom کے خیالات کو restrict کر سکیں ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کرونگا کہ سنڈیکیٹ میں بھی رجسٹرڈ گریجوائٹ ہوں اور اسمبلی کے نمائندوں میں سے کم از کم چار چار نمائندے اس میں ہوں تاکہ پھر وہی بات نہ ہو جائے کہ سینٹ ایک سپریم باڈی ہے اور سنڈیکیٹ بالکل مجلس عاملہ ہے۔ اس لئے اس کے فیصلوں کو عمل درآمد کرانے کے لئے آزاد ارکان کی رائے بنیاد کا کام دے سکے ۔ ان دونوں اداروں میں گورنمنٹ کالجوں اور affiliated کالجوں کے پرنسپل اور اساتذہ کو رکھا گیا ہے ۔ ہم اس چیز کی حمایت کرتے ہیں لیکن ان کی تعداد کسی طرح بھی عوامی نمائندگان کی نسبت زیادہ نہ ہو ۔

جناب والا ۔ دوسرے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یونیورسٹیوں میں اساتذہ کی شرائط ملازمت ۔ ان کی تقرریاں ۔ ان کی معطلی ۔ ان کا چناؤ اور دوسری تمام شرائط جس طرح دوسرے ملازمین کی ہوتی ہیں ان کو پورا کرنے کے لئے پبلک سروس کمیشن کی طرز پر ایک سلیکشن بورڈ بنایا جائے ۔ جو وائس چانسلر اور چانسلر کے اثر سے قطعی طور پر آزاد ہو اور ان کا فیصلہ ان کی مرضی اور ان کی منشا کے کسی صورت تابع نہ ہو ۔ اساتذہ میں یہ تاثر دینے کے لئے کہ ان کی عزت محفوظ ہے اور ان کے خیال کی بنا پر ۔ ان کے اظہار کی بنا پر قطعی طور پر انہیں تنگ نہیں کیا جائیگا ۔ یہ سلیکشن بورڈ کا قیام کرنا نہایت ضروری ہے ۔

اس کے علاوہ گورنمنٹ اور یونیورسٹیوں کے درمیان ان کے مالی معاملات کو ٹھیک رکھنے کے لئے اور یونیورسٹیوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے جو بھی انہیں گورنمنٹ سے حاصل کرنا پڑتا ہے اور گورنمنٹ ناجائز طور پر ان کی اکانومی میں دخل انداز نہ ہو ۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن جیسے خواجہ محمد صفدر نے فرمایا ہے بنانا نہایت ضروری ہے تاکہ محکمہ مالیات اور

حکومت کے دوسرے محکمے ان کے جو اٹانمس اختیارات ہیں وہ محدود نہ کر سکیں ۔

جناب والا ۔ یونیورسٹی طلبا یونین ایک بڑا متنازعہ مسئلہ رہا ہے ۔ حکومت کو یہ سبق حاصل کرنا چاہئے اور یہ تاثر دینے کے لئے کہ واقعی حکومت صدق دل سے طلبا کو جمہوری انداز میں اپنے معاملات کو درست کرنے کے لئے تمام آسانیاں بہم پہنچائے گی اور یونین کو صحیح معنوں میں جمہوری ادارہ بنانے کے لئے تیار ہے ۔ اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ طلبہ کی یونین کے جتنے قواعد و ضوابط یا اس کو تشکیل وغیرہ کرنے کے جو آئین ہیں وہ سینٹ منظور کرے اور اس میں وائس چانسلر یا یونیورسٹی کے کسی افسر کا عملی دخل نہ ہو ۔ اگر اس میں کوئی تبدیلی کرنا مقصود ہو تو وہ سینٹ ہی آئین پاس کرے ۔ اس آئین کے تحت جو طلبا کی یونین میں آئے اس کو اختیار حاصل ہو ۔

جناب والا ۔ میں ایک اور گزارش یہ کروں گا کہ گزشتہ دور میں یونیورسٹی ہنگامی قانون کے تحت آج تک جتنے statutes بنے ہیں جن کے متعلق اساتذہ ۔ طلبا اور خود یونیورسٹی کے مختلف افسران کو شکایت ہے اور جس کے تحت ان برائیوں نے فروغ حاصل کیا ہے ان کو یہ تصور کیا جائے کہ وہ یکسر ختم ہیں ۔ یہاں اس ہاؤس میں یہ فیصلہ کیا جائے کہ ان کے بنیادی خدو خال کیا ہوں گے ۔ جب تک یہ نہیں کیا جاتا آپ جو بھی سینٹ لانا چاہتے ہیں ۔ یا جو بھی سینڈیکیٹ بنانا چاہتے ہیں اس کے ذریعہ سے تمام برائیاں قائم رکھی جاسکتی ہیں ۔ آپ عوام کو یہ باور نہیں کراسکتے کہ آپ کی نیت ٹھیک ہے ۔

جناب والا ۔ میں اس مرحلہ پر یہ بھی عرض کروں گا کہ اگر حکومت صحیح معنوں میں صدق دل سے یونیورسٹی بل کو اس طرح بنانا چاہتی ہے کہ طلبا اور اساتذہ کے وہ مطالبات اور مسائل حل ہوجائیں جن سے پوری قوم آگاہ ہوچکی ہے ۔ تو یہ نہایت ہی ضروری ہے کہ آپ اپنے ذہنوں سے اس فکر اور نظریئے کو نکالیں جس کے تحت یونیورسٹیوں کے ہنگامی قوانین نافذ

کئے گئے تھے ۔ اگر آپ اسی فکر اور نظریئے پر اس یونیورسٹی بل کی بنیاد بنائیں گے تو میں آپ کو یہ انتباہ کرتا ہوں کہ آپ قطعی طور پر اپنے اس مقصد میں کامیاب نہیں ہوسکتے ۔ آپ اس حقیقت کا اعتراف کریں کہ باوجود ان تمام اعلانات کے جو یونیورسٹی بل کے لانے کے سلسلے میں ۔ یونیورسٹی فیسوں میں کمی کرنے کے سلسلے میں اور یونیورسٹی یونین کو قائم کرنے کے سلسلے میں کئے گئے ۔ اب تمام طلبا اور اساتذہ کو معلوم ہوچکا ہے ۔ تمام قوم اس سے آگاہ ہوچکی ہے ۔ اس وقت طلبا کی تحریک میں پہلے سے زیادہ شدت پیدا ہوچکی ہے ۔ یہ کیوں ہوا ہے ۔ یہ اس لئے ہوا ہے کہ وہ آپ کی نیت پر پورا پورا شک کرتے ہیں اور وہ بجا طور پر کرتے ہیں ۔ آپ اس حقیقت کا بھی اعتراف کرلیں کہ طلبہ اور اساتذہ کے مسائل قوم کے مجموعی یا معاشرہ کے مجموعی مسائل سے قطعی طور پر الگ تھلگ نہیں ہیں ۔ معاشرہ جن مسائل سے دو چار ہے ۔ معاشرہ جن معاشی مسائل سے خصوصی طور پر دو چار ہے ان مسائل کی جھلک طلبا کی زندگی میں ۔ ان کی پڑھائی میں ۔ ان کو کتابیں ملنے یا نہ ملنے میں ۔ ان کے اٹھنے بیٹھنے میں ۔ اساتذہ کے فکر و نظر میں اور ان کے کردار میں نظر آتی ہے ۔ اس لئے آپ اس حقیقت کو تسلیم کرلیں کہ طلبا اور اساتذہ کے مسائل براہ راست معاشرے کے دوسرے تمام مسائل سے متعلق ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ کتنا وقت اور لینا چاہتے ہیں ؟

ملک معراج خالد ۔ جناب والا ۔ اگر فرمائیں تو میں دو منٹ میں اپنی تقریر ختم کردوں ۔

چوہدری انور عزیز ۔ جناب والا ۔ یہ ہاؤس 12 بجے ختم ہوجائیگا؟

مسٹر سپیکر ۔ ملک معراج خالد صاحب کی تقریر کے بعد ہاؤس ملتوی کر دیا جائیگا ۔

ملک معراج خالد جناب والا ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ جبر یہ تشدد ۔ یہ استحصال ۔ یہ آمرانہ ذہن اور فکر زندگی کے تمام شعبوں میں کار فرما ہے ۔ جس پر آپ نے ع ل کیا اور کر رہے ہیں اور کرنے پر تلے ہوئے ہیں اور یہ سطحی اور عارضی رعایت دینے کے جو اعلانات ہو رہے ہیں اس سے قوم قطعی طور پر فریب نہیں کھا سکتی ۔ یہ تحریک نہیں ہے بلکہ ان کو ختم کرنے کیلئے ایک انقلاب آچکا ہے ۔ آپ اسکو روک نہیں سکتے ۔

Mr. Speaker. The House is now adjourned to meet on Monday at 9.00 a.m.

The Assembly then adjourned to meet again at 9.00 a.m. on Monday, the 10th February, 1969.

Appendix I

(Ref : Starred Question No. 15177)

Sr. No.	Name of the cinema and its location	Name and addresses of transferees/ auction purchasers	Date of transfer/ auction	Price	Amount Payable	Reasons for not so far recovering the amount within the specified period	The date by which the full payment will be recovered
	c (i) 1	c (ii) 2	c (iii) 3	c (iv) 4	c (v) 5	c (vi) 6	c (vii) 7
1	Plaza Cinema Queen Road, Lahore.	M. F. Shafi & others c/o Plaza Cinema, Lahore.	9-2-60	Rs. 9,48,842/-	Rs. 2,67,724/-	The case is sub judice in the High Court of West Pakistan Lahore hence recovery held up.	No definite or precise period can be specified within which the recovery can be expected to be finalized due to the reasons already given under colmn No. 6.
2	Regal Cinema, Mall Road, Lahore.	W.Z. Ahmad, c/o Regal Cinema, Lahore.	15-2-60	15,19,962/-	2,67,724/-	-do-	-do-

3	Capital Cinema, Abbot Road, Lahore.	Mst. Kishwar Sultan Jehan Begum c/o Capital Cinema, Lahore.	12-4-62	36,00,000/-	10,79,528/-	-do-	-do-
4	Ritz Cinema, McLeod Road, Lahore.	S. Sibtain Fazali, 8-Dayal Singh Mansion, The Mall, Lahore.	31-1-64	Not assessed so far due to Civil Petition filed by one of the allottees.	20,81,308/-		
5	Garison Cinema, (Machinery only) Lahore Cantt.	Mr. Iqbal Ahmad Khan, 19-Jehangir Mansion, Bunder Road Karachi.	1-3-60	6,500/-	6,500/-	The auction purchaser is defaulter and sealing orders are being issued.	
6	Puncholi Studio No. 2, Muslim Town, Lahore.	S. Farrakh Hussain Shah, 3-Noon Evinu, Muslim Town Lahore	11-4-60	89,500/-	89,500/-	Write filed by him has recently been dismissed and demad notice has since been issued.	
7	Shori studio (Shah Noor) Multan Road, Lahore.	S. Shaukat Hussain Rizvi C/o shah Noor Studio Multan Road, Lahore.	12-1-60	Not assessed due special leave to appeal in suppreme Court of Pakistan.			

Sr. No.	Name of the cinema and its location	Name and addresses of transferees/ auction purchasers	Date of transfer/ auction	Price	Amount Payable	Reasons for not so far recovering the amount within the specified period	The date by which the full payment will be recovered
	c (i) 1	c (ii) 2	c (iii) 3	c (iv) 4	c' (v) 5	c (vi) 6	c (vii) 7
				Rs.	Rs.		
8	Parkash Cinema (Khurshid Cinema) Rawalpindi.	S. Muhammad Saeed Shah, c/o Khurshid Cinema, Rawalpindi.	3-12-60	11,61,000/-	4,60,816/-	The case is under correspodence with the Ministry of Reh : & Wosk.	
9	Cirose Cinema Murree.	Sh. Sultan Ahmad c/o Cirose Cinema, Murree.	16-7 61	2,28,019/-	97,172,50	One C. Boom deposited by him has been found bogus and he has made a representation to allow him to association with other a claimants and the case is under examination.	
Municipal Committee, Lyallpur	...	Rs. 2,50,000/-
District Conncil, Lyallpur	...	Rs. 4,00,000/-

(*c*) There is no suitable venue for holding important official and public functions. Keeping in view this imperative need a scheme for the construction of an auditorium at Lyallpur has been drawn up.

III. PESHAWAR DIVISION

(*a*) Nil.

(*b*) In this Division District Council, Mardan intends to construct an Auditorium but the scheme is at initial stage. No estimates have been prepared and no specific amount of contribution has yet been fixed to be paid by the Local Bodies.

(*c*) There is no proper place for holding official and public functions in Mardan District. Keeping in view this imperative need a scheme for the construction of an auditorium at Mardan has been drawn up.

IV. MULTAN DIVISION

(*a*) No auditorium has been constructed by any District Council/Municipal Committee in this Division during the last five years, except the one named as Sahiwal Hall, constructed during the year 1966-67, by the District Social Welfare Committee, a Registered Body under the Registration Act of 1860. The Local Bodies of Sahiwal District also contributed towards the construction of the building. The estimated cost of the Sahiwal Hall amounts to Rs. 11,91,362/- The details of the contribution by the Local Bodies and from other sources are as under :—

(*i*)	District Council, Sahiwal	Rs. 7,75,000.00
(*ii*)	Municipal Committee, Sahiwal	Rs. 2,15,000.00
(*iii*)	,, ,, Okara	Rs. 75,000.00
(*iv*)	,, ,, Pakpattan	Rs. 5,000.00
(*v*)	,, ,, Chichawatni	Rs. 20,000.00
(*vi*)	,, ,, Arifwala	Rs. 35,000.00
(*vii*)	Town Committee, Haveli.	Rs. 498.00
(*viii*)	,, ,, Renala Khurd	Rs. 498.00
(*ix*)	,, ,, Depalpur	Rs. 498.00

(*x*) Cantribution from the public	Rs.	19,900.00
(*xi*) Interest from the Bank	Rs.	11,127.90
	Rs.	115,7521.90

Another Auditorium (named as Multan Auditorium) is under construction at an estimated cost of Rs. 18 lacs. The District Cauncil Multan has contributed Rs. 4 lacs towards this Auditorium. The Municipal Committee, Multan is to contribute Rs. Two lacs towards the construction of this Auditorium. The details of the contribution by other Local Bodies and from other sources are as under :—

Jashnai Multan	Rs. 1,60,000/-
Education Department	Rs. 1,80,000/-
District Council, D. G. Khan	Rs. 2,00,000/-
Disirict Council, Sahiwal	Rs. 2,00,000/-
District Council M. Garh	Rs. 2,00,000/-

(*b*) Nil.

(*c*) There is no suitable venue for helding important official and public functions. Keeping in view this imperative need a scheme for the construction of an auditorium has been drawn up.

V. BAHAWALPUR DIVISION.

(*a*) Only Municipal Committee, Bahawalpur has constructed an Auditorium in Gulzar-e-Sadiq (Public Park) at Bahawalpur at a cost of Rs 84,000/-. No other Municipal Committee/District Council in the Division has constructed auditorium.

(*b*) Nil.

(*c*) There was no suitable place to hold official/public functions in Bahawalpur. The auditorium was considered necessary to facilitate the holding of official/public functions.

VI. KHAIRPUR DIVISION.

Khairpur District.

(*a*) District Council, Khairpur has constructed an auditorium at Daraza Sharif in the year 1964-65 at the cost of Rs. 61,142/-.

(*b*) Nil.

(*c*) For holding important official and public functions.

VII. KARACHI DIVISION.

The requisite information in respect of District Councils in Karachi Division is Nil. However the information in respect of Municipal Corporation, Karachi is a follows :-

Municipal Corporation, Karachi.

(*a*) No auditorium has been constructed in Karachi by the Municipal Corporation during the last five years.

(*b*) The Karachi Municipal Corporation is planning to construct an Auditorium at an estimated cost of Rs. 10 lacs. A sum of Rs. 10 lacs has been provided in the current year's budget. The period to construct the Auditorium is prescribed to be completed within 18 months from the date the tenders are accepted. The tenders for the work have been invited and are under scrutiny. An soon as the tenders are finalized the work will be started soon.

VIII. QUETTA DIVISION.

(*a*) Nil.

(*b*) The Municipal Committee, Quetta has planned to construct on Auditorium cum Library at Quetta at an approximate cost of Rs. 3,50,000/-. The Plans and estimates have been prepared and steps are being taken to make the necessary provision in the budget during the next financial year. As soon as the funds are made available, the work will be started.

(c) Since there was now proper place for holding the official/public functions, the Auditorium cum Library was planned to be constructed.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - کیا وزیر بلدیات مجھے اس امر کی یقین دھانی کرائیں گے کہ ہمارے بیشتر اضلاع میں ہمارے افسران نے یہ آڈیٹوریم بنانے کا جو وطیرہ اختیار کیا ہے جب کہ ان کو اس کی بنانے کی ضرورت نہ ہو اور اس سے وہ قومی دولت کا ضیاع کرتے ہیں - کیا آپ ان کو یہ احکامات جاری کریں گے کہ وہ اس کے بجائے ان رقومات کو اس علاقہ کے اسکولوں یا دوسرے تعمیراتی کاموں پر خرچ کریں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت - جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ آڈیٹوریم کی بذات خود کیا حیثیت ہے - فاضل ممبر میرے ساتھ اتفاق فرمائیں گے کہ آڈیٹوریم ایسے ہال ہوتے ہیں جہاں لوگ مل بیٹھتے ہیں اور ادبی اور علمی مجالس منعقد کی جاسکتی ہیں اور اس سے قوم کے مجموعی کردار میں بڑی امداد ملتی ہے - ہاں البتہ یہ ان کا ارشاد بجا ہے کہ جہاں ضرورت نہ ہو تو بلا وجہ وہاں فضول خرچی کے طور پر آڈیٹوریم بنانا نامناسب ہے - اس سلسلے میں ہدایات جاری کی جائیں گی کہ جہاں کہیں ضرورت نہ ہو وہاں بلا وجہ آڈیٹوریم کی تعمیرات نہ کی جائیں -

مسٹر حمزہ - میں ان کے نوٹس میں ایک زندہ مثال لاتا ہوں - آپ نے فرمایا ہے کہ لائلپور میں 6 لاکھ 50 ہزار کے خرچ سے آڈیٹوریم تعمیر کیا جا رہا ہے - کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ لائلپور میں ڈسٹرکٹ کونسل ہال میونسپل ہال اور ہماری زرعی یونیورسٹی کا ہال بھی موجود ہے جو ان مقاصد کے لئے بخوبی استعمال ہو سکتا ہے - کیا آپ مجھے بتائیں گے کہ اس ضلع میں کیوں 6 لاکھ 50 ہزار کی رقم خرچ کی جارہی ہے ؟ اس کے ساتھ ساتھ آپ کو اس بات کا علم ہے کہ اس قسم کے ہال اس سے پہلے موجود تھے - تو 12 لاکھ کی کثیر رقم سے اس ضلع میں اور ہمارے ضلع کے ڈپٹی کمشنر نے اپنے اختیارات ناجائز استعمال کرتے ہوئے اس تعمیر پر خرچ کی ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت - جہاں تک اس صورت حال کا تعلق ہے -

مسٹر سپیکر - اس کا جواب پہلے بھی دیا جا چکا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت - یہ بار بار لائلپور کے متعلق دھراتے رہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ یا تو آپ ان کو بھی ارشاد فرمائیں کہ وہ ایسی بات کو نہ دھرائیں ۔ بہر حال میں جناب کے ارشاد کے مطابق یہ عرض کرونگا کہ لائلپور ایک ترقی کرتا ہوا شہر ہے اور بڑا زرخیز اور دماغ والا شہر ہے حتیٰ کہ حمزہ صاحب اگرچہ وہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے رہنے والے ہیں مگر وہ ضلع لائلپور میں ہے ۔ تو میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں افسران متعلقہ سے اس کے بارے میں استفسار کروں گا کہ وہ اس کو حق بجانب ٹھہرائیں کہ وہاں ایسی تعمیر کیوں کی گئی لیکن ظاہر ہے کہ کسی جگہ تین ہال بھی کم ہوتے ہیں اور کسی جگہ ایک ہال بھی زیادہ ہوتا ہے یا کافی ہوتا ہے ۔ اگر کوئی اس تعمیر کی justification نہ ہوئی تو میں ضرور سوچوں گا ۔

DOG BITE CASES IN KARACHI

*14647. **Mr. Muhammad Umar Qureshi.** Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that 815 and 1407 dog bite cases occurred in Karachi in June and July, 1968 respectively ;

(*b*) whether it is also a fact that due to the failure of Department concerned of the Municipality in rendering medical treatment to the above said victims, about 17 persons who were admitted in the Municipal Hospital expired without any medical assistance having been rendered to them ;

(*c*) whether it is a fact that the above said casualties occurred due to the fact that either there was no medicine available with the Hospital staff or the staff posted in the hospital was not available if so, the action government intend to take in the matter ?

Minister for Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) (*a*) All dog bite cases in Karachi are given Anti-rabies vaccine at two main hospitals, e.g., Civil Hospital, Karachi, run by the Health Department of West Pakistan and Jinnah Post-Graduate Medical Centre, Karachi. The information about the number of dog bite cases occurred in June and July 1968 can be supplied by the Health Department.

(*b*) The total number of rabies cases admitted in the Municipal Epidemic Disease Hospital during the month of June and July, 1968 were 7 who expired because once symptoms of rabies develop there is very little chance of survival of any victim of rabies. The Epidemic Diseases Hospital of KMC is only meant for isolation cases. Anti-rabies vaccine for dog bite cases are given only in Government Hospital and Jinnah Post-Graduate Medical Centre, Karachi. No vaccine is stocked in KMC Hospital. Even after being treated in civil Hospital, Jinnah Post-Graduate Medical Centre, if a person is affected by rabies he is admitted for isolation in KMC. Epidemic Diseases Hospital.

(*c*) In view of the above facts the question of supply/stock vaccine ta KMC Hospital or deputing special staff for the purpose or of any negligence on the part of hospital staff does not arise.

Begum Ash af Burney. I would like to know from the Minister that when the cases of dog-bite are increasing tremendously in Karachi, is he taking any action to get these mad dogs destroyed ?

Minister for Basic Democracies. Yes, Sir. Already the Government has issued instructions and action has already been taken and is being taken on it. I don't exactly remember the facts and figures but in the last turn, either on the 30th or before, a question had come up in which it was stated that about 20,000 dogs have already been destroyed after this compaign was started. Again, yesterday, I have instructed them to be more active in this case.

Begum Ashraf Burney. As you will see from the answer, which has not been read out, seventeen lives have been lost and they say that the responsibility for giving anti-rabies vaccine is that of the Civil and Jinnah Hospitals. When mad dogs are their responsibility why should the cure also not be their responsibility ?

Minister for Basic Democracies. The position about dog-bites is that when the dog bites, then those preventive medicines are given, but once, I don't exactly know the technical term, the effect starts then after that, so far as my information goes, medically speaking, it is incurable, but for the sake of preventive medicines are given because if a man is affected and he bites somebody again, that person is also affected.

Begum Ashraf Burney. Does he bite ?

Minister for Basic Democracies. Yes, he too Bites.

So, they have to be isolated. Those people who are in the final stages when the effect has started, are to be isolated but before that effect starts, preventive measure is taken and in two hospitals the vaccine is given,

Begum Ashraf Burney. That was not my question. It is quite different. My question was why they do not supply the anti-rabies injections because the dogs are their responsibility ? Why it should be the Civil and the Jinnah Hospitals ?

Minister for Basic Democracies. Civil Hospital, as I understand, is quite close to the ground of the KMC and the government is providing all the facilities, but, if the need is felt that more money is required, I assuse the Member that the KMC is most willing to give it.

Begum Ashraf Burney. When the number of cases is so great, I think, the Minister must take it up seriously and see that these anti-rabies vaccines are supplied by the Municipality because it is the responsibility of the Municipality.

The second part of my question is why did they admit these seventeen people in the KMC hospital when they had no

means of giving them any medicines or any cure? They should not have admitted these seventeen people in their hospital.

Minister for Basic Democracies. I have not been able to explain but I wanted to say that these are the seventeen persons on which the effect of the dog-bite became rabies or whatever they call it. After the rabies starts, medically speaking, it is not curable and then man is equally dangerous. He can also bite somebody and he will have the same effect as any animal like doge, jackals or even cows and buffalows can have if they have the same sort of condition. So, in that case, for the safety of other people, it is necessary that those people who are affected, should be isolated. They are, therefore, isolated and all possible medical aid is given to them.

BUS STANDS

*14690. **Mr. Hamza.** Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state.—

(*a*) whether it is a fact that most of the bus stands are situated in the congested areas of Rawalpindi City causing great inconvenience and traffic hazzards;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative reasons for not constructing any Bus Stand out of Rawalpindi City to regularise Bus traffic along with the time by which it is proposed to be constructed?

Minister for Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) (*a*) Yes.

(*b*) The question regarding construction of a Bus Stand out side Rawalpindi City where these buses could be shifted is under consideration of a Committee represented by the Municipal Committee, Rawalpindi, Improvement Trust, Rawalpindi, Capital Development Authority and other concerned offices under the Chairmanship of the Commissioner, Rawalpindi Division, Rawalpindi,

Mr. Hamza. Point of personal explanation.

Minister. for Basic Democracies. No Explanation.

مسٹر حمزہ - کیا آپ مجھے بتائیں گے کہ یہ کمیٹی اس مسئلے کے بارے میں فیصلہ کرنے کے لئے کب معرض وجود میں آئی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت - میں نے جناب والا کل جاننے کی کوشش کی لیکن جتنی انفارمیشن کمیٹی کی طرف سے ہمیں بھیجی گئی اس میں تاریخ کا ذکر نہیں کیا گیا تھا ۔ میں نے ہدایت کی ہے کہ اس سلسلے میں تاریخ اور باقیماندہ ساری متعلقہ چیزیں بتائی جائیں اور ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ اس معاملے کو expedite کریں ۔

مسٹر حمزہ - کیا جناب وزیر موصوف مجھے بتائیں گے کہ آپ کی حکومت نے یہ فیصلہ بلکہ کیبنٹ نے کیا تھا کہ تمام کے تمام گنجان علاقوں میں سے بس سٹینڈوں کو باہر منتقل کر دیا جائے ۔ اور کیا آپ نے میونسپل کمیٹی کے تمام کے تمام افسران کو اس ضمن میں احکامات جاری کئے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت - جہاں ضرورت پیش آتی ہے وہاں کئے جاتے ہیں ۔ ہدایات جاری ہو چکی ہیں ۔

مسٹر سپیکر - ہدایات جاری ہوچکی ہیں لیکن ان پر ابھی تک عمل درآمد نہیں ہوا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت - میں پھر اس سلسلے میں جناب والا جواب طلبی کروں گا کہ کیوں ابھی تک ان پر عمل درآمد نہیں ہوا ۔

مسٹر سپیکر - ہمیں ابھی تک میاں صاحب کی دعوت کا انتظار ہے جو میاں صاحب نے حمزہ اور خواجہ صاحب کو رسم افتتاح کے سلسلے میں دی تھی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت - جو کام ہوتا ہے وہ ہمارے لئے رسم افتتاح ہی کی حیثیت رکھتا ہے ۔

مسٹر حمزہ - لیکن ہماری گوجرہ میونسپل کمیٹی بدقسمت کمیٹی ہے۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ کیا آپ وہاں رہتے ہیں ؟

مسٹر حمزہ ۔ جی ہاں وہاں کی کمیٹی نے متعدد بار اس قسم کی قراردادیں پاس کیں اور آج تک وہاں کوئی بس سٹینڈ نہیں ہے ۔ باہر منتقل کرنے کے لئے جگہ بھی تجویز ہو چکی ہے ۔ لیکن ابھی تک احکامات جاری نہیں کر سکے ۔ پنڈی کا مسئلہ بھی ایسا ہی ہے لیکن ہمارے بہت سے حکمران بذات خود ٹرانسپورٹرز بن گئے ہیں جو کہ شہزادگان سے کم نہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہاں کوئی شہزادہ نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ افسوس کی بات ہے کہ کیبنٹ کے فیصلے پر بھی کوئی عمل درآمد نہیں ہوتا ۔ میں دریافت کرتا ہوں کہ کیا آپ اس فیصلے پر عمل درآمد کرائیں گے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ گوجرہ کی بد نصیب کمیٹی میں ایسی بات ہو رہی ہے ۔ مجھے ان سے اتفاق ہے اور اس بات کا بھی افسوس ہے کہ ایسی بد نصیب کمیٹی میں ہمارے اتنے فاضل ممبر رہتے ہیں ۔ لیکن جناب والا ۔ انہوں نے پنڈی کے بارے میں سوال فرمایا اور گوجرہ کی نسبت نہیں حالانکہ وہ وہاں رہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو اوپر دیکھتے ہیں لیکن پاؤں کی طرف نہیں دیکھتے حالانکہ پاؤں کی طرف پہلے دیکھنا چاہئے ۔ بہر نوع گوجرہ میونسپل کمیٹی کے بارے میں مناسب جائزہ لیا جائے گا اور مناسب اقدامات بھی کئے جائیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف پرسنل ایکسپلینیشن ۔ میں جناب وزیربلدیات کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ میں نے گوجرہ کی نسبت اس ضمن میں سوال کیا تھا کہ مناسب جگہ پر بس سٹینڈز تعمیر کئے جائیں اور اس کے علاوہ ہماری تمام کی تمام جدوجہد کے باوجود اس حکومت کی لا قانونیت اور بد عنوانیوں کی وجہ سے آج تک وہ کام نہیں ہو سکا ۔ اس حقیر انسان نے اپنی استطاعت کے مطابق پوری کوشش کی ہے اور کرتا رہے گا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ہماری باتیں سننے کی جناب والا ان میں جرأت ہی نہیں ہے ۔

میجر محمد اسلم جان - کیا جناب وزیر متعلقہ یہ فرمائیں گے کہ راولپنڈی میں کمشنر صاحب کے زیر صدارت جو کمیٹی بنائی ہے - آپ کے خیال میں یہ کب تک فیصلہ کرے گی - آپ کب تک مہربانی فرما کر بس سٹینڈ کو راولپنڈی کی گنجان شہری آبادی سے باہر نکال دیں گے ؟

Mr. Speaker. That has already been answered. Next Question.

TOLL TAX ON VEHICLES CHARGED BY MUNICIPAL COMMITTEE SADIQABAD.

*14691. **Mr. Hamza.** Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Municipal Committee Sadiqa bad, District Rahimyar Khan has been charging toll tax from the vehicles passing through the Municipal limits ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the date since the said toll tax is being charged ;

(*c*) the number and date of the Government Notification authorising the said Municipal Committee to charge the toll tax ;

(*d*) in case Government have not duly authorised the imposition of the said toll tax reasons for its imposition alongwith the action taken or intended to be taken by the Government in this behalf ?

Minister for Basic Democracies and Local Goverament (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo). (*a*) No.

(*b*) Question does not arise.

(*c*) No Government Notification in this respect has been issued.

(*d*) In view of reply at (*a*), (*b*) and (*c*) above, question does not arise.

مسٹر سپیکر - جناب سپیکر - میں ذاتی طور پر حاضر ہوا تھا ایک تقریر کے سلسلہ میں - یہ میری فسٹ ہینڈ اطلاع ہے -

(قطع کلامی)

نہ وہاں ٹریکٹر ہوں - نہ بل ڈوزر ہوں اور نہ بسوں کے مالک ہوں- نہ میں راجہ صاحب کی طرح روٹ پرمٹ ہولڈر ہوں - میں اپنی ذاتی معلومات کی بناد پر بلا خوف تردید کہتا ہوں کہ یہ حقیقت ہے کہ حکام بالا کی جانب سے کوئی ایسے احکامات جاری نہیں ہوئے تھے - مگر وہاں کے مقامی چیئرمین نے جو ایس ڈی - ایم ہیں ایسے خلاف قانون احکامات جاری کئے - اس وقت تک جب میں نے یہاں سوال کیا یہ ٹول ٹیکس وصول کیا جا رہا تھا - میری وزیر بلدیات سے التجا ہے کہ وہ ذاتی طور پر اس معاملہ کی دوبارہ تحقیقات کریں - میں ان کے سامنے لوگوں کی جانب سے حلفیہ بیانات پیش کردونگا -

وزیر بلدیات - میں اس کے متعلق مناسب کارروائی کروں گا -

CONSTRUCTION AND REPAIR OF ROADS BY DISTRICT COUNCIL, PESHAWAR.

*15568. **Syed Inayat Ali Shah.** Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state :-

(*a*) the names of roads constructed or repaired by the District Council, Peshawar during the last 5 years alongwith the expenditure incurred in this behalf and the width and length of each road ;

(*b*) the names of roads out of those mentioned in (*a*) above which were constructed kutcha and metalled and on the shingles were laid alongwith the layer of each road on which the shingles were used ;

(*c*) the names of the contractors concerned and the rates enumerated by them in their respective quotation of tenders ?

Minister for Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo)- (*a*) and (*b*) Five

Statements year-wise showing the required particulars for the period from 1963-64 to 1967-68 are placed on the floor of the House.

(c) All the roads are Kutcha, repaired and shingled. No metalled road has been constructed during the said period. As regards shingle roads, the required information is given in the aforesaid *statements.

CONSTRUCTION OF ROADS IN TEHSIL NOWSHERA BY DISTRICT COUNCIL, PESHAWAR.

*15569. **Syed Inayat Ali Shah.** Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state :

(a) whether there is any scheme with the District Council Peshawar for constructing roads in Tehsil Nowshera, District Peshawar during the year 1968-69, if so, location of these roads alongwith (*i*) length and breadth of these roads ; (*ii*) whether these roads will be kacha or metalled ; (*iii*) in case of metalled road the layer thereof ;

(b) names of roads included in the scheme for 1968-69 completed or still under construction process and the names of the contractor or contractors ;

(c) whether any tender was invited or is being constructed on work orders alongwith rates thereof and the names of Engineer under whom construction work is being done ?

Minister for Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo). (a) Yes, but the list of Roads to be constructed has not been received by the District Council, Peshawar, from the Chairman, Tehsil Council, Nowshera.

Now the latest information is that the list has been received. We have contacted the officer concerned on telephone and he has replied that the list has been received.

(b) and (c) Does not arise.

---

*Please see appendix I at the end.

IMPLEMENTATION OF RURAL WORKS PROGRAMME PROJECTS IN HAZARA DISTRICT.

*15971. **Khan Malang Khan.** Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) the names of projects implemented under Rural Works Programme in different areas of Hazara District and its tribal area and merged area, out of the allocations for the years 1966-67 and 1967-68 alongwith the details of amount spent on each scheme ;

(*b*) whether it is a fact that the amount allocated for the said purpose was desposited in Habib Bank instead of National Bank of Pakistan ;

(*c*) whether it is a fact that the Manager, National Bank of Pakistan Abbotabad, apprised the authorities concernen about the fact mentioned in (*b*) above drawing their attention to the Government directives and policy on the subject, but they did not pay any heed to this matter and the said amount remained deposited in Habib Bank as usual :

(*d*) whethet it is a fact a bridge was constructed at Gojra, Tehsil Mansehra during the said period under Rural Works Programme, which gave way after 2 or 3 days of its construction ;

(e) whether it is also a fact that a bridge of the above said type was also constructed on the River Indus in Hassan Zai, tribal area during the said period and it too, gave way after its completion ; if so, the expenditure incurred on the above said bridge, separately alongwith the authority responsible for this loss ;

(*f*) whether it is a fact that a bridge wa scheduled to be constructed in the merged area at Palis (Kohistan) under the above said programme during the said period, but its construction has not been completed so far ; if so, reasons therefor alongwith the names of

the firm to whom the contract was given for this work, its estimated cost and the time which has elapsed since this work was taken in hand ;

(*g*) whether it is also a fact that there was a proposal to construct a road from Batgram (in merged areas) to Shimlai under the Rural Works Programme during the said period ;

(*h*) if answer to (*g*) above be in the affirmative, (*i*) its estimated cost (*ii*) the expenditure so far incurred in this behalf ; (*iii*) the date on which the work was taken in hand and (*iv*) the likely date by which it would be completed ?

Minister for Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo). (*a*) The *statement showing the information in this respect is laid on the table of the House.

(*b*) Yes.

(*c*) Yes, however, the entire amount is being transferred to the National Bank of Pakistan, Abbotabad. Cheques for the entire amonnt for this purpose have already been issued.

(*d*) It is a fact that the arch of the said bridge collapsed on 8th January, 1968 when 80% of the work had been completed. The bridge had not been completed when the arch gave away.

(*e*) Yes. a suspension bridge is under construction in Hussan Zia area. It is true that one pier was dameged during construction and not after its completion as the bridge is still under construction. Contractor has been held responsible for the damage. The expenditure incurred so far has been Rs. 95,756.52.

(*f*) Yes, suspension bridge is under construction over river Indus near Palis (Kohistan) and the reasons for its delay are :—

*Please see appendix II at the end.

(*i*) scope of the scheme has been increased by providing 7 feet width instead of 4½ feet and length 425 feet instead of 400 feet.

(*ii*) Delay in sanction of the revised estimate by the Divisional Council.

(*iii*) Un-availability of the steel wire rope for the suspension bridge.

The contract has been awarded to Muhammad Irfan, Contractor. The revised estimated cost of the said bridge comes to Rs. 1,49,524. It has now been two years and 8 months since the work order was issued to the contractor, *i.e.*, 9th June, 1966.

(*g*) Yes.

Estimated Cost	*Expenditure so far incurred*	*The date on which the work taken in hand*	*The likely date by which it would be completed*
2,30,000.09	1,50,365·58	22nd November 1966.	30th June 1969

خان ملنگ خان - گورنمنٹ کی یہ رقم حبیب بنک سے نیشنل بینک میں کب ٹرانسفر ہوئی - یہ چیک کس تاریخ کو نیشنل بینک میں دیا گیا ؟

وزیر بلدیات - جناب والا - میری اطلاع کے مطابق پوزیشن یہ ہے کہ چار پانچ مرتبہ گورنمنٹ کی طرف سے چٹھی لکھی گئی - آخری مرتبہ جنوری میں چٹھی لکھی گئی - اب اس پر عمل درآمد ہوگیا ہے -

Sir, may I read the information :

> This matter was brought to the notice of this Department by National Bank of Pakistan on 20th April, 1967. The Deputy Commissioner was asked in our Memo : dated 16th May, 1967 to immediately withdraw

the funds from Habib Bank Ltd. and deposit the same in Government Treasury. Thereafter, reminders were issued to the Deputy Commissioner on 26th October, 1967, 5th February, 1968 and 20th June, 1968. Finally a D. O. letter has been addressed to the Deputy Commissioner 23rd January to comply with the Government instructions without delay.

23 جنوری کو جو چٹھی گئی تھی - میری اطلاع کے مطابق اس کے بعد یہ رقم وہاں دی گئی - میں نے کل ہی اپنے محکمہ کو اس سلسلے میں ہدایت جاری کی ہے کہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کو لکھا جائے کہ وہ اس کے متعلق کاروائی کرے - اور ڈی - سی کے رویہ کے متعلق مناسب احکامات بھیجے -

خان ملنگ خان - کیا جناب وزیر صاحب بتائیں گے کہ کل رقم کتنی تھی اور وہ کتنی مدت حبیب بینک میں پڑی رہی اور اس کا کتنا سود ملا؟

وزیر بلدیات - آپ نے یہ سوال نہیں فرمایا تھا - 1963 سے جب سے یہ رقم آئی حبیب بینک کے پاس رہی - میں پورے اعداد و شمار دے سکتا ہوں - اگر آپ اس کے لئے نیا نوٹس دے دیں -

خان ملنگ خان - کیا یہ صحیح ہے کہ لئے ڈپٹی کمشنر نے چارج لینے کے بعد یہ رقم ایک بینک سے دوسرے بینک میں منتقل کرائی -

وزیر بلدیات - یہ درست ہے -

خان ملنگ خان - جواب میں جو فہرست دی گئی ہے اس میں ایک ایسی سکیم درج ہے - - - - -

وزیر بلدیات - آپ نے ایک سوال میں تین علیحدہ علیحدہ باتیں لکھ دی ہیں - اگر آپ تین علیحدہ علیحدہ سوالات کرتے تو اچھا تھا -

خان ملنگ خان - ان میں سے دو پلوں کو نقصان پہنچا ہے - کیا آپ ان پلوں کے گرنے کی وجوہات کی انکوائری کرائیں گے جس پر رقم خطیر خرچ ہوئی - ان کے گرنے کی ذمہداری کس پر ہے - السپکشن کرنے والے سپروائزر پر ہے یا کس پر ہے - اور کیا اس کے خلاف کوئی قدم اٹھایا جائے گا ؟

وزیر بلدیات - قدم اٹھایا جا چکا ہے - ابھی تعمیر ہو رہی تھی جب وہ پل گر گئے - دونوں صورتوں میں ٹھیکیداروں کو ان کا ذمہ دار قرار دیا گیا ہے - اب وہ انہیں دوبارہ بنائیں گے -

خان ملنگ خان - جناب والا - اس ضمن میں ان ٹھیکیداروں کو ذمہدار قرار نہیں دیا گیا ہے کیونکہ ان سے کوئی وصولی نہیں ہوئی- کیا یہ درست ہے کہ جب وہاں پل بن رہا تھا تو اس میں دریائے سندھ کی ریت استعمال کی گئی جو ناقابل استعمال ہے - اس وجہ سے ستون ختم ہو گئے اور پل گر گئے - اور یہ ریت اس لئے استعمال ہوئی کہ وہاں کوئی چیک کرنے والا نہ تھا - ایس - ڈی - او یا اوور سیر کسی نے اسے چیک نہ کیا - دوسرا پل جو تباہ ہوا اس کی بھی یہی وجہ تھی ؟

وزیر بلدیات - اس سلسلہ میں ٹھیکیداروں کی خطا پائی گئی ہے - ابھی وہ انہیں بنا رہے تھے انہیں یہ حکم دیا جا رہا ہے کہ وہ انہیں دوبارہ تعمیر کریں - گورنمنٹ کا کوئی نقصان نہیں ہوا - ٹھیکیداروں نے غلطی کی ہے اور وہ اسے ٹھیک کریں گے -

مسٹر حمزہ - کیا جناب وزیر بلدیات یہ بتائیں گے کہ کیا آپ کو گوجرہ سے چڑھے - ضلع لائلپور میں جو گوجرہ ہے وہاں سے بس سٹینڈ کو شہر سے باہر منتقل نہیں کیا گیا اور ضلع ہزارہ جو بادشاہوں کا علاقہ ہے - اس میں جو گوجرہ ہے وہاں پل بن ہی رہا تھا کہ وہ ٹوٹ گیا ؟

وزیر بلدیات - حمزہ صاحب کی تلخی کے باوجود ہمیں گوجرہ اچھا لگتا ہے کیونکہ وہ گاجر سے ہے جو بہت میٹھی چیز ہے اور مجھے بھی میٹھی لگتی ہے -

سید عنایت علی شاہ - جناب والا - میں وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے صرف ٹھیکیدار کو قصور وار گردانا ہے - وہ اشخاص جو اس کام کی دیکھ بال کر رہے تھے ان کو کن وجوہات کی بنا پر معاف کر دیا گیا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - جناب والا- اگر اس کام میں کوئی اور شخص ذمہ دار نکلا تو اس کو معاف نہیں کیا جائے گا - پوزیشن یہ ہے کہ جب یہ پل مکمل ہو جاتا تو اگر کوئی شخص اس پل کو پاس کرنے کے لئے سرٹیفیکیٹ جاری کر دیتا اور اس سے گورنمنٹ کو نقصان ہوتا تو ہم ضرور اس کے متعلق انکوائری کرتے- وہاں ابھی تک کام کے مکمل ہونے کا سرٹیفیکیٹ جاری ہی نہیں کیا گیا - اس لئے ٹھیکیدار ہی اس کے لئے ذمہدار ہے - اگر آپ چاہتے ہیں تو ہم انکوائری کرنے کے لئے بھی تیار ہیں لیکن اس کام کے لئے وقت بھی صرف ہوگا اور وہ افسر اس دوران میں آپ کی کوئی اور خدمت کر سکتا ہے -

خان ملنگ خان - جناب سپیکر - جو فہرست مجھے مہیا کی گئی ہے وہ 1967-68 کے رورل ورکس پروگرام کے متعلق ہے - تحصیل بلڈ گرام کے متعلق جو پروگرام ہیں اس کے نمبر شمار 9 ، اور 11 ، 12 ، 13 ، 15 ، 16 اور 18 کو اگر آپ ملاحظہ فرمائیں تو آپ اس بات کو تسلیم کریں گے کہ جو کام اس فہرست میں دکھائے گئے ہیں یہ وہ کام ہیں جو پہلے سے ہوئے ہوئے ہیں - وہاں ان کاموں کو دیکھنے کے لئے کوئی نہیں پہنچا ہے- میں اس ہاؤس میں کھڑے ہو کر یہ بیان دے رہا ہوں کہ یہ کام جو اس فہرست میں دکھائے گئے ہیں سرکاری ملازمین نے ان کو نہیں دیکھا ہے - رقم ان کو دے دی گئی جو چیئرمین نے اپنی جیب میں ڈال لی اور بیٹھے بیٹھے دفتر میں رپورٹ دے دی - اس کام سے متعلق تمام روپیہ لے لیا گیا ہے تو کیا آپ اس کے متعلق انکوائری کریں گے کہ اس میں جو مجرم پایا جائے گا اس کو سزا دی جائے گی ؟ کیا آپ کوئی سرکاری ملازم وہاں بھیجنے کے لئے تیار ہیں کہ وہ وہاں جا کر دیکھے کہ آیا وہ لوگ وہاں اس کام کے نام پر لاکھوں روپیہ خرد برد کر گئے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - جناب والا۔ میں اپنے فاضل دوست کے ارشاد کے مطابق یہ حکم دے رہا ہوں کہ ڈپٹی کمشنر اور بنیادی جمہوریت کے متعلقہ افسر اس سلسلہ میں تحقیقات کرکے رپورٹ بھیجیں۔

خان ملنگ خان - جناب والا۔ میں وزیر موصوف کی خدمت میں گذارش کرتا ہوں کہ کوہستان کی یونین کونسل میں کوئی کام نہیں ہوا ہے - اس کے متعلق آپ ڈپٹی کمشنر کو کہیں کہ وہ ان کاموں کو دیکھنے کے لئے کوئی آدمی مقرر کرے اور مجھے وہ اپنے ساتھ لے جائے تاکہ میں اس کو یہ دکھا سکوں کہ یہاں کوئی کام نہیں ہوا ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - جناب والا - اس سلسلے میں ہم متعلقہ افسر کو ہدایات جاری کر دیں گے -

ملک محمد اختر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا۔ آپ اس کام کو جلد کر لیں کیونکہ بنیادی جمہوریت کا نظام ختم ہو رہا ہے -

مسٹر سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

سید عنایت علی شاہ - جناب والا - میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے اپنے جواب میں فرمایا ہے کہ دیکھ بھال کرنے والے آفیسر کی طرف سے سرٹیفکیٹ نہیں دیا گیا ہے۔ کیا ان کو running payment دی گئی ہے ؟ اگر دی گئی ہے تو کیا یہ اس سپروائزر کی ذمہ داری نہیں ہے ؟ کیا آپ اس کے متعلق تحقیقات کریں گے کہ کس شخص نے اس کو running payment دی ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - جناب والا - میرے فاضل دوست نے جو ارشاد فرمایا ہے اور جو ان کا حکم ہے وہ بہت اہمیت رکھتا ہے - میں نے تو یہ عرض کیا تھا کہ جب یہ واقعات میرے علم میں آئے تو میں نے اس کی اہمیت کو محسوس کیا - اس میں ٹھیکیدار کو ذمہدار گردانا جا چکا ہے اور اس کو دوبارہ پل بنانے کے لئے کہا جا رہا ہے اگر آپ ارشاد فرماتے ہیں کہ کس افسر کو اس کام کی الکوالری کے لئے مقرر کیا جائے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں لیکن اس چیز میں عوام کو کوئی

نقصان نہیں پہنچا ہے بلکہ ٹھیکیدار نے خود اپنا ہی نقصان کیا ہے اور اگر اس نے کوئی غلط کام کیا ہے تو اس کا خمیازہ خود ہی بھگت رہا ہے۔ ہم نے اس کو حکم دے دیا ہے کہ وہ اس کو مکمل کرے ۔ اگر اس سلسلہ میں ہم انکوائری کریں گے تو جو افسر اس کام کے لئے مامور ہوگا وہ اس وقت میں آپ کی کوئی اور خدمت کرے گا ۔ میں دوبارہ یہ عرض کروں گا کہ اس میں عوام کا کوئی نقصان نہیں ہوا ہے ۔ اس میں ٹھیکیدار کو ذمہدار گردانا جا چکا ہے ۔ اگر آپ مناسب سمجھتے ہیں تو میں کسی افسر کو انکوائری کے لئے مقرر کر دیتا ہوں لیکن میں آپ سے استدعا کروں گا کہ اس میں نقصان خود ٹھیکیدار کا ہوا ہے ہمیں اس کی ذات سے غرض نہیں ہے ۔ میں نے یہ حکم دے دیا ہے کہ عوام کا نقصان نہ ہونے کے باوجود بھی اگر اس پل کو کسی افسر نے بغیر دیکھے پاس کر دیا ہو تو بھی اس کے خلاف کارروائی کی جائے ۔

خان ملنگ خان ۔ جناب والا ۔ ان پلوں کے جو نظر ثانی شدہ تخمینہ جات بنائے گئے ہیں۔ کیا وہ ان نقصانات کو پورا کرنے کے لئے بنائے گئے ہیں جو ٹھیکیدار کو ہوئے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ اس بات کے متعلق متعلہ افسر کو ہدایات جاری کر دیں گے کہ کسی ٹیکنیکل طریقے سے یا کسی نامناسب طریقے سے عوام کے روپے کو نقصان نہ پہنچے اور دوسرے اس طرح سے ٹھیکیدار کو فائدہ نہ پہنچ سکے ۔

Mr. Speaker. The question hour is over now. Will the Minister place on the Table of the House answers to the remaining questions ?

Minister B. D. and Local Government. With your permission, Sir, I place answers to the remaining questions on the Table of the House.

Short Notice Questions and Answers

Mr. Speaker. We will now take up short notice questions. The first questions is from Malik Muhammad Aslam Khan. (Not asked) Next question is from Chaudhri Muhammad Sarwar Khan.

Chaudhri Muhammad Nawaz. Will you allow me to put it on his behalf?

Mr. Speaker. Yes.

صاحبزادہ نور حسن - پوائنٹ آف آرڈر - جناب - پچھلے دنوں میں نے ایک قلیل المہلت سوال خواجہ جمال محمد صاحب کوریجہ کے behalf پر پوچھا تھا لیکن مجھے اس کی اجازت نہیں دی گئی تھی -

مسٹر سپیکر - کس روز آپ نے سوال دریافت کیا تھا -

صاحبزادہ نور حسن - جناب والا- دو تین روز ہوئے ہیں -

I exactly do not remember the date. But Mr. Deputy Speaker was in the Chair and he did not allow me to ask a question on behalf of another Member,

مسٹر سپیکر - قلیل المہلت سوالات کے متعلق میرا خیال ہے کہ میں اس امر کی اجازت دیتا رہا ہوں - قلیل المہلت سوال کے سلسلے میں کوئی اور امتیاز موجود نہیں ہے سوائے اس کے کہ اس میں پوری مدت کا نوٹس نہیں ہوتا- اس لئے ہاؤس میں کوئی بھی ممبر کسی کے behalf پر قلیل المہلت سوال پوچھ سکتا ہے -

صاحبزادہ نور حسن - جناب والا- مجھے تو اجازت نہیں دی گئی تھی-

IRRIGATION LAND IN AREA OF RAJBAHAS VANIKE AND GAJAR GOLA ON LOWER CHENAB IN DISTRICT GUJRANWALA

*16100. **Chaudhri Muhammad Sarwar Khan.** Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state—

(*a*) the total commanded areas of Rajbahas Vanike anp

Gajar Gola on Lower Chenab in District Gujranwala separately ;

(*b*) the sanctioned quantity of water for irrigation purposes alongwith the discharge of each outlet ;

(*c*) whether it is a fact that some additional water for reclamation has also been sanctioned on these outlets ; if so, how much ;

(*d*) whether it is a fact that the Department proposes to discontinue the reclamation water with effect from April, 1969 for the next season ; if so, the reasons therefor ;

(*e*) the total area of the land reclaimed so far on account of the additional supply of canal water and the area yet to be reclaimed ?

Parliamentry Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka).

(*a*) Vaniki Distty : 44, 489 acres. Gajargola Disty · 46,836 acres.

(*b*) 244 Cusecs. 290 cusecs.

*The list regarding the discharge of each outlet is attached.

(*c*) Yes.

20.85 Ds. 39.76 Cs.

(*d*) Yes. Due to construction of Q. B. Link and L. C. C. Feeder the authorised full supply discharge of L.C.C at the head has been revised to 8143 Cs. against the existing discharge of 13692 Cs. This has resulted in falling of water level considerably and it has become difficult to feed Vaniki ahd Gajargola Distys : even to their authorised full supply discharges for regular areas.

(*e*)

	Vaniki Disty :	Gajargola Disty :
Area reclaimed.	1273 acres	2916 acres
Area yet to be reclaimed.	947 acres	956 acres

*Please see Appendix III at the end.

چوہدری محمد نواز - کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے !

> Yes. Due to construction of Q. B. Link and L.C.C. Feeder the authorised full supply discharge of L.C.C. at head has been revised to 8143 Cusecs . . . .

وہاں پہلے 13692 کیوسک پانی تھا - میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ آپ نے 5 ہزار کیوسک پانی یک لخت کم کر دیا ہے - اگر آپ نے distributory head کو ٹھیک کرنا تھا تو کیا اس کے لئے کوئی متبادل انتظام نہیں ہو سکتا تھا تا کہ پانی وہاں کم نہ ہوتا اور آپ کی جو تکالیف تھیں وہ بھی رفع ہو جائیں ؟

مخدوم حمیدالدین (وزیر آبپاشی) - جناب والا - التماس یہ ہے کہ یہ Q. B. link صوبہ کی زرعی ترقی کے پیش نظر اتنا اہم ہے کہ یہ Lcc feeder کے علاوہ بھی دیگر علاقوں کو پانی مہیا کرے گا - اور اس کے علاوہ "رکھ برانچ" اور "جھنگ برانچ" کے لئے بھی مفید ہوگا - - - -

As against this that the Q. B. link has to feed the LCC feeder, it is to further irrigate additional areas. I think this was more imperative and this was more proper on the part of the Irrigation Department to do, and to further help the areas, which would fall within the command of LCC feeder, and also to improve upon the position of Rakh Branch and Jhang Branch.

چوہدری محمد ادریس - جناب والا - اس میں پانی کی کمی کی وجہ سے ان زمینداروں کی زمینوں کو جب پانی نہیں لگا ہے - بلکہ اس کمی کی وجہ سے ان کی زمینوں کو کافی پانی کم لگتا ہے - کیا آپ نے ان زمینداروں کو پانی کے کم کرنے کے لئے کسی قسم کا نوٹس دیا تھا ؟

وزیر آبپاشی - جناب والا - اس بات کو اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہئے کہ channel کے determined rights میں کمی نہیں ہوئی - جو

ایڈیشنل reclamation کا پانی ہے ۔ جس کو voluntarily دیا جاتا ہے ۔ اس پر اثر پڑتا ہے ۔ اور وہ ہم جتنا afford کر سکتے ہیں ۔ دیتے ہیں ۔ یہ ایڈیشنل سپلائی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کا مطلب یہ ہوا مخدوم صاحب کہ اس کا اثر نہیں ہو سکتا ۔

وزیر آبپاشی ۔ جناب والا ۔ اس کو اس perspective سے دیکھنا ہوگا کہ rights کسی کے basically damage نہ ہوں ۔ اور اس چینل کے requisite اور settled rights پر کچھ اثر نہیں پڑتا ۔ ویسے reclamation کے لئے اس channel میں ضرورت بھی نہیں ہے ۔ اوز پھر دوسرا alternative زیادہ important ہے ۔ اور یہ ستلج تک جاتا ہے ۔

In case where on a certain channel we are in a position to do so, and we can afford, we do it. Otherwise, we try to supply and cater to basic needs of the people.

چوہدری محمد نواز ۔ کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ جس وقت آپ نے یہ قادر آباد لنک شروع کیا تھا ۔ وہاں کے لوگوں کو یہ تمام تاثر دیا گیا تھا کہ اس سے لوگوں کی پانی کی کمی کی تکلیف دور ہو جائے گی۔ خواہ وہ reclamation کا پانی تھا ۔ یا basic need کے لئے تھا ۔ لیکن آپ کی طرف سے surety تھی ۔ اور اس کے متعلق میں آپ کے بیانات جو کہ اس ایوان میں اور اس ایوان سے باہر آپ نے دئیے تھے ۔ وہ آپ کو produce کر سکتا ہوں ۔ آپ نے آج basic need کا سہارا لیا ہے اور اتنے رقبے کو جو کہ reclaim ہونا تھا ۔ نہیں ہوا ہے ۔ میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان لوگوں کے گلے پر چھری کیوں پھیری ہے ۔ ایسا کس وجہ سے کیا ہے ۔ آپ کے انجینروں کو یہ پتہ نہیں تھا ۔ کہ اس چیز کی وجہ سے ان لوگوں کو نقصان پہنچے گا ؟

وزیر آبپاشی ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ یہ in writing ہے گورنمنٹ جب چاہے ایڈیشنل سپلائی withdraw کر لے ۔

Mr. Speaker. Even if it is sanctioned for seven years.

Minister for Irrigation and Power. I am not very much sure about it Sir, but I think it could be.

اس کے متعلق میں اتنا عرض کر سکتا ہوں ۔ کہ یہ original right میں ہے ۔

But after giving notice, perhaps the Government is competent to withdraw it. This is by way of magnanimity ; it is not their original right. گورنمنٹ withdraw کر سکتی ہے

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ یہ طریقہ ہے کہ لوگوں کو تکلیف پہنچے

(قہقہہ)

وزیر آبپاشی ۔ آپ ذرا صبر کریں ۔ یہاں کچھ عقل و فہم کی بات ہو رہی ہے ۔ (قہقہہ)

مسٹر سپیکر ۔ آرڈر ۔ آرڈر ۔

وزیر آبپاشی ۔ یہ L.C.C. فیڈر کا irrigators کو فائدہ پہنچا ہے ۔ ان کی basic need کو پیش نظر رکھا ہے ۔ اور channel سے basic rights کا جو فائدہ پہنچا ہے ۔ اس کو بھی پیش نظر رکھنا چاہئے ۔

چوہدری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ کیا ان زمینداروں کا پانی کم کرنے سے پہلے آپ نے نوٹس دیا تھا ؟ آپ کہتے ہیں کہ حقوق متاثر نہیں ہوئے ۔ آپ کے کہنے کے مطابق نہیں ہوئے ۔ ان کے کہنے کے مطابق ہوئے ہیں ۔ یہ بتلائیں کہ اس کا basic پانی کتنا تھا ۔ اور reclamation کا کتنا تھا ؟

وزیر آبپاشی ۔ آپ نے total dischange کے متعلق پوچھا ہے ۔ یہ میں دیکھ کر بتلا سکتا ہوں ۔

چوہدری محمد ادریس ۔ پھر آپ کیسے کہتے ہیں کہ ان لوگوں کے ساتھ نا انصافی نہیں ہوئی ۔

وزیر آبپاشی ۔ اس میں کمی ہوئی ہے ۔ مگر ورکنگ ہیڈ کا اس پر کوئی اثر نہیں ہے ۔ آپ نے نوٹس کے متعلق پوچھا ہے ۔ تو میں یہ عرض کرتا ہوں بلکہ یقین دلاتا ہوں کہ ان کو from the next season نوٹس serve کئے جائیں گے ۔ اور یہ پروسیجر ہوگا ۔

چوہدری محمد ادریس - جناب عالی بہت اچھا جواب دیا ہے کہ پانی پہلے کم کر دیا ہے - اور نوٹس بعد میں دیا جائے گا۔

Mr. Speaker. That is from the next season.

چوہدری محمد نواز - کیا وزیر صاحب فرمائیں گے کہ جیسا کہ انہوں نے ابھی ابھی فرمایا ہے کہ ان کے notices کی تکمیل ہو جائے گی - آپ کو یہ علم ہے کہ reclamation کے لئے پانی کے کاغذات تو دو ماہ پیشتر ہی کر مکمل ہو چکے ہیں - جن جن لوگوں کو پانی دینا ہے ان کو controlling authority یعنی ایس - ای (S.E.) وغیرہ نے منظوری دے دی ہے - اور آج آپ نے فرمایا ہے - اب مرنے کے بعد واویلا کرنے سے کیا فائدہ ہے -

Minister for Irrigation and Power. Mr. Speaker does not think that I should reply to it.

چوہدری محمد ادریس - میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ زمینداروں کو ایڈیشنل پانی کب سے مل رہا ہے ؟

Minister for Irrigation and Power. There are so many irrigators who are getting water. Their water has been sanctioned at different stages. How can I tell the Member that 4000 irrigators were sanctioned water on such and such dates ?

GUJRANWALA, KILA DIDAR SINGH, HAFIZABAD AND KAMOKE GRID STATIONS

*16101. **Chaudhri Muhammad Nawaz.** Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state — .

(*a*) the capacity of the Gujranwala, Kila Didar Singh, Hafizabad and Kamoke Grid Stations in Gujranwala District ?

(*b*) the supply of electricity being received by those Grid Stations ;

(*c*) the quantity of the transmission being made by these Grid Stations respectively ;

(*d*) the total number of the applications pending for domestsc, industrial and agricultural connections in each category in Gujranwala District alongwith the total requirements needed to meet out the demand of the these applicants ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka). (*a*)

Gujranwala 132 KV	20 MVA
Gujranwala 66 KV	5 MVA
Theri Sansi	5 MVA
Kamoke	7.5 MVA
Wazirabad	5 MVA

There is no grid station at Qila Didar Singh.

(*b*) 56 MVA

(*c*) 56 MVA

(*d*) Number of pending applications upto 11/68 is as under :—

Domestic	1352
Industrial	227
Tubewell	468

The applied load of the above mentioned applications is about 13 M. W. and a demand of about 9 to 10 M. W. is expected.

سید عنایت علی شاہ - جناب عالی میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ میگا واٹ کیا ہوتا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں غلام محمد احمد خان مانیکا)۔ آپ کو پتہ ہے تو آپ ہی بتا دیں ۔

چوہدری محمد نواز - کیا وزیر صاحب فرمائیں گے کہ جواب کے

حصہ (ڈی) میں آپ نے یہ فرمایا ہے کہ جو درخواستیں pending ہیں وہ اس طرح ہیں ۔

Domestic کے لئے ۔ 1352
Industries کے لئے ۔ 227
Tubewells کے لئے ۔ 468

تو میں آپ سے یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ پچھلے سال گورنر صاحب نے ہدایات جاری کی تھیں کہ گوجرانوالہ اور شیخوپورہ کے اضلاع میں جہاں چاول کی پیداوار زیادہ ہے وہاں ٹیوب ویل کے کنکشن کی درخواستیں pending نہیں ہونی چاہئیں ۔ domestic connections تو درکنار 500 درخواستیں ٹیوب ویل کے کنکشن کے لئے pending ہیں اس کی کیا وجہ ہے ؟

وزیر آبپاشی (مخدوم حمیدالدین) ۔ حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ rice areas میں زیادہ سے زیادہ power دی جائے اور ایک درخواست بھی نہ بچ جائے ۔ جہاں تک ہمارے لئے ممکن ہو سکا power دی گئی ہے ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ اس وقت جو چار سو یا چار سو پچاس کے قریب درخواستیں باقی ہیں۔ اس وقت جتنی transmission ہو سکتی ہے وہ پوری ہو رہی ہے۔ یہ جو ایڈیشنل لوڈ پڑا ہے اس کے لئے ہم اپنے sources کو develop کریں گے اور یہ بھی پورا ہو جائے گا۔ اور صوبہ کو پہلے سے زیادہ energise کر دیا جائے گا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ گذشتہ ستمبر میں گوجرانوالہ ، سیالکوٹ ، گجرات اور شیخوپورہ کے اضلاع میں ہر قسم کی بجلی کے کنکشن خواہ وہ ٹیوب ویل کے تھے یا domestic یا industries کے تھے ۔ ۔ ۔ سب بند کر دئے گئے تھے اور ابھی تک بند ہیں ۔ کیا آپ اس سے انکار کر سکتے ہیں ؟

وزیر آبپاشی ۔ یہ نہیں کہ بالکل ہی بند کر دئے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ بالکل ۔

وزیر آبپاشی ۔ لیکن اس میں یہ رکھا گیا ہے کہ پچھلے اگست تک جتنی درخواستیں process ہو چکی تھیں ، مثلاً demand notice ۔ سیکورٹی

اور testing وغیرہ کے متعلق ۔ ان کو ہم نے اجازت دے دی ہے کہ ان کو take up کیا جائے ۔ میرا مقصد کہنے کا یہ ہے کہ گذشتہ اگست تک جن درخواستوں کا process مکمل ہو چکا ہے ان کو ہم take up کر رہے ہیں اور جن کا process مکمل نہیں ہوا ان کو فی الحال take up نہیں کیا گیا ۔ مگر جہاں تک گوجرانوالہ اور دوسرے چاول کی پیداوار کے علاقے ہیں۔ میرے خیال میں محترم سپیکر صاحب بھی میری تصدیق فرمائیں گے کہ ان کو take up کرنے preferential treatment دیا گیا ہے ۔

مختار حضرہ ۔ کیا وزیر برقیات اس ایوان میں اس بات کا اعتراف کریں گے کہ ایک جانب تو وہ بجلی مہیا کرنے کا وعدہ فرما رہے ہیں اور دوسری جانب اس وقت بجلی کی بہم رسانی کی جو صورتحال ہے وہ یہ ہے کہ اکثر جگہ پر مقررہ مقدار میں voltage مہیا نہیں کی جاتی ؟

وزیر آبپاشی ۔ مشکلات کی وجہ سے کہیں کہیں ایسی صورت حال ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ کیا وزیر صاحب مجھے بتائیں گے کہ جب 425 درخواستیں ٹیوب ویلوں کے کنکشن کے لئے pending ہیں اور پھر ملک کو زرعی لحاظ سے خود کفیل بنانا چاہتے ہیں اور حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ ٹیوب ویل کے کنکشن کو priority دی جائے تو آپ کا کیا پروگرام ہے اور کب تک ان کو کنکشن دے سکیں گے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ قیامت تک ۔

وزیر آبپاشی ۔ جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا ہے اس صوبہ میں سب سے زیادہ بجٹ آبی وسائل اور برقی وسائل کی ترویج اور ترقی کے لئے خرچ کیا جا رہا ہے ۔ اقتصادی ترقی تو اس صوبہ میں منقلب ہو چکی ہے ۔ اور ترقی پذیر ہے بلکہ انقلاب آ چکا ہے لیکن demands بہت زیادہ ہیں اگر مزید finances کو اس طرف divert کیا گیا تو یقیناً یا تو education کا محکمہ suffer کرے گا یا ہیلتھ کا محکمہ suffer کرے گا یا roads وغیرہ کے شعبے suffer کریں گے ۔ balanced economic growth کے لئے ہمارا

بجٹ afford نہیں کر سکے گا - پہلے ہی بہت زیادہ روپیہ خرچ کیا جا رہا ہے - جہاں تک demands کا تعلق ہے وہ تو بہت زیادہ ہیں ہم اپنے وسائل اور sources کے مطابق ان کو meet کرنے کی کوشش کر رہے ہیں -

خان اجون خان جدون - جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے ہم سمجھتے ہیں کہ demands زیادہ ہیں لیکن زرعی پیداوار کے پیش نظر آپ کو چاہیئے کہ ہر ممکن طریقہ سے ان demands کو پورا کریں - میرا ایک specific question تھا کہ یہ جو درخواستیں pending ہیں ان کو کب تک کنکشن مہیا کئے جائیں گے ؟ آپ نے اس کا جواب نہیں دیا -

وزیر آبپاشی و برقیات - میں نے تو عرض کر دیا ہے کہ اس سلسلہ میں پہلے ہی بہت اخراجات کئے جا رہے ہیں اگر total demands کو meet کریں گے تو باقی محکموں کو suffer کرنا پڑے گا اور حکومت اس کو afford نہیں کر سکتی - کیونکہ اس سے دوسرے sectors متاثر ہوں گے - ہم نے rice areas میں preferential treatment کیا ہے - ان areas میں ہم نے مقابلتاً زیادہ بجلی سپلائی کی ہے - لیکن جب بھی ہمارے وسائل اجازت دیں گے تو ان کو بھی جلد از جلد meet کرنے کی کوشش کریں گے -

according to the policy.

چوہدری محمد نواز - آپ نے جو یہ فرمایا ہے کہ ان areas کی درخواستیں کو ترجیح دیتے ہیں - کیا آپ اپنے عملہ سے یہ بھی معلوم کریں گے کہ وہ جو لوگوں کی درخواستیں لیتے وقت ان سے پیسے لیتے ہیں کیا وہ rates میں کمی کریں گے ؟

مسٹر حمزہ - وہ تو کہتے ہیں کہ وصول کرتے رہیں گے اور ان کو کوئی رعایت نہیں ہوگی - ''الخاموشی نیم رضا''

Minister for Irrigation and Power. They will not be permitted.

مسٹر حمزہ - وہ لیتے رہیں لیکن ان کو ہدایت کر دیں کہ ذرا رعایت کر دیں - جناب سپیکر - میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ وزیر صاحب نے میرے ضمنی سوال کے جواب میں فرمایا ہے کہ ''کس کس چکہ'' - میں

سابقہ پنجاب کے وسطی اضلاع کے بارے میں ذاتی طور پر جانتا ہوں - ضلع گوجرانوالہ - ضلع لائل پور اور ضلع جھنگ میں کئی ماہ سے voltage میں کمی چلی آ رہی ہے - کیا آپ اس کی تردید کر سکتے ہیں ؟

وزیر برقیات - میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ عام طور پر voltage کم آ رہا ہے جس سے بجلی کی مشینری ضائع ہوتی ہے - اور جتنی بجلی کی ضرورت ہے اتنی بجلی نہیں ملتی - بعض مقامات پر equipment اور material نہ ہونے کی وجہ سے اسی قسم کی صورت حال ہے لیکن ہم پوری کوشش کریں گے کہ جوں ہی voltage مہیا ہو جائے اس نقص کو دور کیا جائے -

مسٹر سپیکر - مخدوم صاحب جہاں تک transmission کا تعلق ہے receive 56 ہوتی ہے اور 56 - transmit ہو جاتی ہے لیکن ایک روز نیشنل اسمبلی کے ایک ممبر مجھ سے یہ فرما رہے تھے کہ transmission میں کچھ گنجائش موجود ہوتے ہوئے actual جو receive ہوتی ہے اس سے کم antrsmit ہوتی ہے یعنی transmission میں گنجائش ہوتے ہوئے کنکشن نہیں دئے جا رہے ہیں - یہ آپ check کر لیجئے گا -

وزیر برقیات - جو کچھ آپ فرما رہے ہیں میں اس کو check کر لوں گا -

---

RECONDITIONING OF SHAHER FARID DISTRIBUTORY IN TEHSIL CHISHTIAN

*I6273. **Sahibzada Noor Hassan.** Will the Minister for Irrigation and Power be pleased to state—

(*a*) whether it is a fact that estimated expenditure of Rs. 1,75,668.00 was technically sanctioned by Superintending Engineer, Bahawalnagar, *vide* No. 5722 of 11th July, 1967 for reconditioning of Shaher Farid Distributory (Flood damaged portion) in Tehsil Chishtian, District Bahawalnagar and that administrative approval for the same was accorded by Chief

Engineer, Irrigation, Bahawalpur,—*vide* No. 27594 of 30th October, 1967 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that work has not so far been started on this project ; if so, reasons thereof ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka). (*a*) Yes. Estimate was sanctioned by the Superintending Engineer, Bahawalnagar Circle on 7th November, 1967.

(*b*) Yes. The work of damages has not been taken in hand for want of necessary funds.

صاحبزادہ نور حسن - جناب والا - کیا وزیر آبپاشی یہ بیان فرمائیں گے کہ اس کینال کا جو یہ tail and portion ہے وہ کس سال damage ہوا تھا -

وزیر برقیات (مخدوم حمیدالدین) - کچھ سال پہلے ہوا تھا - exact سال میں نہیں بتا سکتا -

صاحبزادہ نور حسن - میں جناب والا ان کی خدمات میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ یہ مسئلہ بھی مسئلہ کشمیر جتنا پرانا ہے - یہ ایک میل کا اس نہر کا حصہ 1955 کے سیلاب میں damage ہوا تھا اور اس کو 13 سال گذر چکے ہیں اور جیسے میں یہاں آیا ہوں میں نے متعدد بار اس سوال کے بارے میں دریافت کیا ہے اور جب محکمانہ طور پر معلومات حاصل کیں تو یہ پتہ چلا کہ چیف انجینئر نے اس کے لئے پرویژن کیا ہے اور sanction دے دی ہے - تو میں جناب وزیر صاحب سے یہ یقین دہانی چاہتا ہوں کہ آیا اس سال کے بجٹ میں اس کے لئے رقم مخصوص کی جائے گی - کیونکہ یہ صرف ایک میل لمبا حصہ ہے -

مسٹر سپیکر - آپ کا مطلب اگلے سال کے بجٹ سے ہے -

وزیر برقیات - اگلے سال کے بجٹ میں اس کے لئے پرویژن کر دیا لیکن پہلے بھی فنڈز release نہیں ہو سکے تھے کیونکہ کچھ cuts لگ گئی

تھیں ۔ بہرحال ہم کوشش کریں گے کہ اگلے سال کے بجٹ میں یہ پرویژن ہو جائے اور فنڈز بھی release ہو جائیں ۔

صاحبزادہ نور حسن ۔ گذشتہ وعدوں کو چھوڑ کر ہمیں ایسی یقین دھانی کرائی جائے کہ جس سے ہمیں توقع ہو جائے کہ اس سال میں ہو جائے گا ۔

وزیر برقیات ۔ ہم پوری کوشش کریں گے ۔

سید عنایت علی شاہ - خواجہ صاحب نے سوال اٹھایا تھا کہ 445 سیکنڈ کلاس کی آسامیاں تھیں - کلاس I کی چالیس آسامیاں تھیں - جو انہوں نے fill نہیں کی تھیں - جناب عالی total کلاس I 244 میں سے کلاس I کی 177 posts کو پورا نہیں کیا - جناب عالی - میرے اس سوال کا جواب جو میں نے پوچھا تھا کہ 1536 کلاس II میں سے 649 confirm تھیں - اس کا مطلب یہ ہوا کہ 887 vacancies کلاس II کی کی ایسی تھیں - جن پر اب تک کچھ نہیں کیا گیا - - آپ اندازہ لگائیں - جہاں تک میرا خیال ہے کہ یہ direct ذمہ داری ان کی ہے - Integration جس مقصد کے لئے کی گئی تھی یہ حکومت اس کو چلانے میں فیل ہو چکی ہے - اور سیاسی مصلحتوں پر بنایا ہوا - "ون یونٹ" فیل ہو گیا ہے - جب میں ان سے پوچھتا ہوں کہ ڈاکٹروں کو *ad hoc* اور temporary basis پر یہ کیوں لیتے ہیں - تو اس سلسلہ میں یہ جواب دیا گیا - - -

The doctors are appointed on temporary basis and *ad hoc* basis. Their confirmation depends upon the availability of permanent posts in the two years of completion of probationary period.

جناب سپیکر - آپ اندازہ لگائیں - اور مجھے بہت افسوس سے کہنا

پڑتا ہے ۔ اور میرا دل دکھ رہا ہے کہ میں یہ بات کہہ رہا ہوں ۔ کہ بارہ سال کے ڈاکٹر اب تک temporary ہیں ۔ آپ اندازہ لگائیں کہ اس ملک کی ایڈمنسٹریشن کا یہ حال ہے کہ کوئی ایک گریجویٹ محکمہ میں آئے اور بارہ سال تک عارضی ملازم رہے ۔ پھر میرے اس سوال کے جواب میں یہ کہتے ہیں کہ ۔ ۔ ۔

(At this stage Syed Zafar Ali Shah, the Chairman accupied the Chair).

> There is no question of terminating their services. At a later stage, they will be confirmed as soon as their cadre of Class I is finally determined by the Finance Department where it is receiving attention.

جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ لگائیں کہ اس حکومت کو Integration کے بعد اب تقریباً 14 سال ہو چکے ہیں اور یہ فیل ہو چکی ہے ۔ انہوں نے کلاس I کی seniority list بھی ابھی تک نہیں بنائی ۔ آپ اندازہ لگائیں ۔ کہ لعنت آمیز محکمہ ہے ۔ اور لعنت آمیز کاروائی ہے ۔

یہاں متعدد سوالات کے سلسلہ میں انہوں نے یہ بتایا ہے کہ کتنے سو یا کتنے ہزار درخواستیں پبلک سروس کمشن کے پاس پڑی ہیں جن کا ابھی تک فیصلہ نہیں ہو سکا ۔ یہ کتنی معیوب بات ہے کہ 15 سال کے دوران میں آپ نے ابھی تک یہ فیصلہ نہیں کیا کہ اگر پبلک سروس کمشن ٹھیک کام نہیں کر رہا تو اس سلسلہ میں کوئی ٹھوس قدم اٹھائیں ۔ محکمہ صحت اس سے بری الذمہ نہیں ہو سکتا ۔ اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اس محکمہ کو ملک کے عوام کی صحت ۔ یہاں کی ڈسپنسریوں یہاں کے ہسپتالوں کے ساتھ کوئی دلچسپی نہیں ۔

Mr. Chairman. The member may conclude his speech now.

سید عنایت علی شاہ ۔ ان کو چاہئے تھا کہ یہ گورنر سے کہتے کہ جس طرح محکمہ تعلیم میں ڈائرکٹر آف ایجوکیشن کو بااختیار بنا دیا ہے ۔ وہ *Ad hoc* basis پر appointment کرے ۔ ان کو چاہئے تھا

کہ اسی طرح کارروائی کرتے ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ حکومت فوری طور پر پبلک سروس کمشن میں دو تین ممبر اور بڑھا دے اور ان کا یہ کام ہو کہ وہ ڈاکٹروں کی appointments کریں اور ان کی عارضی ملازمت کی تاریخ تین ماہ سے زیادہ مقرر نہ کریں ۔ یا اگر یہ نہ ہو سکے تو اپنے محکمہ کے اندر service selection board بنا دیں ۔

ان حالات میں آپ خود میرے خیال سے موافقت فرمائیں گے کہ ڈاکٹری پاس کرنا کوئی بچوں کا کھیل نہیں ۔ پہلے ایف ایس سی فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا جائے تو داخلہ ملتا ہے ۔ 5 سال تک میڈیکل کالج میں پڑھنا ہوتا ہے اس کے بعد ایک سال بطور ہاؤس سرجن تربیت حاصل کرنا پڑتی ہے ۔ اس سے یہ اندازہ لگائیں کہ یہ طبقہ کتنا ذہین ہوتا ہے ۔ اگر وہ سی ایس پی کے امتحان میں بیٹھیں تو قطعی طور پر کامیاب ہوں گے ۔ چونکہ ان میں قوم اور ملک کی خدمت کا جذبہ ہوتا ہے ۔ اس لئے وہ noble service یعنی ڈاکٹری کی طرف جاتے ہیں ۔ لہذا آپ کو چاہئے کہ ان کو ملازمت کے وقت براہ راست کلاس I دی جائے ۔ اور تمام وہ سہولتیں دی جائیں جو کلاس I سروس کے ملازمین کو حاصل ہوتی ہیں ۔

جناب عالی ۔ اس میں سی ایس پی افسران کا راج قطعاً نہیں ہونا چاہئے محکمہ صحت کو totally ڈاکٹری پر مشتمل ہونا چاہئے ۔ ڈپٹی سیکرٹری اور دوسرے عہدوں کے لئے بھی ڈاکٹروں کو مقرر کرنا چاہئے ۔ وہ اپنے فرائض کو بخوبی سر انجام دے سکتے ہیں ۔ اسی طرح سیکرٹیریٹ میں بھی محکمہ صحت میں ڈاکٹروں کو مختلف عہدوں پر تعینات کیا جائے کیونکہ جو کام یہ کر سکتے ہیں دوسرے نہیں کر سکتے ۔

خان اجون خان جلون (مردان 3) ۔ جناب والا ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب نے جو سوال اٹھایا ہے یہ بہت اہم ہے کسی جمہوری ملک یا کسی جمہوری حکومت کا یہ فرض ہوتا ہے کہ وہ ملک کے عوام کو طبی سہولتیں مہیا کرے ۔ کیونکہ یہ اس کی بنیادی ضرورت ہوتی ہے بلکہ میں تو کہوں گا کہ طبی سہولتیں مفت مہیا ہونی چاہئیں ۔ ہماری یہ

undertaking ہے اور ہمارے آئین کا یہ تقاضا ہے اور ہماری پارٹی کے manifesto میں بھی یہ ہے کہ عوام کو پوری پوری طبی سہولتیں مہیا کی جائیں ۔

جناب والا ۔ ان بنیادی ذمہ داریوں سے جو ہماری حکومت پوری طرح عہدہ برا نہیں ہو سکی اس کی چند وجوہات ہیں ۔ اصل وجہ تو یہ ہے کہ حکومت نے ڈسپنسریاں اور ہسپتال تو مہیا کئے ہیں لیکن ڈاکٹر مہیا نہیں کئے ۔ اور ڈاکٹر اس لئے مہیا نہیں ہوتے کیونکہ ان کی ملازمت میں بڑی disappointments ہیں ۔ اس لئے ڈاکٹر اس ملک میں سات آٹھ سال تعلیم حاصل کرتے ہیں اور اس کے بعد جب ان کو مناسب سہولتیں نہیں دی جاتیں اور جو دی جاتی ہیں وہ ان کے standard کے مطابق نہیں ہوتی اس لئے وہ یہی بہتر سمجھتے ہیں کہ باہر چلے جائیں ۔ ہم اپنے ملک میں ڈاکٹر تو زیادہ پیدا کرتے ہیں لیکن افسوس ہے کہ اپنے ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں کے لئے زیادہ ڈاکٹر مہیا نہیں کئے جاتے ۔ حکومت کا یہ بنیادی فریضہ ہے کہ ان کو مناسب سہولتیں مہیا ۔ اگر ان کی ملازمت کی terms & condition ان کی ضروریات کے مطابق نہیں ہیں تو ان کو تبدیل کیا جائے ۔ اور ملازمت میں attraction پیدا کی جائے ۔ یہی بہتر طریقہ ہے لیکن پچھلے دس سال سے اس طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی ۔

جناب والا ۔ آپ دیکھ سکتے ہیں کہ dis-satisfaction کی بڑی وجہ یہ ہے کہ جب کوئی ڈاکٹر دیہات میں post ہوتا ہے تو اسے مکان کی سہولتیں میسر نہیں ہوتیں ڈاکٹروں نے شہروں میں تعلیم حاصل کی ہوتی ہے وہ چاہتے ہیں کہ جس طرح شہروں میں رہائش ہوتی ہے اسی طرح دیہات میں ہو ۔ لیڈی ڈاکٹروں کو تو خاص طور پر رہائش کی بہت زیادہ تکالیف ہوتی ہیں ۔ اس لئے ضروری ہے کہ ان کو مناسب سہولتیں دی جائیں ۔

Mr. Chairman (Syed Zafar Ali Shah). The time is very short and the member should please take up his main points.

خان اجون خان جدون ۔ جیسا کہ خواجہ صاحب نے تجویز کیا ہے میں ان سے اتفاق کرتا ہوں کہ ان کو straight away کلاس I میں

میں بھرتی کیا جائے ۔ یہ ان کا جائز مطالبہ ہے جب تک آپ ایسا نہیں کریں گے اس محکمہ کی حالت سدھر نہیں سکےگی ۔ ان کی تنخواہوں کا سکیل بڑھائیں ان کو زیادہ increments دیں یا special pay دیں ۔ دیہاتوں میں اور شہروں میں ایک فرق متعین کرنا چاہئے ۔ دیہاتوں کے لئے جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے special pay دیں ۔ اگر ایسا نہیں کریں گے تو کوئی لیڈی ڈاکٹر دیہات میں قطعاً نہیں جائے گی ۔ مرد ڈاکٹر تو شاید اپنی ضرورت کے پیش نظر چلا جائے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور 6) ۔ جناب سپیکر ۔ یہ بہت ہی پرانا مرض ہے جو کہ لوگوں کا علاج کرنے والے محکمہ کو لا حق ہے ۔ در اصل اس مرض کے لا علاج ہونے کی وجہ یہ ہے کہ حکمرانوں کے ذہن اور اعصاب پر نوکر شاہی کا غلبہ اور قبضہ ہے ۔ در حقیقت کوئی ترقی پذیر ملک اپنے ملک کے سیاستدانوں انجنیئروں اور ڈاکٹروں کی مناسب حوصلہ افزائی اور حقوق کی حفاظت کئے بغیر ترقی نہیں کر سکتا ۔

افسوس کا مقام تو یہ ہے کہ ہماری حکومت نے اس طبقہ کو خصوصی مراعات تو کیا دینی ہیں وہ ان کے جائز مطالبات بھی ماننے کو تیار نہیں ہے ۔ اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے جو تاخیر اور لاپرواہی مجرمانہ حد تک کی گئی ہے یہ اس امر کا بین ثبوت ہے کہ وہ عوام کے مطالبات سے بالکل بے نیاز ہے اور ہماری عام آبادی پر ظلم ہی نہیں کرتی بلکہ اس کی طرف سے جو سب سے بڑا جرم سرزد ہو رہا ہے اس کی وجہ سے اس ملک کے ذہین ۔ فطین اور تجربہ کار افراد اس ملک کو چھوڑ کر غیر ممالک میں جانے پر مجبور ہو گئے ہیں ۔

ہماری حکومت کو حقیقت پسندی کا ثبوت دینا چاہئے ۔ ہماری جانب سے یہ متفقہ قرار داد پاس ہوئی کہ ہمارے دیہی علاقہ کے لوگوں کو علاج معالجہ کے لئے L. S. M. F. ڈاکٹروں کی تعلیم کا اہتمام کرنا چاہئے ۔ ہماری حکومت نے اس مطالبہ کو نہیں مانا ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ بیشتر دیہاتی ڈسپنسریوں میں ایل ۔ ایس ۔ ایم ۔ ایف ڈاکٹروں کے بجائے

کمپاؤنڈر کام کرتے ہیں ۔ ہماری یہ بدقسمتی ہے کہ 10 سال کی ترقی کے دور میں ہم ایک میڈیکل کالج بھی قائم نہیں کر سکے ۔ اس وقت صورت حال اس حد تک خطرناک ہو گئی ہے کہ ہمارے بیشتر ڈاکٹر اس بات پر مجبور ہوئے ہیں کہ وہ ہڑتال کرکے لوگوں کے علاج معالجہ کو چھوڑ کر بازاروں میں آ گئے ہیں ۔ میں بذات خود ڈاکٹروں کی ہڑتال کے حق میں نہیں ہوں لیکن میں حکومت کو بتانا چاہتا ہوں کہ اگر ڈاکٹر آپ کے اس سلوک کی بنا پر اس بات پر مجبور ہوئے ہیں کہ وہ ہڑتال کریں تو وہ حب الوطن ہیں ۔ وہ مریضوں کا علاج کرنا چاہتے ہیں لیکن اس ہڑتال کی ذمہ داری اس حکومت پر ہے ۔ میں حکومت کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس وقت حالات کا تقاضا یہ ہے کہ آپ ڈاکٹروں کے جائز مطالبات کو مان کر فوری طور پر اعلان کر دیں کہ وہ ڈاکٹر جو گاؤں اور دیہات میں کام کرتے ہیں ان کو خصوصی مراعات دیجائیں گی اور اس طرح ہم ان کے مطالبات مان کر ان کے باہر جانے پر بھی پابندی عائد کر سکیں گے ۔ آج ہمارے ملک میں ایسے ہسپتال موجود ہیں جہاں باقاعدہ سند یافتہ ڈاکٹر کام نہیں کرتے ۔ میرے نقطہ نظر سے اگر ملک میں ان کو جائز مراعات دیجائیں تو ان کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ اپنے ملک کے لوگوں کی خدمت نہ کریں اور اپنے ملک کے لوگوں کو مرتا اور سسکتا چھوڑ کر اپنی جیبیں بھرنے کے لئے باہر چلے جائیں اور ایسی حالت میں جب کہ انہوں نے ہمارے روپئے سے ہی یہ ٹریننگ حاصل کی ہے ۔ انہیں سب سے پہلے اپنی قوم کی ہی خدمت کرنا چاہئے لیکن میں حکومت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان کو قوم و ملک کی خدمت پر مجبور کرنے سے پہلے ان کے جائز مطالبات کو فوری طور پر پورا کیا جائے اگر آپ ایسا نہیں کرتے تو اس کا نتیجہ اس وقت آپ کے ملک میں موجود ہے ۔ متعدد بار اس ایوان میں بیٹھکر یہ سوالات پوچھے گئے ہیں اور دن بہ دن جو صورت حال اس سوال کے جواب سے ہمارے سامنے آئی ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ حالات بد سے بد تر ہو رہے ہیں ۔ آپ کو وقت کے تقاضوں کا احساس ہونا چاہئے ۔

Mr. Chairman. Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak.

Chaudhri Anwar Aziz. Point of order Sir. Would you be able to tell me whether I will get some time ?

Mr. Chairman. In any case, the time is very limited, and if the Members, who want to speak, conclude their speeches in the shortest possible time, it will be possible to give time to more Members.

Chaudhri Anwar Aziz. Sir, I wanted to indicate that I want to speak on this matter.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak. Sir, I don't know whether to start from the condition of the services of the doctors or from the condition, the deplorable and disgusting condition of the hospitals in which they are working. Sir, I have been connected a little with the selection of students to the various institutions, and I tell you, Sir, that some of our finest brains apply for medical colleges, and it is really with great difficulty that they find accommodation there. And then they work for very long and tedious years for the completion of their course. Sir, afterwards when they come out, they have to do a House job. Sir, some of them get a miserable pittance of a hundred rupees and most of them are working without any emoluments, at all; not only without emoluments, but they have neither accommodation, neither food nor clothing, and they continue to work for a year or two. The village hospitals I need not mention because when the conditions of the hospitals in the towns are of this nature, Sir, what do we expect in the villages where no doctor is willing to go.

Mr. Chairman. I will draw the attention of the House to the fact that under the rules of procedure, there is only one hour allowed for discussion of this important matter, and it may not be possible for all the members, who want to speak, to participate in the discussion.

Chaudhri Anwar Aziz. Sir, is it possible that you get the sense of the House and if they want to extend the time of the House, you will be kind enough to suspend the rule, and thus extend the time of the House ?

Minister for Law. It cannot be extended.

Mr. Chairman. It is expressly laid down in the rules, and I don't think the time can be extended.

Chaudhri Anwar Aziz. Sir all the rules can be suspended.

ملک محمد اسلم خان - میرے خیال میں ہر ایک رول بدلا جا سکتا ہے - اگر ایوان کی رائے اس کے موافقت میں ہو تو میرے خیال میں یہ بہت ہی اہم اور ضروری معاملہ ہے جس پر ہم چاہتے ہیں کہ اظہار خیال کر سکیں - اس لئے کچھ وقت بڑھا دیا جائے -

Mr. Chairman. If this is the sense of the House, the time for the discussion of this important motion is extended for fifteen minutes.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak. Sir, already recommendations have been made, initiated by the hon'ble Leader of the Opposition, and supported by all sections of the House, that the doctors should be immediately given class I, and the moment they qualify and they are working in hospitals, they should be given housing, clothing and feeding facilities. Sir, all I would say is I don't want to take much time, but let me tell the hon'ble House through you, Sir; that this is an old antiquated system of finance where a junior civil servant all of a sudden finds expression as a Deputy Secretary of Finance people unqualified become Finance Secretaries. What we need for a developing country, for a developing economy, is something fundamentally different to the antiquated old, heritage that we have got from the British of the accounts system,

Sir, we have to take a lesson from the other developing countries, the socialistic countries, how they are able to finance their development schemes. (hear, hear.) Sir, in one of my speeches. I think it was on the political situation here;. I said, and with that I will conclude, Sir, that if a Nation can finance a destructive war, where billions of money are spent on destruction, and the money is found for it, Sir, I see no reason why in this developing economy in this country of ours,

we are not able to finance the most urgent requirements of peace.

Sir, if there is a will, there is a way, and I will beg the Government to reconsider their financial organization, to reconsider and find ways and means how they can reorientate it, how can money be found to meet the most urgent and imperative demands of our country,

چوہدری انور عزیز (سیالکوٹ 4) ۔ جناب والا ۔ وقت بہت کم ہے میں صرف چند پوائنٹ آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ اول یہ کہ جناب والا ۔ ہم کو یہ بات یاد رکھنا چاہئے کہ ڈاکٹر ہمیشہ اس ملک میں اور تاریخ میں سب سے اونچے مقام کے حامل رہے ہیں ۔ ڈاکٹری کے لئے سب سے زیادہ ذہین آدمی کوشش کرتے ہیں اور سب سے زیادہ عقل مند آدمی ڈاکٹر بنتے ہیں ۔ یہ ہماری قوم کی بالائی کی حیثیت رکھتے ہیں ۔ اس لئے ان کو وہ مراعات وہ تنخواہ ملنا چاہئے جو اور کسی کو نہیں ملنا چاہئے ۔ یہ سب سے آنچی سروس ہونی چاہئے ۔

دوسرے جناب والا ۔ سیکرٹری ہیلتھ کے کہنے پر ایک دفعہ اس ہاؤس میں ایک ریزولیوشن پاس ہوا تھا کہ ایک کمیٹی تشکیل دی جائے ۔ جس میں بہت ممبران تھے ۔ جس میں گورنمنٹ کی طرف سے یہ خواہش ظاہر کی گئی تھی کہ ڈاکٹروں کے معاملات کو زیر بحث لایا جائے ۔ اور ان کے حالات کو بہتر کرنے کے لئے تجاویز پیش کی جائیں ۔ وہ کمیٹی گورنر صاحب نے تشکیل کر کے بھیجی تھی ۔ لیکن نہ اس میں کوئی چیئرمین رکھا گیا نہ اس کی کوئی میٹنگ مقرر ہوئی نہ یہ کیا گیا کہ اس کمیٹی کے finances کہاں سے آئیں گے ۔ چنانچہ وہ کام ڈیڑھ سال سے معرض التوا میں پڑا ہوا ہے ۔ جناب والا ۔

پاتے نہیں جب راہ تو چڑھ جاتے ہیں نالے

چنانچہ جب کسی نے نہ سنا اور ان کی تکالیف کا کسی نے کوئی حل نہ نکالا تو آج اس کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ بازار میں نکل آئے ہیں ۔ اگر آپ نے اس کمیٹی کو چلایا ہوتا ۔ اور جو اس گورنمنٹ کا رویہ ہو گیا ہے وہ بھی سب

کو معلوم ہے ۔ اگر یہ رویہ وہ اختیار نہ کرتے تو آج معاملہ یہاں تک نہ پہنچتا ۔ اب ہماری حالت یہ ہوگئی ہے کہ ہم ڈیڑھ سال سے کہتے چلے آرہے ہیں کہ اس ملک میں ہیلتھ کا جو طریقہ ہے اس کو بنیادی طور پر نئے سرے سے ڈھالنا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہسپتالوں کی organization بدلنی چاہئے۔ دیہاتوں میں طبی سہولتیں پہنچائی جائیں ۔ یہ تمام باتیں ڈسکس ہونی چاہئیں ۔ لیکن ایسا موقع نہیں دیا گیا ۔ اس کے بعد یہ بھی دیکھا جارہا ہے کہ پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب یہاں وزیر صحت کا بوجھ اپنے نازک کندھوں پر لئے ہوئے ہیں ۔ جو باتیں جائز اور واضح طور پر کہی گئی ہیں ۔ ان کو مانیں لیکن ایک غلط بات کو defend کرنے کی کوشش نہ کریں ۔ جو بات غلط ہے وہ غلط ہے اور جو بات بھی کی جائے وہ مناسب ہو ۔ مناسب بات کی جائے اور اسی کو ہم جائز کہنے کے لئے تیار ہیں ۔ صرف یہ کہہ دینا کہ ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں ۔ پیسوں کی کمی ہے درست نہیں ہے ۔ جو بھی حالات ہیں وہ ہمارے سامنے ہیں اور ہمیشہ یہ کہنا کہ پیسے کی کمی ہے اس سے بات حل نہیں ہوگی ۔ ویسے مجھے اس بات کا احساس ہے کہ گورنمنٹ خود چاہتی ہے کہ کوئی حل نکل آئے لیکن دیکھا گیا ہے کہ گورنمنٹ ڈرتی ہے ۔ مگر جتنا آپ خوف کھائیں گے کہ کوئی ایسا ویسا سوال نہ آجائے اتنے ہی یہ سول ابھریں گے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ یہ انتہائی افسوس کی بات ہے کہ اس قدر ڈاکٹروں کی آسامیاں خالی پڑی ہوئی ہیں لیکن ان کو پر نہیں کیا گیا ۔ ادھر ہسپتالوں میں ڈاکٹر نہیں ہیں حالانکہ 650 ڈاکٹر ہر سال فارغ التحصیل ہوکر باہر نکلتے ہیں ۔ پھر کیا وجہ ہے کہ وہ ملک چھوڑ کر باہر چلے جاتے ہیں ۔ یہ کوالیفکیشن اور ٹرینڈ ڈاکٹرز جب اپنی پوری ٹریننگ حاصل کر لیتے ہیں تو ان کو ملک چھوڑنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوتی ہے ۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ نہ تو ان کی سیکورٹی آف سروس ہے ، ان کو احساس تحفظ نصیب نہیں ۔ میڈیکل کالج میں جب ایک طالبعلم جاتا ہے تو وہ 18 برس کی تعلیم کے بعد فارغ ہوکر ڈاکٹر بن جاتا ہے ۔ اس کے والدین کا اس کی تعلیم پر کم از کم 50 ہزار روپیہ خرچ آتا

ہے ۔ اگر اس کے والدین اسی 50 ہزار روپیہ کو بطور فکس ڈیپازٹ جمع کر دیں تو ان کو اس رقم پر تین ہزار روپیہ سالانہ منافع مل سکتا ہے ۔ اگر کوئی ڈاکٹر اپنی تعلیم حاصل کرنے کے بعد لاہور کارپوریشن میں جاتا ہے تو اس کو 200 روپیہ ماہوار پر رکھا جاتا ہے ۔ اگر سفارش سے نوکری مل جائے تو اس کو 350 روپیہ الاؤنس ملنے کے بعد ملتے ہیں ۔ اور پھر یہ کہ یہ آسامی سال ہا سال تک مستقل نہیں کی جاتی ۔ پبلک سروس کمیشن یہ کہتا ہے کہ وہ اس کے متعلق کچھ نہیں سوچ سکتے کیوں کہ ان کے پاس کام بہت زیادہ ہے ۔ ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کو 24 گھنٹے کام کرنا پڑتا ہے ۔ تحصیل ہیڈ کوارٹر پر صرف ایک ڈسپنسر ہوتا ہے۔ اگر کوئی ڈاکٹر دیہات میں آجائے تو اس کو جائز سہولتیں بھی نہیں دی جاتیں ۔ اس کی رہائش کا کوئی انتظام نہیں ہوتا ۔ اس کے بچوں کی تعلیم کا کوئی انتظام نہیں ہوتا ۔ اگر ڈاکٹر اپنی رہائش کے لئے کوئی مکان تلاش کر بھی لے تو اس کو صرف 15 روپے الاؤنس ملتا ہے ۔ آپ کو جناب والا ۔ معلوم ہی ہے کہ آج کل 15 روپے میں ایک چھوٹی سی کوٹھری بھی نہیں مل سکتی ۔ اگر اس کا ہسپتال سے گھر دور ہے تو اس کے لئے کسی قسم کا ٹرانسپورٹ کا انتظام نہیں ۔ ٹیلیفون کا بھی کوئی انتظام نہیں ۔ کوئی ارجنٹ قسم کے کیس آجائیں تو ان کے لئے رابطہ قائم کیا جانا مشکل ہے ۔ تو یہ ہماری 10 سالہ ترقی ہے ۔ امریکہ میں ایک ڈاکٹر کو 12 ہزار ڈالر سے 24 ہزار ڈالر تک تنخواہ ملتی ہے ۔ وہاں 64 ہزار سے ایک لاکھ 20 ہزار تک سالانہ اس کو تنخواہ ملتی ہے ۔ روس میں 500 روبل ماہوار اس کو ملتے ہیں ۔ وہاں ڈاکٹر کو تین چار کمروں کا مکان ملتا ہے ۔ بجلی گیس کا خاطر خواہ انتظام ۔ بچوں کو دوپہر کا کھانا ملتا ہے ۔ لیکن ہم غریب آدمی نہیں کھا سکتے ۔ وہاں دودھ بھی بچوں کو مفت ملتا ہے ۔ انگلینڈ میں جہاں اس قدر ڈاکٹر ہیں وہاں ایک ہزار پونڈ سے لے کر 1500 پونڈ تک سالانہ ان کو تنخواہ ملتی ہے ۔ اس کے علاوہ دوسری سہولتیں بھی ان کو ملتی ہیں ۔

خان نثار محمد خان ۔ جناب والا ۔ سب سے پہلے ابھی جو میرے دوست سید عنایت علی شاہ نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ یہ محکمہ لعنت آمیز

ہے - تو میں اس کی تردید کرتا ہوں کیونکہ یہی ایک محکمہ ہے جس کے سیکرٹری ڈاکٹر ہیں اور وہ ڈاکٹر امیر محمد خان ہیں - اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ اس محکمے کی خوش قسمتی کہ کم از کم اس کے سیکریٹری ایک ڈاکٹر ہیں - (ہیر ہیر) جناب والا - اس کے ساتھ ساتھ میں حکومت سے یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ ڈاکٹروں کے مطالبات کو وہ منظور کرے کیونکہ صحت سب سے مقدم چیز ہے - ساری دنیا میں جہاں کہیں بھی چلے جائیں کسی انسان کو لے لیں اس کو اپنی صحت کا سب سے زیادہ خیال ہوگا - تو سب سے پہلے ہم نے اپنی صحت کا سوچنا ہے - دولت خرچ کرتا ہے - وہ جگہ جگہ پھرتا ہے ، ٹھوکریں کھاتا ہے ، صرف اس لئے کہ اس کو صحت نصیب ہو - ہمارے ہاں جو ڈاکٹر ہیں وہ ملازمت میں نہیں آتے صرف اس لئے کہ ہماری گورنمنٹ ان کو وہ مقام عطا نہیں کرتی جو ان کا حق ہے - جناب والا - آپ دیکھیں صرف ذہین طلبا ہی ڈاکٹری کے لئے میڈیکل کالجوں میں داخل ہوتے ہیں - جو ٹھرڈ کلاس لیتے ہیں وہ آرٹس میں آجاتے ہیں - لیکن یہی آرٹس والے بعض اوقات سی-ایس-پی بن کر ان ڈاکٹروں اور انجینیروں کے سربراہ بن جاتے ہیں - آج کل کے حالات نے اس چیز کو خراب کر دیا ہے - تو جو یہ چیز کہی گئی ہے کہ یہ محکمہ لعنت آمیز ہے یہ غلط ہے میں کہتا ہوں کہ یہ لعنت ون یونٹ کے سر ہے -

وزیر مواصلات - کونسچن -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - یہ ون یونٹ کا مسئلہ نہیں - نہ ہی سی - ایس - پی کا اس سے کوئی تعلق ہے میرا خیال ہے کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ - - - - (قطع کلامی)

Mr. Chairman. That is not point of order.

خان نثار محمد خان - جناب والا - میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں- آپ مجھے اجازت دیں جو اس دکھتے ہوئے مسئلے سے تعلق رکھتی ہے - جب بھی ہم ون یونٹ کا ذکر کرتے ہیں تو اس کی تشبیہہ اسلام کے ساتھ دی جاتی ہے کہ اسلام میں یکجہتی ہے برادری ہے - جناب والا - میں اسلام ہی سے یہ ثابت کرنا چاہتا کہ ون یونٹ اسلام ہی کے تقاضوں کے خلاف ہے-

Chaudhri Muhammad Sarwar Khan. Point of order. Is the Hon'ble Member relevant to the discussion.

Mr: Chairman. That is not a point of order.

خان تتار محمد خان - میں یہ جواب دے رہا ہوں اگر ایک والد مر جاتا ہے - جس کے چار پانچ بچے رہ جاتے ہیں تو ایک بھائی کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنے حق کا تقاضا کرے - جائداد سے اپنا حصہ لے - اسلام اسے یہ حق دیتا ہے - تو پھر کیا وجہ ہے کہ جب ہم لوگ جن کا صوبہ سرحد سے تعلق ہے یا سندھ سے تعلق ہے یا بلوچستان سے تعلق ہے یا پنجاب سے تعلق ہے جب ہم اپنے حق کا تقاضا کریں تو ہمیں کہا جائے کہ ہم غدار ہیں - یہ پاکستان کو پارہ پارہ کرتے ہیں - میرا صرف یہ مطالبہ ہے کہ ڈاکٹروں کو اپنا حق دیا جائے اپنا مقام دیا جائے اور جو سی-ایس-پی ہیں ان سے آسامیاں خالی کرائی جائیں اور decentralization of power ہو۔

ملک محمد اسلم خان (کیمبل پور I) - جناب والا - میں ایوان کا زیادہ وقت نہیں لیتا - آج کل جو پوزیشن ہے وہ عجیب سی ہے - آپ نے بھی اسے نوٹ کیا ہوگا - ایک طرف ہمارے پاس کافی تعداد میں ڈاکٹر بیکار ہیں اور دوسری طرف بہت سے ایسے ہسپتال ہیں جہاں ڈاکٹر نہیں - کیا حکومت نے کبھی یہ سوچنے کی کوشش کی ہے کہ اس کی کیا وجوہات ہیں - یہ سوال جو آج پوچھا گیا ہے پچھلے تین چار سال سے پوچھا جا رہا ہے اور اس پر اصرار کیا جا رہا ہے - میرے دوست چوہدری انور عزیز نے ایک دفعہ یہ بھی مطالبہ کیا تھا کہ ایک کمیٹی بنائی جائے جو یہ پتہ کرے کہ کیا وجہ ہے کہ ڈاکٹر اپنی آسامیوں پر نہیں جاتے اور ان کی آسامیاں خالی رہتی ہیں - مگر اس کے باوجود کچھ نہ کیا گیا - اب میری اپیل یہ ہے کہ ڈاکٹروں کا ایک بورڈ بنایا جائے جس میں ہر طرح کے ڈاکٹر ہوں - سرکاری بھی اور پرائیویٹ پریکٹس کرنے والے بھی - اور وہ معلوم کرے کہ ڈاکٹر دیہات میں کیوں نہیں جاتے - جہاں تک میری سمجھ میں آتا ہے ڈاکٹروں کی تنخواہ بہت کم ہے - اگر کسی ایڈمنسٹریٹو پوسٹ پر کسی کی تقرری کی جائے تو وہ شخص اس علاقہ میں چلا جاتا ہے - مگر ڈاکٹر نہیں جاتے خواہ

دونوں کی تنخواہ ایک جیسی ہو - اس لئے کہ ڈاکٹر کے پاس وہ پاور نہیں ہوتی جو ایک تھانیدار یا سی-ایس-پی افسر کے پاس ہوتی ہے - وہ لوگ اپنے اختیارات کے استعمال کے لئے وہاں چلے جاتے ہیں مگر یہ ڈاکٹر جو سٹوڈنٹس کی cream ہیں وہ وہاں پر نہیں جاتے - کیونکہ وہاں پر دوائیاں بھی نہیں ملتیں اور نہ صرف یہ کہ وہ اپنا کام ٹھیک طریقہ سے نہیں کر سکتے بلکہ وہ اپنے پیشہ سے بھی دور ہوتے جاتے ہیں - میری التماس ہے کہ ڈاکٹروں کی تنخواہ بڑھائی جائے اور انہیں مکان اور ٹرانسپورٹ وغیرہ کی سہولتیں دی جائیں - آپ تھانیدار کو ٹرانسپورٹ کے لئے سکوٹر کی سہولت دیتے ہیں - لیکن ڈاکٹر کو جو دیہات میں کام کرتا ہے ایسی سہولت نہیں ہوتی - اس کے علاوہ میری ڈاکٹروں سے اپیل ہے کہ یہ جو پیشہ ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ بہت ہی نوبل اور اچھا پیشہ ہے انہیں اپنے ملک کے حالات کو مدنظر رکھنا چاہئے - یہ ملک ابھی اتنا امیر نہیں ہوا کہ یہاں اس معیار پر تنخواہ دی جائے جو امریکہ یا کینیڈا یا انگلینڈ میں ہے - میری حکومت سے ایک بار پھر یہ اپیل ہے کہ وہ مہربانی فرما کر ڈاکٹروں کی تنخواہ بڑھائے تا کہ وہ چھوٹے چھوٹے علاقوں میں جا کر اپنے بہن بھائیوں کی خدمت کریں -

رانا پھول محمد خان (لاہور-7) - جناب سپیکر - دراصل چار سال سے میرے بھائی اس ہاؤس میں یہ سن رہے ہیں کہ اتنے ہسپتال بغیر ڈاکٹروں کے ہیں اور ڈاکٹروں کی اتنی آسامیاں خالی ہیں - جناب والا - یقین کیجئے کہ شرم کے مارے میرا سر جھک جاتا ہے اور میری آنکھوں میں آنسو آ جاتے ہیں - ڈاکٹروں کی یہ آسامیاں ان جگہوں پر خالی نہیں ہیں - ایسے ہسپتالوں میں خالی نہیں ہیں جہاں امیر لوگ بستے ہیں - جو اپنی جیب سے پیسہ خرچ کرکے پرائیویٹ ڈاکٹروں سے اپنا علاج کرا سکتے ہیں - مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ یہ آسامیاں ان ہسپتالوں میں خالی ہیں جہاں وہ لوگ بستے ہیں جو اس ملک کے لئے پیدا کرتے ہیں - جو اس ملک کے لئے سپاہی پیدا کرتے ہیں - جو اس ملک کے لئے مزدور پیدا کرتے ہیں - جو آرام و آسائش کی چیزیں مہیا کرتے ہیں - جو اسمبلی کے سپیکر پیدا کرتے جہاں صدر مملکت

پیدا ہوئے ۔ جہاں اونچی شخصیتیں پیدا ہوئی ہیں ۔ جہاں اس ایوان کے 95 فیصد نمائندے پیدا ہوئے ۔ لیکن وہاں کے ہسپتال ڈاکٹروں سے محروم ہیں (تالیاں) ۔

جناب والا ۔ ہر حکومت کا یہ فرض ہے کہ اس ملک میں بسنے والے عوام کے جان و مال کی حفاظت کی ذمہ دار ہو ۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ ہماری جانوں کی حفاظت نہیں کی جا رہی ۔ جیسے دنیا ترقی کر رہی ہے اسی طرح بیماریاں بھی ترقی کر رہی ہیں ۔ لیکن ہمارے دیہات کے ہسپتال تنزل کی طرف جا رہے ہیں ہاں دوائی نہیں ملتی مریضوں کو دیکھنے والا کوئی نہیں اور وہ سسک سسک کر مر جاتے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس کی ایک معقول وجہ ہے کہ ان ڈاکٹروں کی تنخواہیں کم ہیں اور وہاں ان کے رہنے کا معقول انتظام نہیں ان کے بچوں کی تعلیم کا معقول انتظام نہیں ۔ لیکن جو سب سے بڑی اور اصل بیماری ہے اس پر آج تک کسی نے غور نہیں کیا اور وہ یہ ہے کہ قالینوں اور غالیچوں پر پلنے والے ڈاکٹر بننے کے بعد دیہات میں جانا پسند نہیں کرتے ۔ میں پوری ذمہداری کے ساتھ حکومت کو یہ چیلنج کرتا ہوں کہ اگر ہر میڈیکل کالج میں 85 فیصد داخلہ دیہاتی طلبا کو دیا جائے تو یقیناً یہ کمی پوری ہو سکتی ہے اور یہ کمی پوری نہ ہو تو اس کا ذمہ اٹھانے کے لئے تیار ہوں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری صحت (مسٹر عبدالقیوم) ۔ جناب والا ۔ میرے قابل احترام لیڈر حزب اختلاف اور اپوزیشن کے دیگر ممبران نے ڈاکٹروں کی ہمدردی میں حکومت پر جو اعتراض کیا ہے اور میرے دوست جو اس طرف بیٹھے ہیں انہوں نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ مجھے ان کے خیالات سے اور اختلافات سے پورا اتفاق ہے ۔ جناب والا ۔ گورنمنٹ بھی محسوس کرتی ہے اور میں بھی محسوس کرتا ہوں کہ ڈاکٹر اس ملک کا نہایت ذہین طبقہ ہے ۔ وہ 17 سال کی محنت شاقہ کے بعد یہ ڈگری حاصل کرتے ہیں وہ اپنے والدین کا زر کثیر خرچ کرتے ہیں ۔ اور جب وہ فارغ التحصیل ہو کر آتے ہیں تو سرکاری ملازمت میں انہیں متوقع اور مناسب

معاوضہ نہیں ملتا تو انہیں یقیناً مایوسی اٹھانی پڑتی ہے ۔ جناب والا ۔ اس معزز ایوان میں گذشتہ دو تین سال سے یہ سوال اٹھایا جا رہا ہے ڈاکٹروں کی اس ملک میں بہت کمی ہے ۔ انہی مطالبات کے پیش نظر اس معزز ایوان کے فاضل ممبران کو یاد ہوگا کہ وزیر صحت صاحبہ دو تین مرتبہ یقین دھانی کرا چکی ہیں کہ ڈاکٹروں کے مطالبات پر ان کی شرائط ملازمت کو بہتر بنانے کے لئے گورنمنٹ بڑی ہمدردی سے غور کر رہی ہے ۔

جناب والا ۔ اس سلسلہ میں جولائی 1966 میں محکمہ نے بہت سی تجاویز محکمہ مالیات کے پاس منظوری کے لئے بھیجی تھیں ۔ اس کے بعد دونوں محکموں کے درمیان ان پر غور و خوض ہوتا رہا ۔ جیسا کہ کئی ممبر صاحبان نے اس بات کا اظہار کیا ہے کہ چونکہ ہمارے مالی وسائل محدود تھے اس لئے محکمہ مالیات نے فوری طور پر تمام مطالبات یا محکمہ صحت نے جو تجاویز پیش کی تھیں ان کو منظور نہ کیا ۔ اس لئے ان پر عمل درآمد نہ ہو سکا ۔ لیکن ان پر غور و خوض ہوتا رہا ۔ میں آپ کے توسط سے فاضل ممبر صاحب ان کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ جتنی تجاویز انہوں نے پیش کی ہیں مثلاً ڈاکٹروں کو درجہ اول (جونیئر) دیا جائے ڈاکٹروں کو سپیشل تنخواہ دی جائے ۔ جو ڈاکٹر صاحبان باہر سے بڑی بڑی ڈگریاں حاصل کرکے آئے ہوں مثلاً ایف ۔ آر ۔ سی ۔ ایس ۔ ایم ۔ آر ۔ سی ۔ پی یا ڈی ۔ پی اے ہوں ان کو پیشگی سالانہ ترقیاں دی جائیں ۔ جناب والا ۔ ان سب مطالبات پر گورنمنٹ بڑی ہمدردی سے غور کر چکی ہے اور اس نے کچھ فیصلے بھی کئے ہیں ۔

جناب والا ۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ محکمہ صحت صرف اسی صوبہ سے ہی تعلق نہیں رکھتا ہے بلکہ یہ مشرقی پاکستان اور مرکزی حکومت سے بھی تعلق رکھتا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا تعلق ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ اگر آپ میرے جواب سے مطمئن نہ ہوں تو پھر آپ اعتراض کر سکتے ہیں ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ

یہ صوبائی مضمون ہے اور گورنمنٹ بھی اس کو محسوس کرتی ہے لیکن اگر ہم بغیر مرکز کے یا دوسرے صوبے کے مشورے کے ایک ہی پالیسی نہ بنائیں تو یہ دونوں صوبوں کے لئے نا مناسب ہوگا ۔ اس بارے میں مرکزی حکومت اور مشرقی پاکستان سے مشورہ کیا جا چکا ہے ۔ ایک اعلیٰ سطح پر 21 جنوری کو کانفرنس مقرر ہوئی تھی لیکن بعض ناگزیر حالات کی وجہ سے وہ کانفرنس منعقد نہ ہو سکی ۔ سیکرٹری صحت پچھلے ہفتے اسلام آباد گئے تھے وہاں کچھ باتیں طے ہو چکی ہیں ۔ میں خوشی سے دوبارہ اس معزز ایوان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ کچھ مطالبات انہوں نے پیش کئے تھے ان میں سے کافی حد تک مطالبات کا فیصلہ ہو چکا ہے ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا فیصلہ ہو چکا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ درجہ اول (جونیئر) پر ہمدردی سے غور ہوا ہے ۔ کچھ فیصلے ہو چکے ہیں ۔ دیہات میں ڈاکٹروں کو سپیشل تنخواہ یا سالانہ ترقیاں دی جائیں اس پر بھی غور ہو چکا ہے ۔ جو ایف ۔ آر ۔ سی ایس وغیرہ کی ڈگریاں رکھتے ہوں ان کو ایڈوانس سالانہ ترقیاں دی جائیں اس پر غور ہو چکا ہے اور اس کے متعلق فیصلہ ہو چکا ہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک خالی اسامیوں کا تعلق ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ 40 اسامیاں دو سال سے خالی چلی آرہی ہیں ۔ 1967 میں یہ اسامیاں 37 سے لیکر 39 تک خالی تھیں ۔ 1968 میں 35 سے لیکر 40 تک خالی تھیں اس کی وجہ یہ تھی کہ یہ اسامیاں ترقیوں کے ذریعے پبلک سروس کمشن منظور کیا کرتی تھی ۔ محکمہ نے مختلف ریجن کی بنیاد پر 1967 میں یہ تجویز کیا تھا کہ cycle of promotion ریجن کی بنیاد پر ہو لیکن پبلک سروس کمشن نے ہم سے اتفاق نہ کیا اور اس نے یہ فیصلہ کیا کہ یہ ترقیاں speciality basis پر ہوں ۔ پہلے ہم نے محکمہ مالیات سے منظوری لی پھر سروسز اینڈ جنرل ایڈ منسٹریشن ڈیپارٹمنٹ سے منظور کرا کر ان کے پاس بھیجیں ۔ آپ خود ہی اندازہ فرمائیں کہ ایک محکمہ کے لئے کتنی

دشواریاں ہوتی ہیں ۔ ہمارا طریق کار ہی ایسا ہے کہ ہمارا تین محکموں سے تعلق ہوتا ہے ۔ میں آپ کے توسط سے اس معزز ایوان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ Anesthesis or pathology کی بنا پر بھی cases پبلک سروس کمشن میں جا چکے ہیں ۔ میں سیکرٹری صاحب سے کل ملا تھا ان سے کافی دیر تک تبادلہ خیال ہوتا رہا ۔ انہوں نے کہا کہ میں امید کرتا ہوں کہ تین مہینوں میں طے ہو جائیں گے اور زیادہ سے زیادہ اسامیاں پر ہو جائیں گی ۔

جناب والا ۔ جہاں تک کلاس تھرڈ کا تعلق ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ 1967 میں 282 سے لے کر 347 اسامیاں خالی تھیں ۔ 1968 میں 332 سے لے کر 445 اسامیاں خالی رہیں ۔ اس سلسلہ میں یہ گزارش ہے کہ ہمیں ڈاکٹر ہی مہیا نہیں ہوتے رہے ۔ ہم نے بڑی کوشش کی کہ پبلک سروس کمیشن کے ذریعہ ہمیں ڈاکٹر مل سکیں اس کے ساتھ ساتھ دوسری طرف اسامیاں بھی زیادہ خالی ہوتی رہیں ۔ مثال کے طور پر آپ 1967 ہی کو لے لیجئے ۔ 1967 میں 92 ڈاکٹروں نے ملازمت سے استعفیٰ دیئے ۔ دو ڈاکٹر فوت ہو گئے ۔ 36 ڈاکٹر باہر چلے گئے ۔ 28 ڈاکٹر ریٹائر ہو گئے اس طرح کل 158 اسامیاں خالی ہوئیں لیکن ان دو سالوں میں یعنی 1967 اور 1968 میں ہمیں صرف 151 ڈاکٹر مل سکے ۔ 1967 کے الگ اعداد و شمار تو مجھے مل نہیں سکے اگر ہم 151 کو ہی نصف کر لیں تو 1967 میں اوسط 75 ڈاکٹر ہمیں ملے اور 158 اسامیاں خالی ہوئیں ۔ اس کی وجہ کچھ پبلک سروس کمشن بھی تھی کیونکہ باقاعدہ تقرریاں کرنے میں دیر لگتی ہے ۔ بعد میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ ایڈھاک تقرریاں کی جائیں کیونکہ ایڈھاک اپوائنٹمنٹ میں دیر نہیں لگتی ۔ کیونکہ جب محکمہ کے پاس درخواست آتی ہے ۔ محکمہ اس پر سفارش کرکے ایڈھاک تقرری کے لئے پبلک سروس کمیشن کو بھیج دیتا ہے ۔ ایڈھاک تقرریوں کے بعد باقاعدہ تقرری ہوتی رہتی ہے ۔ محکمہ نے پوری کوشش کی تھی لیکن اس کمی کو پوری نہ کر سکا ۔

جناب والا ۔ فاضل ممبر صاحبان نے اس ہاؤس میں یہ بھی کہا ہے کہ ڈاکٹروں کی نوکریوں کی شرائط ملازمت بہتر نہیں ہیں ۔ اس پر یہ

غور و خوض کیا گیا ہے ۔ جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا ہے کہ انشاالله جلد بہتر شرائط ملازمت کا اعلان ہو جائے گا ۔ اسی طرح کلاس سوئم کے متعلق گزارش ہے کہ یہ وہ کلاس ہے جو licenciate ہے ۔ 1965 میں یہ licence بند ہو گئے تھے ۔ اب موجودہ جو licenciate ہیں انہوں نے مختصر کورس پاس کیا ہوا ہے اور انہوں نے ایم بی بی ایس ہو کر ملازمتیں اختیار کی ہیں ۔ یہاں کلاس سوئم کی اسامیاں خالی ہیں ۔ اس لئے گورنمنٹ کی یہ کوشش ہے کہ کلاس سوئم کلاس دوئم میں تبدیل کیا جائے کیونکہ خالی اسامیاں پہلے ہی تبدیل ہو چکی ہیں ۔ اس کے علاوہ کچھ ایڈہاک تقرریوں کی بھی تکالیف ہوتی ہیں ۔ کیونکہ امیدوار طریقہ کار سے پوری طرح وا ف نہیں ہوتے ۔ عام طور پر یہ خیال ہوتا ہے کہ پبلک سروس کمشن درخواستیں مانگتا ہے ۔ ۔ ۔ اب چونکہ ***ad hoc*** appointment

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

ہو رہی ہیں ۔ محکمہ میں درخواستیں آتی ہیں ۔ اور پبلک سروس کمشن کو محکمہ recommend کرتا ہے ۔ اور اس کے بعد appoint کرتے ہیں ۔ انتخاب پبلک سروس کمشن کرتا ہے ۔ حال ہی میں محکمہ نے فیصلہ کیا ہے کہ محکمہ advertisement دے ۔ اور وہی پبلک سروس کمشن کو درخواستیں بھیجے ۔ اس طرح فیصلہ جلد ہو جاتا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ اقدامات محکمہ نے کئے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کا کیا خیال ہے کہ محکمہ کے پاس درخواستیں دی جائیں ۔ اور سفارشات کے لئے پبلک سروس کمشن کو جائیں ۔

مسٹر عبدالقیوم ۔ جناب والا ۔ پبلک سروس کمشن تو qualify کرتا ہے ۔ امیدوار کے لئے پیش ہونا ضروری نہیں ہے ۔ سروس ریکارڈ دیکھا جاتا ہے ۔ پہلے طریقہ کار کے مطابق بہت وقت لگ جاتا تھا ۔ پہلے ***ad hoc*** appointment کمیٹی کے پاس جاتا تھا ۔ پھر بعد میں پبلک کمشن کے پاس جاتا تھا ۔ اب یہ نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا اب پبلک سروس کمشن کے پاس امیدوار کو پیش ہونے کی ضرورت نہیں ؟

پارلیمانی سیکرٹری ۔ Sir. ۔ یہ اب ضروری نہیں ہے کہ امیدوار خود پیش ہو ۔ *ad hoc* appointment کے لئے تو جلد فیصلہ ہو جاتا ہے ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ کلاس I کے لئے تمام کاغذات بھیجھے جا چکے ہیں ۔ اور کلاس II کے متعلق پوزیشن یہ ہے ۔ کہ ان کی terms and conditions کو بہتر بنانے کا فیصلہ ہو چکا ہے ۔ اور امید ہے کہ کافی اسامیاں fill ہو جائیں گی ۔ جہاں تک کلاس III کا تعلق ہے ۔ اس کے متعلق بھی consider کیا جا رہا ہے ۔

LAYING ON THE TABLE THE ANNUAL REPORT ON THE WORKING OF THE WEST PAKISTAN PUBLIC SERVICE COMMISSION OF THE YEAR 1968

Mr. Speaker : We will now take up part I of the Orders of the day. Minister for Law and Parliamentary Affairs.

Minister for Law and Parliamentary Affairs : Sir, I lay on the table of the House the Annual Report on the working of the West Pakistan Public Service Commission for the year 1968 and the memorandum required under Article 189 (2) of the Constitution.

THE UNIVERSITY OF THE PUNJAB BILL, 1969

(Resumption of discussion)

Mr. Speaker : We will now resume discussion on the Punjab Bill, 1969. Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ تعلیم کا مقصد محض لکھنا پڑھنا اور حساب کتاب سیکھنا نہیں ۔ بلکہ انسان کی ذھنی تربیت اور طلبہ کو اخلاق حسنہ کا فدائی بنانا ہے ۔ تا کہ وہ انفرادی اور اجتماعی طور پر اپنی زندگی اور اپنے معاشرے کی فلاح بہبود کے لئے اسے صرف کر سکیں ۔ ھمارے نقطہ نظر سے تعلیم برائے تعلیم نہیں ہونی چاھیے ۔ بلکہ تعلیم فرد کو بامقصد زندگی گزارنے کا ایک ذریعہ بنے ۔ اس سائنس کے دور میں روحانی ترقی

کو مادی ترقی سے علیحدہ تصور نہیں کیا جا سکتا ۔ ہم چاہتے ہیں کہ تعلیم جس میں سائینس ۔ انجینرنگ ۔ ڈاکٹری اور دیگر علوم ہیں ۔ عام ہونی چاہئے ۔ اور ان شعبہ جات میں زندگی کی دست رس میں بیرونی دنیا کے دوش بدوش چلنے کے لئے ان کو اہم مقام حاصل ہونا چاہئے ۔ انگریز کے دور میں تعلیم کے سلسلہ میں قومی اور ملی تقاضوں کو پورا کرنے کی بجائے۔ غیر ملکی لوگوں کے مفاد کو مد نظر رکھا جاتا تھا ۔ اور اس میں ایک ایسا ذھن پیدا کیا جاتا تھا ۔ جس میں یورپی بالا دستی اور اسلام دشمنی ایک شرط تھی ۔ اور یہ نشوونما ذھنوں کو جلا بخشنے کی بجائے ۔ آج تک ھمارے ذھن کو پراگندہ کرتی رھی ہے ۔ جس کا بین ثبوت یہ ہے کہ انگریز کو اس ملک سے گئے ہوئے اکیس سال ہونے کے باوجود انگریزی زبان کو ھماری قومی زبان پر بالادستی حاصل ہے ۔ اور اس صورت حال کی بنا پر آج ھمارے ملک میں ھمارے حکمرانوں کے طرز عمل کی وجہ سے تعلیم میں بھی دو طبقات نے جنم لیا ہے ۔ اور وہ خطرناک حد تک دونوں طبقات کا ٹکراؤ ہونے کے لئے پال رہے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ اس کا مقام تو یہ ہے کہ ھمارے حکمرانوں نے تعلیمی ترقی کا نام لیکر قومی یک جہتی کو پائمال کیا ہے ۔ اور انگریزی کی بالا دستی ھمارے ملک میں عام لوگوں کے حصول علم میں بہت بری طرح مانع ہے ۔ اس طرح ذھنوں کو آزاد اور کھلی فضا میں تربیت دینے کی بجائے ۔ تعلیمی نظام غیر ملکی زبان کا مرھون منت ہے ۔ اب اس وقت بھی میں وثوق سے کہہ سکتا ھوں کہ ھمارا یہ تعلیمی نظام غلام ذھن تیار کرنے میں پورا کام کرتا ہے ۔ ھمارے سیاسی طالع آزماؤں نے محض قوم کے ذھنوں کو مغلوب نہیں کیا ۔ یا ان کو مغلوب کرنے کی سازش نہیں کی ۔ بلکہ نام نہاد تعلیمی مشینری کا غلامانہ پروگرام مرتب کرنے میں لگے ہوئے ہیں ۔ 1959 میں شریف کمشن محض اس مقصد کے لئے مقرر کیا گیا ۔ وہ کمیشن جس کو کہ یہ کہا جاتا ہے کہ وہ اس ملک کے تعلیمی نظام کو حالات حاضرہ کے مطابق ڈھال لیں گے ۔ اس کی غرض و غایت محض یہ تھی کہ وہ ایسے جال کو تیار کریں ۔ جس میں طلبہ اور طالبات اور اساتذہ ھمارے حکمرانوں کے ذھنی طور پر

غلام بن جائیں ۔ اور اس ملک کی تعمیری ترقی میں وہ مقام جو ان کو حاصل ہونے چاہئیں ۔ وہ حاصل نہ ہوں ۔ جناب سپیکر ۔ شریف کمشن نے جو سفارشات حکومت کے سامنے پیش کی ہیں ۔ ان میں واضح طور پر اس امر کا اعتراف کیا ہے کہ ملک کے تبدیل شدہ حالات کے پیش نظر سینٹ جیسا انتخابی ادارہ ۔ جس سے بہت سے افراد انتہائی اہم فریضہ انجام دیتے تھے اس کو قطعی طور پر ختم کر دیا جائے ۔ شریف کمشن کی یہ سفارش ہے

> The development of team spirit among the teachers is unfortunately hampered by a sense of rivalry caused by frequent election to University bodies.

آگے چل کر پھر وہ فرماتے ہیں ۔

> There is, therefore, no place in University for bodies which are cumbersome and unwieldy. If the Academic Councils could be expanded and improved in this way, the Senate of course should eventually become unnecessary.

جناب سپیکر ۔ در حقیقت شریف کمشن جن حالات میں تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لئے مقرر کیا گیا تھا۔ اس کی غرض وغایت یہ تھی کہ جب اس ملک میں آمرانہ نظام مسلط ہو چکا تھا ۔ تو اس قسم کا آمرانہ نظام یونیورسٹیز میں بھی مقرر کیا جائے ۔ اور اس کے لئے سفارشات کی جائیں ۔ در اصل جو کچھ کیا گیا ہے ۔ وہ ہمارے حکمرانوں کی منشا کے مطابق کیا گیا ہے ۔ آج جو صورت حال ہمارے سامنے پیش ہے ۔ اور آپ طلبا کو سرتاپا احتجاج کی شکل میں دیکھتے ہیں ۔ ہماری حکومت کی ناعاقبت اندیشانہ پالیسی کی وجہ سے یہ صورت حال نمودار ہوئی ہے ۔ آج 8 سال کے بعد ہمارے حکمران جو یہ کہتے ہیں کہ ہم سابقہ آرڈیننس کو منسوخ کرکے بہتر مسودہ قانون طلبا کے بیشتر مطالبات کو پورا کرنے کے لئے اس ایوان

میں قانون کی شکل میں لائیں گے - لیکن وہ لوگ جو ہمارے حکمرانوں کی گولیوں کا نشانہ بنے ہیں - اور جن کو یونیورسٹی سے expel کر دیا گیا ہے - ایسے طلبا جن کو قید و بند کی مصیبتیں برداشت کرنا پڑی ہیں - میں ان حکمرانوں سے پوچھتا ہوں کہ ان پر جو اس دور میں ظلم ڈھائے گئے ہیں - ان کا مداوا کون کرے گا - اور وہ جو دنیا سے چلے گئے ہیں - اور وہ جو اپنے حقوق کا مطالبہ کرتے ہوئے گولیوں کا نشانہ بنے ہیں - اب کس طرح واپس آئیں گے -

کی میرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ
ہائے اس ایوب زود پشیماں کا پشیماں ہونا

آج اس حکومت کو عقل آ گئی ہے - آج سے پہلے متواتر 8 سال تک طلبا جیسے ذہین طبقہ اور اساتذہ پر جو ظلم کیا گیا ہے - اس کا ذمہ دار کون ہے - میں وزیر تعلیم کو یہ بتائے دیتا ہوں کہ اس وقت آپ نے جو تعلیمی نظام میں پیوند لگانے کی کوشش کی ہے - آپ کا یہ پیوند طلبا کو منظور نہیں ہوگا وہ صورت حال جس کی آپ توقع رکھتے ہیں - وہ کبھی نمودار نہیں ہوگی - اور نہ ہی کبھی وہ نتائج برآمد ہوں گے جو آپ چاہتے ہیں - آپ کو یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ 1961 کا آرڈیننس اس وقت کے ملک کے حالات کے مطابق تھا - کیونکہ ملک میں آمریت موجود تھی - اور آمرانہ نظام کے پرتو میں 1961 کا آرڈیننس نمودار ہوا - میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ کیا اس ملک کے سیاسی نظام سے اب آمرانہ نظام رخصت ہو چکا ہے - اگر آپ ان یونیورسٹیوں کو وہ حقوق دینا چاہتے ہیں - جو ان کا پیدائشی حق ہے - وہ مراعات نہیں بلکہ وہ حقوق دینا چاہتے ہیں - جو ان کو ملنے چاہئیں - اور جن کو سلب کرکے آپ نے ملک اور قوم کا نقصان کیا ہے - وہ جس سیاسی نظام کی پیداوار تھے - کیا وہ سیاسی نظام ختم ہو چکا ہے - جس وقت تک جتنی دیر تک اس ملک پر آمرانہ نظام مسلط رہے گا - آپ طلبا کے مطالبات کو کسی صورت میں بھی پورا نہیں کر سکتے - اس آمرانہ نظام کا یہ یونیورسٹی آرڈیننس ایک بچہ تھا - وہ آمرانہ نظام اگر موجود ہیں - تو اس کے ہوتے ہوئے آپ طلبا کو اور اس ملک

کے عوام کو اور اساتذہ کو کبھی خوش نہیں کر سکیں گے ۔

جناب سپیکر ۔ حکومت نے محض یونیورسٹی آرڈیننس سے طلبا کی آزاد فضا میں ذہنی تربیت کے مواقع کو ختم نہیں کیا ۔ بلکہ اس نے Efficiency and Discipline Ordinance 1962 کو نافذ کر کے اساتذہ کے ذہنوں کو بھی مفلوج بنانے کی کوشش کی ہے ۔ آپ کو یاد ہوگا ۔ کہ senate کو ختم کرنے کی سازش 1954 میں کی گئی تھی ۔ میں سابقہ حکمرانوں کو ان کے گناہوں سے مبرا قرار نہیں دے سکتا ۔ انہوں نے اپنے دور اقتدار میں بعض ایسی غلطیاں کی تھیں ۔ جن کی وجہ سے صدر ایوب اس ملک پر ایک آمر کی شکل میں نمودار ہوئے ۔ آپ کو یاد ہوگا جب کہ 1954 میں پنجاب یونیورسٹی میں جناب افضل حسین وائس چانسلر کے فرائض انجام دے رہے تھے ۔ اس وقت 1954 کے قانون میں یہ گنجائش رکھی گئی تھی ۔ کہ جب تک senate کو باقاعدہ بنایا نہیں جاتا ۔ جب تک senate کے ممبران کو منتخب نہیں کیا جاتا ۔ اس وقت تک ایک چانسلر کمیٹی جو کہ تمام کی تمام نامزد افراد پر مشتمل تھی ۔ کام کرے گی ۔ جناب افضل حسین نے انہی اہمیت کو بتانے کے لئے اور اپنی مرضی کو چلانے کے لئے 1954 سے 1958 تک اس یونیورسٹی میں senate بننے نہیں دیا ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ 1958 میں senate بنا کر 1958 کے آخر میں نام نہاد انقلاب بپا ہوگیا ۔ الگ senate کو کام کرنے کا موقع ہی نہیں ملا ۔ اس کے بعد 1961 میں جناب شریف صاحب نے انہی شرافت کا ثبوت دیتے ہوئے یہ سفارشات کیں کہ senate کو ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا جائے ۔

جناب سپیکر ۔ میں جناب وزیر صاحب سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے شریف کمشن کی رپورٹ کے مطابق تقریبا دو سال کے اندر اندر senate کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا ۔ اور تمام کے تمام اختیارات چانسلر وائس چانسلر کے ہاتھ میں دے دئے ۔ اگر آپ اپنی مقرر کردہ کمشن کو اس قدر اہمیت دیتے تھے ۔ تو آپ نے حمودالرحمن کمشن کی رپورٹ کو اس حد تک اہمیت کیوں نہیں دی ۔ کیا یہ حقیقت نہیں کہ حمودالرحمن نے واضح الفاظ میں senate کو یونیورسٹی میں وہ مقام دینے کی کوشش کی تھی ۔

جو اس کو حاصل ہونا چاہئے تھا ۔ انہوں نے یہ سفارش کی تھی کہ لازمی طور پر senate جیسا ادارہ موجود ہونا چاہئے senate ایک ایسا ادارہ ہوتا ہے ۔ جو یونیورسٹی کا کام کاج اس کا نظم و نسق اور اس کو چلانے کی پالیسی کو مرتب ہی نہیں کرتا بلکہ اس پالیسی کو عملی شکل دیتا ہے ۔ کیونکہ تمام کے تمام اختیارات senate کے پاس ہوتے ہیں ۔ حمودالرحمن کمشن رپورٹ کے صفحہ 153 پر یہ الفاظ لکھے ہیں ۔

> Those who hold this view also urge that there is no valid reason for a corporate body to shun criticism particularly when that criticism comes from the most enlightened section of the public opinion in the country. Those who used to be elected to the Senate were elected by limited constitutencies either of teachers or registered graduates who by any standard constitute the best electorate that the country is ever likely to have. We fully appreciate the force of the reasons advanced by the Commission on National Education for suggesting such radical departure from the traditionally accepted pattern of University structure. It fitted in, no doubt, with the spirit of the time when these suggestions were made but with the reversion to the principle of democracy under the present Constitution we are of the view that those reasons no longer hold the field.

آپ مجھے بتائیے کہ جب 1966 میں حمودالرحمن کمشن نے یونیورسٹی میں senate کو دوبارہ کام کرنے کی سفارشات کی تھیں ۔ تو آپ نے حمودالرحمن

کمیشن کی اہم سفارشات پر کیوں عمل نہیں کیا اس کا مطلب یہ تھا کہ آپ نے 1959ء میں نیشنل کمیشن برائے تعلیم محض اس غرض سے بنایا تھا کہ وہ آمرانہ نظام جو ملک میں نافذ ہے اس کو یونیورسٹیوں میں بھی نافذ کیا جائے اگر 1966 میں اپنے مقرر کردہ ایجوکیشن کمیشن نے اس آمرانہ نظام کو ختم کرنے کی سفارش کی تھی تو آپ کے حکمران——— آپ تو سیدھے سادے آدمی ہیں ہم کو مجبور ہو کر آپ کو مخاطب کرنا پڑتا ہے کیونکہ آپ کی پالیسی نہیں چلتی - پالیسی تو جناب صدر مملکت کی چلتی ہے - وہ نہیں چاہتے تھے کہ تعلیمی میدان میں اس قسم کی کارروائیاں کی جائیں اور ایسے اقدامات کئے جائیں جن سے اس ملک کے طلبا اس ملک کے اساتذہ اور ہماری نئی نسل آزاد فضا میں اور آزاد ماحول میں اپنی ذہنی تربیت حاصل کر سکے اور اس گھٹن کے ماحول کو زیادہ دیر تک اس ملک میں قائم نہ رہنے دے - جناب والا - شریف کمیشن نے اپنی سفارشات پیش کرتے وقت ہمیں یہ بتایا تھا کہ انتخابات کا جو طریقہ کار ہے اس سے یونیوسٹیوں میں نظم و نسق تباہ ہوتا ہے - اس سے وہاں پارٹی بازی ہوتی ہے لیکن آج کیفیت یہ ہے کہ 1961 سے جب سے یہ ہنگامی قانون اس ملک میں نافذ ہوا ہے اس سے نتائج جو نمودار ہوئے ہیں وہ اس حد تک خطرناک ہیں کہ یونیورسٹی کے ذریعہ سے جو امتحانات لئے جاتے ہیں ان کو امتحانات کہنا ہی ظلم ہے زیادتی ہے - میں فدا حسن کمیٹی کی رپورٹ کا حوالہ دیتا ہوں انہوں نے یہ تجویز کیا ہے کہ محکمہ تعلیم میں اور یونیورسٹی کے امتحانات میں غلط طریقہ کار اور ناجائز حربے اس حد تک اختیار کئے جاتے ہیں جو ہمارے ملک کے مستقبل کے لئے سخت خطرناک ہیں -

Fida Hassan Committee Report says :—

> Another item amongst the several abuses referred to by different witnesses was the de-generation in the system of conducting of education examinations at tha levels of the High Schools and Universities.

آگے چل کر وہ فرماتے ہیں ۔

> Whatever may be the causes or circumstances, the matter is of utmost importance to the country. If the examinations are compromised and the quality and capacity of the product of our universities is suspected, we could hardly bring about the results which we aim at in the fields of higher education, scientific and technological research.

جناب سپیکر ۔ ان کا فرمان تو یہ تھا کہ 1961 کے ہنگامی قانون کو نافذ کرکے ہم یونیورسٹی کی کارکردگی کو بہت بہتر بنائیں گے ۔

(At shis stage Mr. Senior Deputy Speaker, Syed Yusuf Ali Shah, resumed the Chair).

لیکن آج کیفیت یہ ہے کہ حکومت کا اپنا مقررکردہ کمیشن اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ اخلاق انحطاط اور بد انتظامی اس حد تک بڑھ چکی ہے کہ یونیورسٹی کے امتحانات بے معنی بیکار اور اکارت ہو کر رہ گئے ہیں ۔ میرے نقطہ نظر سے کسی بھی جامعہ اور دانشگاہ کو ایک خود مختار ادارہ ہونا چاہئے اور ان اداروں میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبا کو آزاد فضا اور پر سکون ماحول میسر ہونا چاہئے ۔ در اصل اس وقت جو ہیجان پایا جاتا ہے اس کا بڑا موجب یہ ہے کہ 1961 کے ہنگامی قانون کے مطابق ان اداروں کی خود مختاری بالکل ختم ہو کر رہ گئی ہے ۔ میں جناب وزیر تعلیم کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ خود مختاری 1961 ھی میں نہیں ختم ہوئی تھی بلکہ یہ خود مختاری آج بھی بے معنی اور بیکار ہے ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ جناب صدر مملکت نے یکم دسمبر 1968 کو ایک اہم نشری تقریر کی تھی انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ ہم آج یہ اعلان کرتے ہیں اور ہم طلبا کے مطالبات مانتے ہیں اور میں تجویز کرتا ہوں کہ ہماری دانشگاہوں کے

کے طلباء کو یہ مراعات دی جائیں ۔ اگر آج یہ دانشگاہیں آزادی کے ماحول میں کام کر رہی ہوتیں تو اس کی ضرورت ہ پیش نہ آتی ۔ جناب صدر مملکت کا اعلان یکم دسمبر کو ہوا تھا اور اس کے دو ماہ کے اندر اندر یونیورسٹیوں نے اور دانشگاہوں نے صدر مملکت کے احکامات کے مطابق اور ان کی تجاویز کے مطابق اور ان کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کر دیا ۔ کیا یہ چیز اس حقیقت کا بین ثبوت نہیں ہے کہ یونیورسٹیاں کٹھ پتلیوں کی طرح صدر مملکت کے اشاروں پر ناچتی ہیں ۔ اگر اس ملک میں تعلیمی ماحول اچھا موجود ہوتا یونیورسٹیاں آزادی سے کام کرتی ہوتیں تو اتنی جلدی صدر مملکت کے احکام کا نفاذ نہ ہوتا ۔ اس دنیا میں کوئی عالم ایسا نہیں کوئی ایسا ایک انسان نہیں جس کے خیالات کا کوئی شخص سو فیصدی ہم خیال ہو لیکن صدر مملکت کے احکامات صادر ہوتے ہی محض افراد ہی نہیں بلکہ تمام یونیورسٹیوں نے ان کے احکام کے مطابق عمل کرنے میں اپنی نجات سمجھی ۔ ورنہ آپ یقین کریں کہ کوئی یونیورسٹی اس ملک میں اور اس ماحول میں صدر مملکت کے احکامات سے روگردانی کر کے جی نہیں سکتی ۔ کوئی وائس چانسلر وائس چانسلر ہی نہیں کہلا سکتا اس کو کان سے پکڑ کر دوسرے ہی دن اس کے عہدے سے علیحدہ کیا جا سکتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ ہمیں یہ بتایا جاتا تھا کہ یونیورسٹیوں میں سیاست کا بہت لمبا جوڑا دخل تھا یونیورسٹیاں سیاست کا اکھاڑہ بن گئی تھیں ۔ در حقیقت 1961 کے ہنگامی قانون میں وائس چانسلر یا چانسلر کو کٹھ پتلی بنا دیا گیا تھا ۔ میں نے اگلے دن بعض لوگوں کو یہ شکایت کرتے دیکھا ہے کہ پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر کو انتہائی ہتک آمیز طریقہ سے ملازمت سے علیحدہ کر دیا گیا ۔ میں نے ان کے جواب میں کہا کہ جو کچھ وائس چانسلر کے ساتھ ہوا اس کے ساتھ ہونا چاہئے تھا جس شخص نے حکومت کے اشاروں پر طلبا کو یونیورسٹی سے خارج کیا ۔ وہ شخص جس نے حکومت کے کہنے کے مطابق یونیورسٹی کی یونین کو توڑا ۔ وہ شخص جس نے حکومت کے اشاروں کے مطابق الیکشن کروائے ۔ اگر اس قسم کا طرز عمل کسی وائس چانسلر نے پیش کیا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ کسی یونیورسٹی

میں اس قسم کے وائس چانسلر کا موجود ہونا اس دانشگاہ کی بد ترین بے عزتی اور بے حرمتی ہے اگر آج ان کو ان کی میعاد ملازمت کے ختم ہونے سے پہلے علیحدہ کر دیا ہے تو یہ ان تمام باعزت لوگوں کے لئے ایک تنبیہہ ہے اور اس سے انہیں عبرت سیکھنا چاہئے جو اپنے مفاد کو قومی مفاد پر ترجیح دیتے ہیں اور یونیورسٹیوں کی آزادی کو اور مختلف طلبا کے حقوق کو سلب کرنے کے لئے اور طلبا کو آزادی سے محروم کرنے کے لئے حکمران کے اشاروں پر ناچتے ہیں ان کو یہ پتہ ہونا چاہئے کہ یہ حکمران کسی کے نہیں ہیں - یہ اپنی اغراض کے بندے ہیں - یہ ان سے اپنا کام لیتے ہیں اور جب دیکھتے ہیں کہ کام نہیں لے سکتے تو انہیں جوتا دکھا کر ایک kick مار کر باہر کر دیتے ہیں - میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ طلبہ کو اس بات کا علم ہے اور انسان کو اس بات کا علم ہے کہ پنجاب یونیورسٹی میں وائس چانسلر جو کچھ کرتے رہے ہیں ہمارے حکمران اس سے وہ کرواتے رہے ہیں - اگر وائس چانسلر کی یہ حرکات مذموم تھیں تو وہ حرکات جو حکومت کی جانب سے کی گئیں وہ اس سے بھی زیادہ قابل نفرین تھیں -

جناب سپیکر - ہم میں سے بعض لوگ یہ جواز پیش کرتے ہیں کہ ہمیں بعض مجبوریاں لاحق تھیں تو میں ان سے ہمیشہ کہا کرتا ہوں کہ وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کے سامنے جوابدہ ہے وہ کسی مجبوری کا پابند نہیں ہوتا - میں انتہائی دکھ کے ساتھ کہتا ہوں کہ حمید احمد خان پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی ایسی برگزیدہ ہستی جس کا تعلق بڑے اچھے خاندان سے ہے انہوں نے اس ملک کی آزادی میں بہت اہم رول ادا کیا ہے - اپنی ذاتی مجبوریوں کے پیش نظر حکومت کے اشاروں پر چلنا پسند کرے تو اس ملک کا انجام کیا ہوگا - اس سے زیادہ تاریک مستقبل اور کس ملک کا ہو سکتا ہے - اس شخص کے لئے یہ مناسب ہوگا کہ وہ کسی مجبوری کو سامنے نہ رکھیں بلکہ اپنے اصول کے لئے وہ قربانی دینے کے لئے تیار ہو جائیں اور یقین کیجئے جو لوگ اس کے لئے قربانی دیں گے ہماری اس قوم کے دل میں ان کے لئے بہت بڑی عزت ہوگی اس کو عزت اور احترام کی نگاہ سے دیکھا جائیگا - لیکن ان کو چند سالوں کے لئے دو چار سالوں کے لئے ملازمت میں

توسیع مل جاتی ہے یا ان کے کنٹرول یا اختیارات میں اضافہ کر دیا جاتا ہے تو یہ کوئی قابل تحسین بات نہیں ۔ یہ جو کچھ بھی ہوا وہ یہ سمجھتے ہیں ٹھیک ہوا ۔ میں حکمرانوں کو کہتا ہوں کہ یہی انجام آپ کے ساتھ بھی ہونیوالا ہے اس کے لئے آپ تیار ہوجائیں ۔

جناب سپیکر ۔ ہمیں یہ بتایا جاتا ہے کہ اس ملک میں لوگوں کے ذھنوں کو تربیت دینے کے لئے فنی تعلیم دینے کے لئے بہت بھاری وسائل مختص کئے گئے ہیں ۔ لیکن میں آپ کو کہتا ہوں کہ آپ نے اگر یہ عام وسائل مختص کرنے کے باوجود افراد کے کریکٹر کو تباہ کرنے کی کوشش کی تو یہ ایک ایسا گناہ ہے جو ناقابل معافی ہے ۔ میں آپ کو دو مثالیں دیتا ہوں جن سے یہ پتہ چل جائیگا کہ ان دانش گاھوں کے وائس چانسلر انگریزوں کے دور میں غلامی کے دور میں اس حد تک خود دار ہوتے تھے اور یہ دانش گاہیں کس آزادی سے کام کرتی تھیں کتنی خوشگوار فضا ہوتی تھی۔ ایک دفعہ سر عبدالرحمن وائس چانسلر یونیورسٹی کسی پروفیسر کی تعنیاتی کے بارے میں سوچ رہے تھے تو یہ معاملہ ان کہ سامنے پیش تھا ۔ اس دور کے وزیر تعلیم سر منوھر لعل تھے وہ وزیر تعلیم ہونے کے علاوہ ممبر بورڈ آف سنڈیز کے فرائض کو بھی سر انجام دیتے تھے۔ انہوں نے اس پروفیسر کی تعنیاتی کے بارے میں سر عبدالرحمن کو فون کر دیا اور اس کے حق میں سفارش کر دی ۔ سر عبدالرحمن نے اس کو اپنی توھین سمجھا انہوں نے گورنر کو جو یونیورسٹی کا چانسلر ہوتا تھا یہ چٹھی لکھی کہ اس حکومت کے وزیر تعلیم کو کس طرح جرأت ہوئی کہ میرے پاس اس قسم کی سفارش کرے ۔ تو اس غلامی کے دور کے وائس چانسلر اور چانسلر ایسے با اصول تھے کہ انہوں نے تحریری طور پر وائس چانسلر سے معافی مانگی ۔ میں جناب وزیر تعلیم کو ایک اور واقعہ سنانا چاھتا ہوں ۔ جناب عبدالرب نشتر اس صوبہ کے گورنر تھے اور سر حیات ملک وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی تھے senate کے 5 ممبر نامزد کئے جانے تھے ۔ وائس چانسلر کی اتنی عزت کی جاتی تھی ۔ ان کو اتنا احترام کی گناہ سے دیکھا جاتا تھا کہ انہی کی

Then comes the removal of the Vice-Chancellor. Sir, the Vice-Chancellor is not only the executive head of the University but he is also a revered person of high academic calibre and of great eminence. When the Government is appointing a Vice-Chancellor, the Chancellor, who is the appointing authority, has to think deeply and consider the merits of the man who is to be appointed, and since the Chancellor is himself a person of deep thought and high status, he will definitely run the administration of the province in a better way and he will definitly have big qualities of heart and mind. Naturally, he will also choose the Vice-Chancellor who is a man of such higher qualities, and if he has once chosen the Vice-Chancellor and appointed him, then what is the necessity of laying down that his services would be terminated on three months' notice. It will be very derogatory and I think any honourable person, who is a man of great education and high academic qualifications, will not like to be removed in such a manner. How he will be put to a sort of great embarrassment is obvious from the fact that supposing he is taking certain action which is not liked by the Chancellor or he is not taking the line that has been laid down by the Government to be adopted by him in the affairs of the University, he can be pressurized in submitting his resignation in many ways.

Chaudhri Anwar Aziz. Like Professor Hameed Ahmed Khan.

Syed Zafar Ali Shah. Of course, there are certain examples. In any case the man will not remain in position if he is not liked by his appointing authority. There is example of the Vice-Chancellor of Sind University, Mr. Hassan Ali Abdur Rehman. The conditions were made so difficult for him that he had to leave. The inclusion of this provision for removing

the Vice-Chancellor is so ignominious that I don,t think any noble person will like to be removed in such a manner. No noble man would always like to follow the line that has been adopted by the Government or the Chancellor. It is basically against the principle of freedom and autonomy of the Universities,

Coming down to some other provisions I respectfully submit that there are some small provisions which need to be corrected. As I submitted earlier that where-ever the statutes are to be assented to by Government that should be removed. It should be the Chancellor where-ever Government is mentioned. Secondly, constitution should be provided for the Affiliation Committee. It not is provided either in the proposed Bill or in the amendments given notice of so far. The affiliation should entirely be the responsibility of the University. Of course, the main principles on which affiliation will be granted or certain colleges will be disaffiliated should be laid down in it. If any college does not abide by hose principles, it should be disaffiliated but the power of affiliation or disaffiliation should be the entire responsibility of the University.

Next to my knowledge is a small thing which is Clause 28, which says:

> No person shall, except as otherwise provided for by the Statutes, or University Ordinances, be admitted as a candidate to a University examination, unless he produces a certificate to the effect that he has completed the prescribed courses of instruction as a regular student of a college or a Teaching Department.

I think the words "unless he produces a certificate" should be deleted because a student normally. as far as I know. before 1961 Ordinance, was given the permission to appear in the Examination by the College authorities or the University authorities, as the case may be, He was not stopped and

there was no condition that he should produce a certificate. If he has not finished or completed the prescribed courses or the prescribed period of attendance, his name was not forwarded and he was not allowed to appear by the college or the University authorities. Why should he be asked to produce a certificate? This will give a lever in the hands of unscrupulous people of the concerned Department of the University. I earlier made a submission about the way the administration of the University runs. Sir, the examinations have been manipulated, papers have been sold in the market, the mark-sheets have been changed, people who have actually failed in the examinations have been passed, the students who have not got the division they want, have been given a different division; sometimes lower sometimes higher. This is the result of 1961 Ordinace which in principle provided two things: One is more powers to the University Administration, which was bureaucratic under 1961 Ordinance; secondly the interference of the Education Department of the Province in the University. These two things were provided under 1961 University Ordinance. The result is very clear. The Education Department had all the ills of any other bureaucratic, autocratic department and official machinery as we see in other Departments. They infused their ills into the University. Before this, they were outside the University Administration and they had not much interference before 1961 Ordinance, but after that they had a direct interference, direct control over the Universities. What happened? They had all the ills and they brought all the ills into the University This shows that whenever a Government Department or a Government Agency has directly to do with anything, it will bring in more ills than good that particular institution.

Sir, I am glad that in the proposed Bill, the bureaucracy has acceded to the demands of the people, and the Universities have some autonomy. I am glad that Hon'ble Minister has prevailed upon his subordinates to agree to this concensus of the people.

Mr. Speaker. Please conclude your speech now.

Syed Zafar Ali Shah. Sir, I will take two minutes,

Therefore, we must always guard against the interference of any official machinery into any of the autonomous bodies. We can make them more representative by giving them elected representatives like the Senate. Likewise, in other autonomous agencies also, a part of them should be from those people who are elected, in order to curb the corrupt practices of the bureaucracy. I am glad that the interference of the Education Department has been restricted but it has not been removed. My submission is that their interference should be completely removed. We have no faith in the Education Department and we have no faith in the Government agencies. They have brought about this situation and the bureaucracy says that the people's representatives are not good enough and they are not able people, and what they have done to our institutions, we can see today. In the University itself, under the 1961 Ordinance there are so many mal-practices that, as submitted earlier, from examination to registration, from registration to accommodation, from accommodation to appointment of lecturers and other administrative staff, from that way we come to the promotions, everything was made the victim of corrupt and unreliable and inefficient bureaucratic set-up. I, therefore, submit that, as suggested by me, the Hon'ble Minister should bring about these demands in order to wipe out the interference of the Government Departments.

ملک محمد اسلم خان ۔ جناب والا ۔ طلبہ ہمیشہ ہر ملک میں ایک نہایت قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں ۔ لیکن ایک ترقی پذیر ملک ایک ایسا ملک جس کے لیے اپنے مادی ذرائع کم ہوں ۔ اور جس کے پاس مادی ذرائع بہت نہ ہوں ۔ اس کے لیے طلبہ میرے خیال میں بہت زیادہ قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں ۔ کیونکہ انہوں نے آگے جاکر نہ صرف ملک کی باگ دوڑ اپنے ہاتھوں میں اپنی ہوتی ہے ۔ بلکہ دیگر ذرائع کو بھی اپنے ہاتھ میں لینا ہوتا ہے جو آپ کے کام آسکیں ۔ اس کے بعد جو بل آج زیر بحث ہے ۔ اس میں نہ صرف وزیر تعلیم

کو بلکہ اپنے اسمبلی پارٹی کے اراکین کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے نہایت اچھی amendents جناب وزیر موصوف کی خدمت میں پیش کی ہیں ۔اور انہوں نے مان لی ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ مبارکباد آپ کو تیسری ریڈنگ پر پیش کرنی چاہیے تھی ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ جناپ سپیکر ۔ تیسری ریڈنگ میں بھی مبارکباد پیش کرونگا ۔ یہ پیشگی مبارکباد ہے ۔ جناب والا ۔ اس بل کے خاص خاص points جو ہیں ۔ انکو میں آپ کی خدمت میں پیش کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔ سب سے پہلے جیسا کہ وزیر صاحب نے وعدہ فرمایا ہے سینٹ کی provision رکھی گئی ہے ۔ تاکہ یونیورسٹی کا کام کاج زیادہ تر سینٹ چلا سکے ۔ اور سینٹ میں یہ بھی کوشش کی گئی ہے کہ ہر طبقہ کو نمائندگی ملے ۔ مجھے اپنے معزز دوست شاہ صاحب سے اختلاف ہے جب وہ یہ کہتے ہیں ۔ کہ سینٹ بنایا گیا ہے ۔ لیکن اس میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ زیادہ تر nominated ممبر ہوں ۔ اور students اور lecturers کی تعداد کم ہو ۔

Mr. Speaker. Are you referring to your amendment.

Malik Muhammad Aslam Khan. Proposed amendment. The Hon'ble Minister has already accepted that the principle of Senate would be provided.

Mr. Speaker. That is not the principle of the Bill itself.

Mr. Speaker. This is not the principle of the Bill as yet.

مسٹر حمزہ ۔ یہ ہر چیز کو پیشگی پیش کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ وزیر محترم نے وعدہ بھی کیا تھا اور اسمبلی میں بھی خطاب فرمایا تھا کہ سینٹ کی provision کی گئی ہے ۔ اگر اس کی provision رکھی گئی ہے تو مجھے حق حاصل ہے کہ میں اس کے متعلق بات کر سکوں ۔ اس میں 41 ایسے ممبر ہوں گے جو ٹیچرز

یا Directorists یا educationist ہوں گے - ان میں پروفیسر اور Deans بھی ہوں - پھر 18 registered graduates کو اپنی طرف سے elect کرکے بھیجیں گے - اس لیے میری گزارش ہے کہ سینٹ کے لیے جو نمائندہ چنی بنائیں گے تو اس بات کا خیال رکھا جائے کہ یونیورسٹی کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دیے جائیں -

اس کے علاوہ یہ عرض کرونگا کہ ایشیائی ممالک میں پہلی دفعہ یہ کیا گیا ہے کہ سینٹ کے اندر طلبا کو نمائندگی دی گئی ہے - میں اسے بہتر سمجھتا ہوں اور اس کے لیے زیادہ سے زیادہ مبارکباد پیش کرتا ہوں - یہ واقعی ایک revolutionary کام ہے - نیز میں یہ بھی عرض کرونگا کہ ایشیائی ممالک میں پہلی بار یونیورسٹیوں میں طلبا کی یونین کے پریذیڈنٹ اور سیکرٹری کو بطور ordinary member لیا گیا ہے -

مسٹر سپیکر - یہ تو وہ ہے جو آپ نے پیش کیا ہے - ملک اختر صاحب کی طرف کیوں نہیں آتے -

ملک محمد اسلم خان - جناب والا - اس بل میں یہ بھی کیا گیا ہے کہ ایک خزانچی کی آسامی رکھی گئی ہے اگر یہ بل پاس ہوگیا تو ایک خزانچی بھی رکھا جائے گا - اس کے لیے میری گذارش یہ ہے کہ خزانچی کو بجائے اس کے کہ کسی اور سروس سے لیں اسے accounts service سے لینا چاہیے یا economic pool میں سے لے لیں - تاکہ اس کو زیادہ تجربہ ہو -

چودھری انور عزیز - آپ کا مطلب سی ایس پی نہ ہو -

ملک محمد اسلم خان - accounts service سے ہوگا تو وہ سی ایس پی نہیں ہوگا - لیکن اگر economic pool سے لے لیں تو پھر سی ایس پی بھی ہوسکتا ہے - اگر وائس چانسلر سی ایس پی ہوگا تو پھر کام چل سکے گا اور اگر خزانچی سی ایس پی ہوگا تو پھر مجھے خطرہ کہ یہ کام صحیح طور پر نہیں چل سکے گا - اس لیے چاہیے کہ account service یا taxation service کو ترجیح دی جائے - اس کے علاوہ اس proposed بل

میں جو تجویز کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ وائس چانسلر کے اختیارات کو محدود نہیں کیا گیا بلکہ اسے فنانس کمیٹی اور سلیکشن بورڈ کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس میں ایسی کلاز ہونی چاہیے کہ کسی وائس چانسلر کو تین ماہ کے نوٹس کے بعد نہ نکالا جائے ۔ جب اسے مقرر کیا جائے تو وہ دوبارہ ایک خاص مدت تک رہ سکے ۔ یہ بھی نہ ہو کہ تمام عمر رہے ۔ صحیح یہ ہے کہ وائس چانسلر کو دو دفعہ یا دو وقت کے لیے appoint ہو سکے تیسری دفعہ اسے موقع نہ دیا جائے ۔ نئے لوگوں اور نئے خون کو موقع ملتا رہے ۔ اس کے ساتھ ہی میں یہ بھی عرض کروں کا کہ گزشتہ دنوں میں طلبا کو پکڑا گیا ہے اور انہیں lock up کیا گیا ہے ۔ لیکن اب حکومت نے یہ محسوس کیا ہے کہ پرانا آرڈیننس اچھا نہیں تھا ۔

Mr. Speaker. This is not one of the principles of the bill.

ملک محمد اسلم خان ۔ جناب والا ۔ میں طلبا کی رہائی کے متعلق بھی عرض کروں گا حکومت نے اب یہ محسوس کر لیا ہے کہ پرانا آرڈیننس واقعی اچھا نہیں تھا اور وقت کا ساتھ نہیں دے سکا ۔ جب آپ نے یہ محسوس کیا ہے کہ پرانا قانون اچھا نہیں تھا اور اب ایک نیا بل لے آئے ہیں تو ان طلبا کو جنہوں نے پرانے آرڈیننس کے خلاف احتجاج کیا تھا اور ان کو پکڑا گیا ہے ان کے لیے ضروری ہے کہ انہیں رہا کر دیا جائے ۔ اور ان کے خلاف ایکشن نہ لیا جائے ۔

جناب والا۔ اس وقت ہمارے اساتذہ کرام کی جو عزت ہے وہ آپ سے چھپی نہیں اور مجھ سے چھپی ہوئی نہیں ہے ۔ اس کو کم سے کم تر کیا جاتا رہا ہے ۔ اس لیے میں چاہتا ہوں کہ اساتذہ کے لیے ایسا ماحول پیدا کر دیا جائے کہ ان کی زیادہ سے زیادہ عزت ہو ۔ اور ان کی عزت ہوگی تو ہمارے بچے لکھ پڑھ کر اچھے شہری بنیں گے ۔ اس لیے یہ عرض ہے کہ ایسے مواقع فراہم کیے جائیں کہ ان میں خود اعتمادی اور خود داری پیدا ہو ۔

سب سے آخر میں میں جو بات کہنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ حالیہ

فسادات میں جو طلبا ہلاک ہوئے ہیں ۔ اور جن کو پکڑا گیا ہے میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ان کو کیوں رہا نہیں کیا جاتا ۔ ان کے متعلق judicial inquiry کرائی جائے ۔

(نعرہ ہائے تحسین)

اگر انہوں نے غلطی کی ہے تو ان کو سزا دیں اور اگر کوئی غلطی نہیں کی تو ایک آدمی کی خوشی یا ایک آدمی کی من مانی پر بچارے بچوں کو جو ہلاک کیا گیا ہے ان کے لیے compensation دی جائے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ پشاور ۔ 4 صدر محترم ۔ آپ اس امر سے واقف ہیں اور یہ ایوان بھی واقف ہے کہ اس بل کو introduce کرنے کا پس منظر پیش کیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ چند ماہ ہوئے طلبا نے احتجاج کیا تھا کہ یونیورسٹی آرڈیننس کو منسوخ کیا جائے ۔ چنانچہ ہم سب اس بات پر متفق تھے کہ یونیورسٹی آرڈیننس میں کئی ایسی شقیں موجود تھیں جو غیر جمہوری اور غیر مہذب تھیں ۔ وہ تعلیمی اداروں کی آزاد فضا کی آئینہ دار نہیں تھیں اور طلبا کی آزادی میں ایک نا مناسب رکاوٹ تھی ۔ چنانچہ آئینی حدود کے اندر ہم متفق تھے اور ہماری یہ کوشش تھی کہ یونیورسٹی آرڈیننس کو منسوخ کر دیا جائے ۔ اور اس کی بجائے ایک ایسا بل لایا جائے جو ہر لحاظ سے ، ہر صورت میں جمہوریت کے ہر نقطہ نظر سے قابل قبول ہو ۔ ہمارا مطالبہ یہ بھی تھا کہ یہ پیش کردہ قانون قانونی بندشوں میں جکڑا ہوا آرڈیننس نہ ہو بلکہ یہ بل کی صورت رکھتا ہو تاکہ اس پر ہر قسم کی بات چیت ہو سکے ۔ اور کوئی بہتر نتائج برآمد ہوں اور یہ بل پرانے آرڈیننس کی خباثتوں کو ختم کر دے ۔ نیز جمہوری ہوتے ہوئے most effecting بھی ہو ۔ اس بل کو بناتے وقت ہماری طرف سے جو گزارشات تھیں وہ ہم نے وقتاً فوقتاً جناب وزیر تعلیم اور گورنر صاحب کی خدمت عرض کر لیں کہ آپ بل بناتے وقت صرف محکمہ تعلیم پر دارو مدار نہ رکھیں ۔ بلکہ طالب علموں کو ، وائس چانسلروں کو ، ٹیچروں کے

نمائندوں اور عوام کے نمائندوں کو بلا کر ان سے ملاقات کریں اور پھر اس کے بعد اسے بل کی شکل میں لائیں ۔ اس طرح اس میں جمہوریت صحیح معنوں میں نمایاں ہوگی ۔ چنانچہ ان چیزوں کو سامنے رکھ کر یہ بل بنایا گیا ہے ۔ مجھے امید ہے کہ یہ حالیہ جمہوری تقاضوں کو پورا کرنے کے قابل ہوگا ۔ نہ بھی ہو تو میں وزیر تعلیم صاحب سے درخواست کروں گا کہ آپ جن کا ذکر کر چکے ہیں یعنی ٹیچرز ۔ طلبا اور پروفیسرز سے رابطہ رکھیں ۔ اور وقتاً فوقتاً ترمیم کے ذریعہ قانون میں تبدیلی کریں ۔ تاکہ اس میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو ۔

جناب عالی ۔ ملک معراج خالد اور ملک اختر صاحب نے اپنی تقریروں میں یہ اشارہ کیا تھا کہ گورنمنٹ پارٹی کے ممبران کی طرف سے تاثر دیا گیا ہے کہ طلبا ان لوگوں کے آلہ کار ہیں اور ان میں سوچنے سمجھنے کا فقدان ہے ۔ یہ بات بالکل غلط ہے اور بے بنیاد ہے ۔ طلبا نہایت باشعور اور بیدار مغز اور حساس طبقہ ہے ۔ طلبا نے قوموں کے بنانے میں زیر دست کردار ادا کیا ہے ۔ پاکستان بنانے میں بھی انہوں نے نہایت اعلیٰ کردار ادا کیا ہے ۔ سابق صوبہ سرحد کے ریفرنڈم میں صوبہ سرحد کی کامیابی کا سہرا ان طلبا کے سر پر ہے ۔ اور ہم انہیں نہایت عزت و احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ ان کو یہ بھی اعتراض تھا کہ طلبا کے مطالبات پورے نہیں ہوئے ۔ جہاں تک طلبا کے مطالبات کا تعلق ہے میں بصد احترام اس ارشاد سے متفق نہیں ہوں ۔ جناب سپیکر ۔ طلبا کے احتجاج کے مطابق یونیورسٹی آرڈیننس منسوخ ہو چکا ہے ۔ ان کے کہنے کے مطابق وائس چانسلر کو ہٹا دیا گیا ہے ۔ ان کے مطالبات کے مطابق فیسوں میں کمی کر دی گئی ہے ۔ ان کے مطالبات کے مطابق ہماری گزارش ہے کہ ان سے تین ماہ کی فیس نہ لی جائے کیونکہ غریب والدین یہ وجہ نہیں برداشت کرسکیں گے ۔ طلبا کے جو لیڈر گرفتار ہوئے ہیں ۔ ہم پہلے بھی آپ کی وساطت یہ مطالبہ کر رہے تھے کہ ان کو چھوڑ دیا جائے اور بدستور ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ طلبا لیڈروں کو چھوڑ دیا جائے ۔ ان کے ساتھ ہمارا یہ بھی مطالبہ ہے کہ

طلبا جو شہید ہوئے ہیں حکومت کا فرض ہے کہ ان کی داد رسی کرے اور میرا خیال ہے کہ راولپنڈی میں ان کا معاوضہ بھی دیدیا گیا ہے ۔ چنانچہ ہمارا یہ بھی مطالبہ ہے کہ جو اور شہید ہوئے ہیں ان کا بھی معاوضہ دیا جائے اور نوشہرہ میں سید ظہیر نقوی جو شہید ہوچکے ہیں ان کا بھی معاوضہ دیا جائے ۔ جناب سپیکر ۔ میری عرض یہ ہے اگر کوئی تعلیمی ادارہ نوشہرہ کی حدود میں بنتا ہو تو وہ "سید ظہیر نقوی" کے نام پر ہو ۔

مسٹر سپیکر ۔ اب آپ بل کے بنیادی اصولوں کے متعلق بھی فرمائیے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا جہاں تک ملک صاحب کے اعتراضات کا تعلق ہے کہ یہ آرڈیننس کی منسوخی محض اشک شوئی ہے تو میں بصد احترام عرض کرتا ہوں کہ یونیورسٹی بل اور اس یونیورسٹی آرڈیننس میں زمین آسمان کا فرق ہے ۔ یہ یونیورسٹی بل بہت سی خوبیوں کا حامل ہے ۔ اس یونیورسٹی بل کو سابق یونیورسٹی آرڈیننس کی غیر ضروری اور غیر مہذب قانونی شقوں سے بالکل پاک صاف کر دیا گیا ہے ۔ اس یونیورسٹی بل میں وہ قباحتیں موجود نہیں ہیں جو یونیورسٹی آرڈیننس میں موجود تھیں ۔ جمہوریت کے تقاضوں کو مدنظر رکھ کر سینٹ اور سنڈیکیٹ کا اہتمام کیا گیا ہے جو طلبا ، اساتذہ ، جج صاحبان اور عوامی نمائندوں پر مشتمل ہوگا ۔ یونیورسٹی کو کافی باختیار ادارہ بنایا گیا ہے تاکہ نوکر شاہی اس میں دخل در معقولات نہ کر سکے ۔ طلبا کی اپنی یونین بحال ہوگی اور وہ ان کے ماحول اور خواہش کے مطابق ہوگی اور اس پر غیر جمہوری پابندی کو نہیں ٹھونسا جائے گا ۔ وائس چانسلر کو ممتاز مقام دیا گیا ہے جو اس کا حق تھا اور اس کے اختیار کو کافی واضح کر دیا گیا ہے ۔ وائس چانسلر کو ملازمت سے علیحدہ کرنے کے لیے جو تین ماہ کا نوٹس رکھا گیا ہے اس کے لیے میں وزیر تعلیم سے درخواست کروں گا کہ وہ اس تین مہینے کی شق اڑا دیں تاکہ وائس چانسلر کو اپنی ملازمت کا تحفظ ہو سکے ۔

جناب والا ۔ اس بل میں سلیکشن بورڈ کا قیام ہے جو ویسٹ پاکستان سلیکشن بورڈ کے لیول پر ہے جو نہ صرف خالی اسامیاں پر کریگا بلکہ ترقی ، سینارٹی اور سروس کے دوسرے حقوق کی بھی نگہداشت کریگا ۔ جناب والا ۔ انسانی عقل کل نہیں ہے ۔ وہ جو بھی قانون بنائے ۔ ہو سکتا ہے کہ وہ اتنا موثر نہ ہو جتنا کہ ہونا چاہیے ۔ ہم سے غلطیاں ہوتی ہیں لہذا میں درخواست کروں گا کہ وہ طلبا اور وہ افراد جو بعض اداروں کے ساتھ وابستہ ہیں ان کو کچھ مراعات دی جائیں ۔ وقتاً فوقتاً وہ قوانین میں ترمیمات لاتے رہے تاکہ یونیورسٹی بل موثر ہو ۔ جناب اسپیکر ۔ میرا خیال ہے کہ ہم تعلیمی ضرورت کا نقص دور نہیں کرسکیں جو ہمیں دور کرنا چاہیے تھا ۔ جناب والا ۔ ہماری تعلیمی ضرورت جو ہے وہ ملک و قوم کی ضرورت کے مطابق ہونا چاہیے ۔ آج ہمارا طریقہ لارڈ میکالے کا سامنے اس کی وجہ سے اور اس کے پیش نظر جناب والا ۔ آج تک ہم صحیح تعلیم نہیں دے سکے ۔ جب تک ہم غریب والدین کا یہ خیال نہ رکھیں گے کہ وہ تعلیم کے اخراجات کو برداشت کریں ہم کامیابی سے ہمکنار نہیں ہوسکتے ۔ جناب والا ۔ آج تک ہم مشنری اسکولوں اور پبلک اسکولوں اور ان کالجوں میں جن میں امیر اور نواب زادوں کے لڑکے تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ان کے مقابلے میں گورنمنٹ اسکولوں میں جو غریب آدمیوں کے بچے تعلیم حاصل کرتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس یونیورسٹی بل میں یہ provide نہیں کیا گیا ہے۔

سید عنایت علی شاہ ۔ میں ان کی تکالیف کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں آپ اگر دو منٹ دیدیں تو مہربانی ہوگی ۔ جناب والا ۔ محکمہ تعلیم اس بات کی ضمانت دے کہ جو شخص تعلیم حاصل کرے اس کو روزگار مہیا ہوسکے ورنہ unplanned طریقہ پر تعلیم دینے سے کچھ فائدہ نہیں ہوگا ۔ اس میں بیروزگاری زیادہ ہو جائے گی ۔

جناب والا ۔ ہمارے ہاں اساتذہ کا مقام بہت پست ہے ۔ آپ یقین کیجیئے کہ اگر کسی شخص کو پٹواری کی جگہ مل جائے تو وہ لیکچرار کی جگہ پر نہیں جائے گا ۔ کیونکہ ہم نے پٹواریوں کے status کو ہیڈ ماسٹر

کے status سے اونچا کر دیا ہے ۔ جناب والا ۔ مہذب ممالک میں استاد کو قدر کی نگاہوں سے دیکھا جاتا ہے بدقسمتی سے ہمارے ہاں ایسا نہیں ہے ۔ میں جناب وزیر سے دست بستہ عرض کروں گا کہ اساتذہ کے مقام کو اونچا کیا جائے ۔ اگر آپ نے اساتذہ کے مقام کو اونچا نہ کیا تو مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آپ تعلیمی حالت کو اچھا نہیں کر سکتے ۔ جناب والا ۔ اسکولوں کی حالت افسوسناک حد تک خراب ہے جہاں طلبا کے بیٹھنے کے لیے کمرے بھی نہیں ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ شاہ صاحب اب آپ تشریف رکھیے ۔

صاحبزادہ نورالحسن (بہاولنگر ۔ 4) میں سب سے پہلے جناب کا شکرگزار ہوں کہ آپ نے مجھے گزارشات کا موقع فراہم کیا ۔ جناب والا ۔ اس ملک میں یہ یونیورسٹیاں اور یہ ادارے پہلے سے بھی موجود تھے اور ان اعلیٰ تعلیمی اداروں کا نظام و انصرام کافی عرصہ سے چلا آرہا ہے غالباً پنجاب یونیورسٹی کا قیام 1882ء میں عمل میں آیا تھا ۔ ان غیر ملکیوں کے عہد میں جن کو ہماری تہذیب و تمدن سے کسی قسم کا واسطہ نہیں تھا ۔ لگاؤ نہیں تھا ۔ ان کی تہذیب و تمدن میں اور ہماری تہذیب و تمدن زمین آسمان کا فرق تھا لیکن اس کے باوجود انہوں نے قوانین اس مقصد کے لیے بنائے کہ انہیں کسی حد تک جمہوریت کی روح موجود تھی ۔ لیکن جناب والا ۔ ہمارے ملک کے بہی خواہ اور وطن دوست ارباب اقتدار نے ان تعلیمی اداروں پر بھی اپنی گرفت مضبوط کی جس پر انہوں نے اپنے زاویہ نگاہ کے اعتبار سے 1961ء کے آرڈیننس کا نفاذ کیا ۔ جناب والا ۔ اس حکومت نے ایک کمیشن مقرر کیا جس کا نام حمودالرحمن کمیشن تھا ۔ میں ان کے views اس آرڈیننس کے متعلق تھوڑے سے عرض کرنا چاہتا ہوں اور اس لحاظ سے وہ views عرض کرنا چاہتا ہوں تاکہ اس آرڈیننس کا پس منظر مختصر الفاظ میں بیان کرسکوں ۔

> These ordinances appear to have given to rise to serious dissatisfaction not only amongst the students

but also amongst teachers and members of the public. The students all over the country have characterized this ordinances as black laws and have universally demanded thier repeal. Academicians think that ordinances have seriously curtailed the University's freedom, and the teachers complain that they have been denied the right of participation in the University, and they are incapable of dischar.ing their functions with the freedom that was traditionally enjoyed by them.

جناب والا ۔ اس آرڈیننس کو ہم پر مسلط کیا گیا اور طلبا کی یونین کا وجود ختم کر دیا گیا ۔ یہ حقیقت ہے کہ کوئی قانون بھی عوامی خواہشات کے خلاف یا اس طبقے کی خواہشات کے خلاف اگر نافذ کیا جائے جو اس کو قبول کرنے کے لیے تیار نہ ہو تو وہ زیادہ عرصہ تک کارگر نہیں رہ سکتا ۔ اساتذہ اور طلبا کی جانب سے اس کی تنسیخ کا مطالبہ آج سے بہت عرصہ قبل کیا گیا ۔ اس مطالبے میں وہ حق بجانب تھے لیکن افسوس اس بات پر ہوتا ہے کہ بجائے اس کے کہ اس پر حقیقت پسندانہ غور کیا جائے حکومت نے سفاکانہ قسم کے جبرو تشدد سے اس تحریک کو دبانے کی کوشش کی اور jeeps کا بھی استعمال کیا گیا تاکہ سارے مظاہرے ختم ہوں ۔ ان کو جیپوں تلے روندا گیا ۔ یہ بحران وسیع سے وسیع تر ہوتا گیا اور جو طریقے اس کو دبانے کے لیے اختیار کیے گئے وہ نہایت نامناسب تھے ۔ ہم نہیں کہہ سکتے کہ وہ قومی ہمدردی کے آئینہ دار تھے ۔ اساتذہ کا بھی احترام نہیں کیا گیا سکولوں ، درسگاہوں اور سکولوں کے اندر پولیس نے داخل ہو کر اس قسم کے مظالم کئے جو کہ قطعاً روا نہ تھے ۔ ازاں بعد جب یونیورسٹی بل ایوان میں پیش کیا گیا تو اس کو احسان عظیم گردانا گیا ۔ اس میں کئی خامیاں ہیں ۔ معزز ارکان نے گذارش کی کہ اس میں سینٹ کا ذکر تک نہیں تو مجھے بھی اس وقت معلوم ہوا

اور اپوزیشن نے اس پر اظہار افسوس کیا تو تھوڑی سی افہام تفہیم کے بعد یہ اصول تسلیم کر لیا گیا کہ سینٹ کو بھی اس میں شامل کیا جائے۔ اس مسئلے میں یہ خیال آتا ہے کہ کیا حکومت کے پاس ایسے قابل آدمیوں کی کمی ہے کہ جو اسقدر بنیادی باتوں کو بھی اس قانون میں شامل نہیں کر سکتی۔ میرا خیال ہے ان کا زاویہ نگاہ اور ہے intellectuals کی ان کے پاس کمی نہیں ہے وہ سوچتے ہیں کہ جو اس قسم کے قوانین رائج کریں جن سے ان کی بے پناہ قوت میں فرق نہ پڑے۔ وائس چانسلر کو بے پناہ اختیارات دیئے گئے ہیں جو اس بات کا واضح ثبوت ہے۔

جناب والا۔ ایک اور چیز نظرانداز کی گئی ہے اور وہ ہے یونیورسٹی گرانٹ کمیشن جسکا ہونا بہت ضروری ہے۔ میرا خیال ہے اعلیٰ تعلیم کی منصوبہ بندی اور ترقی کے لیے یونیورسٹی گرانٹ کمیشن کا ہونا نہایت ضروری ہے اس کمیشن کے افراد high calibre کے ہوں گے اور یہ کمیشن یونیورسٹی کو کسی سیاسی دباؤ اور حکومت کی مداخلت سے محفوظ رکھے گا۔ کمیشن کا کام زیادہ تر گرانٹس کے متعلق ہوگا گرانٹس کی تخصیص محدود نہیں ہوگی بلکہ ضروریات کے مطابق گرانٹس حاصل ہونگی۔ تمام اعلیٰ تعلیمی پروگراموں کو قومی سطح پر یہ کمیشن رونما رکھے گا اور تعلیمی منصوبہ جات کو ترجیح دیگا اور گرانٹس دے گا اور اس قسم کے دوسرے متعلقہ امور کی بھی دیکھ بھال کریگا۔ ملک کی اعلیٰ تعلیم کے لیے اس کمیشن کا تقرر میرے نزدیک ایک نہایت ضروری اقدام ہوگا۔ اس بل کی کلاز 14 میں یہ پابندی لگا دی ہے کہ یونیورسٹی کے ملازمین legislative Assembly یا لوکل باڈیز کے الیکشن میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔ لیکن مجھے اس سے اختلاف ہے کیونکہ اس سے پیشتر بہت سی مثالیں موجود ہیں۔ مسٹر ایس پی سنگھا اسی اسمبلی کے سپیکر ہوا کرتے تھے اور وہ یونیورسٹی کے رجسٹرار بھی رہ چکے ہیں اور انہوں نے اسی حیثیت سے انتخاب لڑا۔ ایسی پابندیاں میرے نزدیک مناسب نہیں ان کو delete کر دینا چاہیے۔ میں technicalities زیادہ نہیں جانتا مختصر بیان کرونگا۔ لیکن آج کل کے حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ کھلے ذہنوں سے جو ترامیم

کسی جانب سے پیش ہوں چاہے وہ اپوزیشن کی طرف ہوں یا treasury benches کی جانب سے پیش کی جائیں ان پر پورا غور و حوض ہونا چاہئیے اساتذہ طلبا کے مسائل پر ہمدردانہ طور فرمایا جائے تاکہ ہمارے وطن عزیز کو جو کہ ابھی developing stage میں ہے کسی قسم کا set back نہ ہو اور اساتذہ اور طلبا دونوں خوشگوار فضا میں رہ سکیں ۔

چودھری انور عزیز ۔ جناب گفت و شنید و تبادلہ خیالات محبت کی فضا میں زیادہ پروان چڑھتے ہیں ۔ مجھے جناب وزیر تعلیم کچھ تھوڑے سے ناراض معلوم ہوتے ہیں کہ وقت جا رہا ہے اور شاید یہ پہلی ریڈنگ بھی ختم نہ ہو ۔ جناب والا ۔ اگر آپ اجازت دیں تو بہت سی باتیں ہیں جو اس سٹیج پر پیش کردی جائیں تاکہ ان کی روشنی میں مزید ترامیم کی جا سکیں اور بعد میں چھوٹی چھوٹی بات پر بحث نہ ہو ۔ دور اندیشی سے اگر دیکھا جائے تو زیادہ وقت اس طرح بچ جائے گا ۔ میری گزارش ہے کہ میں آپ کے سامنے اور اس ہاؤس کے سامنے اپنے خیالات اس یونیورسٹی بل کے متعلق کھل کر پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ میں نے عموماً ہاؤس کا وقت دس پندرہ منٹ سے زیادہ کبھی نہیں لیا لیکن اگر آپ اجازت دیں تو میں کھل کر بات کروں ۔

Mr. Speaker. Yes please

چودھری انور عزیز ۔ جناب والا ۔ آپ نے تنبیہ کی ہے کہ صرف general principles پر بحث کی جائے جہاں تک میں سمجھتا ہوں اس کا مطلب یہ نکلتا ہے کہ پہلے دیکھا جائے کہ یہ بل کیوں معرض وجود میں آیا ۔ دوسرے یہ کہ بل کیا مقاصد لے کر پیش کیا گیا ہے اور تیسرے یہ کہ یہ بل ان مقاصد میں کس حد تک کامیاب ہوگا ۔ چوتھی بات یہ کہ اس بل کو چلانے کے لیے اس موثر قانون میں کون کون سے مشورے آپ ہم کے سامنے پیش کر سکتے ہیں ۔

سب سے پہلی بات یہ ہے کہ یہ بل کیوں معرض وجود میں آیا ۔ جناب والا ۔ یہ بل اس ہاؤس کے کسی ممبر کی طرف سے پیش نہیں کیا گیا ۔

یہ بل کسی وائس چانسلر کی طرف سے پیش نہیں کیا گیا یہ بل کسی وائس چانسلر کے دماغ میں نہیں آیا ۔ یہ بل سٹوڈنٹس نے خود پیش کروایا ہے ۔ جناب والا ۔ دو باتیں اس سے ثابت ہوتی ہیں ایک یہ کہ جب یہ قانون بنایا جائے گا وہ لوگ جن پر یہ قانون لاگو ہو جائے وہ ان کو پسند نہیں کریں گے ۔ اگر ایسی صورت پیدا ہو جائے تو وہ قانون زیادہ دیر تک نہیں رہ سکتا دوسری چیز یہ ثابت ہوتی ہے کہ ان طلبا نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ جن آدمیوں میں ہمت ہوتی ہے وہ اپنی ضرورت کے مطابق حالات کو ڈھال لیتے ہیں ۔ میرا خیال ہے آپ بھی اس چیز کو محسوس کرتے ہونگے کہ قوانین بدلے جائیں لیکن آپکو بہت ہمت کرنی چاہیے دلیری کرنی چاہیے جیسے کہ ہمارے بچے کہتے ہیں کہ ہم نے تمہیں تازیانہ لگایا ہے تاکہ آپ بھی اپنے فرائض سے پوری طرح ہے عہدہ برآ ہوں ۔ اس لیے جناب والا ۔ میں ان بچوں کا مشکور ہوں ۔ جیسا کہ انگریزی میں ایک کہاوت ہے کہ بچہ مستقبل کا باپ ہوتا ہے اس طرح میں سمجھتا ہوں ان بچوں نے ہمیں سمجھایا ہے کہ ہم اپنے فرائض پورے کریں اور ان سے سبکدوش ہونے کی کوشش کریں ۔

اس کے بعد اب میں مزید تفصیل میں جاتا ہوں کہ یہ بل کیوں معرض وجود میں آیا ہے ۔ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ ہم نے کوئی ایسا ادارہ قائم نہیں کیا تھا جس کے ذریعے سے طلبا اپنے جائز مطالبات کو ہمارے سامنے لا سکتے اور ہم ان کی ضروریات کو پورا کر سکتے ۔ جب ایسا ادارہ نہیں ہوگا اس وقت قانون میں کمزوری آ جائیگی اور اس کے ساتھ ساتھ ہمیں یہ محسوس ہونے لگے گا کہ اسے ختم کر دینا بہتر ہے ۔ اس صورت میں قانون موثر اور فعال نہیں رہ سکتا ۔

نمبر 2 ۔ ہم ایک نیا اصول جاری کر رہے تھے جو عام محکموں میں اس وقت برداشت ہو رہا ہے مگر یونیورسٹی والوں نے اسے برداشت کرنے سے انکار کیا ۔ وہ یہ تھا کہ ہم بونوں کو قد آدم انسانوں کی جگہ دے رہے تھے ۔ ہم نے چھوٹے آدمیوں کو بڑے بڑے عہدے دے رکھے تھے ۔ ہمارے وائس چانسلر جو اب نہیں ہیں اور چھٹی پر چلے گئے ہیں ان

کے متعلق ہم نے جو باتیں سنی ہیں اور جو دیکھنے میں آئی ہیں جو ان کا وطیرہ تھا وہ اس بات کا متقاضی تھا ۔ کہ یہ کشتی آج نہیں تو کل ضرور ڈوبے گی ۔ کوئی قانون یا کوئی ادارہ غلط یا صحیح نہیں ہوتا ۔ ہر ادارے کے حق میں کوئی نہ کوئی بات ملتی ہے ۔ ہر قانون یا ادارہ کے چلانے والے ہوتے ہیں وہ اسے کمزور یا طاقت ور بنا دیتے ہیں ۔ یونیورسٹی میں ایسے آدمی لائے گئے جن کی وجہ سے ہمارے طلبا کے مسائل کا کوئی خیال نہ کیا گیا ۔ چھوٹے چھوٹے آدمیوں کو بڑے بڑے عہدے دیئے گئے نیچے والوں کو اونچی جگہ پر لگا دیا ۔ یہ نہ دیکھا گیا کہ ان میں اہلیت یا قابلیت ہے یا نہیں ۔ اس لیے ضروری تھا کہ وہاں کوئی بغاوت ہوتی ۔ آپ حیران ہونگے پروفیسر حمید احمد خان نے ان لوگوں کو اردو ڈیپارٹمنٹ میں لیکچرر لگا دیا جن کے پاس اردو کی ڈگری نہ تھی ۔ اس طرح انگلش ڈیپارٹمنٹ میں ایسے لوگوں کو لگایا گیا جن کے پاس انگریزی کی بجائے اردو کی ڈگری تھی ۔ ان لوگوں نے لیکچرر لگنے کے بعد اپنے طلبا کے ساتھ امتحانات پاس کیے ۔ جس یونیورسٹی میں ایسی باتیں ہوں وہاں بغاوت ضرور ہے طلبا اور ٹیچر درحقیقت ایک ہی کمیونیٹی ہے ۔ طلبا کا جو کنٹرول استاد کرتا ہے یونیورسٹی سٹیج پر والدین کو بھی ان پر کنٹرول حاصل نہیں ہوتا ۔ یونیورسٹی کے ہمارے ٹیچر بے حد غیر مطمئن ہیں ۔ آج تک انہیں وہاں کسی بات میں کسی قسم کی نمائندگی نہیں دی گئی ۔

اب جناب والا ۔ میں دوسری بات کی طرف آتا ہوں کہ یہ بل کسی مقصد کی خاطر لایا گیا ہے ۔ میں جناب وزیر تعلیم کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے کھلے دل سے کہا ہے کہ میں طلبا کے مسائل کو حل کرنا چاہتا ہوں ۔ کوئی بھی ادارہ کوئی بھی جماعت یا کوئی آدمی ہمارے سامنے اپنا نقطہ نگاہ رکھ سکتا ہے جو ہم پوری ہمدردی سے اس پر غور کریں گے ۔ انہوں نے اپوزیشن کی کتنی ترامیم قبول کرنے کا وعدہ کیا ہے ۔ مجھے یاد ہے کہ اس سے پہلے جب وہ وزیر صحت تھے تو انہوں نے ایک بل پر اپوزیشن کی بہت سی ترامیم کو فوراً قبول کر لیا تھا ۔ جو عقل کے اوپر دوست اترتی تھیں ۔ اس بات کے لیے وزیر تعلیم خاص طور

پر مبارکباد کے مستحق ہیں کہ وہ مشوروں کو کھلے دل سے سنتے ہیں اور اگر قائل ہو جائیں تو انہیں کھلے دل سے قبول کر لیتے ہیں ۔

(تالیاں)

جناب والا ۔ اب اس بل کا مقصد یہ ہے کہ لڑکے تعلیم حاصل کریں ۔ کالجوں میں واپس چلے جائیں تعلیم اچھی ہو ۔ اور طلبا خوش ہوں ۔ اس بل میں ایک بہت بڑی قباحت ہے جس کی طرف میں پہلے بھی پرائیویٹ بحثوں میں اشارہ کر چکا ہوں ۔ اور جس کی طرف محترم سید مراد شاہ صاحب نے بھی اشارہ کیا ہے ۔ جناب والا ۔ دو چیزوں میں سے ایک کا فیصلہ کریں ۔ آپ یا تو چانسلر گورنر کو رکھیں اور ان کے ذریعے سے یونیورسٹی کو کنٹرول کریں ۔ گورنر صاحب گورنمنٹ کے آدمی ہیں اور وہ بطور چانسلر وائس چانسلر سے ہر بات منوا سکتے ہیں ۔ اور یا آپ سپریم کورٹ کے کسی جج کو چانسلر بنائیں ۔ ایسی بھی تقرریاں ہوئی ہیں ۔ جب ہم یہ کہتے ہیں کہ گورنر صاحب بطور چانسلر اپنی بات چلائیں گے تو اس سے یہ مطلب نکلتا ہے کہ گورنمنٹ کا محکمہ تعلیم اپنی بات چلائے گا ۔ میں اس کی ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں ۔ میرے ایک دوست فارسٹ ڈیپارٹمنٹ میں گزیٹیڈ افسر ہیں ۔ ایک بار میں نے انہیں دیکھا کہ وہ فارسٹ ڈائرکٹریٹ پشاور میں ایک بہت جونیئر قسم کے آدمی کے پاس بیٹھے اس کی منتیں کر رہے تھے کہ چھ دن کی چھٹی دلوا دو ۔ اس شخص نے موڈ میں آ کر کہا اچھا آپ کو چھٹی ہے کتنے دن کی چاہیے ۔ آپ جائیں آپ کی دس دن کی چھٹی منظور ہوگئی ہے ۔ انہوں نے کہا یہ کیسے ہو سکتا ہے چھٹی تو سیکرٹری نے دینی ہے ۔ اس نے کہا آپ درخواست لکھ کر مجھے دے دیں ۔ میرے سامنے انہوں نے درخواست اس سیکشن افسر کو دی یہی حال محکمہ تعلیم میں ہو رہا ہے ۔ اس طرح آپ وائس چانسلر کو ایک ادنی کلرک کے ماتحت کر دیں گے ۔ اس لیے آپ اس بات پر بنیادی فیصلہ کرلیں یا تو آپ نے چانسلر کے ذریعے یونیورسٹی کی بڑی لائنوں اور اچھی جگہوں پر کنٹرول کرنا ہے اور اگر یہ نہیں کرنا ہے تو چانسلر کی جگہ کسی کو ریٹائر لگا دیں ۔ سپریم کورٹ کے جج کو لگا دیں یا ہائی کورٹ کے جج

کو لگا دیں ۔ موجودہ صورت میں پوری یونیورسٹی اس کا چانسلر یا وائس چانسلر محکمہ تعلیم سے بر سر پیکار ہوگا ۔ ایک ہاتھ آپ نے ان کی گردن پر ڈالا ہوا ہے اور دوسرا ان کی کمر میں ڈالا ہوا ہے ۔ سیکرٹری تعلیم کی طرف سے یونیورسٹی کو خود بخود directive آتے ہیں ۔ دوسری طرف چانسلر کا ذکر بھی ہے کہ چانسلر بھی اسے کنٹرول کر سکتا ہے ۔ مزید دیکھیں جو چھوٹے چھوٹے ادارے ہیں سنڈیکیٹ اور سینیٹ وغیرہ میں چانسلر اپنی طرف سے بہت سے اراکین نامزد کر سکتے ہیں ۔ چانسلر صاحب کو آپ اتنا کام دیتے ہیں کہ اگر گورنر صاحب بطور چانسلر پانچ یونیورسٹیوں کا کام کریں تو صرف وہی کام ان سے ختم نہیں ہو سکتا ۔ ظاہر ہے اس صورت میں internal کنٹرول محکمہ تعلیم کے ہاتھ میں ہوگا ۔ جناب والا ۔ میرے پاس مختلف اداروں کے خطوط موجود ہیں ۔ میرے پاس مختلف اساتذہ کے ریزولیوشن بھی ہیں یہ میں آگے چل کر پڑھ کے سناؤنگا ۔ جس میں انہوں نے اس بات کی مخالفت کی ہے ۔ میں ایمانداری سے سمجھتا ہوں کہ یہ بات ایسی غلط بھی نہیں ہے ۔ طاقت کو اپنے ہاتھ سے چھوڑنا بڑا مشکل ہوتا ہے ۔ مگر یہ طاقت ہمارے کہنے کے اوپر تو چھوڑی نہیں جا رہی ۔ حالات کو کنٹرول میں لانے کے لیے ایسا کیا جا رہا ہے ۔

حضور والا ۔ یہ جو طلبا ہیں انہیں ایک چیز جس سے خاص طور پر نفرت ہے ۔ وہ ہپو کریسی ہے ۔ لگائی بجھائی ۔ اوپر سے کچھ اور اندر سے کچھ ۔ یہ باتیں انہیں پسند نہیں ہیں ۔ انہیں آپ صاف صاف بتائیں کہ آپ یہ بات مانیں گے یا نہیں ۔ ان سے گھبرانے یا ڈرنے کی بات نہیں ورنہ وہی حالات دوبارہ شروع ہوجائیں گے جن کی وجہ سے مارشل لا لگایا گیا تھا اور 1961ء کا بل آیا تھا ۔

جناب والا ۔ جب یونیورسٹی ایک پروفیسر کو مقرر کرتی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اسے قابل اور ذہین سمجھتی ہے اور اسے اجازت دیتی ہے کہ وہ اپنے خیالات اور علم کے مطابق سوچ بچار کرے ۔ اس کے بعد اس پر کنٹرول عائد کرنا ضروری نہیں ۔ تمام دنیا کی یونیورسٹیوں میں حتٰی کہ آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ چین اور روس میں بھی یہ

ہو رہا ہے - وہاں پر پروفیسر کو یہاں تک اجازت ہے کہ وہ کیمونزم کے خلاف دلائل لکھنے کے لیے ریسرچ کر سکتے ہیں - جب وہ پروفیسر کے لیول پر پہنچ جاتے ہیں تو کچھ خاص لائبریریاں ان کے لیے کھول دی جاتی ہیں کہ وہ دیکھ سکیں کہ وہ ہم نے کیا کیا غلطیاں کی ہیں - یہ ایک intellectual pursuit ہوتی ہے - اس میں کسی آدمی کو آپ دبا نہیں سکتے ہیں - سوچ کو آج تک کوئی روک نہیں سکا - جب ایک آدمی کو سوچ آ گئی ہے - اور وہ سیانا آدمی ہے - وہ آپکی یونیورسٹی کا ایک پروفیسر ہے تو اس پر یہ دباؤ ڈالنا کہ وہ تمہیں اس دفعہ چھٹی نہیں ملے گی - تمہیں اگلی دفعہ یہ کریڈٹ نہیں ملے گا - تمہارا پراویڈنٹ فنڈ ہم روک لیں گے - یہ باتیں اچھی نہیں ہیں - اس لیے آپ گورنمنٹ کا کنٹرول یا محکمہ تعلیم کا کنٹرول یونیورسٹیوں کے اوپر نہ رکھیں - یونیورسٹی کے اوپر آپ وائس چانسلر کو رکھیں اور وہ جو مناسب سمجھے وہ کریں کیونکہ یونیورسٹی کا چانسلر گورنر ہوتا ہے اور وہ صوبہ کا سربراہ بھی ہوتا ہے وہ خود سیکرٹری صاحب کے کہنے پر - وزیر صاحب کے کہنے پر اور ہماری درخواست پر یونیورسٹی کو ہدایات بھیج دے گا - آپ یہ باتیں اس طرح کی غلطی کر رہے ہیں - ان کی باتیں policy matter کے متعلق ہوں گی - آپ یونیورسٹی کے روزمرہ کے فرائض میں مداخلت نہ کریں کیونکہ محکمہ تعلیم بہت عرصہ تک اس کے اوپر کنٹرول کرتا رہا ہے اور اس لیے اب ان کے لیے یہ بڑا مشکل ہے کہ وہ اپنا کنٹرول چھوڑ دیں - اس کے متعلق میری درخواست یہ ہے کہ اس میں یا آپ گورنمنٹ کو رکھ لیں یا گورنر صاحب کو چانسلر رکھ لیں اور یہ دونوں باتیں ایک ہی وقت میں نہ کریں اس طرح سے یونیورسٹی کی آزادی آزادی نہیں رہے گی - میں گورنمنٹ سے بھی درخواست کروں گا اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات ہمارے ہاتھ سے تھوڑی بہت نکل گئی ہے اور یہ بات بہرحال ہمیں ماننی پڑے گی -

جناب والا - اب میں یہ عرض کروں گا کہ یہ بل کس حد تک اس مقصد میں کامیاب ہوگا - اس میں دو تین بنیادی باتیں ہیں ان میں سے جس طرح جناب محمد علی صاحب نے سینٹ کی بات کو منظور کر لیا ہے اس کے

بعد میں سمجھتا ہوں کہ اس بل کی کامیابی خدا کے فضل و کرم سے یقینی ہے ہم انشاءاللہ درست طور پر مستقبل کے لیے روایت قائم کر جائیں گے ۔ تمام یونیورسٹی کے بل اسی نمونے بنے تو یہاں ایک اور نئے راستے کا آغاز ہوگا ۔ اس میں میں مزید دو تین گزارشات عرض کرنی چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ یہاں ہمیشہ سے یہ شور ڈالا گیا ہے اور آپ بھی جانتے ہیں کہ 1945 سے اس بات کا شور ہے کہ بچوں کو سیاست میں حصہ نہیں لینا چاہیے ۔ یہ ایک فلسفیانہ تضاد ہے ۔ درحقیقت آپ بچوں کو کچھ نہیں کہہ سکتے کہ آپ کو سیاست میں حصہ نہیں لینا چاہیے ۔ دوسرے لفظوں میں جب آپ بچوں کو یہ کہتے ہیں کہ آپ سیاست میں حصہ نہ لیں اور ساتھ یہ بھی کہتے ہیں کہ آپ اکیس بائیس برس تک ایم ۔ اے وغیرہ پاس کرلیں اور دنیا کی تمام کتابوں کی چھان بین کرلیں ۔ لیکن اپنے ماحول سے بالکل متاثر نہ ہوں جس وقت آپ کو ڈگری مل جائے گی اس دن یک لخت آپ سیاست میں اتنے ماہر ہوکر نکلیں گے کہ آپ کو ووٹ کرنے کا بھی حق ہوگا ۔ آپ کو انتخابات لڑنے کا بھی حق ہوگا چونکہ آپ بڑے تعلیم یافتہ ہیں اس لیے آپ کی نمائندہ اداروں میں ضرورت بھی ہوگی تو میں یہ عرض کروں گا کہ یہ بات اسی طرح سے ہے جس طرح کوئی شخص یہ کہے کہ بچے کو پنگوڑے سے سیدھا بھاگنا سکھا دیا جائے ۔ اس کو گرنا ۔ بیٹھنا یا آہستہ چلنا نہ سکھایا جائے ۔ جناب والا ۔ بچے ہمیشہ اپنے ماحول سے متاثر ہوں گے ۔ بچے ہمیشہ سیاست میں حصہ لیں گے اور بچوں نے ہمیشہ سیاست میں حصہ لیا ہے ۔ یہ آج کی بات نہیں ہے بلکہ یہ بات مارٹن لوتھر کے زمانے سے بھی پہلے کی ہے ۔ نوجوان آدمی جس وقت کسی بات سے متاثر ہوتا ہے اس کے جذبات ہمیشہ ایک عام آدمی سے بہتر کام کرتے ہیں ۔ کیونکہ اس کے اوپر ذمہ داریاں اور زندگی کی بندشیں ذرا کم ہوتی ہیں اس لیے وہ ہمیشہ ہی سب سے پہلے تلوار بن کر نکلا ہے ۔ اس نے ہمیشہ پہلے قربانیاں دی ہیں اور اس نے پہلے ہی راستے استوار کیے ہیں ۔ اس لیے یہ کہہ دینا کہ طالب علم اپنے ماحول سے متاثر نہ ہو وہ یہ نہ سوچیں کہ ہمارے ملک میں کیا ہو رہا ہے یہ غلط بات ہے ۔ ہم کو یہ بھی نہیں

کہنا چاہیے کہ تم سیاست کے متعلق نہ سوچو صرف تعلیم کے متعلق سوچو ۔ تعلیم بذات خود ایک سیاست ہے ۔ تعلیم کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اگر آدمی میں زندگی کے پنپنے کی دنیا میں رہنے کو پنپنے کی یا دوسروں کی باتیں سننے کی قوت آ جائے تو ہم سمجھتے ہیں کہ وہ تعلیم یافتہ آدمی ہے ۔ جیسا کہ کہا گیا ہے Education is that thing which you possess apart from your Degree ڈگری کے علاوہ جو چیز ان کے پاس ہوتی ہے وہ اصل تعلیم ہوتی ہے ۔ وہ تعلیم آپ بچوں کو کس طرح دے سکتے ہیں جب آپ صبح و شام یہ نعرہ لگاتے رہیں کہ تم سیاست میں حصہ نہ لو ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ گورنمنٹ کی یہ پالیسی ہونی چاہیے کہ جو بچے سیاست میں حصہ لینا چاہتے ہیں وہ بڑی خوشی سے حصہ لیں وہ خود اپنا وقت ضائع کریں گے ۔ وہ خود تھرڈ ڈویژن میں آئیں گے اس میں ہمارا کوئی حرج نہیں ہے ۔ اگر وہ مناسب سمجھے تو سیاست میں حصہ نہ لیں اگر وہ مناسب سمجھے تو بڑی خوشی سے حصہ لے ۔ میں اس پر کوئی اعتراض یا کوئی باک نہیں ہونا چاہیے ۔ کیونکہ یہی طالب علم مستقبل کے لیڈر ہوں گے ۔ اللہ تعالے آپ کی عمر دراز کرے آج سے بیس پچیس سال کے بعد نیا سپیکر بھی طالب علموں سے ہی آئے گا ۔ اس طرح آپ سوچ سکتے ہیں کہ ان طالب علموں کو اس طرح سے نہ روکیں کہ کل کو ہماری لیڈر شپ یا کل کو ہماری ضروریات ہی ختم ہو جائیں ۔ سیاست سے ہر آدمی متاثر ہوگا ۔ جب وہ اپنے گھر میں جائے گا وہاں بھی سیاست ہوگی ۔ وہاں وہ دیکھے گا کہ روٹی کا کیا حال ہے ۔ اپنے والدین کا کیا حال ہے ۔ ملک کا کیا حال ہے ۔ پولیس کا کیا حال ہے ۔ جناب والا ۔ رکشا اور ٹیکسی والے دو روز سے طالب علموں کو دعائیں دے رہیں کہ ان کو پولیس والوں نے نہیں روکا ہے کیونکہ ٹریفک کو کنٹرول کر رہے ہیں ۔ آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ طالب علم سیاست میں حصہ نہ لیں ۔ وہ تو ہر حالت میں حصہ لیں گے تو پھر آپ کو غلط طور پر کوشش کرنے کی کیا ضرورت ہے ۔

جناب والا ۔ میں اس بل کی کامیابی کے لیے ایک اور ضروری گزارش کرنی چاہتا ہوں ۔ میں چار پانچ طالب علم لیڈروں کے پاس گیا ۔ انہوں نے

ماشاءاللہ مختلف 57 جماعتیں بنا رکھی ہیں - میں آپ کی وساطت سے پریس اور لڑکوں کو خاص طور سے درخواست کروں گا کہ جو 57 آرگنائزیشنز ہیں ان کے لیڈر زیادہ وقت فلیٹی ہوٹل میں - پارک لگژری ہوٹل میں اور انٹرکنٹینٹل ہوٹل میں گزارتے ہیں - ان کے پاس حال ہی میں بہت سے سکوٹرز آگئے ہیں - میں نے میکلوڈ روڈ پر جو سکوٹروں کی دوکانیں ہیں پتہ کیا ہے کہ ان کے پاس یہ سکوٹرز کہاں سے آگئے - ان کے پاس نئے نئے سوٹ بھی آگئے ہیں - جو لڑکے ان کے پیچھے چل رہے ہیں وہ میرے بھائی ہیں - وہ میرے بیٹوں جیسے ہیں - میری ان سے بھی یہ درخواست ہے کہ - - - -

Malik Muhammad Akhtar. On a point of order. Sir, I have got serious objection to the speech of the Hon'ble Member. Probably he is challenging the integrity and probably the patriotism of the students. Probably he means to say that they have been financed by somebody. I do not want to go further in that.

Mr. Speaker. He has not said so.

Malik Muhamm d Akhtar. That is really objectionable.

Mr. Speaker. He has not said not so. Let us hear him.

چودھری انور عزیز - جناب والا - میری بھی گزارش سن لیں - جو تقریریں حزب اختلاف کی طرف سے ہوئی ہیں ان میں ایک شعر کہا گیا ہے کہ

جو چپ رہے گی زبان خنجر - لہو پکارے گا آستین کا

جناب والا - جذبات سے کھیلنے کے لیے ہمارے لیے باہر بڑے مواقع ہیں - یہاں پر ہم قانون بنانے کے لیے بیٹھے ہیں جہاں پر مستقبل کی سوچ اور ذمہ داری اٹھانی پڑتی ہے - میں جو بات کہہ رہا ہوں پوری ذمہداری سے کہہ رہا ہوں - اگر کوئی آدمی یہ سمجھتا ہے کہ میں طالب علموں کے خلاف بات کر رہا یا یہ کہہ رہا ہوں کہ وہ غب الوطن نہیں ہیں تو میں واقع قابل گردن زدنی ہوں لیکن یہ باتیں جو میں آپ کے سامنے عرض کر رہا ہوں یہ پوری ذمہ داری کے ساتھ عرض کر رہا ہوں - مجھے اس کے متعلق ذاتی علم ہے -

کیا یہ بات درست نہیں ہے کہ یہاں 57 آرگنائزیشن ہیں ؟ بڑے بڑے ہوٹلوں کی کانفرنسیں ہوتی ہیں ۔ کل ان کے پاس پیسہ نہیں تھا آج پیسہ کہاں سے آ گیا ؟ کل ان کے پاس سوٹ نہیں تھے آج ان کے پاس سوٹ کہاں سے آ گئے ؟ کیا یہ باتیں درست نہیں ہیں کہ کل تک ان کے پاس سکوٹرز نہیں تھے آج نئے سکوٹرز کہاں سے آ گئے ؟ اگر ایک آدمی ملٹری کا ہے تو آپ اس کا محاسبہ کرتے ہیں ۔ سول کا جو آدمی ہے اس کا آپ محاسبہ کرتے ہیں ۔ ایک آدمی جو باڈر ایریا کا ہے اس کا آپ محاسبہ کرتے ہیں ۔ لیکن طالب علموں کا اس لیے آپ محاسبہ نہیں کرتے ہیں کہ آج ان کے پاس طاقت آئی ہوئی ہے ۔ ماشاالله اختر صاحب یہ سمجھتے ہیں دو تین باتیں ہی کرنے سے میں لیڈر بن جاؤں گا ۔ جناب والا ۔ کیا ان سے نہیں پوچھا جائے گا ۔ کہ آپ بھی ہمیں یہ حساب بتائیں ؟ کیا یہ روز حساب میرے ہی لیے ہے ۔ اختر صاحب کے لیے کبھی نہیں ہوگا صرف اس لیے کہ وہ حزب اختلاف سے تعلق رکھتے ہیں ۔ حزب اختلاف کی طرف سے عجیب عجیب باتیں کہی گئی ہیں ۔ سر تیج بہادر سپرو کے متعلق خواجہ محمد صفدر صاحب نے فرمایا ہے کہ ان کی 13 جلدوں پر مشتمل رپورٹ ہے ۔ ان کو یہ اندازہ ہوگا کہ اس کو کسی نے دیکھا نہیں ہوگا ۔ لیکن بد قسمتی سے کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو ایسی کتابوں کو دیکھتے رہتے ہیں ۔ اس کا حوالہ دیا گیا ہے کہ اس میں بڑی نئی نئی ترکیبیں ہیں ۔ اس کو انگریز نے نہیں اپنایا ہے ۔ اس کو ہندوستان نے نہیں اپنایا ہے ۔ جناب والا ۔ ہم کو سر تیج بہادر سپرو کی باتیں نہیں چاہئیں ۔ آن سے ان طلبا کے جذبات کو نہ ابھاریں ۔ ہم اچھی باتوں پر اپنے مستقبل کی بات کریں ۔ جب بھی کوئی quotation کی بات ہوتی ہے ۔ اپوزیشن والے پرانی باتیں کرتے ہیں ۔ حمزہ صاحب نے کہا ہے ۔ کہ یونیورسٹی کو آزاد کرنے کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ امیر لوگ آئیں ۔ اور وہ سنبھالیں ۔ کبھی کسی نے یونیورسٹی کو دیکھا ہو ۔ تو یہ پتہ چلے ۔ کہ ہمارے سامنے بل کیا ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے متعلق میں گزارشات کرنا چاہتا ہوں ۔ ملک صاحب میں دوبارہ عرض کرتا ہوں ۔ کہ یہ بھی ذمہ دار نہیں ۔ ان کو بھی

باتیں کرنی ہیں ۔ میں ان سے ملا ہوں ۔ اور میں نے ان کے گھر جا جا کر باتیں کی ہیں ۔ interview لئے ہیں ۔ ان کو ہم سے چڑ ہے ۔ کہ ہم مسلم لیگ پارٹی کے ممبر ہیں ۔ شاید ہم نے کارتوس چھپا رکھے ہیں ۔ جو ہم ان پر چلائیں گے ۔ جب انہوں نے مجھ سے باتیں کیں ۔ تو میں نے ان سے مختصر سوال کیا کہ آپ چاہتے کیا ہیں ۔ ایک دو تین ۔ دس بیس جو خواہشات ہیں ۔ وہ ہمیں لکھکر دے دیں ۔ تاکہ ہم اس کے متعلق بات کر سکیں ۔ میں جتنے لیڈروں کو ملا ہوں ۔ ان میں سے کوئی صحیح طور پر اپنی خواہشات کا اظہار نہیں کر سکا ۔ یہ میں ذمہ داری سے ملک صاحب کہتا ہوں ۔ کہ میں نے ان کو کہا کہ لکھ کر دے دیں ۔ تاکہ مجھ پر بھی ذمہ داری ہو ۔ انہوں نے interview میں جو کہا ہے ۔ وہ یہ ہے ۔

(1) صدر صاحب کے نشر کردہ اعلان کے مطابق اپوزیشن اور گورنمنٹ کے جو مذاکرات ہو رہے ہیں ۔ اس میں طالب علموں کی نمائندگی ہونی چاہئے ۔ میرے خیال میں پنجاب یونیورسٹی کے لئے وائس چانسلر صاحب ۔ پنجاب یونیورسٹی کی نمائندگی کر سکتے ہیں ۔ اور وہ طلبہ کے وفود سے مذاکرات کریں ۔ اور ان کو پیش کریں ۔ اس طرح دوسرے اداروں کے سربراہ ان میں شامل ہوں ۔ یہ تو جناب ان کی خواہش ہے ۔ کہ ان کے نمائندے صدر صاحب سے سیاسی حالات پر بحث کریں ۔ اس خواہش کو آپ لوگ کہہ سکتے ہیں ۔ کہ اچھی خواہش نہیں ہے کچھ صاحب کہہ سکتے ہیں کہ اچھی خواہش نہیں ۔ لیکن بعض اوقات ہم اپنے بچوں کا دل رکھنے کے لئے ایسی باتیں کرتے ہیں ۔ جو اچھی نہیں ہوتی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کے دو چار نمائندے ہوں ۔ تو کوئی بات نہیں ہے ۔ ہم کو انہیں خوش کرنے کے لئے ۔ ان کے جذبات کو سرد کرنے کے لئے کوئی طریقہ ضرور نکالنا چاہئے ۔

(2) طالب علموں کو اپنا مستقبل تاریک معلوم ہوتا ہے ۔ حکومت ان کے مستقبل کے بارے میں ملازمت دینے کا بندوبست کرے ۔ اور ملازمت کا تحفظ کیا جائے ۔ عمر سرکاری ملازمت کے لئے اٹھارہ سے پنتیس سال تعین ہو ۔ اس طرح بیروزگاری دور کرنے میں مدد

ملے گی ۔ صنعتی تعلیم کو زیادہ سے زیادہ کریں ۔ پھر غریب طالب علموں کے لئے تعلیم کا مفت انتظام کیا جائے ۔

(3) جو شخص ملازمت یا روزگار کے سلسلہ میں ملک سے باہر جاتا ہے ۔ حکومت نہایت کم خرچ اور جلد از جلد انتظام کا بندوبست کرے ۔

(4) اپنے جذبات اور خیالات کا اظہار کرنے کی پوری اجازت ہو ۔ پولیس اس میں کوئی روکاوٹ نہ ڈالے ۔ اور پولیس کے اختیارات میں کمی کی جائے ۔ یہ جناب والا ۔ میں اس لئے ظاہر کر رہا ہوں کہ سٹوڈنٹس یہ تو سوچ رہے ہیں کہ کچھ ہونا چاہئے ۔ شاید ان کے ذہن میں یہ نہیں کہ کیا ہونا چاہئے ۔ ہمیں سب کے جذبات کا احترام کرنا چاہئے ۔ اور جو بھی محکمہ جات ان سے متعلقہ ہیں ۔ انہیں ان کے جذبات کا خیال رکھنا چاہئے ۔

Mr. Speaker. Your time is over now. You had asked for half an hour and you have consumed half an hour.

Chaudhri Anwar Aziz. Sir, I think the half hour has consumed me as well because I am finding already that my energies are dwindling. I will, Sir, take at the most seven or eight minutes more.

Mr. Speaker. Please try to be brief.

چودھری انور عزیز ۔ Sir یہ Teachers کی طرف سے ہے ۔ پروفیسرز کی طرف سے ہے ۔ میں پڑھتا ہوں ۔

> The Education Department has not only tried to intervene in the decision-making process of the University but has also made indirect attempts to control the activities of the acadmic staff. We deplore the fact that the West Pakistan Lecturers' Associatien was clearly subjected to intimidation by

the department for perfectly legitmate activities.

جناب والا ۔ نتیجہ اس سے یہ نکلتا ہے کہ education deptt. اس قسم کے کام کرتا رہا ہے کہ جس سے پروفیسروں کے دلوں میں ۔ ٹیچرز کے دلوں میں خوف و ہراس ہے ۔ کہ ہم کوئی صحیح بات کرینگے تو ڈیرہ غازی خان کے کالج میں چلے جائینگے ۔ جناب والا ۔ اس قسم کی تلوار ان پر لٹکتی رہتی ہے ۔ جیسا کہ یہ تلوار ہمارے سر پر کافی عرصہ رہی ہے ۔ اس طرح ایک شخص صحیح دلیل نہیں دے سکتا ۔ جناب والا ۔ میں گزارش کروں گا کہ ان پروفیسروں کے اور ان ٹیچروں کے بازو اس طرح نہیں مروڑنے چاہئیں۔ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ تنگ نہ کرے ۔ میرے پاس پانچ چھ چٹھیاں ہیں ۔ وقت کی کمی کی وجہ سے جلد جلد پڑھ دیتا ہوں ۔

(1) ایک تو کہتے ہیں کہ Deans جو ہیں ۔ وہ ممبروں میں سے elect ہونے چاہئیں ۔

(2) گورنمنٹ کا دخل عمل اس طرح یونیورسٹی میں نہ رہے ۔

(3) سنڈیکیٹ میں ٹیچرز کے دو نمائندے لئے جائیں ۔

(4) P. E. P. & D. کو منسوخ کیا جائے ۔ ان کا ایک مطالبہ جو بڑے زور شور سے ہے ۔ یہ ہے کہ ۔ ۔ ۔

Education Secretary of the Government of West Pakistan should cease to be the Secretary to the Chancellor.

(5) ایک اور بات وہ کہتے ہیں ۔ جس کا ان کو بھی خوف ہے ۔ اور مجھے بھی خوف ہے کہ treasurer کا نیا عہدہ جو ہے ۔ اس پر جو آدمی لگے ۔ وہ محکمہ تعلیم میں سے نہیں ۔ بلکہ یونیورسٹی سٹاف سے ہو ۔ C.S.P. پول سے نہ ہو ۔ کیونکہ جناب والا ۔ جو باہر سے آتا ہے وہ یونیورسٹی کیساتھ زیادتی کرتا ہے ۔

جناب والا ۔ میں صرف ایک منٹ میں دو تین باتیں عرض کروں گا پہلے یہ کہ اب مصلحت کوشی کو چھوڑ کر کوئی صحیح بات کرنا شروع کر دی جائے ۔ دوسرے ہپو کریسی زیادہ دیر تک نہیں رہ سکتی ۔ ہیرو کریسی بھی زیادہ دیر تک نہیں چل سکتی ۔ یہ آپس میں کوئی رشتہ دار معلوم ہوتی ہیں ۔ میں چاہتا ہوں کہ اب ہپو کریسی کو چھوڑ دیا جائے تیسری بات جو نہایت ضروری ہے وہ یہ ہے کہ اگر آپ نے اس ملک میں دولت بانٹنے کا کوئی طریقہ ایجاد نہ کیا تو آپ کو تین چار سال کے بعد غربت بانٹنے کا طریقہ ایجاد کرنا پڑے گا ۔

خان اجرن خان جدون ۔ جناب والا ۔ یہ بہت اہم موقع ہے کہ اس معزز ایوان کے سامنے یونیورسٹی آرڈیننس کی تنسیخ کے لئے ایک نیا بل یونیورسٹی کو چلانے کے لئے پیش کیا گیا ہے ۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ legislation میں یہ طریقہ بل کو رائج کرنے کے لئے رکھا گیا ہے ۔ تا کہ کسی قانون کو بناتے وقت اس کے تمام پہلوؤں پر پوری طرح غور کیا جائے ۔ آرڈیننس کی شکل میں جو قوانین نافذ ہوئے ہیں ۔ یا نافذ ہو رہے ہیں ۔ میں آپ کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ ان کا انجام وہی ہوگا ۔ جو یونیورسٹی آرڈیننس کا ہوا ہے ۔ کیونکہ کوئی آرڈیننس جب حکومت خود بناتی ہے ۔ یا کوئی شخص بناتا ہے ۔ جو حکومت کا employee ہوتا ہے ۔ تو اس کے سامنے عوامی نظریات نہیں ہوتے ۔ اس کے پیش نظر عوامی ضروریات نہیں ہوتیں یہی وجہ ہے کہ وہ نا مکمل ہوتا ہے ۔ اور دیرپا نہیں رہتا ۔ میں اس طریق کار کے خلاف ہوں ۔ لیکن میں امید کرتا ہوں کہ یہ بل جو Education Department نے draft کیا ہے ۔ اور جس شکل میں تیار ہوا ہے ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے ۔ کہ صدر مملکت نے تمام مطالبات مان لئے ہیں ۔ پھر بھی اس کے لئے کافی ترمیمات آئی ہیں ۔ اور کافی time صرف ہو رہا ہے ۔ پاس ہو جانے پر یہ ایک اچھا قانون بن جائیگا ۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ ایوان جب کسی قانون کو بل کی شکل میں پاس کرے گا ۔ اس پر بحث ہوگی ۔ تو اس میں عوام کے نظریات کو محفوظ رکھا جائے گا ۔

جناب والا ۔ اس بل کی اہمیت بہت زیادہ ہے ۔ یہ ہماری قوم کے اس طبقہ سے تعلق رکھتا ہے ۔ جو قوم کا نہایت قیمتی سرمایہ ہے ۔ اس طبقہ کو

یعنی طلباکو جس طرح سے تربیت دیں گے - اور جس طرح سے اسے تیار کریں گے - اسی طرح ہماری آئندہ قوم ہوگی -

جناب والا - طلبا کی تربیت کا انتظام حکومت کے ذمہ ہے - عوام کا فرض ہے کہ اس کے لئے سرمایہ فراہم کرے - اب ہم نے دیکھنا ہے کہ ایک ایسا نظام مہیا کیا جائے - جو self implementing ہو یونیورسٹی کے تعلیمی نظام کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے - ایک تو وہ جو یونیورسٹی کے level کا ہو - اور دوسرا وہ جو کم درجہ تعلیمی level کا ہو - کم درجہ تعلیم کے نظام کو حکومت خود administer کرے - اور اس کا انتظام اپنے ہاتھ میں رکھے - جہاں تک یونیورسٹی کا تعلق ہے - اس کے لئے ضروری ہے کہ ایک خود مختار ادارہ بنایا جایا جائے جو اس کا انتظام کرے - اور وقت کے مطابق اس کے حالات کو پیش نظر رکھے -

جناب والا - جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے - پاکستان ایک نظریاتی مملکت ہے - اس نے قانون بناتے وقت اس کے نظریات اور وقت کے تقاضوں کو بھی پیش نظر رکھنا چاہئے - ہم نے آئندہ کے لئے ایسی leadership مرتب کرنی ہے - جو اس مملکت کے نظریات اور تقاضوں کو پورا کر سکے اور پروان چڑھا سکے - یہ ہمارا بنیادی فرض ہے -

جناب والا - طلبا کے لئے اعلیٰ تعلیم مہیا کرنا ہمارا فرض ہے - لیکن ہمیں صرف یہ نہیں کرنا چاہئے کہ یونیورسٹی آرڈیننس بنا دیں - اختیارات دے دیں مگر پیسے مہیا نہ کر سکیں - ہم روزانہ دیکھتے ہیں کہ فنانس ڈیپارٹمنٹ اکثر اوقات پیسے نہیں دیتا - اس کے لئے planning ہونی چاہئے کہ جتنے پیسوں کی ضرورت ہو - وہ بآسانی مہیا ہو سکیں - ہم اس معزز ایوان میں یہ بات کئی بار عرض کر چکے ہیں کہ کوئی education cess لگا دیں - یا کوئی ایسا طریقہ اختیار کریں - جس سے تعلیم کے لئے فنڈز مہیا ہو سکیں - اور ہم تعلیم کا صحیح معیار حاصل کر سکیں - یا طلبا کو اعلیٰ تعلیم کے لئے scholar ship دے سکیں ورنہ وہ زیادہ ترقی نہ کر سکیں گے - کیونکہ عوام کی مالی حالت ایسی نہیں کہ ان کو آگے

بھیج سکیں ۔ وہ اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم دلا سکتے ہیں کہ فیسوں میں کمی یا رعایت دی جائے ۔

جناب والا ۔ اس وقت جو یونیورسٹی میں زیر بحث ہے ۔ یہ بڑا اچھا بل ہے ۔ اور میں امید کرتا ہوں کہ جو تجویز پیش کی گئی ہے ۔ یہ انشاالله اسے پاس کرائیں گے ۔ اور یہ ایک مثالی قانون ہوگا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک ایسا قانون ہوگا ۔ جو self implementing ہوگا ۔ اور بدلتے ہوئے حالات اور تقاضوں اور ضروریات کو خود بخود پورا کرے گا ۔ یہ بل جو اس وقت ہمارے سامنے آیا ہے ۔ پہلے اس میں senate کی گنجائش نہیں تھی ۔ مجھے امید ہے کہ اب senate کو اس میں provide کیا جائے گا ۔ جس میں زیادہ افراد representative character کے ہوں گے ۔ اس میں طلبا کے نمائندے بھی ہوں گے ۔ اور یہ senate ایک supreme body ہوگا ۔ وہ خود ہی یونیورسٹی کے لئے تمام قوانین بنائے گا ۔ بجٹ پاس کرے گا یونیورسٹی کے رولز بنائے گا ۔ اس کی statute ہوگا ۔ اور جیسی جیسی ضروریات ہوں گی ۔ اور جیسے جیسے حالات ہوں گے ۔ ان کے مطابق خود ہی رولز بنائے گا ۔ اور محکمہ تعلیم اس سے بچ جائے گا ۔ یہ جو حالات اس وقت پیدا ہوتے ہیں ۔ یہ اس وجہ سے ہیں کہ پہلے اس قسم کے ادارے نہیں تھے ۔ اب یہ بڑا قدم اٹھایا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک یونیورسٹی کی خود مختاری کا تعلق ہے ۔ بہت سے معزز ممبران نے اپنی رائے کا اظہار کیا ہے ۔ اور میں بھی یہ رائے رکھتا ہوں کہ یونیورسٹی کو خود مختار ہونا چاہئے ۔ اس میں حکومت کی مداخلت قطعاً نہیں ہونی چاہئے ۔ البتہ اس کے accounts پر check رکھنا چاہئے ۔ اور ان کو audit کرنا چاہئے ۔ میں تو چاہتا ہوں کہ اس کے accounts کو اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے سامنے پیش کیا جائے ۔ میں اس بات پر زور دوں گا کہ اس کی ضروریات کے پیش نظر زیادہ پیسہ دیا جائے ۔ لیکن اسے باقاعدہ طور پر آڈٹ کیا جائے ۔ تاکہ وہ صحیح طریقہ پر utilize کر سکے ۔

Mr. Speaker. Please conclude your speech now.

خان اجون خان جدون ۔ آخر میں جناب خان محمد علی خان کو اس باب پر بھی مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے اس سلسلہ میں ہر تجویز کا خیر مقدم کیا ہے اور اس پر بے حساب meetings کی ہیں اور ہم لوگوں نے بھی ان کے ساتھ ملاقاتیں کی ہیں اور تمام چیزیں جن کو وہ اب کھلے دل سے منظور کر رہے ہیں ان کے لئے ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

(Mr. Deputy Speaker. Syed Yusuf Ali Shah, in the Chair).

Mr. Deputy Speaker. Let there be a count. (count was taken). The House is in quorum. Yes, the Minister for Education.

Bills

THE UNIVERSITY OF SIND BILL, 1969
(Bill No. 14 of 1969) Leave to Withdraw.

Minister for Education. Sir, I beg to move ;

> That leave be granted to withdraw the University of Sind Bill, 1969 (Bill No. 14 of 1969).

Mr. Deputy Speaker. Motion moved and the question is:

> That leave be granted to withdraw

the University of Sind Bill, 1969 (Bill No. 14 of 1969).

(*The motion was carried.*)

THE UNIVERSITY OF SIND BILL, 1969
(Bill No. 29 of 1969)

Minister for Education. Sir, I beg to introduce the University of Sind Bill, 1969 (Bill No. 29 of 1969).

Mr. Deputy Speaker. The University of Sind Bill, 1969. stands introduced.

Minister for Education. Sir, I beg to move :

> That the requirements of rule 74 of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan be dispensed with in so far as the University of Sind Bill, 1969 is concerned.

Mr. Deputy Speaker. Motion moved and the question is :

> That the requirements of rule 74 of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan be dispensed with in so far as the University of Sind Bill, 1969 is concerned.

(*The motion was carried.*)

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر تعلیم نے سندھ یونیورسٹی بل واپس لینے کا اعلان کیا ہے ۔ مجھے یہ توقع تھی کہ آج قائد ایوان ہنگامی حالات کو واپس لینے کا بھی اس ایوان میں اعلان کریں گے لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا ۔ (قہقہے)

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ ان کا ایک ریزولوشن ہے جو ساقط ہو چکا ہے ۔ اس لئے یہ پریشان ہیں ۔

THE UNIVERSITY OF PUNJAB BILL, 1969.
(Bill No. 13 of 1969) Resumption of Consideration

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - میں جمعہ کے روز یہ عرض کر رہا تھا کہ کلاز 5 کی ذیلی کلاز (14) جس میں یونیورسٹی کو یہ اختیار دئیے گئے ہیں کہ وہ طلبا کے خلاف تحریری کارروائی کرنے کےلئے رولز بنائے - میں نے اس میں یہ ترمیم دی ہے -

جناب والا - دفعہ 5 یونیورسٹی کے اختیارات کےمتعلق ہے - اس کی سب کلاز (14) میں اس طرح ترمیم کرنا چاہتے ہیں -

> to frame rules for taking disciplinary action including imposition of penalties of rustication and explusion in relation to the students of the University or affiliated colleges.

جناب والا - یہ دفعہ اس کلاز 5 کے تحت اس سے قبل بھی موجود تھی - رسوائے زمانہ آرڈیننس 1961 کےتحت جو پنجاب یونیورسٹی کے متعلق تھا اور میری اطلاع کے مطابق کم و بیش ایک سو سے زائد طلبا کو اس کے تحت مجبور کیا گیا کہ وہ کالج چھوڑ جائیں - یونیورسٹی کے حکام کہتے ہیں کہ ہم نے صرف پانچ لڑکے rusticate کئے ہیں - جس کا ذکر حمودالرحمان رپورٹ میں کیا ہے - میں اس رپورٹ کا تراشا پڑھتا ہوں -

> At Lahore, although students were supporting general students agitation against the education reforms, no serious trouble had taken place until the election of University Union, when Mr. Barkullah, who was running for the presidentship of the Union, came in clash with the University administration, and in his support, it is said that a large body of students went in, raided the office of Vice-Chancellor. (Sir, mark

the words used). This triggered a further agitation leading to clashes between students and police at various places in the city, and the arrest of Barkullah, and a large number of other students.

جناب والا ۔ بارک‌اللہ کو اس کے بعد rusticate کیا گیا ۔ اس دفعہ کو استعمال کرنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس کے بعد وسیع پیمانے پر طلبا کی ایجی‌ٹیشن ہوئی ۔ انہوں نے مظاہرے کئے ان پر گولی چلائی گئی ۔ ان کو ٹیئر گیس کیا گیا ۔ لیکن جو ایجی ٹیشن چلی تھی وہ چلتی رہی ۔ آج میں اس ایوان کے دونوں جانب کے ممبر حضرات سے یہ گذارش کروں گا کہ وہ دفعات کی شدید مخالفت کریں جو یونیورسٹی آرڈی‌نینس 1961 کی ہیں اور جنہیں اس بل میں ویسے ہی زندہ رکھا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ میں آپ کی اجازت سے یہ عرض کرتا ہوں کہ اب ہم کلاز 5 پر آ گئے ہیں ۔ ایوان نے متفقہ طور پر تو نہیں مگر ووٹوں کے ذریعے کم و بیش 35-40 ترامیم کو منسوخ کرنے کے بعد یہ لیجسلیشن کی ہے ۔ کلاز (1) اسی آرڈی‌نینس کی ہے ۔ کلاز (2) میں صرف (این) اور (ایس) کو بدلا گیا ہے ۔ کلاز (3) بالکل ویسی ہے کلاز (4) بالکل ویسی ہے کلاز (5) بالکل اس کا چربہ ہے اور بتلایا جا رہا ہے کہ ہم نے یونیورسٹی آرڈیننس کو منسوخ کر دیا ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی زبردستی ہے ۔ میں اپنے محترم وزیر کی خدمت اقدس میں یہ عرض کروں گا کہ ملکی حالات ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker. The Member is not relevant.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اب میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ rustication کی جو دفعہ ہے جسے کلاز 5 (ایچ) میں رکھا گیا ہے یہ بالکل ایسی ہے جیسی سابقہ آرڈیننس کی دفعات تھیں ۔ اب میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اس نئے بل کے تحت رولز بنانے کے اختیارات کس کے پاس ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ اختیارات یونیورسٹی اتھارٹی کے پاس ہیں اور اگر آپ کلاز (15) کو دیکھیں تو یونیورسٹی اتھارٹی سنڈیکیٹ اکیڈیک کونسل ، فیکلٹیز ، بورڈ

آف سٹڈیز وغیرہ میں ہیں ۔ یعنی جناب والا ۔ انہوں نے ڈسپلن کمیٹی بنا دینی ہے جس کی constitution اس ہاؤس نے نہیں بنائی ۔ اگرچہ ہم نے اس ڈسپلن کمیٹی کی اتھارٹی کے متعلق یہاں رولز کو بنایا ہے ۔ مگر یہ ڈسپلن کمیٹی کی تشکیل آج تک ہمارے سامنے نہیں آئی ۔ یہاں یہ ڈسپلن کمیٹی کا لفظ لگا سکتے ہیں ۔ مگر انہوں نے کہا ہے ۔

> Hamood-ur-Rehman Commission had received enough evidence to conclude that domineering attitude . . . . .

جناب والا ۔ حکومت بڑی ہوشیار ہے یہ چاہتے ہیں کہ چانسلر اور وائس چانسلر اور دیگر سرکاری افسران جو ہوں گے وہ ڈسپلن کمیٹی میں رولز بنائیں گے ۔ میں آج اس ایوان کے معزز اراکین سے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ یہ بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں کہ آپ طلبا کے مطالبات کے حق میں ہیں ۔ rustication کا مسئلہ ایسا ہے جس کے متعلق حمودالرحمان رپورٹ میں یہ کہا گیا ہے کہ پنجاب میں 1962 کے ہنگاموں کی ذمےداری اس پر تھی ۔ بارک‌اللہ جو rusticate ہوا اس کے خلاف انضباطی کارروائی کی گئی ۔ وہ انہی رولز کے تحت کی گئی تھی آج ان رولز کو قائم رکھ کر ہم سے یہ توقع رکھنا کہ ہم ان رولز پر اپنا انگوٹھا ثبت کر دیں گے ۔ میں سمجھتا ہوں مناسب نہیں ۔ اگر آپ ملاحظہ فرمائیں تو طلبا کی بے چینی کی وجہ یہی ڈسپلنری رولز تھے ۔ جن کے تحت وقتاً فوقتاً کم و بیش ایک سو طلبا کے خلاف کارروائی کی گئی ۔ بہت سے طلبا کو مجبور کیا گیا کہ migrate کر جائیں اور بعض دوسرے طلبا کو کالجوں سے نکالا گیا ۔ جب ہم یونیورسٹی کی خود مختاری کی پر زور حمایت کرتے ہیں تو ہمیں چاہئے کہ اس بل میں ایسے اختیارات ہرگز ڈسپلن کمیٹی کو نہ دیں ۔ جناب والا ۔ ڈسپلن کمیٹی میں کون لوگ ہوں‌گے یہی افسر ہوں گے یا اگر غیرسرکاری لوگ ہوں‌گے تو وہ چانسلر یا وائس‌چانسلر کے نامزدگان ہوں گے ۔ جناب والا ۔ میں اپنی تقریر طویل نہیں کرنا چاہتا مگر یہ ایک کمیشن کا تراشا ہے میں اسے پڑھ دوں ۔

جناب والا ۔ انہوں نے بڑے سخت الفاظ میں ڈسپلنری رولز کی مخالفت کی ہے ۔

> ...that the domineering attitude of the Registrar and his sub-ordinates towards the students and teachers was a major irritant in their relatsonship with the University. Most of these officials were haughty and over-bearing in their relation with the students and teachers and obstructionism had become outstanding. They prided themselves on their ability to behave like so many minor Vice-Chancellors.

جناب والا ۔ یہ تراشے حمودالرحمان کمیشن رپورٹ کے ہیں ۔ جس میں انہوں نے یونیورسٹی کو ایک خود مختار ادارہ ہونا تجویز کیا ہے اور یونیورسٹی میں وائس چانسلر یا ان چھوٹے چھوٹے وائس چانسلروں یعنی رجسٹرار اور دیگر افسران کی شدید مخالفت کی ہے ۔ جناب والا ۔ ایک طرف صدر مملکت ۔ جناب گورنر مغربی پاکستان اور جناب وزیر تعلیم صاحب کے یہ ارشادگرامی ہیں کہ ہم نے طالب علموں کو پرانے ہنگامی قانون سے نجات دلا دی ہے۔ مجھے یہ بتایا جائے کہ کیا یہ کسی جرائم پیشہ قبیلے کے لئے قانون بنایا جا رہا ہے ؟ کیا طالب علم ان کے اپنے بچے نہیں ہیں ؟ میں ان کی نیت ۔ میں ان کے مقاصد ۔ میں ان کے ارادوں بلکہ ان کے خونیں ارادوں سے بالکل واقف ہوں ۔ آج جب اس ہاؤس سے بل پاس کرایا جا رہا ہے ۔ چانسلر یا وائس چانسلر ایسے ہی ہیں ۔ (اگر میں غیر متعلقہ بات نہیں کر رہا ہوں) جیسے جاپانی کھلونے دیکھے جاتے ہیں کہ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister for Education. Sir, is the Member relevant ?

Mr. Deputy Speaker. He is not relevant.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہاں

بیورو کریسی کا کنٹرول ہے۔ آج پھر بدلتے ہوئے حالات میں وہی rustication کی پرویژن کو رکھ رہے ہیں جس کے خلاف طالب علم پشاور سے لے کر کاکس بازار تک سینہ سپر ہو کر کہتے رہے کہ یہ متشددانہ پرویژن ہے اس کو repeal کیا جائے ۔ جمعہ کے روز بھی دو طالب علم انہی دفعات کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے شہید ہوئے ۔ جناب والا ۔ میں ہاؤس کے دونوں جانب کے ممبران سے جس میں میں اپنے آپ کو بھی شامل کرتا ہوں ۔ مخاطب ہوں کہ یہ کیسے کسی پڑھے لکھے کو befool کریں گے ۔ ان کی آنکھیں کیسے بند کر دیں گے ۔ اس بل میں جس کا ہر "نقطہ" ہر "کامہ" خون میں تیر رہا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker. Again, the Member is not relevant.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں rustication کے متعلق بات کر رہا ہوں ۔ مجھے اس بات پر بھی سخت احتجاج اور اعتراض ہے کہ قواعد بنانے کی بجائے جو بھی طالب علموں سے بات کرنی تھی اس کے متعلق براہ راست اس ایوان میں چند دفعات کیوں نہیں لے کر آئے ۔ ابھی آپ دیکھ رہے ہیں کہ Vice-Chancellor vs Students کے سلسلہ میں hostile ہونے پر enemy ہونے پر disciplinary action لیا جا رہا ہے ۔ یہ طالب علموں پر مظالم ڈھا رہے ہیں ۔ جنہوں نے 8 سال کی متواترجدوجہد کے بعد حکومت کو اس بات پر آمادہ کیا ہے کہ اس یونیورسٹی ہنگامی قانون کی مکمل تنسیخ کی جائے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker. Please refer to your amendment.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ انہوں نے disciplinary committee کی تشکیل اور قواعد کی شق رکھی ہے ۔ اگر ان کا دامن صاف ہے ۔ اگر یہ اپنی بغل میں خنجر نہیں رکھتے تو کیوں نہیں اس کے متعلق یہاں لیجسلیشن کرتے ۔ میں خان محمد علی خان صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں اگر وہ disciplinary committee کی constitution اس ہاؤس سے کرواتے جب کہ ہر یونیورسٹی ایکٹ کے ساتھ first ordinances شامل کئے جاتے

ہیں ۔ جہاں جھگڑے کی بات تھی ۔ وہ وہی کی وہی رہی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں یہ شدید بے انصافی ہے ۔ یہ کارروائیاں ہماری طرف سے ہوں یا حکومتی پارٹی کی طرف سے ہوں ۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ ہم سب کا یوم حساب قریب ہے ۔ ۸ سال سے اس ہنگامی قانون کے خلاف جو شدید احتجاج جاری تھا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Munawar Khan. Point of order. The Member is consistently irrelevant.

ملک محمد اختر ۔ خان صاحب بنوں میں ہیں ۔ ان کے بچے یہاں ہوتے اور لاٹھیاں لگتیں تو انہیں معلوم ہوتا ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حکومت کی نیت ہر گز درست نہیں ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker. Does the Member think that he is relevant now ?

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں rustication کے متعلق ہی کہہ رہا ہوں ۔ بلکہ rustication ایک ایسی سٹیج ہے کہ خواہ ایم۔اے کا طالب علم ہو ۔ انجینئرنگ میں آخری سال میں ہو یا ڈاکٹری میں پڑھتا ہو اس پر بے پناہ اخراجات جو اس کے غریب والدین نے برداشت کئے ہیں وہ تمام کے تمام مٹی میں مل جائیں گے ۔ جناب والا ۔ اس بچے کے لئے سوائے اس کے کوئی چارہ کار نہیں ہوگا کہ وہ ڈاکہ زنی کرے یا gangster بنے ۔ میں چاہتا ہوں کہ محترم خان محمد علی خان صاحب اس کا جواب دیں ۔ جناب والا ۔ ان شدید احتجاجات کے باوجود بھی اس قسم کی دفعات کو بعینہ برقرار رکھا گیا ہے ۔ طالب علموں کے جو حامی بن رہے ہیں یہ ایسے ہی ہیں ۔ جیسے بھیڑوں کے ریوڑ کا رکھوالا ایک بھیڑیے کو بنا دیا جائے ۔

جناب والا ۔ میں آج اس ہاؤس میں اعلان کرتا ہوں اور یہ میری سٹیٹمنٹ ہے کہ student community کے باعث کچھ نہ کچھ مراعات یا کچھ نہ کچھ حقوق جو اس ملک کو restore ہو چکے ہیں unchallenged

یا restore ہو جائیں ۔ اس میں نہ میرا حصہ ہے اور نہ کسی اور کا ہے۔ اس rustication کی ناپاک دفعات کو 1961 کے ہنگامی قانون سے لیا گیا ہے۔ disciplinary committee کی constitution اور وہ رولز جس کے تحت rustication ہوتی ہے اسے سینڈیکیٹ اور سینٹ کے پاس چھوڑ دیا گیا ہے جو puppet سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی ۔ یہ ایک انتہائی ظالمانہ فعل ہے ۔ یہاں rustication کی دفعات یا لفظ rustication ان کے ارادے کی غمازی کرتا ہے ۔

Mr. Deputy Speaker. I will now put the amendment to the vote of the House. The amendment is :

> That for para. (*xiv*) of Clause 5 of the Bill, the following be substituted, namely :—
>
> (*xiv*) to frame rules for taking disciplinary action ; provided that rules so framed shall not impose penalties of rustication and expulsion in relation to students of the University or affiliated colleges ;

(*The motion was rejected.*)

Malik Muhammad Akhtar, Point of order. There is no quorum.

Mr. Deputy Speker. Let there be a count. (count was taken). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (Bells were rung). Let there be a count. (count was taken). The House is still not in quorum. The House is adjourned for 15 minutes.

(*The Assembly met after adjournment*)

Mr. Deputy Speaker. Let there be a count. (Count was taken.) The House is in quorum now. Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar. Not moving Sir.

Mr, Senior Deputy Speker. Amendment is not moved. Next amendment is by Sahibzada Nur Hassan ; No. 3.

Mr. Sahibzada Nur Hassan. Sir, I beg to move :

> That in para (*xiv*) of Clause 5 of the Bill, the semi-colon occuring at the end, be replaced by a colon and the following proviso be added thereafter, namely :—
>
> Provided that appeal against such penalties shall lie with a Committee constituted by the Senate for this purpose and the members of such Committee shall not be University employees ;

Mr. Senior Deputy Speaker. Amendment moved is :

> That in para (*xiv*) of Clause 5 of the Bill, the semi-colon occurring at the end, be replaced by a colon and the following proviso be added thereafter, namely :—
>
> Provided that appeal against such penalties shall lie with a Committee constituted by the Senate for this purpose and the member of such Committee shall not be University employees ;

Minister for Education. Opposed Sir.

صاحبزادہ نور حسن (بہاول نگر ـ 4) ۔ جناب والا ۔ یہ ترمیم ایک نہایت ہی معصوم سی ترمیم ہے ۔ اس کے پیش کرنے سے میرا مقصد یہ ہے کہ طلباء کے مفادات کا تحفظ کیا جائے ۔ rustication اور expulsion تو بہت بڑی سزا ہے اور یہ ضروری کارروائی

اکثر اوقات مناسب معلوم نہیں ہوتی ۔ البتہ چند ناگزیر حالات میں یہ سزا دی جاتی ہے ۔ لیکن میری گذارش یہ ہے کہ ایک کمیٹی جو سینیٹ کی طرف سے ترتیب دی گئی ہو اس کے سامنے یہ طلباء اپنی گذارشات پیش کر سکیں اور اصل واقعات یا وجوہات بیان کر سکیں ۔ تا کہ اگر وہ کسی جانب داری کا یا کسی ظلم کا شکار ہوئے ہوں تو ان کو اپنے خیالات کے اظہار کرنے کا موقع نصیب ہو ۔ یہ کمیٹی جس کو سینیٹ تشکیل دے گی اس کے متعلق عرض کروں گا کہ یہ سینیٹ کے مختلف شعبوں کے نہایت ذمہ دار افراد پر مشتمل ہو گی ۔ اس میں طلباء کے نمائندے بھی ہوں گے اور تعلیمی اداروں کے heads ہوں گے۔ اس لئے لازمی طور پر یہ نہایت ذمہ دار ہوں گے ۔ جب ایسی کمیٹی تشکیل دی جائے گی تو لازمی طور پر وہ انصاف کرے گی ۔ میری مراد یہ ہے کہ طلباء کو جور کا نشانہ نہ بنایا جائے ۔ اس سے انتہائی اچھا مقصد یہ بھی ہو سکتا ہے کہ طلباء میں جو ہیجان و خلجان پایا جاتا ہے اس میں کافی حد تک کمی ہو جائے گی ۔ اور اپنے حقوق کو کسی حد تک محفوظ کر سکیں گے ۔ مثلاً rustication اور expulsion کے خلاف اس میں داد رسی کی گنجائش موجود ہے ۔

جہاں تک بھی ذکر کیا گیا ہے کہ جو کمیٹی بنائی جائے گی اس میں یونیورسٹی کے Employees نہیں ہوں گے ۔ اس سے میری یہ مراد ہے کہ یونیورسٹی کے اعلیٰ افسر یا یونیورسٹی کے Disciplinary powers رکھنے والے افسر یا کوئی Employees اگر اس کمیٹی میں ہوں گے تو جب طلباء کے خلاف کوئی ناانصافی کا قدم اٹھایا جائے گا تو ممکن ہے یہ ان کا ساتھ نہ دیں ۔ کیونکہ ان کے مرعوب ہونے اور جانب دار ہونے کا زیادہ خدشہ ہے ۔ اس لئے اس میں یونیورسٹی کے Employees نہیں ہونے چاہئیں ۔

میرے خیال میں طریقہ نہایت موزوں تھا اور اس میں کوئی حرج بھی نہیں تھا۔ اگر یہ کمیٹی تشکیل کر لی جاتی ۔ لیکن وزیر تعلیم صاحب نے اس کی مخالفت فرما دی ہے ۔ یہ کمیٹی جو صرف طلباء کے لئے تشکیل کی گئی ہے

اس کا مقصد طلباء کی بہبودی حاصل کرنا اور ان کے لئے انصاف فراہم کرنا ہے ۔

ملک معراج خالد (لاہور 5) ۔ جناب والا ۔ صاحبزادہ صاحب کی اس ترمیم سے پہلے ہماری طرف سے ایک ترمیم تھی لیکن اس خیال سے کہ صاحبزادہ صاحب کی یہ ترمیم اس سے زیادہ جامع اور اچھی ہے ۔ اس لئے ہم نے وہ ترمیم move نہ کی ۔ میں حیران ہوں کہ جناب وزیر تعلیم نے کیوں اس کی مخالفت کی ہے ۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ اگر ہم طلباء کی طرف سے موجودہ agitation کا غیر جانبدرانہ جائزہ لیں تو ہم اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ اس کی ایک وجہ منجملہ دوسری وجوہات کے ۔ یہ ہے کہ ان کے خلاف کسی ایک فعل کی بنا پر جو بھی کارروائی کی جاتی ہے تو ان کو کوئی ایسا حق نہیں دیا گیا کہ وہ اپنی شکایت اپیل کی صورت میں یا عرضداشت کی صورت میں کسی ایسی اتھارٹی کے سامنے پیش کر سکیں جس سے داد رسی کی امید ہو ۔ اس بل میں اس کلاز کے ذریعہ سے اس حالت کو برقرار رکھنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ جب حکومتی پارٹی کے اعلیٰ قائدین یہ تاثر دینے کی کوشش کر رہے ہیں اور عام خیال یہ پایا جاتا ہے کہ وہ تمام مطالبات منظور کئے گئے ہیں جن سے موجودہ ہیجان انگیز فضا میں کمی ہو جائے ۔ اگر اس بل کے ذریعہ اس ایوان کے اندر تاثر کو پر معنی اور مفید بنانے کے لئے کچھ کیا جا سکتا ہے تو اس ترمیم کی مخالفت قطعی طور پر اس تمام فضا کے منافی ہے ۔ معاملہ صرف یہ ہے کہ جس طرح گذشتہ سالوں میں یونیورسٹی آرڈیننس کے تحت لڑکوں کو سزا دی گئی ہے پھر غلط اور ناجائز کارروائی کرنے کا موقع نہ ملے اور وہ اپنی فریاد کسی کے سامنے جا کر رکھ سکیں ۔ جس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ اضطراب اور بے چینی اور انصاف حاصل کرنے سے مایوسی کی صورت اختیار نہ کر سکے گا ۔ اگر آپ اس بل میں ایسی گنجائش نہیں رکھیں گے جس سے طلباء کو یہ یقین ہو جائے کہ وہ اپنے خلاف کی گئی کارروائی کے لئے کسی اتھارٹی کے پاس جا کر انصاف کی امید رکھ سکیں تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں اور آپ کو سوچ لینا چاہیے کہ آپ طلباء کی بے چینی قطعی طور پر دور نہیں کر سکیں گے ۔ اور اس کے بعد جو بھی نتائج

پیدا ہونگے اس کی ذمہ داری آپ پر ہوگی - اس لئے میں وزیر تعلیم صاحب کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا کہ اس نہایت ہی بے ضرر اور مفید ترمیم کو وہ قبول کریں اور یہ ثابت کرنے کے لئے قبول کریں کہ آپ واقعی طلباء کے مطالبات کو چاہتے ہیں اور جن میں ایک یہ بھی مطالبہ ہے کہ ان کو یقین دلانے کا کام آپ کے سامنے ہو کہ آپ ان کے ساتھ پوری پوری ہمدردی کر رہے ہیں اور ان کی حمایت کر رہے ہیں اور ان کی حمایت کریں گے - اور اس ترمیم کو منظور کئے بغیر آپ جتنا بھی کریں تو وہ تاثر نہیں پیدا کر سکیں گے اور نہ یقین دلا سکیں گے - اس لئے میں یہ گذارش کروں گا کہ اس پر دوبارہ غور فرمائیں اور اس ترمیم کو منظور فرمائیں -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ 1) - جناب والا - اگر وزیر تعلیم صاحب کا یہ اعتراض ہو کہ جس مقام پر یہ ترمیم پیش کی گئی ہے وہ درست نہیں ہے اور اس سے بل کی ڈرافٹنگ ظاہراً بد صورت ہو جائے گی تو شاید میں ان کی حمایت کرتا کیونکہ جو کلاز اس وقت زیر بحث ہے اس میں یونیورسٹی کے اختیارات درج کئے گئے ہیں اور ان اختیارات میں منجملہ ان اختیارات کے یہ بھی اختیار ہو سکتا ہے کہ مختلف حالات میں اور انتہائی نا گزیر واقعات کے پیش نظر کسی طالب علم کو کچھ عرصہ کے لئے یونیورسٹی سے علیحدہ کر دیا جائے یا کالج سے علیحدہ کر دیا جائے - بہر حال اصل مقصد اس ترمیم کا یہ ہے اور وہ بجا طور پر یہ فرما سکتے ہیں کہ یہ امنڈمنٹ جو اس محل پر پیش کی گئی ہے وہ نا درست ہے لیکن میں نے اگلے روز بھی گذارش کی ہے کہ جو اہم مسائل ہیں جن کے متعلق طلباء میں پڑھے لکھے لوگوں میں یا تعلیم سے جن کا تعلق ہے اور تھوڑا بہت تعلق ہے جنہیں اختلاف پایا جاتا ہے یا جنہیں یونیورسٹی یا گورنمنٹ کے علاوہ جو اہل علم و دانش ہیں اور ان امور سے دلچسپی رکھتے ہیں وہ سارے چاہتے ہیں کہ اس میں ترامیم کی جائیں اور ان ہی کے پیش نظر اور ان کے اس مطالبہ کے پیش نظر یونیورسٹی آرڈیننس 1961ء کو منسوخ کیا گیا اور نیا بل یہاں پیش کیا گیا ہے اور میں نے ان سے بارہا درخواست کی ہے کہ اس قسم کے مسائل statutes میں آ سکتے ہیں

اور statutes کو بطور شڈول کے اس بل میں شامل کیا جائے تا کہ ہمیں معلوم ہو سکے - اور بھی ایک مسئلہ لیجئے کہ اس ایوان میں بار بار کہا جاتا ہے اور ایوان سے باہر بھی یہ کہا گیا ہے کہ ان نا کردہ گناہ طالب علموں کو اکثر و بیشتر اوقات یونیورسٹی یا ملحقہ کالجوں سے باہر نکال دیا گیا اور بعض ایک شخص کی ذاتی صوابدید پر یا ایک فرد کی پسند یا ناپسند پر - میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ statutes ہمارے سامنے آ جاتے جن سے یہ معلوم ہو جاتا کہ اگر کسی بچے کو سزا دی جاتی ہے تو اس کا باعث کیا تھا اور اس کا چارہ کار کیا رہ جائے گا اور اس کا کیا علاج ہوگا - اور وہ لوگ کسی اور اتھارٹی کے پاس اپنی فریاد یا اپیل کر سکتے ہیں یا یہ بالکل ہی کہیں ایسا نہیں کرسکتے - یہ بل اس پر بالکل خاموش ہے - اور اسی لئے ہمیں اس جگہ پر یہ ترمیم دینا پڑی - تو میں وزیر محترم کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا کہ وہ اپنی اولین فرصت میں ان مسائل کے متعلق جن کے متعلق ہیجان اور اضطراب اس صوبے میں پایا جاتا ہے ان کے متعلق اگر وہ یا کے متن میں ترمیم نہیں لانا چاہتے تو statutes کو بطور شیڈول اس بل کا حصہ بنا دیں - اور یہ پچھلے تمام قوانین میں تمام بلوں کا حصہ رہا ہے یہاں تک کے 1961ء کے آرڈیننس سے لے کر 1969ء تک انتہائی مخالفت ہوتی رہی اور جو لوگوں کے لئے جان لیوا ثابت ہوا - تو میں عرض کر رہا تھا کہ جب تمام بلوں کے لئے شیڈول بنایا گیا تو کیا وجہ ہے کہ اس بل کے لئے فرسٹ شیڈول نہ بنایا جائے - میں نہایت ادب سے وزیر تعلیم کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ اس بل پر غور فرمائیں کہ آپ یہ تمام چیزیں جو اس بل کے متن میں بری معلوم ہو گی وہ اپنے مقام سے ہٹا کر رکھ دی جائیں گی جیسا کہ یہ ترمیم ہے لیکن میں نے جو اپنی ترمیم نہیں پیش کی اس کی وجہ یہی تھی کہ صاحبزادہ صاحب کی ترمیم اس سے بہتر تھی جس کی حمایت میں میں یہ بات کہہ رہا ہوں وہ قومی مفاد کے پیش نظر کہہ رہا ہوں -

میجر محمد اسلم خان (راولپنڈی I) - جناب والا - یہ ایک بنیادی مسئلہ ہے کہ اگر کسی آدمی کو سزا دی جاتی ہے تو وہ کہیں نہ کہیں داد فریاد کر کے اور اپیل کر کے یہ ثابت کرتا ہے کہ جو اس کو

سزا دی گئی ہے یہ غلط ہے ۔ اس بل میں یہ کہیں نہیں لکھا گیا ہے کہ اگر ان طلباء کو rusticate کیا جائے یا expel کیا جائے تو وہ دادرسی کے لئے یا اپیل کے لئے کہاں جائیں گے اور کس کے پاس جائیں گے ۔ آپ کو یاد ہوگا ہنگامے 1962ء میں پہلی دفعہ ایک طالب علم کو جب نا جائز طور پر rusticate کیا گیا تو اس وجہ سے شروع ہوئے ۔ پھر یہ ہنگامے اس وقت شروع ہوئے جب طلباء کو rusticate کرنے کے لئے جو لا محدود اختیار دئے گئے تھے کہ وائس چانسلر نے صرف طلباء کو نہیں بلکہ بین الاقوامی شہرت کے پروفیسروں کو بھی اتنا تنگ کیا کہ وہ نوکری چھوڑ کر باہر چلے گئے ۔ 1963ء کے ہنگاموں میں بیشمار طلباء ایسے تھے جنہوں نے ان ہنگاموں میں حصہ تک نہیں لیا تھا اور ان کے متعلق بعد میں زیادتیاں کی گئیں اور وہ اس وقت لاہور میں موجود بھی نہیں تھے یا اپنے صدر شعبہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ لیکن اس کے باوجود ان کو rusticate کیا گیا اور ان کو کہیں اپیل ۔ دلیل اور وکیل تک کی اجازت نہیں دی گئی ۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ اس کو فرسٹ شیڈول میں لگایا جائے ۔

اس کے علاوہ جناب والا ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ کمیٹی کمیٹی جو بنائی گئی ہے اس کے متعلق ہمیں پتہ نہیں کہ یہ کمیٹی نامزد ممبران کی ہو گی یا سینٹ میں سے ہوگی جو کہ عوامی نمائیندے ہو گے ان پر مشتمل ہو گی ۔ یہ کتنے اشخاص پر مشتمل ہو گی یا یہ بھی طلباء کو rusticate یا expel کر دے گی یا اس کو سٹڈیکیٹ کرے گا یا کون کرے گا یہ ساری چیزیں Vague ہیں ۔ تو جیسا کہ ہمارے قائد خواجہ محمد صفدر صاحب نے فرمایا کہ ان کی جو پہلی امنڈمنٹ تھی اس سے بہتر ہمارے دوست صاحبزادہ نورالحسن صاحب کی ترمیم تھی لہذا آپ اس کو منظور کر لیں ۔ اگر آپ نے کسی طالب علم کو Rusticate کیا جیسا کہ بلاوجہ یا کسی دشمنی کی بنا پر 1962ء میں اور 1963ء میں اور 1967ء میں طلباء کو Rusticate کیا گیا تھا تو وہ کہاں جا سکیں گے ۔ میں اپنی ناچیز رائے جناب وزیر تعلیم کی خدمت میں پیش کرتے ہوئے درخواست کروں گا کہ یہ ایک ایسی امنڈمنٹ ہے جس کو منظور کر لینا چاہئے یا پھر Schedule میں

آ جائے تاکہ ہمیں یہاں پر یقین ہو جائے ۔ ایسا نہ ہو کہ طلباء کو پھر یقین ہو جائے اور یہ خیال رہے کہ آپ نے یہ بل اس معزز ایوان میں پیش بھی کیا لیکن اس کے باوجود تلوار ان کے سروں پر لٹک رہی ہے اور جب آپ کا جی چاہے یا کسی سے ناراض ہو جائیں تو اس کو Rusticate کر دیں ۔

Rest of the Act is absolutely silent on this point.

بلکہ ہو سکتا ہے ۔ طلباء کو یہ بھی خیال ہو کہ وہ جو موجودہ احتجاجی مظاہرے کر رہے ہیں ان کے اوپر ڈسپلنری ایکشن لے کر انہیں Expel یا Rusticate نہ کر دیں ۔ اس لئے ضروری ہے کہ اس قانون میں کوئی اور طریق تجویز کیا جائے اگر ایسا نہ کیا جائے تو برائے مہربانی ہماری ترمیم کو منظور کر لیا جائے ۔

Syed Zafar Ali Shah. Sir, I think this is a very useful amendment. The University has been given the powers to make rules as to disciplinary action and imposition of fine and penalties and rustication etc. It is very necessary that it should be provided in the statutes that what procedure will be followed regarding this particular sub-clause and for this not only the statutes be made by the Senate but statutes should be made in the Bill so that there is specific procedure laid down for this and that has the support of the majority of this House. For instance, an amendment to clause 15 of Sardar Ashraf lays down that there will be a number of authorities, unspecified number and also in the Bill clause 15 specifies that there will be some authorities which have not been specified. I think particular statutes should be incorporated in the Bill, which lay down constitution of this Committee which will hear the appeals of the students affected under this sub-clause. Therefore, it is a very useful amendment.

Secondly, on the principle of natural justice the point is very strong because anyone who has been affected by any decision of an authority or person should be given an opportunity to be heard and the students have many times been affected previously by arbitrary decisions of the authorities.

Therefore to provide a Committee to hear appeals is a very useful amendment and I support it.

Minister for Education. (Mr. Muhammad Ali Khan). Sir, The House would recall that while introducing this Bill, I had clearly stated that for the first time we have given the right of appeal from one authority to the next higher authority and I would assure all Members sitting on the Opposition that regulations would definitely be made to provide for the right of appeal from one authority to the next higher authority so that justice be done. In the Ordinance of 1961, there was no provision for a Discipline Committee nor there was any provision for the right of appeal. Similarly in the Act of 1954 there was no provision for the right of appeal. It is for the first time that we are introducing this and a Disciplinary Committee is going to be constituted which would have all these requisite facilities because we want that if there is any case of rustication, definitely the man should have the right of appeal to the next higher authority so that real justice be done and we are not oblivious to this fact.

Mr. Deputy Speaker, I will now put the amendment to the vote of the House. The amendment moved is :

> That in para (xiv) of Clause 5 of the Bill, the semi-colon occurring at the end be replaced by a colon and the following provise be added there after, namely :-
>
> Provided that appeal against such penalties shall lie with a Committee constituted by the Senate for this purpose and the members of such Committee shall not be University Employees ;

(*The motion was lost.*)

Next No. 4.

Malik Muhammad Akhtar. I will not move this. I will move No. 5.

Sir, I beg to move :

> That para, (xvi) of Clause 5 of the Bill, be deleted.

Mr. Deputy Speaker. Tha question is :

> That para, (xvi) of Clause 5 of the Bill, be deleted.

Minister for Education. Opposed:

ملک محمد اختر - جناب صدر یہ یونیورسٹی کی اتھارٹیز کے فنکشن یا پاورز کو deal کرتی ہے کلاز (5) شق نمبر 16 جو ہے اس میں یہ درج ہے -

> *(xvi)* to do such other acts and things, whether incidental to the powers aforesaid or not, as may be requisite in order to :—
>
> *(a)* further the objects of the University as an examining, teaching and research body, especially regarding dissemination and advancement of knowledge, and
>
> *(b)* cultivate and promote Arts, Sciences and other branches of learning.

آپ اندازہ فرمائیں یہاں کسی جگہ بھی یہ نہیں کہا گیا کہ یونیورسٹی دیگر ایسے کام کرے گی جو اس بل کے تحت وہ قانونی طور پر کر سکتی ہے - بلکہ انہوں نے یہ بڑی مبہم بات شامل کی ہے -

> to do such other acts and things whether incidental to the powers aforesaid or not, as may be requisite in order to . . .

میں یہ سمجھتا ہوں کہ یونیورسٹی کے اختیارات اور آرڈیننس یا رولز یہ موجودہ بل کے مطابق ہو سکتے ہیں مگر یہاں انہیں مبہم رکھا گیا ہے - یونیورسٹی کے وائس چانسلر یا فنکشنری اس لبادہ یا نقاب کے اندر کہ اس کام میں یونیورسٹی کے مفادات میں ہر کام کر سکتے ہیں - کیونکہ یہاں لکھا گیا ہے کہ وہ آرٹ یا سائینس ڈیویلپمنٹ کے لئے کوئی بھی کام کر سکتے ہیں - مجھے جناب وزیر متعلقہ سے ایک سوال کرنا ہے - مجھے یہ بتایا جائے کہ وہ کون سی دفعہ تھی جس کے تحت موجودہ وائس چانسلر نے پرانی یونین کو توڑا تھا اور نئی یونین بنائی تھی - میں یہ سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اپنے اختیارات استعمال کئے جو انہیں حاصل نہیں تھے - اب جب کہ ہم نہ صرف یونیورسٹی بل کو بنا رہے ہیں بلکہ آپ اگر ملاحظہ کریں دفعہ 42 کے تحت ہم ان تمام قوانین کو ختم کر رہے ہیں -

> Any statute, University Ordinance, regulation or rulesmade or framed under the said Ordinance shall, if not inconsistent with the provisions of this Act, be deemed to have been made under this Act and continue to be in force till they are repealed, rescinded or modified in accordance with the Provisions of this Act.

یعنی جب کہ ہم اس چھوٹے سے بل کے ساتھ کم و بیش ایک درجن سے زیادہ قوانین آرڈیننس رولز ریگولیشن ختم کر رہے ہیں - یہ پوری کی پوری کتاب ہے جس سے ہم اس بل کی دفعہ 42 کے تحت اتنی بڑی تعداد قوانین کی اور قواعد کی منسوخ کر رہے ہیں مگر یہ موجودہ دفعہ کو بحال رکھنا چاہتے ہیں جو مبہم اور غیر جمہوری ہے - جناب والا - اس ذیلی شق 16 پر میرا ایک اعتراض یہ ہے کہ یہ مبہم ہے - اس لئے گورنمنٹ اسے یہاں رکھنے میں حق بجانب نہیں - میرا دوسرا اعتراض یہ ہے کہ اس سے موجودہ حکومت کے اس دعویٰ کی نفی ہو جاتی ہے کہ وہ قوانین کو بہتر کر رہی ہے

بلکہ ہمیں یہ خدشہ ہے اور ہم یہ دعویٰ کرنے میں حق بجانب ہیں ۔ میں ان الفاظ کو آج پہلی بار اس ہاؤس میں استعمال کر رہا ہوں ۔ اگر میں یہ کہوں کہ جناب محترم خان محمد علی خان صاحب کا پیش کردہ بل اس ہنگامی قانون سے زیادہ سخت گیر ہے . . . . .

Mr. Senior Deputy Speaker. Please do not refer to the Bill.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس بل کی یہ کلاز سابقہ دفعہ سے زیادہ سخت ہے . . . .

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ ملک صاحب آپ اپنی ترمیم کے متعلق فرمائیں ۔

ملک محمد اختر ۔ اگر کلاز 5 (xvi) میں اضافہ کر دیا گیا تو مجھے یہ کہنے میں کوئی باک نہ ہو گا کہ یہ بل دیگر یونیورسٹیوں کے قوانین سے بہت زیادہ جابرانہ قسم کا ہو گا ۔ اس میں چانسلر ۔ وائس چانسلر بلکہ سنڈیکیٹ تمام کے تمام افسران پر مشتمل ہو گی ۔ اور انہیں بے پناہ اختیارات دے دیئے جائیں گے ۔

Parliamentary Secretary Education. (Sardar Muhammad Ashraf Khan). I am afraid the Hon'ble Member is highly irrelevant. This clause has nothing to do with 'Ikhtiarat'. This is just for the promotion of studies and research.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ آپ اس بل کے صفحہ 3 کو ملاحظہ فرمائیں وہاں اس کا heading ہی "Powers of Uuiversity" ہے ۔ اس لئے میں تمام کی تمام کلاز کی مخالفت کرتا ہوں ۔ اس میں ایسے ambiguous الفاظ شامل کرنے سے اس چیز کی عکاسی ہوتی ہے کہ حکومت کے ارادے نیک نہیں ہیں ۔ باوجود اس کے کہ حکومت نے سابقہ ہنگامی قانون کو منسوخ کر دیا ہے لیکن اس بل کا ہر phrase ہر نقطہ اور ہر کامہ خون آلود ہے اس لئے میں اس کی مخالفت کرنے پر مجبور ہوں ۔

Mr. Deputy Speaker. The Member is not relevant.

Malik Muhammad Akhtar. I will now oppose the Clause as a whole.

Mr. Deputy Speaker. I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is :

That para (xvi) of Clause 5 of the Bill be deleted.

(*The motion was lost.*)

Mr. Deputy Speaker. The question is :

That the Clause as amended be approved.

Malik Muhammad Akhtar. Opposed as a whole.

Mr. Deputy Speaker. Does he want to say something ?

Malik Muhammad Akhtar. Yes Sir.

جناب سپیکر ۔ دفعہ 5 جو یونیورسٹی کے اختیارات سے متعلق ہے اور جس کا heading بھی "Powers of the University" ہے ۔ یہ ایک نہایت ہی اہم دفعہ ہے ۔ اس دفعہ کے تحت ان کا جو احاطہ اختیارات ہوگا ان اختیارات کے تحت آئندہ چانسلر ۔ وائس چانسلر سنڈیکیٹ یا so-called سینٹ یا پنجاب یونیورسٹی کے تحت 90 کے قریب جو Affiliated Colleges ہیں اور دوسرے کالجز ملا کر یک صد بن جائیں گے ان ہزاروں لڑکوں کے متعلق ان اختیارات کو بروئے کار لانا ہے ۔ دفعہ 5 کے متعلق جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ یہ 16 سب کلاززز تمام کی تمام سابقہ ہنگامی قانون 1961ء کا چربہ ہیں اس میں مکمل اختیارات جو یونیورسٹی کو دیئے جانے ضروری تھے مثلاً Research and Advancement ڈگری ۔ ڈپلومہ اور لڑکوں کو دلخلہ سے متعلق تمام کے تمام اختیارات یونیورسٹی کو لازمی دیئے جانے تھے۔ وہاں پر انہوں نے سب کلاز (iii) رکھ دی ہے جس میں میں سمجھتا ہوں کہ

کوئی ترمیم نہیں ہے۔ جن لوگوں نے Independent Academic Distinction Independent ریسرچ کی ہے "Under prescribed conditions"۔

جناب والا ۔ prescribed رولز تو ہو سکتے ہیں prescribed ریگولیشنز بھی ہو سکتے ہیں لیکن "prescribed conditions" کی اصطلاح میری سمجھ میں نہیں آئی کہ یہ کیسی اصطلاح ہے ۔ prescribed conditions کلاز 5 (ii) (A) کے تحت آتی ہے۔ (ii) (A) کے بعد (iii) میں بھی یہی چیز ہے۔ مجھے معلوم نہیں کہ prescribed conditions سے ان کی کیا مراد ہے ؟ مجھے پتہ نہیں چلتا کہ یہ کوئی آمرانہ الفاظ ہیں ۔ یا کوئی ڈکٹیٹر شپ ہے یا کوئی abuse of powers کے لئے وسیع میدان ہے ۔ prescribed conditions تین چار لیجسلیشن میں کم ہی دیکھا ہے ۔ میرے لئے یہ نئی اصطلاح ہے ۔ اگر رولز بھی بن جائیں statutes بھی بن جائیں ۔ ایکٹ بھی بن جائے لیکن بیورد کریسی ان تمام زنجیروں کو توڑ کر نامعلوم اس کو اور کس طرح بنانا چاہتی ہے ۔ prescribed conditions کی اصطلاح نے ہمارے جو تمام شکوک و شبہات تھے ان کو قوی تر کر دیا ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں اگلی دفعہ پر آتا ہوں ۔ میں دفعہ 5 (iv) پر بات کر چکا ہوں لیکن اس کے متعلق بھی ایک حوالہ دیئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ یہ آنریری ڈگری اور دوسری distinction سے مستحق افراد کو in the prescribed manner نوازا جائے گا ۔ prescribed manner اور رولز کا تو کوئی منشا ہو سکتا ہے لیکن prescribed conditions کو رکھ کر یہ چیز واضح ہو گئی ہے (حالانکہ condition اور manner کی مختلف interpretation ہے) ۔ کہ اتھارٹی نے اپنے رولز بنانے ہیں ۔ آنریری ڈگری ایک نہایت ہی مقدس امانت ہے ۔ اس سے deserving cases میں مستحق افراد کو نوازا جائے گا لیکن میں ڈرتا ہوں کہ جب ہم افراتفری کے زمانہ کو اور لوٹ کھسوٹ کے زمانہ کو دیکھتے ہیں اور جس طور پر آمرانہ کیفیت ملک میں اور سوسائٹی میں بلکہ ہر مقام پر گھسی ہوئی ہے اس سے آنریری ڈگری کو prescribed manner میں لانا میں سمجھتا ہوں ساری

یونیورسٹی بل کی توہین ہے - . . . .

جناب والا - آپ مجھ سے اتفاق کریں گے - اس کے بعد اگلی شق میں بھی prercribed condition ہے میں پڑھتا ہوں

> To admit the colleges to the privileges of the University under the prescribed condition.

جناب والا - گیا میں اس سے یہ مطلب لوں - کہ prescribed condition کا مطلب ہوگا - کوئی سینٹ کا ریزولیشن یا prescribed condition کا مطلب ہوگا - کوئی ایسا فیصلہ جو سنڈیکیٹ کرے - جناب والا - رولز بنانے کے لئے اُن کو notify کرنا ضروری ہوتا ہے regulations بنانے کے لئے انہیں مشتہر کرنا ضروری ہوتا ہے یہ ایک chapter ہے rules and regulation کے تعلق - کہ سنڈیکیٹ بنائے گا - یہ آرڈیننس اور یہ قوانین جو یونیورسٹی کے لئے بنائے ہیں - یہ سنڈیکیٹ کے نہیں بنائے - اگر یہ ایک proposal کو sponsor کیا گیا ہے - تو یہ proposal سینٹ کے پاس جائے گی اور یہ سینٹ consider کرے گا - اور اس کے بعد شاید بوساطت سنڈیکیٹ کے چانسلر کے پاس بھیجے گا - اب آپ خیال فرمائیں - rules and regulations اور Statute کو دیکھیں ان کو لگانے اور repeal کرنے کا یہ طریقہ ہے - لیکن جناب والا - یہ prescribed condition میں مانتا ہوں کہ 1961ء میں تھی - لیکن اس وقت یہ prescribed condition کو مخصوص حالات میں abuse of powers کرتے تھے -

Mr. Deputy Speaker. The Hon'ble members is irrelevant again.

ملک محمد اختر - جناب والا - میں اپنے ممبران سے آپ کی وساطت سے سوال کرتا ہوں - کہ جنہوں نے اس کی ہاں یا نہ کرکے پاس کرنا ہے - میں اپنے ان دوستوں سے - آنریبل friends سے یا "hon'ble august House" سے پوچھتا ہوں - کہ اس قسم کی prescribed conditions اگر آپ کے لیے rules of procedure میں کر دیں تو پھر - اگر کوئی شخص کسی بات

کو اپنے لیے پسند نہ کرے ۔ تو اس کو دوسروں کے لیے بھی پسند نہیں کرنا چاہیے ۔ جناب والا ۔ مصیبت یہ ہے ۔ کہ حکومت کے چند دوست صحافی ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker. The hon'ble members is not relevant.

ملک محمد اختر ۔ میں اس سے آگے چلتا ہوں ۔ کہ prescribed conditions کی تجویز جو ہے ۔ motrally Technically, factualy اور ہر اعتبار سے ۔ اور قوانین سازی کے اعتبار سے ۔ جناب والا ۔ یہ کسی بھی طرح جائز نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ VI Clause میں یونیورسٹی کے اختیارات کو ۔ ۔

Mr. Deputy Speaker. please refer to Clause five.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں ذیلی دفعہ عرض کر رہا ہوں ۔ جو Clause 5 (6) میں ہے ۔ "Inspection of Colleges" اس کا طریقہ کار یہ تھا کہ اگر کسی کو بھی کوئی شکایت ہو جائے ۔ تو Affiliation کا Committee کا constitution ایسا ہوتا تھا کہ سینٹ یا سنڈیکیٹ میں پیش کر دیا جاتا ۔ا ور چند اشخاص پر مشتمل ایک کمیٹی بنا دی جاتی ۔ یہ اس لیے تھا کہ corruption کے Clause کم ہو جائیں ۔ Affiliated کسی کالج کی "regularly appointed members" of the Committee انتظامیہ کو یہ exploit کر سکیں ۔ safeguards نہایت ضروری ہوتے ہیں ۔ جناب والا ۔ Affiliated committee بنا رکھی تھی ۔ کافی عرصہ تک اس کا constitution رہا ۔ abruptly ایک میٹنگ میں آئے تھے ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ جناب والا ۔ کتنی دیر تک ملک اختر صاحب کی یہ irrelevant باتیں سنتے رہیں گے ۔ ختم کریں ۔

Minister for Education. Sir, he has again started clause by clause. This is too much,

Major Muhammad Aslam Jan. Sir, the House is not in quorum,

Mr. Deputy Speaker. Let the count be taken. (Count was taken). The House is not in quorum, let the bells be rung. (Bells were rung). The House is still not in quorum, and it is adjourned to meet in the evening at 4-30 P.M. today.

(The Assembly met in the evening with Mr. Speaker. Ch. Muhammad Anwar, in the chair).

مسٹر سپیکر ۔ ملک محمد اختر ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں صبح یونیورسٹی بل کی کلاز نمبر 5 پر عرض کر رہا تھا کہ اس میں ایسی دفعات شامل کر دی گئی ہیں جو جمہوری تقاضوں کے منافی ہیں ۔ اور جنہوں نے اس بل کو یونیورسٹی آرڈیننس 1961 سے بھی زیادہ قابل اعتراض بنا دیا ہے ۔ ہم نہیں چاہتے کہ 1961 کے آرڈیننس کے خلاف تحریک ختم ہوتے ہی اس نئے ایکٹ کے خلاف ایک تحریک شروع کر دی جائے اس بل میں کالجوں کی انسپیکشن کی ایسی دفعہ رکھی گئی ہے جس کی کوئی مثال نہیں ۔ اس سے قبل میں عرض کر چکا ہوں کہ سنڈیکیٹ یا سینٹ ملحقہ کالجوں کی کمیٹی بنا دیا کرتے تھے اس کا کام یہ ہوتا تھا کہ شکایت کی صورت میں مختلف کالجوں کی انسپکشن کمیٹی کرے ۔ اور مستقل انسپکٹر آف کالجز کی تقرری کرے ۔

Mr. Speaker. You are opposing Clause 5 I suppose.

Malik Muhammad Akhtar. I am speaking on Clause 5 as a whole.

Mr. Speaker. Yes.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہاں ایک مستقل انسپکٹر کی تقرری کرنے کی بجائے ۔

Mr. Speaker. Is that included in Clause 5 ?

Malik Muhammad Akhtar. Yes sir at page 4, item No. 6.

Mr. Speaker. To inspect colleges ; that means the University has the power to inspect colleges.

Malik Muhammad Akhtar. That is what I am objecting to. That is a new insertion. This was not in the former Ordinance.

جناب والا ۔ ایسی دفعات بلاوجہ باعث تنقید ہوں گی ۔ اور یونیورسٹی کا چانسلر جو ایک شکل میں یونیورسٹی کا مختار کل ہوگا اور اس خود مختار ادارے کا سربراہ ہوگا ۔ وہ کسی بھی کالج کے معاملہ میں بغیر معقول وجوہات کے دخل دے سکے گا ۔ جناب سپیکر ۔ چاہیے تو یہ تھا کہ ہم یونیورسٹی خود مختاری کو برقرار رکھتے اور ایسی دفعات کو اس بل میں شامل نہ کرتے جن کے خلاف مد و جزر کی طرح طوفان برپا ہے ۔ دراصل حکومت کے ادارے نیک نہیں ہیں ۔ حکومت کی نیت نیک نہیں ہے ۔ یہاں یہ دلیل دی گئی ہے کہ وائس چانسلر سی ایس پی کا کوئی فرد نہیں ہونا چاہیے ۔ میں اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتا کہ ایک وائس چانسلر کا کردار ایک اعلیٰ سی ایس پی سے کہیں زیادہ متشددانہ رہا ۔ اور وہ ایسا instrument رہا جس نے بے اندازہ کرپشن کی اور حکومت کو راضی کرنے کے لیے اور اپنی چمڑی بچانے کے لیے ظلم و تشدد کیے ۔ یونیورسٹی کے ساتھ 90 ملحقہ کالج ہوں گے ۔ کئی پروفیشنل ادارے بھی ہوں گے ۔ یونیورسٹی کے اپنے ڈیپارٹمنٹ بھی ہوں گے ۔ تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ انسپکشن آف کالجز کی پرویژن نہایت غلط ہے ۔ یہ ایسا اختیار ہے جس سے اس ملک میں پھر ہیجان پیدا ہوگا ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد اگلی کلاز میں یہ کہا گیا ہے کہ پروفیسر ۔ ریڈر ۔ لیکچرار اور ٹیچرز تمام کے تمام یونیورسٹی مقرر کرے گی ۔ مگر جیسا کہ میں اس سے قبل عرض کر چکا ہوں ان کی کوالیفیکیشن مقرر نہیں کی گئی ہے اس کے بعد ایک نہایت ہی قابل اعتراض شق نمبر 12 ہے کہ لڑکوں سے ایسی فیسوں کا مطالبہ کیا جائے گا جس کے رولز بنائیں جائیں گے ۔ آپ دیکھیں کے کہ رولز بنانے والی اتھارٹی کی ہیئت ترکیبی مکمل طور پر غیر جمہوری ہوگی ۔ نو ذر شاہی اور افسران کو یہ اتھارٹی دی گئی ہے کہ وہ فیسوں کا مطالبہ کریں ۔ جناب والا ۔ میں یہ دہراتا ہوں کہ ایک مقامی کالج کی فیس 6 روپے سے بڑھا کر 21 روپے کر دی گئی ہے ۔

Mr. Speaker. Is that provided in the power of the University ?

Malik Muhammad Akhtar. Yes sir, to demand such fees and other charges as may be prescribed, at item No. 12.

جناب والا ۔ اگر تو یہ سینٹ اس قسم کی بناتے جس کو مکمل اختیار ہوتا تو شاید میں سمجھتا کہ لوگوں کے اور طلبا کے مطالبات حکومت نے مان لیے ہیں ۔

Mr. Speaker. Do you contend that this power should not be with the University ?

Malik Muhammad Akhtar. I mean to say that it should be with some representative body of the University and not with the Finace Committee.

Mr. Speaker. That is not with the Finance Committe. It is with the University itself.

Malik Muhammad Akhtar. It is the Finance Committee who is going to frame rules.

Mr. Speaker. But so far as Clause 5 is concerned, this is the power of the University.

Malik Muhammad Akhtar. I am objecting to it because the University is going to delegate these powers to a Committee which will be called Finance Committee.

Mr. Speaker. You better put this argument at that time.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کرتا ہوں کہ دفعہ 13 کے تحت انہوں نے ہوسٹلوں کی ایکوموڈیشن اور extra curricular تعلیمی سرگرمیوں پر کسپلن کے اختیارات حاصل کیے ہیں ۔ مگر اس میں یہ واضح نہیں کہ یونیورسٹی کے اختیارات کیا ہوں گے ۔ یہاں لوکل باڈیز کے طور پر سیلف گورنمنٹ ہونی چاہیے ۔ تاکہ طلبا اپنے معاملات کو خود طے کریں ۔ اس کے بعد یہ قرار دیا گیا ہے کہ یونیورسٹی کی اتھارٹی

وائس چانسلر اور دیگر افسر ہوں گے اور وہ ان تمام معاملات کو اور طلبا کی سرگرمیوں کو کنٹرول کریں گے ۔

جناب والا ۔ نہ صرف یونیورسٹی کے لیے بلکہ جو affiliated کالجز ہوں گے ان کے لیے بھی ان کو یہ اختیارات حاصل ہوں گے ۔

جناب والا ۔ اس سے اگلی کلاز جو نہایت ہی شدید طور پر قابل اعتراض ہے وہ یہ ہے کہ disciplinary action لینے کے لیے یونیورسٹی رولز فریم کرے گی ۔

> to frame rules for taking disciplinary action, including the imposition of penalties of rustication and expulsion in relation to students . . . .

اگر یہاں disciplinary action کے لیے رولز provide کر دیتے تو مجھے کوئی اعتراض نہ ہوتا ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker. Are you not repeating these arguments of yours.

Malik Muhammad Akhtar. I am only reffering, I am not repeating.

جناب والا ۔ اس طرح سے انہوں نے یہ معاملہ اور بگاڑ دیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ ان 16 سب کلازز کی construction کو دیکھیں تو یونیورسٹی معاملات میں کوئی statutes یا کوئی قواعد و ضوابط provide نہیں کیے گئے ۔ جن کے مطابق یہ کارروائی کر سکتے ہیں ۔ اس کی بد ترین مثال ہمارے پاس موجود ہے کہ موجودہ وائس چانسلر نے اسی مبہم کلاز کا سہارا لیتے ہوئے یونین کو توڑ دیا تھا اور براہ راست الیکشن کرائے ۔ غالباً اسی کا ہی سہارا لیا گیا تھا ۔

> (xiii) to supervise and control the residence, extra curricular activities. . .

میں سمجھتا ہوں کہ قانون بڑا واضح ہونا چاہیے ۔ قانون بڑا صاف ہونا چاہیے

اس لیے تمام پرانی باتوں کو جن کے خلاف گذشتہ 8 سال سے شد و مد سے احتجاج ہو رہا ہے ان کو repeat نہیں کرنا چاہیے ۔ ہم ایسی لگژری کو affrod نہیں کر سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں اس ہاؤس کو یاد دلاتا ہوں اور ہمیں اس بات کو نہیں بھولنا چاہیے کہ اس لیجسلیشن کے لیے جس قدر طالب علموں کی طرف سے پریشر ڈالا گیا ۔ جس قدر انہوں نے قربانیاں دیں اور جس قدر واشگاف الفاظ میں وعدہ کیا گیا وہ یہ تھا کہ ہم تمام کے تمام ہنگامی قوانین کو repeal کر رہے ہیں ۔ ابھی ہم اس بل کی کلاززز 1 تا 5 میں تمام کی تمام وہی سپرٹ ہے ۔ وہی اصول ہیں ۔ وہی الفاظ ہیں ۔ وہی باتیں ہیں بلکہ اس میں کچھ اضافہ کیا گیا ہے جن کے متعلق میں ابھی ذکر کر چکا ہوں ۔

جناب والا ۔ یہ کہنا کہ یونیورسٹی کے ہنگامی قوانین کو repeal کر دیا گیا ہے اس فقرے کو بار بار عرض کرنے کی مجھے اجازت دیجیئے کہ اس سے بڑی کوئی غلط بیانی نہیں ہوگی ۔ ہم نے اس قانون کے ذریعہ طالب علموں کو نئی نئی زنجیریں پہنا دی ہیں ۔ جن قوانین کا سہارا لے کر وہ نکل جاتے تھے اس قانون میں اس سے زیادہ مضبوط زنجیریں پہنا دی ہیں ۔ اس لیے میں درخواست کروں گا کہ کلاز 5 کو پاس نہیں کرنا چاہیے بلکہ اس کو throw out کرنا چاہیے ۔

Mr. Speaker. The question is :

That Clause 5 as amended stand part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

Mr. Speaker. Clause 6. First amendment is from Syed Zafar Ali Shah. (not moved). Next. Syed Zafar Ali shah (Not moved) Next Syed Zafar Ali Shah (Not moved) Next Kazi Muhammad Azam Abbasi.

Kazi Muhammad Azam Abbasi. Sir, I beg to move :

That for the proviso to sub-clause

(1) of Clause 6 of the Bill the following be substituted, namely :-

Provided that Government may with the consent of the University, by general or special order, modify the extent and scope of the aforesaid powers with regard to such territorial jurisdiction or institutions.

Mr. Speaker. The amendment moved is :

That for the proviso to sub-clause (1) of Clause 6 of the Bill the following be substituted, namely :-

Provided that Govenment may with the consent of the University, by general or special order, modify the extent and scope of the aforesaid powers with regard to such territorial jurisdiction or institutions.

Minister for Education. Not opposed.

Malik Muhammad Akhtar. Opposed.

'a short pause'

Mr. Speaker. Before this amendment we shall have to take up the amendment of Babu Muhammad Rafiq first because that is at number one and the notice of this amendment was received today at nine a. m. I think this is the latest amendment.

Babu Muhammad Rafiq. So far.

Mr. Speaker. Is there any more amendments fresher than this ?

Bubu Muhammed Rafiq. No Sir.

Sir, I beg to move :

That in Clause 6 of the Bill, the

following new sub-clause be added as sub-clause (i) and existing sub-clauses renumbered accordingly, namely :-

(i) The University have the following Civil Divisions in its administrative and territorial limits :-

Divisions of Lahore, Rawalpindi, Sargodha and Azad Kashmir.

Mr. Speaker. What about Multan ?

Minister for Education. I oppose it.

Mr. Speaker. He is opposing.

Minister for Education. Yes Sir I oppose it.

Chaudhri Muhammad Sarwar. why not Lora Lai ?

بابو محمد رفیق - وزیر صاحب نے بعد میں سوچ کر بات کی ہے پہلے یہ بات نہیں کر رہے تھے -

Mr Speaker. Of which Province is Azad Kashmir a division ?

Chaudhri Muhammad Sarwar. Lora Lai.

بابو محمد رفیق - جناب عالی - میں نے لورا لائی کو اس میں لانے کے لیے ترمیم دی ہے - یہ یونیورسٹی بہت بڑی ہو گئی ہے - اس میں راولپنڈی آزاد کشمیر - لاہور - بہاول پور اور کوئٹہ قلات سب شامل ہیں - بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کی وجہ سے ہمیں بہت تکالیف ہوگئی ہیں - علاوہ ازیں یہ یونیورسٹی اتنی لمبی ہوگئی ہے کہ ہمارے ریجن کے لوگوں کو بہت مشکلات پیش آرہی ہیں -

Mr. Speaker. This is not Division.

بابو محمد رفیق - جناب والا - راولپنڈی بھی اس میں شامل ہے -

مسٹر سپیکر - لیکن جو الفاظ استعمال کر رہے ہیں - ان کے مطابق آزاد کشمیر ایک ڈویژن ہے - آپ اس کو ایک ڈویژن کی حیثیت سے شامل کر رہے ہیں - وہ ڈویژن اس میں شامل نہیں ہے اس لیے آپ کی یہ ترمیم خلاف قاعدہ قرار دی جاتی ہے -

Mr. Speaker. Next amendment is from Qazi Muhammad Azad Abbasi. He may move his amendment again.

Qazi Muhammad Azam Abbasi. Sir, I beg to move :

> That for the proviso to sub-clause (1) of Clause 6 of the Bill, the following be substituted, namely :-
>
> Provided that Government may with the consent of the University, by general or special order, modify the extent and scope of the aforesaid powers with regard to such territorial jurisdiction or institutions.

Mr. Speaker. Does it convey any sense or meaning ?

Kazi Muhammad Azam Abbasi. Yes Sir.

Mr. Speaker. Provided that Government may with the consent of the University, by general or Special order, modify the extent and scope of the aforesaid powers with regard to such territorial jurisdiction or institutions." What is meant by the last two lines; atleast I have not been able to follow them.

قاضی محمد اعظم عباسی - Sir اس amendment کا مقصد یہ ہے کہ یہاں کی institutions کی jurisdiction گورنمنٹ لینا چاہتی ہے -

مسٹر سپیکر - گورنمنٹ لینا چاہتی ہے -

Kazi Muhammad Azam Abbasi. Sir, The Government with the consent of the University can do it,

Mr. Speaker. With the consent of the University, they can restrict the jurisdiction of the University; that is the object.

Kazi Muhammad Azam Abbasi. Yes Sir.

Mr. Speaker. But the words used by you are: " . . modify the extent and scope of the aforesaid powers with regard to such territorial jurisdiction or institutions."

Kazi Muhammad Azam Abbasi. Aforesaid powers in clause (1) Sir.

Minister for Law May I make a submission Sir Perhaps the language is the same as that of the proviso already appended to sub-clause (1), with the addition of these words.

> Provided that the Government may by "general or special order" do that. Now the words that are added are "Provided that Government may with the consent of the Unive sity.."

Mr. Speaker. " . . . "modify the extent and scope of the aforesaid powers with regard to such territorial limits or institutions.

Minister for Law. The words used in the proviso, as it is, are "territorial limits" but in the amendment they are "territorial jurisdiction". I think if same phraseology were adopted, it would make some sense.

Mr. Speaker. The original proviso is not very happily worded. If it had been like "Government may with the consent of the University modify the extent of the territorial jurisdiction of the University and the powers exercisable by it in respect of institutions over which it exercises its powers.", it would have been better.

Minister for Law. It is with regard to both, extent and the powers.

Mr. Speaker. That makes it a little ambiguous: " . . of the aforesaid powers with regard to such territorial jurisdiction or institutions."

Minister for Law. The words used should be "territorial limits". I might suggest to the hon'ble member, instead of "territorial jurisdiction".

Mr. Speaker. Two things have been confused. First are the powers that the University exercises over other institutions, and number two is the territorial jurisdiction of the University that they can limit the territorial jurisdiction of the University. Both of these objectives are to be achieved by this proviso. If you specify the first and the second thing in separate sentences, that would be much better. I was just reading to you the proviso like this: "Provided that Government may with the consent of the University modify the extent of the territorial jurisdiction of the University and the powers exercisable by it in respect of the institutions over which it exercises its powers" Both of these powers should be distinct.

Minister for Law. Then again, with regard to such limits or institutions, Sir, this is modifying the extent and the powers regarding limits and modifying the extent regarding the territorial limits of the University.

Mr. Speaker. Government may with the consent of the University modify the extent of the territorial jurisdiction of the University; that is number one ; and the powers exercisable by it in respect of the institutions over which it exercises its powers; that is number two.

Malik Muhammad Aslam Khan. I think Sir it explains better the way you are interpreting it. That covers the meaning of the Member as to what he means.

Mr. Speaker. According to me it is not very clear, but if you are satisfied with this I have no objection.

Minister for Law. I think it is alright as it is. Instead of 'territorial jurisdiction', the words should be 'territorial limits', because earlier in the section, the words 'territorial limits' have been used as you will see in part (1) line 2: "The University shall exercise the powers conferred on it by or under this

Act within the territorial limits . . ". Therefore, the same phraseology should be used in the proviso also.

Mr. Speaker. Here the orders would be that of the Government. The Government will restrict the powers, of-course, with the consent of the University ; will not issue the orders. The orders would be passed by the Government, and the Government would pass those orders with the consent of the University, limiting the territorial jurisdiction or the powers over the institutions.

Minister for Law. Or exercise all powers over certain institutions; that is what is meant; modify the extent of the aforesaid powers, and the scope of the aforesaid powers with regard to the limits as well as the institutions.

Minister for Education. Instead of 'University' we may say 'Universities', because there may be a tussle for a college between two Universities, and there the Government would come in and set the territorial limits of that specific University.

Mr. Speaker. Here the consent would be of a particular University; "provided that Government may with the consent of the University . . " . But what is the necessity of this "by general or special order, " ?

Minister for Education. There may be an order with regard to limits. It could be done that it shall be exercised within the limits of Lahore Divssion or, say, Multan Division.

Minister for Law. Sir, why can't it be called a special order ?

Minister for Education. Sir, it can be said that with regard to certain institutions; the power shall be exercised by the Punjab University, and with regard to other institutions the power may not be with the Punjab University, and it may be with the Engineering University, supposing there are more colleges.

Mr. Speaker. As you like; the wording is not very happy; it is very confusing. Anyway, have you any opposition to that?

Minister for Education. No. Sir.

Malik Muhammad Akhtar. I oppose it Sir.

Mr. Speaker. Malik Akhtar, you move your amendment.

Malik Muhammad Akhtar. I am opposing it.

Mr. Speaker. You have got an amendment to this amendment.

Malik Muhammad Akhtar. Sir I beg to move.

> That in the amendment given notices of by Kazi Muhammad Azam Abbasi and Khan Ajoon Khan Jadoon, appearing at serial No. 8, in the 3rd Pevised List No. 1, in the proposed proviso to sub-clause (1) of Clause 6, between the words "the" and "University" occurring in lines 1-2, the words "Senate of the" be inserted.

Mr. Speaker. Amendment moved is -

> That in the amendment given notices of by Kazi Muhammad Azam Abbasi and Khan Ajoon Khan Jadoon, appearing at serial No. 8, in the 3rd Revised List No. 1 in the proposed proviso to sub-clause (1) of Clause 6, between the words "the" and "University" occurring in lines 1-2, the words "Senate of the" be inserted.

Kazi Muhammad Azam Abbasi. Opposed Sir.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - اس میں کلاز کو ویسے as a whole oppose کرتا ہوں - میں اپنی تقریر میں پورا اس وقت کہوں گا - لیکن authorities یہ یونیورسٹی کی authority میں سینیٹ اور سنڈیکیٹ اور بھی

شامل ہیں ۔ اور جیسا کہ جناب قاضی صاحب نے اپنی amendment میں لکھا ہے ۔

Provided that Government may with the consent of the University.

جناب والا ۔ اس صورت میں یہ دیکھیں کہ یونیورسٹی کی territorial limits کو بڑھانا ۔ یا یونیورسٹی کے اختیارات کو modify کرنے کا اختیار حکومت لینا چاہتی ہے ۔ کہ وہ یونیورسٹی سے رضامندی حاصل کرکے ایک جنرل یا special آرڈر کریں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ہم نے اس حد تک جانا ہے کہ حکومت کو اجازت ہی دینی ہے ۔ اور یونیورسٹی کے اختیارات کو modify کرنا ہے ۔ یونیورسٹی کی territorial limits کو بڑھانا ہے ۔ اور حکومت نے یہ اختیارات حاصل کرنے ہیں ۔ تو ایسے اختیارات سینیٹ سے consent لینے کے بعد حاصل کریں ۔ تو وہ آرڈر ہمیں قابل قبول ہو سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ آپ دیکھیں کہ political reasons کے لیے یہ کسی علاقے کو کسی اچھی یونیورسٹی سے exclude کرسکتے ہیں ۔ اس کو بڑی یونیورسٹی میں شامل کر سکتے ہیں ۔ اس سے بعد جناب والا ۔ اس چیز کا بھی امکان ہے کہ کسی institution کے لیے University کی powers کو modify کر دیا جائے ۔ یعنی بعض institution سے یونیورسٹی کو ہی آزاد کر دیا جائے تو جناب والا ۔ یہ اختیارات اگر حکومت اور یونیورسٹی نے بیک وقت حاصل کرنے ہیں تو safeguards اور checks and balances کا تقاضا ہے کہ یہ اختیارات ایک so called عوامی یا مبینہ عوامی ادارے یعنی سینیٹ کو جو ان کے کہنے کے مطابق عوامی ہے ، حاصل ہونے چاہئیں ۔ جناب والا ۔ territorial limits کو بڑھانے یا کم کرنے کا اس سے بڑا کوئی اختیار ہو سکتا ہے ؟ حقیقتاً یہ ایک بہت ہی بڑا اختیار ہے ۔ اس کے لیے چاہئے تو یہ تھا (جب کہ ابھی آپ نے وضاحت فرمائی) کہ حکومت آرڈر کرے گی اور consent یونیورسٹی کی حاصل کرے گی ۔ اب جناب والا ۔ دیکھیں کہ حکومت

جو چاہے گی یونیورسٹی کا کوئی افسر ، وائس چانسلر یا کسی قسم کا کوئی افسر یا سنڈیکیٹ کا کوئی افسر وہی کرے گا ۔ کیونکہ سنڈیکیٹ کو میں ایک مجسم افسر سمجھتا ہوں ۔ سنڈیکیٹ اس قدر unrepresentative body ہے اور اس میں نوکر شاہی کی اس قدر حکومت ہوگی کہ سنڈیکیٹ کو کسی طور پر یہ اختیار دینا ، جو کہ اسے حاصل ہوں گے ، ایک ایسا خدشہ ہے جس کا میں برملا اظہار کرتا ہوں ۔ اسے political means کے طور پر استعمال کیا جا سکے گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اختیارات حکومت کے پاس بالکل نہیں ہونے چاہئیں ۔ یہ یونیورسٹی کا ایک داخلی مسئلہ ہے ۔ اور پھر یونیورسٹی کے جو چانسلر ہیں یعنی گورنر ، ان کی دو حیثیتیں ہیں ۔ ایک تو وہ حکومت کے سربراہ ہیں ۔ دوسرے وہ یونیورسٹی کے ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker. I will now put the amendment to the amendment given notice of by Kazi Muhammad Azam Abbasi.

The question is :

> That in the amendment given notices of by Kazi Muhammad Azam Abbasi and Khan ajoon Khan Jadoon, appearing at serial No. 8, in the 3rd Revised List No. I in the proposed proviso to sub-clause (1) of Clause 6, between the words "the" and "University", occurring in lines 1-2, the words "Senate of the" be inserted.

(*The motion was lost.*)

ملک محمد اسلم خان ۔ جناب والا ۔ میں آپ سے ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ کہ یونیورسٹی کو یہاں "the University" کے طور پر refer کیا گیا ہے ۔ یعنی اس کی limits جو ہیں وہ یونیورسٹی سے پوچھی جائیں گی ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ فرض کیجیئے ایک کالج ہے جو ایک یونیورسٹی کے ساتھ affiliated ہے لیکن دوسری یونیورسٹی کے ساتھ جانا چاہتا

ہے تو اس صورت میں Universities سے اجازت لینی پڑے گی - ایک یونیورسٹی کی مرضی سے تو اجازت نہیں ملے گی -

مسٹر سپیکر - اس کی provision نمبر 2 میں علیحدہ ہے ، 3 میں علیحدہ ہے -

قاضی محمد اعظم عباسی - جناب میں اس کا جواب دیتا ہوں ،

مسٹر سپیکر - آپ تشریف رکھیے - میں ان کی amendment کے بعد آپ سے عرض کرتا ہوں -

قاضی محمد اعظم عباسی - گزارش یہ ہے کہ جب دوسرے بل آئیں گے سندھ یونیورسٹی کا اور دوسری یونیورسٹیوں کے تو ان میں بھی یہ amendments. . . . .

Mr. Speaker. You need not reply to his argument because your amendment is in the proviso and he is referring to sub-clauses (2) and (3).

The question is :

> That for the proviso to sub-clause (1) of Clause 6 of the Bill, the following be substituted, namely :-
>
> Provided that Government may with the consent of the University, by general or special order, modify the extent and scope of the aforesaid powers with regard to such territorial jurisdiction or institutions.

Malik Muhammad Akhtar. I oppose the Clause.

جناب والا - میں کلاز 6 کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ کلاز مبہم ہے جیسی کہ 1961 کے آرڈیننس میں تھی ، یہاں پر شامل کر دی گئی ہے - اور یہ کلاز اگرچہ بے ضرر سی معلوم ہوتی ہے لیکن جناب والا -

اس میں وسیع تر اختیارات حکومت کو ترمیم شدہ amendment کی صورت میں دے دیئے گئے ہیں کہ حکومت یونیورسٹی کے کسی بھی ادارے سے پوچھنے کے بعد اگر مناسب سمجھے تو کوئی ایسا آرڈر جاری کر دے جس سے نہ صرف یونیورسٹی کی - - -

Mr. Speaker. Malik Sahib, just a minute. There are some other amendments. Amendment No. 9 is by Mr. Mahmood Azam Farooqi and Mr. Hamza in the 3rd Revised List.

Mr. Hamza. I am not going to move it.

Mr. Speaker. No. 10 is by Malik Muhammad Akhtar. As the proviso has been substituted it is now out of order. Next No. 11.

Malik Muhammad Akhtar. I beg to move :

> That is sub-clause (2) of Clause 6 of the Bill, the words "and the sanction of Government", occurring in line 3, be deleted.

Mr. Speaker. The motion is :

> That in sub-clause (2) of Clause 6 of the Bill, the words "and the sanction of Government" occurring in line 3, be deleted.

Minister for Education. Opposed.

ملک محمد اختر (لاہور 2) ۔ جناب والا ۔ کلاز 6 کی ذیلی کلاز 2 کے مطابق یہ قرار دیا گیا ہے کہ کوئی تعلیمی ادارہ جو کہ یونیورسٹی کی حدود میں ہو ، وہ یونیورسٹی اور حکومت کی اجازت ہی سے کسی دوسری یونیورسٹی سے اپنے آپ کو affiliate کر سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ میں نے اس کا جو مطلب اخذ کیا ہے ، اگر وہ درست ہے تو یہ کلاز نہایت ہی قابل اعتراض ہے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ اندازہ فرمائیں ۔ کہ یہاں پر ایک ادارہ

ہے جس کا medium of instruction انگریزی ہے ۔ (میں ایسے اداروں کے حق میں نہیں ۔ میں صرف ایک مثال دے رہا ہوں) تو اگر کوئی ایسا ادارہ اپنی affiliation آکسفورڈ یونیورسٹی سے کرانا چاہتا ہے یا وہ کراچی یونیورسٹی سے اپنی affiliation چاہتا ہے تو میں کہتا ہوں جناب والا ۔ کہ یہ بنیادی جمہوریت کا نظام اور سیکشن 144 اس تعلیمی ادارے پر کیوں لگایا جائے ؟ جناب والا ۔ یہ بڑی عجیب بات ہے ۔ اگر کوئی ایسا ادارہ جو اچھے طور پر کام کر رہا ہے ، کسی دیگر یونیورسٹی سے ماسوائے پنجاب یونیورسٹی کے کسی اور یونیورسٹی سے اپنی affiliation کرانا چاہتا ہے تو اسے debar کیوں کیا جائے ؟ جناب والا ۔ کیا اس صوبہ میں تعلیم بھی rationed ہے ؟ اگر کوئی شخص اپنا پرائیویٹ ادارہ effectively اور efficiently چلا رہا ہے یا کوئی ایسا شخص جو اپنے سکول یا کالج یا کسی خاص نوعیت کے کالج کو چلانا چاہتا ہے تو اسے کیوں یہ حق حاصل نہ ہو کہ وہ جس یونیورسٹی کے ساتھ چاہے اپنی affiliation کرائے ۔ جناب والا ۔ یونیورسٹی سے affiliation کے بعد کچھ liabilities ہوتی ہیں جو incur ہوتی ہیں اور کچھ rights ہوتے ہیں جو confer ہوتے ہیں ۔ liabilities یہ incur ہوتی ہیں کہ اس ادارے کو لگاتار اور متواتر یونیورسٹی کی supervision کے تحت رہنا ہوتا ہے ۔ اور جناب والا ۔ اسے rights یہ مل جاتے ہیں یا اسے حقوق یہ حاصل ہوتے ہیں کہ یونیورسٹی میں وہ اپنے امتحان کروا سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ میں مغربی پاکستان کی یونیورسٹیوں میں رسہ کشی نہیں کروانا چاہتا لیکن یہ کہے بغیر بھی نہیں رہ سکتا کہ ہماری ان تمام یونیورسٹیوں کا standard ایک جیسا نہیں ہے ۔ کہیں standard اچھا ہے ۔ کہیں standard اچھا نہیں ہے ۔ تو جناب والا ۔ اگر کوئی eminent educationist جو کسی مخصوص ادارے کو چلا رہا ہو ، چاہے کہ میں اپنے اس ادارے کی affiliation کسی خاص یونیورسٹی سے کراؤں تو اس پر کوئی پابندی کیوں ہو ؟ جناب والا ۔ affiliation کوئی اتنی بڑی چیز نہیں ہے ۔ affiliation سے مراد صرف system of examinations کا تقرر ہے ۔ اور جناب والا ۔ inspection وغیرہ کی جو restrictions ہیں ، وہ ان کی

liabilities ہیں۔ تو ان دونوں procedural matters کے لیے ایسے قرار دے دیں اور ان علاقہ جات میں جو غالباً اس بلند پایہ پنجاب یونیورسٹی کی jurisdiction میں گلگت سے لے کر گوادر تک ہیں ۔ کسی تعلیمی ادارہ کو اس سے affiliate یا associate کرنے سے debar کریں ۔ خواہ وہ کوئی بھی یونیورسٹی ہو ۔ کل کو آپ جامعہ اسلامیہ بہاولپور کو یونیورسٹی status دے دیں ۔ یا کوئی اور institution ہو جس میں صرف اسلامی تعلیم دی جاتی ہو ۔ تو اسے debar کر سکتے ہیں ۔ میں اس کے علاوہ ایک اور مثال دیتا ہوں ۔ قیام پاکستان سے پہلے جو ادارے یہاں تھے ان میں سے اگر علی گڑھ یونیورسٹی سے affiliation کرنا چاہتے تو آپ کو کیا اعتراض ہو سکتا تھا ۔ اس لیے میں allege کرتا ہوں کہ حکومت عوام کی روزمرہ کی زندگی میں دخل دینا چاہتی ہے ۔ اور جہاں شہری آزادی کو crush کرنے پر تلی ہوئی ہے وہاں ہر چیز کو راشن کرنا چاہتی ہے ۔ چونکہ آپ عوام پر restriction لگانا چاہتے ہیں ۔ یہی باعث ہے ۔ کہ اب لوگ یک لخت پھٹ پڑے ہیں ۔ اس کے بعد فیسوں کا مسئلہ ہے ۔

Mr. Speaker. I will no put the amendment to the vote of the House.

The question is :

> That in sub-clause (2) of Clause 6 of the Bill, the words "and the sanction of Government" occurring in line 3, be deleted.

(*The motion was lost.*)

Next by Syed Zafar Ali Shah (not present, not moved). Next.

Malik Muhammad Akhtar. Sir, I beg to move :

> That for sub-clause (3) of Clause 6 of the Bill, the following be substituted, namely :—
>
> (3) Any educational institution situated

anywhere outside the territorial limits of the University may apply to the University for being admitted to the privileges of the University, and such institution may, subject to such conditions and restrictions as the University may think fit to impose, be admitted to the privileges of the University.

Mr. Speaker. The motion moved is :

That for sub-clause (3) of Clause 6 of the Bill, the following be substituted, namely :-

(3) Any educational institution situated anywhere outside the territorial limits of the University may apply to the University for being admitted to the privileges of the University, and such institution may, subject to such conditions and restrictions as the University may think fit to impose, be admitted to the privileges of the University.

Minister for Education. Opposed Sir.

ملک محمد اکبر - جناب والا - کلاز نمبر 6 کی ذیلی دفعہ 3 میں یہ حق دیا گیا ہے کہ کوئی بھی تعلیمی ادارہ خواہ وہ کہیں بھی واقع ہو - اس سے مراد یہ بھی ہے کہ ان میں بیرونی ممالک کے ادارے بھی شامل ہیں - اگر کوئی ادارہ affiliation کی stage پر پہلے حکومت کی اجازت لے - تو اس پر restictions ہو سکتی ہیں - لیکن اگر آپ یہ کہتے کہ یونیورسٹی اس کے pros & cons دیکھ کر حکومت سے اجازت لے تو پھر قابل قبول بات ہو سکتی تھی - آپ کے نظریہ کے مطابق پہلے اس کی

درخواست یا عرضی حکومت کے پاس آئے گی اس کے بعد یونیورسٹیوں کے پاس جائے گی - یونیورسٹی کے کچھ privileges ہیں مثلاً امتحانات وغیرہ لینا - اور بھی liabilities ہیں - یعنی وہ affiliation کے rules کو set up کرے - اس طرح پہلے جب کوئی عرضی حکومت کے پاس جائے گی - تو وہ ان شرائط کے تحت یونیورسٹی کے پاس forward کرے گی - جو حکومت اور یونیورسٹی مقرر کرے گی - پھر ان شرائط کے تحت اس کو affiliation دی جائے گی آپ یہ اندازہ فرمائیں - اس میں دو چیزیں قابل اعتراض ہیں - میں یونیورسٹی کی اٹانومی subject to complete financial control کا حامی ہوں - لیکن میں اس کے مخالف ہوں - کہ عرضی پہلے حکومت وصول کرے - پھو یونیورسٹی اور حکومت شرائط طے کرے- اس میں بہت سے خدشات ہیں- سب سے اول خدشہ یہ ہے کہ اس سے کام بہت طویل ہو جائے گا - اور گیسوئے یار سے بھی طویل ہوگا - حکومت کے دفاتر تو red-tapism کے عادی ہیں - اس لیے تمام درخواستیں اور عرضیاں red-tapism کی شکار ہوکر رہ جائیں گی - دوسرے بلاوجہ دخل ہوگا - اور تیسرے حکومت اور یونیورسٹی کو parallel بنا دیا گیا ہے - یعنی دونوں جو شرائط طے کریں گے - ان کا پابند ہونا پڑے گا - اندازہ لگائیے کہ پہلے جو عرضی آئے گی - حکومت اس پر لکھ کر یونیورسٹی کے پاس بھیجے گی کہ ان conditions پر ان کو admit کرو - کیا یہ درست نہیں - عرضی براہ راست یونیورسٹی کو بھیج دی جائے - اور وہ اسے dispose کرے - اگر وہ عرضی یونیورسٹی کو آتی ہے -

on the conditions which may be decided by the University and the Government.

تو یہ طریقہ کہیں بھی نہیں بتایا گیا کہ حکومت ان شرائط کا تعین کرے گی - فرض کیجیئے - عرضی آتی ہے - اور حکومت ان شرائط کو تعین کرکے نیچے بھیج دے گی اگر یونیورسٹی اسے entertain نہ کرنا چاہے - تو مشکل ہوگی - اس کلاز میں اس قدر دو عملی کر دی گئی ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ جب کسی کی عرضی affiilation کے لیے وصول ہوگی - اس میں بے حد تاخیر کے بعد پھر جھگڑا پڑے گا - پھر over-ride کریں گے - میری

مراد ہے کہ حکومت میں اور محکمہ تعلیم کے سیکشن میں ٹھن جائے گی - اور حکومت اور یونیورسٹی کے رجسٹرار یا یونیورسٹی کی اتھارٹی میں جھگڑا ہوگا - تو میں سمجھتا ہوں کہ ایسی غیر ضروری شقیں نا قابل عمل ہوں گی - یہ اس وقت ہو سکتا تھا - جب انگریز کی حکومت تھی - اب یہ دفعہ یہاں جوں کی توں repeat کر دی گئی ہے - میں وزیر تعلیم کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ 1904 سے 1968 تک اب 64 سال ہوگئے - لیکن ابھی کوئی نظریہ نہیں بدلا -

وزیر تعلیم - نہیں

ملک محمد اختر - تو پھر یہ بل اسی طرح چلتا رہے گا - جناب والا -

گذشتہ پون صدی میں یہ انگریز کی حکومت کو suit کرتی تھی یا 1961 کی مارشل لا یا گولی کی حکومت یا سرکار کو suit کرتی ہوگی - لیکن آج جمہوریت کے زمانہ میں یہ suit نہیں کرتی کل کو آپ یہ کہیں گے - ملک اختر زیادہ تقریر کرتا ہے - اس لیے یہ اتنے سالس لے - آپ اس کی restiction impose کرنا چاہتے ہیں - آپ نے procedure کو define نہیں کیا - صرف اس قدر define کر دیا ہے کہ عرضی پہلے حکومت کے پاس آئے - لیکن اس پر conditions کون impose کرے گا - اس کے لیے آپ نے کہیں بھی define نہیں کیا - اس لیے میرے لیے یہ کلاز کسی طرح قابل قبول نہیں -

مسٹر حمزہ (لائل پور - 6) - جناب سپیکر - مجھے یقین ہے کہ آپ کو اس بات کا احساس ہو جائے گا کہ اگر جناب ملک اختر کی ترمیم کی اس ایوان نے اجازت نہ دی - تو میری دونوں ترامیم اپنی موت خود ہی مر جائیں گی -

مسٹر سپیکر - ایک کے لیے تو میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں - دوسری کے لیے نہیں - نمبر 16 تو واقعی ختم ہو جائے گی -

ملک محمد اختر - حمزہ صاحب تو ختم نہیں ہوں گے -

مسٹر سپیکر - ان کے لیے تو ہم درازی عمر کی دعا کریں گے ۔

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان میں جو ترمیم پیش کی گئی ہے - اس کی ذیلی دفعہ میں یہ ہے کہ کسی تعلیمی ادارہ کو جامعہ پنجاب کے ساتھ الحاق کرنے پر پابندی لگا دی ہے کہ الحاق کی درخواست دینے سے قبل حکومت کو درخواست دے - میں اس پابندی کو ناموزوں اور غیر ضروری تصور کرتا ہوں ۔ میرا نقطہ نظر یہ ہے کہ جب جامع پنجاب کو چلانے کے لیے آپ نے جو senate تجویز کیا ہے - جس کے اراکین کی تعداد 90 ہوگی ۔ اس میں 18 registered graduates کے نمائندے ہوں گے - صوبائی اسمبلی کے 5 ارکان ہوں گے - جن کو صوبائی اسمبلی senate کے لیے تجویز کرے گی - تمام کے تمام باقی اراکین حکومت اور یونیورسٹی کے ملازمین ہوں گے - جو کہ بلاواسطہ یا بالواسطہ حکومت کے متعلق ہوں گے - میرا نقطہ نظر یہ ہے کہ یہ افراد جن کو اس اہم کام کے لیے اور جامعہ کے کام کو درست طور پر چلانے کے لیے منتخب یا نامزد کیا ہوگا وہ یقینی طور پر ایسی درخواستوں کے بارے میں اس کے تمام حسن و قبح کا جائزہ لے کر فیصلہ کریں گے - مجھے اس امر کا پورا احساس ہے کہ حکومت سے اجازت حاصل نہ کرنے سے بہت سی ایسی قباحتیں پیدا ہونے کا خدشہ پیدا ہو سکتا ہے۔ چونکہ ہو سکتا ہے کہ کسی دوسری یونیورسٹی کی حدود میں سے کوئی ادارہ جس کا ریکارڈ اتنا اچھا نہ ہو بعض وجوہات کی بنا پر دوسری یونیورسٹی سے الحاق کی درخواست دے دیں - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کے مقابلہ میں تعلیمی معیار کی بلندی اور طلبا کے ذہنوں کو اخلاق سے مزین کرنے کے لیے سینیٹ کے ارکان حکومت سے زیادہ احسن طریقہ سے یہ فرائض سر انجام دے سکتے ہیں اور ایسے مسائل جو اجازت دینے سے پیدا ہوں گے کا پورے طور پر اور بر وقت جائزہ لے سکیں گے اور ان سے فیصلہ کرا سکیں گے - جناب والا - میرا نقطہ نظر یہ ہے - ہم یہ چاہتے ہیں کہ جامعہ پنجاب ایک خود مختار ادارہ ہو اور حکومت اس کے معاملے میں کم از کم دخل دے - چونکہ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ

حکومت کے کسی جامعہ کے معاملات میں دخل دینے سے بہت سی قباحتیں پیدا ہو سکتی ہیں اور مسائل حل نہیں ہوتے اور یہ مسودہ قانون اس امر کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ حکومت ان مسائل کو حل کرنے کے بجائے مداخلت کی وجہ سے ان حالات میں یہ مسودہ قانون پیش کرنے پر مجبور ہوئی ہے۔ جناب سپیکر۔ میرے نقطہ نظر سے حکومت کا کام اچھے طریقے سے چلایا جاتا ہے اور جو افراد حکومت کا کام کاج چلاتے ہیں اس کے مقابلہ میں ایک ایسا ادارہ جس میں کہ یونیورسٹی کی jurisdiction کے بہترین ماہرین تعلیم۔ تجربہ کار ماہرین قانون۔ رجسٹرڈ gradutes اور نمائندگان موجود ہوں گے ان کا فیصلہ یقینی طور پر حکومت کے فیصلہ سے بہتر ہوگا اور وہ سنہرا اصول جس کے مطابق حکومت وقت کو جامعہ کے معاملات میں کم سے کم مداخلت کرنا چاہیے یہ اس نئے سنہرے اصول کے عین مطابق ہوگا۔ میں اس بات کو بھی تسلیم کرتا ہوں کہ ملک اختر صاحب کی جانب سے جو یہ اعتراض کیا گیا تھا کہ محض ایک درخواست پیش کرنے کے لیے اگر حکومت کی پیشگی اجازت کی ضرورت ہو تو یہ صورت حال کسی تعلیمی ادارہ کے الحاق میں بہت بڑی رکاوٹ کا باعث بنے گی۔ میں جناب وزیر تعلیم سے یہ توقع کرتا ہوں اور انہیں بھی یہ توقع کرنا چاہیے کہ وہ سینیٹ جس کو کہ آپ نے اس مسودہ قانون کے ذریعہ تجویز کیا ہے انتہائی تجربہ کار افراد پر مشتمل ہوگی اور وہ قباحتیں اور دقتیں جن کی بنا پر آپ نے اس ترمیم کی مخالفت کی ہے وہ یقینی طور پر جو بھی فیصلہ کریں گے وہ ان کے سامنے ہوں گی اور ہمیں ان کی دیانتداری اور فراست پر یقیناً بھروسہ کرنا چاہئے۔

Minister for Education. I would like to say a few words. Sir, in the first instance the two Universities will have to creat between themselves a healthy atmosphere and between the institutions before they attach it with another one. But the Government has to watch over the interest of both the Universities so that injustice may not be done. Otherwise they will be quarrelling amongst themselves and there will be academic confusion in the country. Therefore we have bro ght these words "and Government" to watch dispassionately and

help control and tide over the affairs of all the Universities. Otherwise there will be very great difficulty and chaos created.

Mr. Speaker. The question is :

> That for sub-clause (3) of Clause 6 of the Bill, the following be substituted, namely :-
>
> (3) Any educational institution situated anywhere outside the territorial limits of the University may apply to the Univeisity for being admitted to the privileges of the University, and such institutions may subject to such conditions and restrictions as the University may think fit to impose, be admitted to the privileges of the University.

(*The motion was lost.*)

Mr. Speaker. Next. Mr. Mahmood Azam Farooqi and Mr. Hamza. It is out of order. Next Syed Zafar Ali Shah (Not present - amendment not moved) Next Mr. Hamza.

Mr. Hamza. Not moving. (Amendment not moved)

مسٹر حمزہ - جناب ملک اختر صاحب کی ترمیم میں گورنمنٹ کا لفظ موجود نہیں ہے -

مسٹر سپیکر - ویسے جو حمزہ صاحب ترمیم پیش کرنے والے تھے اور انہوں نے پیش نہیں کی وہ یہ ہے -

> . . . Situated anywhere outside the territorial limits of the University may, with the sanction of Government, apply to the University for being admitted to the privileges of

the University, and such institution may, subject to such conditions and restrictions as the University and Government think fit to impose . . .

پہلے گورنمنٹ سے اجازت لی جائے گی - پھر یونیورسٹی کو apply کیا جائے گا -

Minister of Education. That is Malik Akhtar's No: 13 ?

Mr. Speaker. This is No. 16 by Mr. Mahmood Azam Farooqi and Mr. Hamza. They want to eliminate the words "and Government" in the last but one line. They want that when the institution who gets sanction of the Government and applies to the University, the Institution can straightaway be admitted to the privileges of the University.

Minister for Education. Another University may not like to part company with the institution and its being attached to another one.

Mr. Speaker. This is in relation to any educational institution situated outside the territorial limits of the University.

Minister for Education. There is not a single institution in West Pakistan which is not attached to any University.

Mr. Speaker. The word is not any University but . . . outside the territorial limits of the Uuiversity . . . . that is outside the territorial limits of the University of the Panjab.

Minister of Education. It can be attached to any other University, either Peshawar, or Sind or the Karachi University.

Mr. Speaker. Any institution which is situated in Peshawar may apply to the University of the Punjab for affiliation.

Minister of Education. Government has also to see the cultural and geographical affinities.

Mr. Speaker. First of all Gevernment will give sanction and that institution will then apply to the University for being

admitted to the privileges of the University and then the University will impose certain limitations and conditions for affiliation . . . "restrictions as the University and Government think fit . . . " The words "and Government" here . . . .

Minister for Education. It is more comprehensive in the original Bill.

Mr. Speaker. First that institution will get the sanction of the Government and then apply.

Minister for Law. What is the Government expected to do ? What should the University do ? The Government may impose certain conditions and restrictions. Subject to these restrictions, it will be affiliated.

Mr. Speaker. At the time of affiliation, Government will only give its sanction for application, you mean to say.

Minister for Law. For the purpose of affiliation, the Government may say.

Mr. Speaker. For the purpose of applying ?

Minister for Law. Not for the purpose of applying ; subject to such restrictions as the Government may think fit to impose, it be admitted to the privileges of the university. Therefore, at the stage when the Government is considering the application for allowing an institution to be affiliated to the University, it may impose restrictions and conditions. It takes care of . . . .

Mr: Speaker. That is not provided.

Minister for Education. There is another amendment coming from Khawaja Muhammad Safdar, amendment No. 17 and we intend to accept it.

Mr. Speaker. You are accepting that sub-clause (3) of Clause 6 be deleted ? If that was the position, we would have put it earlier.

Minister for Education. But it came in that order.

Mr. Speaker. I didn't know that. If you were going to accept that, I would have asked him to move that amendment. Khawaja Safdar to move his amendment.

Khawaja Muhammad Safdar. Sir I beg to move -

That sub-clause (3) of Clause 6 of the Bill, be deleted.

Mr. Speaker. Amendment moved and the question is -

That sub-clause (3) of Clause of the Bill, be deleted.

The motion was carried.

Mr. Speaker. Now, the amendment of Mr. Hamza is out of order. I will now put the Clause to the vote of the House.

The question is -

That Clause 6, as amended, stand part of the Bill.

(*The motion was carried*)

CLAUSE 7.

Mr. Speaker. Amendment No. 18.

Khawaja Muhammad Safdar. Not moving Sir.

Mr. Speaker. Next amendment is No. 19 by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar. Sir I beg to move -

Mr. Speaker. You can oppose the clause as a whole. It is out of order.

Malik Muhammad Akhtar. Alright Sir.

ملک محمد اختر - جناب صدر - یہ دس بارہ الفاظ کی کلاز 7 اگر آپ دیکھیں تو اس میں قرار دیا گیا ہے کہ کوئی شخص بھی یونیورسٹی کی

ممبرشپ سے یا سینیٹ ، سنڈیکیٹ یا اکیڈیمک کونسل کی ممبرشپ سے یا یونیورسٹی میں داخلہ سے محض اس وجہ سے محروم نہیں کیا جائے گا کہ وہ کسی خاص صنف یا نسل یا عقیدہ یا جماعت سے تعلق رکھتا ہے - جہاں تک میرا علم ہے یہ دفعہ 1904 اور 1941 کے آرڈیننس میں موجود تھی - مگر 1904 میں یہاں نسلی امتیاز موجود تھا - ذات پات کا مسئلہ موجود تھا - گورے کالے کا مسئلہ موجود تھا - آج سے 64 سال قبل تو یہ وجہ جواز بن سکتا تھا اسی طرح 1961 میں جب کہ یونیورسٹی آرڈیننس نہایت عجلت میں بنایا گیا تھا اور آنکھیں بند کرکے بنایا گیا تھا اور آرڈیننس کی شکل میں بنایا گیا تھا - اس کے لیے اس وقت کی بھی کوئی وجہ جواز ایسی دفعات کی ہو سکتی تھی -

Mr. Speaker. Is there any harm if it is there ?

Malik Muhammad Akhtar. It is ridiculous ; it is a mockery.

ہم خود اپنا مذاق اڑا رہے ہیں - ہم نے یہ کہا ہے کہ یہاں پر طبقات ہیں یہاں پر ذات پات ہے -

خواجہ محمد صفدر - آئین میں بھی ایسی باتیں موجود ہیں -

ملک محمد اختر - میں کوئی وجہ جواز نہیں پاتا کہ ان الفاظ کو اس دفعہ میں رکھا جائے -

Mr. Speaker. I will put the Clause to the vote of the House.

The question is :

That Clause 7 stand part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

CLAUSE 8.

Mr. Speaker. First amendment is from Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar. Sir I beg to move :

That for Clause 8 of the Bill, the following be substituted, namely:—

The following shall be the officers of the University:—

(*i*) The Chancellor ;

(*ii*) The Rector;

(*iii*) The Vice-chancellor ;

(*iv*) The Deans of Faculties.".

Mr. Speaker. Amendment moved is :

That for Clause 8 of the Bill; the following be substituted, namely:—

The following shall be the officers of the University:—

(*i*) The Chancellor;

(*ii*) The Rector ;

(*iii*) The Vice-Chancellor ;

(*iv*) The Deans of Faculties.".

Minister for Education. Opposed Sir.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - یہ ترمیم پیش کرنے کی دو یا تین وجوہات ہیں - سب سے پہلی وجہ یہ ہے کہ جہاں تک چانسلر وائس چانسلر ڈینز آف فیکلٹیز کا تعلق ہے وہ تو یونیورسٹی کے افسر ہونگے مگر جہاں تک کنٹرولر امتحانات اور دوسرے افسروں کا تعلق ہے ان سے زیادہ تنخواہ پانے والے لوگ یونیورسٹی کے ملازموں میں ہوں گے۔ مثال کے طور پر پروفیسر صاحبان اور لیکچرر صاحبان - وہ ہر لحاظ سے ان سے بہتر ہونگے - اگر ہم انہیں تسلیم کرتے ہیں کہ یہ افسر ہیں تو انہیں کیوں نہ افسر بنایا جائے -

اگر ان کو افسر نہیں بنانا تو پھر میں نے یہ تجویز کیا تھا کہ افسروں کی جو تعداد ہے اسے اس تک محدود رہنے دیجئیے ۔ میں سمجھتا ہوں یہ حد درجہ نامناسب ہے کہ ایک جونیئر آدمی جو کم تربیت یافتہ ہے اور کم تنخواہ پاتا ہے اس کے متعلق اس قانون میں یہ لکھا ہو کہ وہ افسر ہے اور جو زیادہ تنخواہ پاتے ہیں زیادہ کوالیفائڈ ہیں اور زیادہ باعلم ہیں ۔ زیادہ بلند مرتبہ والے ہیں انہیں کہا جائے کہ یہ افسر نہیں ہیں ۔ یہ بات میری سمجھ سے بالا ہے ۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ میرے ذہن میں Rector کی تجویز تھی ۔ اگر گورنر صاحب بلحاظ عہدہ مغربی پاکستان کی یونیورسٹیوں کے چانسلر ہونگے تو آپ غور فرمائیں کہ ہمارے ہاں چھ یونیورسٹیاں ہیں ۔ آپ یہ خیال کریں کہ گورنر صاحب جو کہ انتظامیہ کے سربراہ ہونے کے لحاظ سے پہلے ہی بے حد اور بے پناہ مصروف ہیں اس صوبہ کی آبادی جو چھ کروڑ نفوس پر مشتمل ہے وہ اس کے متعلق تمام انتظام کے دو سربراہ ہیں ۔ اگر وہ Ex. Officio چھ یونیورسٹیوں کے چانسلر بھی ہو جائیں تو ان کے پاس اتنا وقت نہیں ہوگا کہ ان سب کے معاملات کی طرف توجہ دے سکیں ۔ اس لئے میرے خیال میں یہ مناسب نہیں ہے کہ انہیں چھ یونیورسٹیوں کی چانسلر شپ سونپ دی جائے۔ اس لئے میں نے اس بات کا ذکر کیا ہے کہ چانسلر صاحب اگر موجود نہ ہوں تو کانووکیشن کی صدارت کے لئے اور سنیٹ کی صدارت کے لئے یونیورسٹی میں ایک عہدے دار ہو جس کی میں نے آگے تعریف کی ہے کہ یا وہ سپریم کورٹ کا جج ہو ۔ یا وہ ہائی کورٹ کا چیف جسٹس ہو ۔ اور وہ بطور Rector سنیٹ کے اجلاسوں اور کنووکیشن کی صدارت کرے ۔ میں نے گورنر صاحب کی مصروفیت کے پیش نظر یہ ضروری سمجھا ہے ۔ کیونکہ یونیورسٹی کے کام میں حد درجہ کا حرج واقع ہو رہا ہے ۔ کیونکہ گورنمنٹ یونیورسٹی کے کام کاج کی نگرانی کرتے کرتے اس میں مداخلت بھی کرے گی ۔ اس کے لئے اس کے سوائے اور کوئی طریقہ نہیں کہ چونکہ گورنر صاحب بہت مصروف ہیں ۔ اس لئے ان کے ذریعہ

کسی نہ کسی طریقہ سے یونیورسٹی کے کام کاج میں مداخلت کا راستہ پیدا کیا جائے اور گورنمنٹ کو اندر لایا جائے ۔ اگر ایک بزرگ جو چانسلر بھی ہو۔ ان کے پاس وقت بھی ہو وہ یقیناً یونیورسٹوں کی فلاح و بہبود کے لئے کوشش کر سکیں گے اور اس کے کام کاج کو اچھے طریقے سے نگرانی بھی کر سکیں گے ۔ اس لئے ان دو وجوہات کی بنا پر میں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ rector کو یونیورسٹی کے ان افسران میں شامل کر لیا جائے کہ جو اصل بل میں ہیں ۔ میں گزارش کروں گا کہ میری اس تجویز کو قبول کر لیا جائے کیونکہ rector کا عہدہ بہر صورت میں پیدا کرنا ہی ہوگا یعنی اس کام کے لئے آپ کو کسی فارغ بزرگ کو مقرر کرنا ہی ہوگا تاکہ یونیورسٹی کے کام کاج کی احسن طریقے سے دیکھ بال ہو سکے ۔

مسٹر سپیکر ۔ مغرب کی نماز کے لئے ہاؤس کی کارروائی 20 منٹ کے لئے ملتوی کی جاتی ہے ۔

(ہاؤس کی کاروائی 20 منٹ کے لئے ملتوی کر دی گئی)

(اسمبلی کا اجلاس چھ بج کر اٹھارہ منٹ پر (وقفہ نماز مغرب کے بعد) زیر صدارت مسٹر سپیکر منعقد ہوا)

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر حمزہ

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ نماز مغرب کے لئے اسمبلی کا اجلاس ملتوی ہونے سے پہلے میں خواجہ محمد صفدر صاحب کی ترمیم کی حمایت کے لئے کھڑا ہوا تھا ۔ اس ترمیم کے ذریعہ جناب خواجہ صاحب نے یونیورسٹی کے آفیسرز یا حکام میں Rector کو شامل کرنے کی تجویز پیش کی ہے ۔ جناب والا ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ ہمارے 1954 کے قانون کے تحت بھی سینٹ کی صدارت کے فرائض وائس چانسلر سرانجام دیتے تھے ۔ دراصل قانون میں یہ گنجائش رکھی گئی تھی کہ یہ فرائض چانسلر سرانجام دیں جو کہ ہائی غیرحاضری کی بنا پر سخت بدنام ہیں اور اس کا مطلب عملی طور پر یہ نکلتا

ہے کہ سینیٹ کی صدارت جناب وائس چانسلر کریں - جناب سپیکر - آپ کو یہ علم ہے کہ وائس چانسلر یونیورسٹی کو Chief Executive کے فرائض سرانجام دینے کے لئے مامور کیا گیا ہے - حکومت کی جانب سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ چانسلر کا جو نام تجویز کیا جاتا ہے وہ بلحاظ عہدہ ہے - اور میرے خیال میں بلحاظ عہدہ کے علاوہ ان کی افادیت محض نمائشی ہے - اور نمائش بھی اس قسم کی کہ اکثر اوقات دھوکہ دینے کا موجب بنتی ہے - خواجہ محمد صفدر صاحب نے جس حالات میں یہ ترمیم پیش کی ہے ان کے پیش نظر میں اس ترمیم کی پر زور حمایت کرنے پر مجبور ہوں کیونکہ قدرت نے ہمیں وہ دن بھی دکھلائے ہیں کہ ہو چانسلر کے عہدے پر ایسے ایسے افراد مامور کئے گئے جس کا جامعات سے کسی قسم کا تعلق رکھنا جامعات سے زیادتی ہے - جن کو جامعہ کے معاملات سمجھنے کا نہ تو تجربہ ہو - اور نہ ہی وہ ذہنی طور mature ہوں -

جناب سپیکر - اس سے پہلے بدنام لوگوں کے دور میں ہمارا ان سے ہزار اختلاف سہی - گورمانی صاحب جیسے عالم اور تجربہ کار اور عبدالرب نشتر صاحب جیسے تجربہ کار اور علم دوست حضرات تھے - اور وہ ان کرسیوں کو مزین کرتے رہے ہیں - لیکن انسان کو حقائق کے مطابق چلنا پڑتا ہے - محض خیالات کی دنیا میں جینا اس وقت کے تلخ حقائق کے سامنے نہایت زیادتی ہے - اس لئے جناب خواجہ صاحب نے اس پر انتہائی سوچ بچار کے بعد Rector کی تجویز پیش کی ہے - جو جناب چانسلر کی غیر موجودگی میں Senate کی صدارت کے فرائض انجام دیں گے -

جناب سپیکر - آپ کو یہ بھی احساس ہو گا کہ ہمارے نقطہ نظر سے Senate ایسا ادارہ ہوگا - جو یونیورسٹی کے تمام کام کاج سرانجام دے گا - وہ قانون ساز ادارے کے فرائض بھی انجام دے گا - اور یونیورسٹی کے کام کاج کی نگہداشت اور دیکھ بھال بھی کرے گا - اس کے لئے نہایت تجربہ کار اور علم دوست انسان کی ضرورت ہے - آپ خود ہی اندازہ لگائیں کہ اس قانون ساز ادارے میں- جہاں آپ جیسے قابل انسان کو منتخب کیا گیا ہے کہ

آپ خاص مقاصد اور خاص اور اہم فرائض کو انجام دیں اگر آپ کی جگہ قائد ایوان یا چیف سیکریٹری کو مامور کر دیا جائے تو اس ادارے کے کام میں کس قدر رکاوٹ ہوگی ۔ اس سے اور بھی عجیب کیفیت طاری ہوتی ۔ اگر آپ کی جگہ گورنر صاحب کو ان فرائض کی انجام دھی کے لئے مامور کیا جائے

مسٹر سپیکر ۔ کوئی اور مثال دیجئے ۔ کیونکہ یہ مناسب نہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ دراصل آپ مثال دینے سے گھبراتے ہیں ۔ اور پسند نہیں کرتے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں اس لئے پسند نہیں کرتا ۔ کیونکہ اس ایوان میں پارلیمانی convention ہے ۔ کہ chair کے متعلق کوئی ایسی مثال دینا مناسب نہیں ہوتا ۔ میں نے گھبرانے کی وجہ سے یہ بات نہیں کہی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جیسا کہ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ senate میں اعلیٰ دماغ رکھنے والے اور تمام کے تمام تجربہ کار افراد موجود ہوں گے ۔ اس کی صدارت کے لئے چانسلر جس قسم کے بھی اللہتعالیٰ نے ہمیں بخشے ہیں ۔ اگر ان کو ان فرائض کے لئے مامور کیا جائے ۔ تو آپ اندازہ لگائیں کہ اس senate کے ساتھ اور اس صدر کے ساتھ کتنی زیادتی ہوگی ۔ بلکہ اس اہم اور خصوصی کام کے لئے خواجہ صاحب نے جو Rector کو تجویز کیا ہے ۔ یا تلاش کیا ہے یا ایجاد کیا ہے ۔ وہ قابل تحسین ہے ۔ جناب وزیر تعلیم چونکہ تحقیقات کو بہت اہمیت دیتے ہیں ۔ ویسے بھی تعلیمی اداروں میں اسے اہمیت دینی چاہئے ۔ اس لئے میری استدعا ہے ۔ کہ خواجہ صاحب کی اس دیافت کو قبول فرمائیں ۔ اس ترمیم کی مخالفت نہ کریں ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ I) ۔ جناب والا ۔ خواجہ صاحب کی ترمیم یہ ہے کہ چانسلر کے علاوہ ایک Rector بھی ہونا چاہئے ۔ یہ قابل تحسین اور نہایت ہی ضروری ہے ۔

جناب والا - جب یہاں ہر انگریز تھے - تو پنجاب میں صرف ایک یونیورسٹی تھی - اور چانسلر اس پر preside کیا کرتا تھا - senate کو انگریز گورنر preside کیا کرتا تھا - اور کبھی وائس چانسلر نے preside نہیں کیا تھا - یہ رسم تب سے چلی آ رہی ہے - ہمارے جو گورنر صاحب ہیں - وہ یہاں چانسلر ہیں - مغربی پاکستان میں گورنر صاحب پنجاب یونیورسٹی کے چانسلر بنیں ہیں - بلکہ اور یونیورسٹیوں کے چانسلر بھی ہیں - ان کا قیام لاہور میں ہے - یعنی کراچی یونیورسٹی کے چانسلر کا قیام لاہور میں ہے - حیدرآباد یونیورسٹی کے چانسلر کا قیام لاہور میں ہے - پیشاور یونیورسٹی کے چانسلر کا قیام لاہور میں ہے - اسی طرح ایگریکلچرل یونیورسٹی لائل پور کے چانسلر کا قیام بھی لاہور میں ہے - کیونکہ ان تمام یونیورسٹیوں کے چانسلر ایک ہی صاحب ہیں - جب کہ ان کی مصروفیات بہت زیادہ ہیں - ان کے لئے مشکل ہے - اور وہ کبھی تمام senate کی صدارت نہیں کر سکتے - اگر واقعی یہ دیکھا جائے کہ چانسلر کو اس قدر زیادہ اختیارات دئے گے ہیں - تو یقیناً اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ تمام یونیورسٹیوں کو بےانتہا مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا - چانسلر ہر جگہ نہیں جا سکتے - لیکن ہر چیز چانسلر کے اختیار میں ہے - چانسلر کی اجازت کے بغیر پتہ بھی نہیں ہل سکتا - ہر چیز کے لئے اجازت دینا یا اسے پاس کرنا چانسلر کے اختیار میں ہوتا ہے چانسلر کی حیثیت لائل‌پور کے گھنٹہ گھر کی طرح ہے - جہاں سے تمام سڑکیں نکلتی ہیں - ان سڑکوں کے جس گوشہ سے دیکھیں - گھنٹہ گھر نظر آئے گا - اسی طرح اس بل میں ہے - ہر چیز پر چانسلر کا اختیار ہے - اگر صرف ایک یونیورسٹی ہوتی - تو یہ کہا جا سکتا تھا کہ چانسلر کی جگہ کسی Rector کی ضرورت نہیں - جیسا کہ خواجہ صاحب نے اگلی دفعہ میں ذکر کیا ہے کہ چانسلر ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ کا جج ہونا چاہئے - اس بل میں جو اختیارات چانسلر کو دئے گئے ہیں - وہ بتدریج سیکشن افسر تک پہنچ جاتے ہیں - جن کے ہاتھوں میں اعلیٰ تعلیم کی عنان ہوتی ہے - اور سیکشن آفیسر کی حالت ایسی ہے جیسے کوئیں کے مینڈک ان کو day to day problems کا کوئی علم نہیں ہوتا - اس لئے میں یہ عرض کروں

گا ۔ کہ آپ یہ دیکھیں کہ انگریز کے دور اقتدار میں بھی جس وقت 1915 میں ہندو یونیورسٹی بنائی گئی تھی ۔ وہاں یہ شق تھی کہ چانسلر گورنر جنرل یا وائسرائے کا ہونا ضروری نہیں ۔ اس یونیورسٹی کو یہ اختیار دیا گیا تھا کہ وہ جس شخص کو چاہے چانسلر مقرر کرے ۔ ہندو یونیورسٹی کی طرح چانسلر مقرر کرنے کے لئے مسلم یونیورسٹی میں بھی ایسی ہی شق رکھی گئی کہ چانسلر کا عہدہ گورنر جنرل کے علاوہ کسی شخص کو بھی دیا جا سکتا ہے ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے ۔ انہوں نے ہمیشہ یہ کوشش کی تھی کہ کسی مخیر شخص کو چانسلر کا عہدہ دیا جائے ۔ چنانچہ پہلے نظام حیدرآباد اس کے چانسلر تھے ۔ اور اب سید طاہر یوسف سیف‌الدین ہیں ۔ یہاں ہر گورنر صاحب ایک یونیورسٹی کے چانسلر ہیں بلکہ چھ یونیورسٹیوں کے چانسلر ہیں ۔

Mr. Speaker. I think the proper place for this discussion is Clause 9.

Major Muhammad Aslam Jan. Kindly allow me to discuss. If it is there, then we will not discuss it there because it is as good here.

اگر چانسلر چھ یونیورسٹیوں کے senate کو preside نہ کر سکیں گے ۔ تو پھر وائس چانسلر senate کو preside کریں گے ۔ جو ہم نہیں چاہتے ۔ آزادی کے بعد ہمیں دوچار قدم آگے جانا چاہئے تھا ۔ لیکن دوچا قدم پیچھے کی طرف دوڑے ہیں ۔ اگر ہمیں یقین ہو جائے کہ چانسلر سنیٹ کی ہر میٹنگ کی صدارت کریگا تب Rector کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور اگر یہ معلوم ہو کہ چانسلر سینٹ کی ہر میٹنگ کی صدارت نہیں کر سکتا تو Rector کے عہدہ پر ایک شخص کو لگائے رکھنے کی ضرورت ہے ۔

Mr. Speaker. I will now put the amendment.

Minister for Education. In a minute I would like to say something about the word "Rector". In the English Universities they have the Rector but no Vice-Chancellor. In the Indian Universities there may be Rector and Vice-Chancellor but the Rector comes after the Vice-Chancellor in the heirarchy of University. He is not above Vice-chancellor.

Mr. Speaker. The question is -

That for Clause 8 of the Bill, the following be substituted, namely:—

The following shall be the officers of the University:—

(*i*) The Chancellor;

(*ii*) The Rector ;

(*iii*) The Vice-Ghancellor ;

(*iv*) The Deans of Faculties.

(*The motion was lost*)

Next amendment is identical and it is, therefore, out of order. Next No. 22.

Malik Mahammad Akhtar. I beg to move :

That after sub-clause (*iii*) of Clause 8 of the Bill, the following new sub-clause (*iv*) be added and subsequent sub-clauses re-numbered accordingly:—

(*iv*) Heads of Teaching Departments ;

Mr. Speaker. The motion is :

That after sub-clause (*iii*) of Clause 8 of the Bill, the following new sub-clause (*iv*) be added and subsequent sub-clauses re-numbered accordingly:—

(*iv*) Heads of Teaching Departments;

Minister for Education. Opposed.

Mr. Speaker. The question is :

That after sub-clause (*iii*) of Clause 8 of the Bill, the following new sub-clause (*iv*) be added and subsequent sub-clauses re-numbered accordingly:—

(*iv*) Heads of Teaching Departments;

(The motion was lost)

Next No. 23.

Malik Muhammad Akhtar. I beg to move :

That for paras (*v*) to (*viii*) of Clause 8 of the Bill, the following be substituted, namely:—

(*v*) the Treasurer, and

(*vi*) the Controller of Examinations;

Mr. Speaker. There is no sub-para (*viii*). Is there any ? It should be (*v*) to (*vii*).

The motion is :

That for paras (*v*) to (*vii*) of Clause 8 of the Bill, the following be substituted, namely:—

(*v*) the Treasurer, and

(*vi*) the Controller of Examination.

Minister for Education. Opposed.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - کلاز 7 اس قسم کی definition کرتا ہے جیسے کسی کا نوٹیفیکشن کر دیا جائے کہ فلاں گزیٹیڈ آفیسر ہوا ہے اور فلاں شخص گزیٹیڈ آفیسر ہے۔ میں اس میں head of teaching ڈیپارٹمنٹ کو شامل کرنا چاہتا ہوں جب کہ بجٹ اور کو جس کا رابطہ میں سمجھتا ہوں کہ head of teaching ڈیپارٹمنٹ کے برابر ہوگا یا کم تر ہوگا اس کو بھی انہوں نے آفیسر کی فہرست میں شامل کر لیا ہے - دراصل یہ کوئی اپنا صاحب بہادر لانا چاہتے ہیں - کنٹرولر آف examination کو بھی شامل کیا گیا ہے - پھر جناب والا آپ دیکھیں گے -

„any other officers as may be prescribed."

یہ بھی گنجائش ہے کہ یہ کسی زید اور بکر کو بھی آفیسر کرنا چاہتے ہیں - ایسی صورت میں جناب والا یہ ایک دن کا رونا ہو تو صبر آجائے اور

ہر روز کے رونے کو کہاں سے جگر آئے

یہ غلطی پر غلطی کرتے جاتے ہیں یہ مجھے بتائیں کہ head of teaching ڈیپارٹمنٹ کے جو موجودہ مطالبات اور جو طالبعلموں کے مطالبات تھے - یعنی اساتذہ اور طلبا دو قسم کے مختلف طبقات ہیں - ان کی جو heart burning ہے وہ یہ ہے - میں ان کی سروس کے متعلق یہاں بات نہیں کہنا چاہتا ہوں - جناب والا - head of teaching ڈیپارٹمنٹ کے جو مطالبات ہیں - اس کے لئے میں اس وقت کچھ نہیں کہنا چاہتا اگلے کسی وقت پر کہوں گا لیجرز بھی کہتے ہیں کہ اگر ہم مہر لگائیں تو ہماری تصدیق مانی جائے یہ اپنے جائز مطالبات میں ایڈوانس کر چکے ہیں تو اب یہ بتائیے کہ اس وقت تو کالج اور اسکول بہت ہیں اور طالبعلموں پر تشدد ہوا ہے -

مسٹر سپیکر - سوال یہ ہے کہ head of teaching ڈیپارٹمنٹ کو آفیسرز کی definition میں لایا جائے یا نہ لایا جائے -

ملک محمد اختر - میں عرض کرنا چاہتا ہوں -

مسٹر سپیکر - آپ کا خیال یہ ہے کہ اس وقت جو مظاہرے ہو رہے ہیں وہ بند ہو جائیں گے -

ملک محمد اختر - یہ مطالبہ تو ایک لمبے کے ملک سے چلے جانے کے بعد ہی ہو لگے - حال ان کا کوئی قصہ ہی نہیں ہے -

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - دراصل میں یہ چاہتا ہوں کہ ان کی شق 7 جو ہے and اور شق 7 -

Such other officers as may be prescribed.

اب جناب والا - یہ جو prescribed کرنا ہے under the rules کرنا ہے اور رولز جو frame کرنا ہیں وہ high اتھارٹی نے کرنا ہے - یعنی جناب والا انہوں نے قانون کو بڑی تیزی سے نقل کر لیا ہے - یہ اس کی implication نہیں جانتے اور rule making اتھارٹی جو ہے وہ اتھارٹی آپ ہی یونیورسٹی ہے - یعنی اس اتھارٹی نے اپنے اپنے رولز بنانے ہیں اور یہ رول بنتے وقت اپنے سارے کے سارے افراد آفیسر بنا دے تو قباحت ہوگی جو سپری اینٹمنٹ reject ہو گئی ہے یعنی یہ head of teaching deptt: کو آفیسر کا رتبہ نہیں دینا چاہتے اور یہ رتبہ دینے کے لئے تیار نہیں ہیں - اس کے بعد جناب والا - وہ کون سا آفیسر ہوگا جس کو انہوں نے بذریعہ رولز as officer prescribe کرنا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یا تو انہوں نے اس قانون کا اچھی طرح سے مطالعہ نہیں کیا ہے یا یہ ان عوامی مطالبات جو ٹیچرز اور بالخصوص یونیورسٹی ٹیچرز جو کہ اس میں پیش پیش ہیں ان کے مطالبات سے ناآشنا ہیں تو ایسی شق ؟

"such other officer as may be prescribed."

رکھنے کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ یہ سراسر زیادتی ہے ناانصافی ہے یعنی یہ unbalance کرنا چاہتے ہیں یعنی یونیورسٹی میں اس قسم کی heart burning گروبندی اور دھڑے بازی پیدا کرنا چاہتے ہیں جو heads of teaching deptt: میں نہیں ہونا چاہئے - جناب والا - دراصل مجھے ایک نقطہ stress کرنا ہے کہ دراصل موجودہ حکمرانوں کے دل میں اساتذہ کے لئے کوئی قدر نہیں ہے heads of teaching deptt اور یونیورسٹی کے جو

heads ہیں ان کو بھی یہ آفیسر کا رتبہ دینے کے لئے تیار نہیں ہیں اور ان کا جو پلا ہوا پی۔سی۔ایس آفیسر یا ڈاکٹر یا ان کا کوئی شاگرد خواہ اس نے 350 روپے سے نوکری قبول کی ہو تو وہ آفیسر بھی کہلائیگا اور اس کا نوٹیفیکیشن بھی ہوگا۔

جناب والا۔ اور وہ گزیٹیڈ افسر کہلائے گا۔ یا تو یہ تخصیص کرتے۔ یہ نہایت ہی اہم نکتہ ہے افسر کو ڈیفائن کرنا۔ یا تو یہ کسی قسم کی تخصیص ہی نہ کرتے کسی کی افسر کے نام سے۔ ایک علیحدہ خوشنما کلاز لا کر کسی کو افسر کا رتبہ نہ دیتے۔ اگر دیتے تو یہاں ہیڈز آف ڈیپارٹمنٹ کو بھی شامل کرتے یہاں پر انہوں نے افسر کا لفظ استعمال کیا ہے لیکن اس کے بعد یہ الفاظ لا کر

"such other officers as may be prescribed"

یہ خود نفی کر رہے ہیں اپنے اس ذہن کی جس کے تحت انہوں نے یہ کیا ہے کہ یونیورسٹی میں صرف چھ افسر ہونگے "چانسلر، وائس چانسلر" ڈین آف فیکلٹیز، رجسٹرار۔ ٹریژرر اور کنٹرولر امتحانات۔

"such other officers as may be prescribed".

یہ اس کے بعد کہاں سے آگئے۔ یہ کون لوگ ہونگے جنہیں وہ prescribe کریں گے،

Mr. Speaker. The question is :

That for paras. (*v*) to (*vii*) of Clause 8 of the Bill, the following be substituted, namely:—

(*v*) the Treasurer, and

(*vi*) the Controller of Examinations.

(*The motion was lost*)

The question is :

That Clause 8 stands part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

CLAUSE 9

Mr. Speaker. Amendment No. 24 by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar. Sir, I beg to move:

That for Clause 9 of the Bill, the following be substituted, namely:—

9. (1) The Chief Justice of High Court of West Pakistan shall be the Chahcellor of the University.

(2) The Chancellor shall, when present preside at the Convocation of the University.

Mr. Speaker. The amendment moved is :

That for Clause 9 of the Bill, the following be substituted, namely:—

9. (1) The Chief Justice of High Court of West Pakistan shall be the Chancellor of the University.

(2) The Chancellor shall, when present preside at the Convocation of the University.

Minister for Education. Opposed.

ملک محمد اختر - وزیر صاحب بھی اس لیول پر آ گئے ہیں - جس پر ہم جا رہے تھے - یہ اب احساس کریں گے کہ ان کے فرائض اور ہیں ہمارے اور ہیں - جناب سپیکر - میں یہ عرض کرتا ہوں کہ کلاز نمبر 9 کے تحت یہ کیا گیا ہے کہ مغربی پاکستان کے گورنر چانسلر ہوں گے اور چانسلر جب موجود ہوگا تو کنوکیشن کی صدارت کرے گا (قطع کلامی)

ملک معراج خالد - پوائنٹ آف آرڈر - چوہدری صاحب کو بولنے کا حق ہے لیکن وہ اپنی سیٹ پر بیٹھ کر بول سکتے ہیں -

Mr. Speaker. When the Member is not in his seat he is not recognized.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ کلاز نمبر 9 کے مطابق گورنر مغربی پاکستان پنجاب یونیورسٹی کے چانسلر ہوں گے ۔ حکومت اس کی حمایت میں یہ دلیل دے سکتی ہے کہ 1904 کے قانون میں اور 1961 کے قانون میں یہ شق موجود تھی ۔ مجھے یہ گزارش کرنی ہے کہ 1935 کے قانون کے تحت پنجاب کے گورنر کی حقیقت محض آئینی تھی ۔ 1956 کے سابق آئین کے تحت بھی گورنر کی حیثیت محض آئینی تھی ۔ مگر 1962 کے آئین کے تحت گورنر کی حیثیت مکمل طور پر بدل چکی ہے اب گورنر صاحب ایک سیاسی جماعت سے منسلک ہیں ۔

جناب والا ۔ میں مختصراً عرض کروں گا میں ان لوگوں سے قطعی طور پر اتفاق نہیں کرتا جو یہ کہتے ہیں کہ طلبا جو کہ بالغ ہیں ۔ جو اخبارات اور رسائل پڑھتے ہیں جو ایسے انٹرنیشنل رسائل پڑھتے ہیں جن میں کبھی ہمارے حق میں اور کبھی ہمارے خلاف بے جا بے باکانہ تنقید ہوتی ہے ۔ طلبا کا یہ طبقہ جو اس تمام لذت سے آشنا ہے اور جو اقتصادی حالات سے اثر لیتا ہے اس کے متعلق یہ کہنا کہ وہ سیاسی طور پر کسی معاملہ میں اثر انداز نہیں ہوگا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کا غلط خیال ہے ۔ یہ لوگ جو دانشور طبقہ ہیں ان سے یہ توقع رکھنا کہ وہ سیاسی تماشہ اور کھیل میں محض تماشائی کی حیثیت سے رہیں یہ درست نہیں ۔ 1962 سے لے کر اب تک 7 سال کے لگا تار ہنگاموں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ سب سے زیادہ اگر کوئی فرد سیاست کا اثر لیتا ہے تو وہ طلبا ہیں ۔ تو ایسے وقت میں طلبا کے اوپر چانسلر ایک مخصوص سیاسی پارٹی کے فرد کو مقرر کر دینا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ آغاز ہے مخاصمت اور رسہ کشی کا ۔ یہ نہایت ہی ناواجب بات ہے ۔ یہ میرا پہلا نکتہ ہے ۔

اگر جناب گورنر صاحب کی حیثیت یونیورسٹی کے چانسلر کی نہ ہوتی محض انتظامیہ کے ڈھانچے کے سربراہ کی ہوتی تو شاید طلبا پر اب جو مصیبت نازل ہوئی ہے وہ نہ ہوتی ۔ ایک تو طلبا سیاسی طور پر اپنا نظریہ رکھتے ہیں اور دوسرے وہ متاثر ہوتے ہیں اپنے وائس چانسلر سے ۔ کیونکہ وہ سمجھتے

ہیں۔ کہ ان صوبہ بطور صوبائی گورنر نظم و نسق ان کا مسئلہ ہے بلکہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ بطور چانسلر یونیورسٹی کی ذمہ میں بات کے بھی ذمہ دار ہیں۔ اگر وائسریگل گورنر ہو اور وائسا چنانچہ کریں گے تو وہ یہ سمجھتے ہیں کہ بطور انتظامیہ کے سربراہ کے ان کی اہلیت جو ہے اسے چیلنج کیا جارہا ہے۔ دوسری طرف طلبا یہ سمجھتے ہیں کہ اس طرح سے یونیورسٹی جو ایک خودمختار ادارہ ہے۔ اس کے اندرونی معاملات میں مداخلت کی جا رہی ہے اور وہ اسے برداشت نہیں کر سکتے۔ ایک طرف گورنر صاحب یہ محسوس کرتے ہیں کہ ان کے انتظام میں گڑبڑ ہو رہی ہے اور وہ allergic ہو جاتے ہیں۔

جناب والا۔ میں صرف ایک جملہ کہہ کر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔ بنارس کی یونیورسٹی یا دہلی کی یونیورسٹی یا علیگڑھ یونیورسٹی میں گورنر جنرل یا گورنر چانسلر نہ تھے تو کیا ان یونیورسٹیوں کا کام نہیں چلا۔ علیگڑھ یونیورسٹی نے جتنے آزاد خیال گریجوایٹ پیدا کیے ہیں یا جتنے اعلیٰ کردار کے مالک گریجوایٹ وہاں سے فارغ التحصیل ہو کر نکلے ہیں اس پر شبہ ہیں ان کے مقابلے میں ایسی مثال نہیں مل سکتی۔

جناب والا۔ میرا دوسرا نکتہ یہ ہے کہ اگر آپ eminent educationist کو چانسلر بنائیں گے تو وہ دوران ملازمت میں اپنے کام میں زیادہ دلچسپی لے گا۔ میں یہ نہیں کہتا کہ سات یونیورسٹیوں کو چیف جسٹس مغربی پاکستان کے سپرد کر دیا جائے۔ میں صرف پنجاب یونیورسٹی کے لیے کہتا ہوں جو تعلیمی اعتبار سے سب سے بڑا اور اہم ادارہ ہے۔ آگے میں تفصیل سے عرض کروں گا کہ اس کی کیوں ضرورت ہے۔ تعلیمی اعتبار سے کسی eminent educationist کو چانسلر بنانا ہماری بہت سی مشکلات کا سدباب کر دے گا۔

جناب والا۔ اب میں تیسرا نکتہ اختصار کے ساتھ عرض کروں گا۔ کیونکہ مجھے دفعہ 10 پر بھی بات کرنی ہے۔ چانسلر کے پاس بہت زیادہ اختیارات ہیں۔ ان کے اختیارات کے پیش نظر یہ انتہائی لازمی اور ضروری ہے کہ چانسلر نہایت اعلیٰ ہی ڈگریوں اور نہایت ہی اعلیٰ تعلیمی خوبیوں کا مالک

ہو ۔ دفعہ 10 میں جس کے متعلق ہم نے تفصیل کے ساتھ بات کرنی ہے اس میں یہ ہے کہ چانسلر جب بھی چاہے معائنہ کے لیے حکم دے سکتا ہے ۔ جب وہ یونیورسٹی کے معائنہ کے لیے حکم دیں گے تو معائنہ کی رپورٹ ان کو submit کی جائے گی ۔ جب رپورٹ چانسلر کے پاس جائے گی تو وہ سنڈیکیٹ یا سینیٹ کو رپورٹ refer back بھی کر سکتا ہے جیسا کہ اس رپورٹ پر ایکشن لینے کے لیے ہم قانون پاس کریں گے ۔ ڈبل گریجوایٹ ۔ deans of faculties ۔ ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اور طالب علموں کے متعلق رپورٹیں بھی آنی ہیں ۔ یہ نہایت ہی ٹیکنیکل نوعیت کے کام ہوں گے ۔ اگر آپ کسی eminent educationist کو چانسلر نہیں رکھیں گے تو میں سمجھتا ہوں یہ کاروبار آپ کا نہیں چلے گا ۔ اب میں اس نکتہ کو چھوڑتے ہوئے آگے عرض کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ اگر آپ دیکھیں تو یہ بات میرے نکتہ کو بہت تقویت دے گی ۔ جب چانسلر نے statutes اور یونیورسٹی ہنگامی قانون بلکہ غالباً بعض cases میں قواعد و ضوابط کے متعلق بھی اس نے فیصلہ کرنا ہے ۔ اس نے نہ صرف رپورٹوں کی انسپکشن کا کام کرنا ہے بلکہ یونیورسٹی کی لیجسلیشن کا جتنا کام ہوگا وہ بھی اس نے کرنا ہے ۔ یہ اس قسم کی خود قباحتیں پیدا کرتے ہیں پھر کہتے ہیں کہ ہم بات نہ کریں ۔

جناب والا ۔ صوبہ مغربی پاکستان کے لیے گورنر صاحب جو قوانین بھی بنالیں گے وہ آرٹیکل 79 کے تحت ہنگامی قوانین کی شکل میں ہوں گے وہ اس ہاؤس میں ratification کے لیے آئیں گے ۔ یہ ہاؤس ان کو منظور یا نا منظور بھی کر سکتا ہے یا نئی ترمیموں کے ساتھ اس کو منظور یا نا منظور بھی کر سکتا ہے ۔ یونیورسٹی میں جس قدر دھندا ہے ۔ یونیورسٹی کے جس قدر معاملات ہیں ان کے متعلق جناب وزیر تعلیم صاحب ایک چھوٹا سا بل 46-45 کلاززز کا اس ہاؤس میں لائے ہیں ۔

جناب والا ۔ وہ statutes یا ہنگامی قوانین جو کافی بڑے بڑے تھے اور درجنوں دفعات پر مشتمل تھے انہوں نے وہ دفعات وہی کی وہی رکھی ہیں ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker. I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is :

That for Clause 9 of the Bill, the following be substituted,

9. (1) The Chief Justice of High Court of West Pakistan shall be the Chancellor of the University.

(2) The Chancellor shall, when present; preside at the convocation of the University.

(*The motion was lost.*)

Mr. Speaker. Next 25. (Khawaja Muhammad Safdar.)

Khawaja Muhammad Safdar. Not moving.

Mr. Speaker. 26 by Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar. Out of order, I oppose, because Rector is mentioned there.

Mr. Speaker. Yes. Next.

Parliamentary Secretary Education. (Sardar Muhammad Ashraf Khan) Sir, I beg to move :

That for Clause 9 of the Bill, the following be substituted, namely :-

9. (1) The Governor of West Pakistan shall be the Chancellor of the University; provided that the Governor may appoint a person of eminence to be the Chancellor, on such terms and conditions, and for such period, as the Government may determine.

(2) The Chancellor shall, when present,

preside at the Convocation of the University.

Mr. Speaker. The amendment moved is :

9. (1) That for Clause 9 of the Bill, the following be substituted namely :-

9. (1) The Governor of West Pakistan shall be the Chancellor of the University; provided that the Governor may appoint a person of eminence to be the Chancellor, on such terms and conditions, and for such period, as the Government may determine.

(2) The Chancellor shall, when present, preside at the Convocation of the University.

In a way they have included the provision of Rector. They have conceded the position of Rector.

Malik Muhammad Akhtar. Opposed.

Mr. Speaker. This is an amendment, notice of which was given today at 9.55 a. m.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - وہ ترمیم ہمیں تو سرکولیٹ نہیں ہوئی ہے -

مسٹر سپیکر - وہ ترمیم سرکولیٹ تو ہوئی ہے لیکن ترمیمیں کچھ اس طرح سے آ رہی ہیں کہ ان کو adjust کرنا یا سرکولیٹ کرنا مشکل ہو رہا ہے -

Minister for Education. I am sorry Sir. There was an amendment by Mr. Zain Noorani but there was some legal difficulty in it. In order to overcome it, we had to move this amendment.

Mr. Speaker. List No. 1, List No. 2, List No. 3, Ist sup-

plement, 2nd Supplement, 3rd supplement - actually there are so may amendments pouring in.

Minister for Education. Sir, our contribution to these amendments is very meagre. I would request Malik Akhtar to desist from it.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - انہوں نے بجا فرمایا ہے کہ ہماری ترمیمیں تعداد میں زیادہ ہیں - لیکن میں اس سلسلہ میں عرض کروں گا کہ ہماری طرف سے گورنمنٹ کو اور اس ایوان کو پانچ دس روز پہلے نوٹس دیا جاتا ہے - کم از کم دو دن پہلے تو ضرور ترمیم دی جاتی ہے - اس کی طرح گھنٹہ دو گھنٹہ پہلے کبھی ترمیم کا نوٹس نہیں دیا جاتا -

Mr. Speaker. (Addressing Minister of Education) Moreover, you give your amendments just in the morning and then would you be accepting amendments from Malik Akhtar.

خواجہ محمد صفدر - اس لیے ہم اس میں contribution نہیں کر سکتے ہیں - میں درخواست کروں گا - - - -

Parliamentary Secretary (Education). Yesterday was Sunday. I tried to contact the Assembly Secretariat but it was not open.

Mr. Speaker. This Bill was introduced on the 24th of last month, and these amendments are coming from the Government.

ملک محمد اختر - جناب والا - بیشتر اس کے کہ میں کچھ ثابت کروں - میں نے اپنی difficulty عرض کرنی ہے - سندھ یونیورسٹی کا بل بھی آ گیا ہے - اس میں بھی amendments ہیں - تقریباً 150 amendments ہوں گی - - - -

Anyhow, we are in time. Before they could introduce their bill, my amendments were in my bag.

میں نے اندازہ کر لیا تھا - پنجاب یونیورسٹی بل کی بھی amendments ہیں - اور پھر سندھ یونیورسٹی اور دو بل کل بھی لا رہے ہیں - اس صورت

میں دو دن کا نوٹس کیسے دیں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر کل وہ introduce کریں گے ۔ تو آپ خیال رکھیں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ یہ کیسے ہوگا ۔

Is that possible ; is that feasible,

Mr. Speaker. I will very sympathetically consider your position. That is what I can say. I can assure you that so far as this difficulty is concerned, I can help you in this matter and I will.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا ۔ کہ یہ طوالت تو خود کرتے ہیں ۔ آپ ہی دیکھیں ۔ ان کی طرف سے کتنی amendments آتی ہیں ۔ پھر یہ قصہ ہے کہ Clause 9 میں یہ چاہتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

> The Governor of West Pakistan shall be the Chancellor of the University ; provided that the Governor may appoint a person of eminence to be the Chancellor, on such terms and conditions, and for such period, as the Governor may determine.

جناب والا ۔ "shall be the Chancellor" یہاں پر لگاتے ہیں ۔ پھر proviso کے مطابق وہ اپنی جگہ کس طرح چانسلر مقرر کرتے ہیں ۔ جب وہ اس اصول سے depart کرتے ہیں ۔ اول تو جناب والا ۔ کوئی گورنر اس کو پسند ہی نہیں کرے گا ۔ کہ خود گورنر صاحب کسی اور کو چانسلر بنا دیں گے ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ یہ طریقہ کار جو ہے ۔ کہ گورنر صاحب چانسلر کو بھی مقرر کریں ۔

Mr. Speaker. There is one thing that the authority can delegate its powers to anothe person but the same authority

cannot appoint the same officer with the same designation. Here, the Chancellor is appointing the Chancellor. The Chancellor can appoint a Rector.

Minister for Education. Sir, he will appoint the Chancellor in the capacity of Governor not as a Chancellor.

Khwaja Muhammad Safdar. Governor shall be the Chancellor.

Mr. Speaker. The Governor of West Pakistan shall be the Chancellor of the University; provided that the Governor may appoint a person of eminence to be the Chancellor.

ملک محمد اختر - جناب جیسے کے ہر سال مولڑوں کا مائل بدلتا ہے - یہ ہمارا 1969 کے قانون کا مائل ہے -

Minister for Education. He would be appointing the Chancellor as Governor.

Mr. Speaker. He would himself be the Chancellor and he will be appointing the Chancellor.

Minister for Education. Sir, he has a unique position in the University. As Governor, he can appoint another man as Chancellor of a University.

Mr. Speaker. At present he is the Governor as well as the Chancellor, and he can appoint a Chancellor.

Minister for Education Yes Sir.

Minister for Basic Democracies. Sir, he is the Governor of the province. He may be ex officio Chancellor of one University, two Univerities or all Universities, but his action as appointing a Chancellor will be done by the Governor.

Mr. Speaker. At the same time he will be the Chancellor.

Minister for Basic Democracies. That is right; these are two different legal personalities.

Minister for Labour. Sir, when he appoints another person as Chancellor, he will not be a Chancellor himself,

Mr. Speaker. He would be appointing a Chancellor in the capacity of the Governor, but the same Governor.

Minister for Labour. But he will not be a Chancellor at that time.

Mir Wali Muhammad Khan Talpur. Sir, this can be put in a better way by saying that the Governor of West Pakistan or a person of eminence shall be the Chancellor.

Mr. Speaker. No, no. It is the question of appointment.

ملک محمد اختر - جناب والا - اب یہاں پر اور قباحت ہے - آپ دیکھیں

Governor of West Pakistan shall be the Governor of such a University.

یعنی جناب والا - یہاں "shall" کے بعد "proviso" کے ساتھ وہ دوسرے شخص کو appoint نہیں کرسکتے -

The 'shall' is mandatory.

جناب والا - یہ اندازہ فرمائیں کہ یہ تو بڑی کچھ عجیب سی بات ہوگئی ہے - جناب والا - مجھے اس پر بھی اعتراض ہے کہ گورنر جس شخص کو وہ person of eminence کہئے اس مقرر کرے - اور میں اس کے متعلق یہ کہتا ہوں - کہ جناب والا - میاں معراج دین جو ہے -

He is a also a person of eminence but how he be an eminent educationist ?

کہ اس کو چانسلر بنا دیا جائے (قہقہے) (interruptions) میں عرض کرتا ہوں - کہ گورنر صاحب چانسلر بھی ہوں گے - اور وہ چانسلر بھی appoint کریں گے -

Mr. Speaker. Yes Malik Mairaj Khalid.

ملک معراج خالد - جناب والا - مجھے یہ اعتراض ہے کہ اس بل کی رو سے جب گورنر صاحب کا ذکر آتا ہے - تو ان کی حیثیت چانسلر کی ہوتی ہے - گورنر کی بات نہیں رہتی - جب یہ کہا جاتا ہے کہ گورنر

چانسلر ہوں گے۔ اور اگر نہیں تو کسی کو
نامزد کیا جائے۔ تو چانسلر کا چانسلر کو appoint کرنا کسی طرح بھی
درست نہیں ہے۔ ایک لفظ تھا Rector اس کو محض اس لیے چھین لیا گیا کہ
یہ خواجہ صاحب کی طرف سے ہے۔ میرے خیال میں یہ درست نہیں ہے۔
کہ چانسلر کو چانسلر appoint کرے۔ یہ خامخواہ کی رد و بدل ہے۔

جوہلری انور عزیز۔ جناب والا۔ بل کی provision پر میں اپنی
گزارشات پیش کر رہا تھا۔ کہ یا تو گورنر صاحب چانسلر ہوں یا پھر
گورنر کا لفظ حذف کر دیا جائے۔ اب جناب والا۔ ہم نے اس میں اضافہ
کر دیا ہے کہ eminent educationist چانسلر ہوگا۔ اور آپ واقعی
eminent educationist چانسلر بنا دیا جائے گا۔

Mr. Speaker. The question is :

That for Clause 9 of the Bill, the following be substituted, namely :-

"(1) The Governor of West Pakistan shall be the Chancellor of the University ; provided that the Governor may appoint a person to be the Chancellor, on such terms and conditions, and for such period, as the Government may determine.

(2) The Chancellor, when present, shall preside at the Convocation of the University."

(*The motion was carried.*)

Malik Meraj Khalid. Point of order. The House is not in quorum.

Mr. Speaker. Let there be a count. (count was taken) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (The bells were rung)

Five minutes are over and the House is not in quorum. It is adjourned for fifteen minutes.

(The Assembly then adjourned for fifteen minutes at 7-15 P. M.)

(The House reassembled at 7-35 P. M. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.)

Mr. Speaker. Let there be a count. (A count was taken). The House is now in quorum including myself.

In view of the acceptance of the amendment No. 2 by Sardar Muhammad Ashraf the other amendments are now ruled out of order.

The question is :

> That Clause 9 as substituted stand part of the Bill.
>
> (*The motion was carried.*)

Mr. Speaker. Clause 10. The first amendment is from Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar. Sir, I beg to move :

> That in sub-clause (1) of Clause 10 of the Bill, for the words "such person or persons as he may deem fit" occurring in line 4, the words "person or persons having vast knowledge and teaching experience" be substituted.

Mr. Speaker. The amendment move is :

> That in sub-clause (1) of Clause 10 of the Bill, for the words "such person or persons as he may deem fit" occurring in line 4, the words

"person or persona having vast knowledge and teaching experience" be substituted.

Minister for Education. Opposed.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا میں یہ عرض کرتا ہوں کہ دفعہ 10 کے مطابق چانسلر صاحب احکامات صادر فرمائیں گے کہ انکوائری یا inspection ہو ۔ جناب والا ۔ ملاحظہ فرمائیں کہ انسپکشن یا انکوائری یونیورسٹی کے معاملات کے متعلق ہے اور ان کے لئے وہ انکوائری آفیسر مقرر کریں گے ۔ جناب والا ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ جناب چانسلر صاحب جو غالباً جناب گورنر صاحب ہی ہونگے تو سیاسی حیثیت کے حامل جناب چانسلر صاحب حکم فرمائیں گے کہ انکوائری ہو اور جن اشخاص کو وہ لگائیں گے اور جتنے بھی چاہیں گے وہ اشخاص لگا دیں گے ۔ تو جناب والا ۔ میں نے اس میں صرف اس قدر ترمیم دی ہے کہ جن اشخاص کو جناب چانسلر صاحب متعین فرمائیں اور جو ان کے فرائض ہونگے وہ تمام کے تمام یعنی یونیورسٹی کے تمام معاملات مالی امور اور بالخصوص جو یونیورسٹی امتحانات کا انعقاد کرائے گی ان کی وہ رپورٹ کریں گے یعنی ٹیچنگ اور دوسرے معاملات کے علاوہ ان کے ذمہ یہ فرض بھی عائد ہوگا اور ان کے فرائض میں یہ بھی شامل ہوگا کہ یہ تمام کے تمام معاملات کی انکوائری کرائیں ۔ بالفاظ دیگر ان کو کنٹرولنگ آفیسر کی حیثیت دی گئی ہے جسے میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس اور دیگر لوکل باڈیز میں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ کو اصول سے اختلاف نہیں ہے آپ صرف یہ چاہتے ہیں کہ وہ آدمی جو تعنات کیا جائے ۔

He should have vast knowledge and teaching experience.

ملک محمد اختر ۔ یعنی یہ ان کے فرائض کو بھی دیکھیں ۔

Mr. Speaker I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is -

That in sub-clause (1) of Clause 10

of the Bill, for the words "such person or persons as he may deem fit" occurring in line 4, the words "person or persons having vast knowledge and teaching experience" be snbstituted.

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker Next amendment is from Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar. Sir I beg to move -

That in para. (*iv*) of sub-clause (1) of Clause 10 of the Bill the full-stop appearing at the end be replaced by a colon and the following proviso be added, namely:—

Provided that the cases of leakage of question papers and impersonation during the examination shall be handed over for prosecution by the competent police Authority.

Mr. Speaker. It eonveys no sense " . . . shall be handed over for prosecution by the competent Police Authority", or to the competent police authorities. It is gramatically incorrect and it is ruled out of order. Next amendment is from Mr. Mahmood Azam Farooqi, and Mr. Hamza.

Mr. Hamza. Not moving Sir.

Mr. Speaker. Next amendment is from Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhamm d Akhtar. Sir, I beg to move -

That in sub-clause (2) of Clause 10 of the Bill, the full-stop appearing at the end be replaced by a colon

and the following proviso be added, namely:—

Provided that if the Chancellor is satisfied on the representation made by the Syndicate he may withdraw the orders of the inquiry.

Mr. Speaker. Amendment moved is -

That in sub-clause (2) of Clause 10 of the Bill, the full-stop appearing at the end be replaced by a colon and the following proviso be added, namely: —

Provided that if the Chancellor is satisfied on the representation made by the Syndicate he may withdraw the orders of the inquiry.

Minister for Education. I oppose it Sir.

ملک محمد اختر - جناب والا - کلاز - 10 کی سب کلاز (2) میں قرار دیا گیا ہے کہ اگر چانسلر صاحب یہ دیکھیں کہ انسپکشن کرنا ضروری ہے تو وہ سنڈیکیٹ کو نوٹس بھیجیں گے -

"The Chancellor shall in every such case as aforesaid give notice to the Syndicate of his intention to cause an inspection or inquiry to be made. and the Syndicate shall be entitled to be represented thereafter."

میں نے اس میں یہ لکھا ہے کہ اگر چانسلر صاحب سنڈیکیٹ کے نمائندوں کی عرضداشت میں خاص وزن پائیں تو وہ اس پر پابند ہونگے کہ انکوائری کے آرڈر واپس لے لیں - جناب والا - دراصل انکا اپنا جو طریقہ ہے ان کا جو ڈھانچہ ہے انہوں نے جو مشینری پرووائڈ کی ہے یونیورسٹی بل میں اس میں تمام کے تمام اختیارات سنڈیکیٹ کو دے دئیے گئے ہیں -

Mr. Speaker. Even if this amendment is not carried, the Chancellor will be competent to withdraw the enquiry.

Malik Muhammad Akhtar. He may be, Sir, but why not make it clear to him that there is a strong case.

Mr. Speaker. I think this amendment is superfluous. Next amendment No. 35 by Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar. Sir I beg to move -

> That in sub-clause (4) of Clause 10 of the Bill, for the words "within such time as may be specified by the Chancellor" occurring in lines 4 - 6, the words "within one month of the receipt of the communication" be substituted.

Mr. Speaker. Amendment moved is -

> That in sub-clause (4) of Clause 10 of the Bill, for the words "within such time as may be specified by the Chancellor" occurring in lines 4-6, the words "within one month of the receipt of the communication" be substituted.

Minister for Education. I opposed it Sir.

ملک محمد اختر - جناب والا - اس میں یہ قرار دیا گیا ہے ذیلی دفعہ (4) کلاز (10) میں کہ یہ سنڈیکیٹ کو چانسلر کی طرف سے جو احکام موصول ہوئے ہوں وہ ان پر عمل کر کے چانسلر کو لکھے گی اس وقت کے اندر جو چانسلر نے متعین کیا ہو - میں یہ سمجھتا ہو کہ اس میں اس چیز کا امکان ہے کہ وہ وقت کی تقرری کرتے وقت یا تو اس وقت کو ادھر بڑھا دیں اور یا کم وقت مقرر کر دیں - اس میں میری ملک سی ترمیم ہے کہ اسے within one month of the receipt of the communication کر دیا جائے - میں چانسلر کو وسیع تر اختیارات دینے کے حق میں نہیں ہوں - میں یہ سمجھتا ہوں کہ تمام باتیں واضح اور صاف ہونی چاہیں - اس لئے میں اس میں ایک ماہ کی میعاد مقرر کرنا چاہتا ہوں -

Mr. Speaker. The question is :

That in sub-clause (4) of Clause 10 of the Bill, for the words "within such time as may be specified by the Chancellor" occurring in lines 4-6, the words "within one month of the receipt of the communication" be substituted.

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker. Next amendment No. 36 by Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar. Sir I beg to move :

That sub-clause (5) of Clause 10 of the Bill, be deleted.

Mr. Speaker. Amendment moved is :

That sub-clause (5) of Clause 10 of the Bill, be detated.

Minister for Education. I oppose it Sir.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ آپ یہ دیکھیں کہ سب کلاز (5) کلاز (10) میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ جب سنڈیکیٹ ایک مناسب وقت میں یہ جو کارروائی کرنی ہے نہ کرے ۔ اور نہ چانسلر کو اطلاع دے تو ان سے وضاحت طلب کرنے کے بعد اور اسے زیر غور لانے کے بعد چانسلر ایسے احکامات جاری کر سکتا ہے جنہیں وہ مناسب سمجھے ۔ جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ دفعہ نہایت ہی غیر ضروری ہے ۔ کیونکہ چانسلر کو یہ irrelevant powers یہ محض الفاظ کا اضافہ ہے ۔

Mr. Speaker. The question is -

That sub-clause (5) of Clause 10 of the Bill, be deleted.

(*The motion was lost.*)

Mr. Speaker. I will now put the Clause to the vote of the House.

The question is -

That Clause 10 stand part of the Bill.

(*The motion was carried.*)

Clause 11

Mr. Speaker. Amendment No. 37 by Mr. Mahmood Azam Farooqi and Mr. Hamza.

Mr. Hamza. Not moving Sir.

Mr. Speaker. Amendment No. 38 by Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar. Sir I beg to move -

That in sub-clause (1) of Clause 11 of the Bill, for the words "by order in writing annul such proceeding" occurring in line 5, the words "refer the matter to the High Court of West Pakistan for opinion" be substituted.

Mr. Speaker. Amendment moved is -

That in sub-clause (5) of Clause II of the Bill, for the words "by order in writing annul such proceeding" occurring in line 5, the words "refer the matter to the High Court of West Pakistan for opinion" be substituted.

Minister for Education. I oppose it Sir.

ملک محمد اختر - جناب والا - یہ کلاز اس کے متعلق ہے کہ اگر چانسلر صاحب کسی بھی اتھارٹی کی پروسیڈنگز کے بارہ میں مطمن ہو جائیں کہ وہ قواعد اور رولز اور یونیورسٹی آرڈیننس کے مطابق نہیں تو وہ

انہیں کالعدم کر دیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا ہی غلط ہے ۔ آگے پرووائزو میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ ایسے احکامات جاری کرنے سے قبل اس اتھارٹی کو شوکاز کا موقع دیا جائیگا ۔ وہ اس سے وضاحت طلب کریں گے ۔ جناب والا ۔ یہ نہایت ہی شدید قسم کی دفعات ہیں ۔ سب سے زیادہ جو ہمیں ایک سیاسی فرد کے چانسلر ہونے پر اعتراض ہو سکتا تھا وہ ان کی ذات پر نہ تھا بلکہ ان دفعات پر تھا جو اس بل میں شامل کی گئی ہیں ۔ جناب والا ۔ آپ یہ اندازہ فرمائیں کہ چانسلر کے پاس صوبہ کے نظم و نسق کے علاوہ 59 کے قریب خود مختار باڈیز ہیں جن کے وہ سربراہ ہیں ۔ اب یہ 6 یونیورسٹیاں ہو گئیں اور اگر جامعہ بہاولپور کو بھی ان میں شامل کر لیا جائے تو 7 ہو گئیں ۔ آپ یہ اندازہ فرمائیں ان تمام کی پروسیڈنگز کا مطالعہ کرنا میں نہایت ادب سے عرض کرونگا جناب خار صاحب کی خدمت میں چانسلر کے لئے نہایت مشکل ہوگا ۔ یہاں نوٹ چلے گا ایک اسسٹنٹ کی طرف سے جس پر ایک سیکشن آفسر کا نوٹ ہوگا اور بالآخر وہ چانسلر صاحب کے پاس پہنچ جائیگا اور اس کے بعد کیا ہوگا کہ ان پڑھے لکھے بے بس افراد یعنی ان اتھارٹیز کی پروسیڈنگز کو جن میں سلیکشن بورڈ فنانس کمیٹی سینیٹ اور سنڈیکیٹ شامل ہیں ۔ تمام کی تمام پروسیڈنگز کسی بھی اتھارٹی کی کالعدم کر دی جائیں گی ۔ اتھارٹی کا لفظ نہایت اہم اور جامع ہے غالباً انہوں نے 15 میں کلاز - - - -

Mr. Speaker. If this amendment of yours is carried then what would happen. Is that the matter would be referred to the High Court of West Pakistan for opinion but what next ?

Malik Muhammad Akhtar. The opinion come to the Chancellor and he can take action.

Mr. Speaker. But you did not provide for the taking of any action.

Malik Muhammad Akhtar. That is understood.

Mr. Speaker. You say :

If the Chancellor is satisfied that

any proceeding of any Authority is not in conformity with this Act, the Statutes or the University Ordinances, he may, without prejudice to the provisions of the foregoing section, refer the matter to the High Court of West Pakistan for opinion. That is all.

Malik Muhammad Akhtar. Naturally, the opinion will come.

Mr. Speaker. Then what ? This does not give him the powers to annul the proceedings.

Malik Muhammad Akhtar. He can refer back.

جناب والا ۔ یا اس لئے ضروری ہے کہ قانون کے تمام کے تمام پہلوؤں کو دیکھنا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ اس بات کو لکھتے کہ اس کے بعد یہ اختیار ہوگا کہ وہ کارروائی کو رد کر سکتے ہیں یا نامنظور کر سکتے ہیں ۔ یہ آپ نے نہیں لکھا ہے ۔ اگر آپ کی یہ ترمیم منظور کر لی جائے تو یہ ساری دفعہ 11 (1) کو نامکمل بنا دے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ اس سے دفعہ دفع ہو جائے گی ۔ (قہقہہ)

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میری رائے میں یہ ایک ٹیکنیکل سی بات ہے ۔ یہ بعد میں خواجہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوں گے کہ ہم نے جو ترمیم کی ہے اس کو آپ درست کر دیں ۔

Mr. Speaker. This amendment is incomplete and is ruled out of order.

Next No. 39.

Malik Muhammad Akhtar. I beg to move -

That for sub-clause (2) of Clause 11

of the Bill, the following be substituted, namely:—

(2) The University Ordinances shall be placed for approval before the Provincial Assembly of West Pakistan in its next session of the Assembly after there being enforced.

Mr. Speaker. What do you mean by " . . . . after there being enforced"?

ملک محمد اختر - جناب - والا میں یہ عرض کرتا ہوں کہ طریق کار یہ ہے - مجھے اس کو بیان کرنے دیں -

Mr. Speaker. It is "after there being enforced".

ملک محمد اختر - جناب والا - آپ کی غلطی ہے - میری اصل ترمیم میں غلطی نہیں ہے - جس تیزی سے کام ہو رہا ہے میں سمجھتا ہوں کہ جب ترمیم آپ کے پاس جاتی ہے اس کی cyclostyled کاپیاں ہوتی ہیں اس کے بعد اس کا پروف آجاتا ہے -

This is a clerical error which may be on the part of the Secretariat or Government Printing press.

Mr. Speaker. But what do you mean by "after there being enforced" ?

ملک محمد اختر - جناب والا - میرا مطالبہ یہ ہے جس کو میں بیان کرنا چاہتا ہوں - جو آپ نے ہنگامی قوانین یا ایکٹ وغیرہ بنانے ہیں وہ بنتے رہیں - بنے کے بعد - - -

مسٹر سپیکر - ہمیشہ enforcement منظوری کے بعد ہوتی ہے -

ملک محمد اختر - ہنگامی قانون جب enforce ہو جاتا ہے - - -

مسٹر سپیکر - ہنگامی قانون promulgate ہونے کے بعد ہمارے پاس منظوری کے لئے آتا ہے -

This amendment does not contain the wishes and the purport which the member want to have from it. It is, therefore, ruled out of order.

Next amendment by Sardar Muhammad Ashraf.

Sardar Muhammad Ashraf Khan. I beg to move -

> That for sub-clause (2) of Clause 11 of the Bill, the following be substitu ted namely:—
>
> (2) When a University Ordinance has been passed by the Senate it shall be presented to the Chancellor for assent, and the Chancellor may assent to the Ordinance, withhold his assent to it, or refer it back to Senate for re-consideration.

Mr. Speaker. The motion is -

> That for sub-clause (2) of Clause 11 of the Bill, the following be substituted, namely:
>
> (2) When a University Ordinance has been passed by the Senate it shall be presented to the Chancellor for assent, and the Chancellor may assent to the Ordinance, with hold his assent to it, or refer it back to the Senate for re-consideration.

Minister for Education. Not opposed.

Khawaja Muhammad Safdar. Opposed

Mr. Speaker. There is an amendment to the amendment.

Malik Muhammad Akhtar. I beg to move

> That in the amendment given notice of by Sardar Muhammad Ashraf

Khan, appearing at serial No. 40, in the 3rd Revised List No. I, in the proposed sub-clause (2) of Clause 11, the words and comma "with hold his assent to it,", occurring in lines 3-4, be deleted.

Mr. Speaker. The motion is -

That in the amendment given notice of by Sardar Muhammad Ashraf Khan, appearing at serial No. 40, in the 3rd Revised List No. I, in the proposed sub-clause (2) of Clause 11, the words and comma "withhold his assent to it,", occurring in lines 3-4, be deleted.

Minister for Education. I opposed it.

Mr. Speaker. Do you mean to say that the Chancellor should have the power to withhold his assent ?

Minister for Education. There may be certain things done in great haste.

Mr. Speaker, That means if the Senate passes an Ordinance the Chancellor can straightway withhold his assent to it. Then even in the case of the Provincial Legislature he can withhold his consent and refer it back to the Legislature.

Minister for Education. The words are "or refer back"

Khawaja Muhammad Safdar. Kindly see Article 77 of the Constitution.

Mr. Speaker. So for as our position is concerned . . .

Sardar Muhammad Ashraf Khan. Article 77 (2) (b) of the Constiiution says -

". . . . declare that he withholds assent from the Bill;"

Mr. Speaker. You can make it consistent provided you change this word "or" into "and"

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں اس کے متعلق اپنے محترم سیکریٹری صاحب کی خدمت میں آرٹیکل 77 سب آرٹیکل (3) پیش کرتا ہوں -

> If the Governor declares that he withholds assent from a Bill, the Assembly shall be competent to reconsider the Bill . . . "

یہ آپ نے provide نہیں کیا ہے اگر آپ یہاں provide کر دیتے تو شائد یہ اعتراض وارد نہ ہوتا - اعتراض تو یہ ہے کہ گورنر صاحب consent کو withhold کرتے ہیں تو اس کی تین صورتیں ہوتی ہیں - ایک تو یہ کہ گورنر صاحب ہنگامی قانون کی منظوری عطا فرما دیں - دوسرے اس کی منظوری عطا فرمانے سے انکار کر دیں - تیسری صورت یہ ہے کہ وہ اس کو واپس کر دیں - ہماری رائے میں تین صورتیں ممکن ہیں - سب آرٹیکل 3 کے مطابق یہ ہونا چاہئیے کہ اگر گورنر صاحب consent کو withhold کرتے ہیں یعنی اس کی منظوری نہ دیں تو سینٹ کو اختیار ہو گا کہ اس پر دوبارہ غور و خوض کر کے گورنر کو بھیج دیں - یہ نامکمل چیز ہے اس میں بہت سی باتیں تشنہ رہ گئی ہیں -

Mr. Speaker. please think over this matter. The House is adjourned to meet again tomorrow, the 18th February, 1969 at 9.00 a. m.

(The Assembly then adjourned to meet again at 9-00. a.m. on the 18th February, 1969.)

Monday, the 18th February, 1969.

سشنبہ ۔ 1 ذی الحج 1388ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, 9.00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, H. K., in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Muhammad Siddiqi. (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ○ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ○

(پ ۲۳ : س ۳۹ : ع ۱۶-۱۴ : آیات ۲۱ تا ۲۳)

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی آسمان سے مینہ برساتا ہے۔ پس اس کو زمین میں چشمے بنا کر جاری کرتا پھر اس سے کھیتی اگاتا ہے جس کے طرح طرح کے رنگ ہوتے ہیں پھر وہ خشک ہو جاتی ہے تو تم اس کو دیکھتے کہ زرد ہو گئی ہے پھر اسے چورا چورا کر دیتا ہے۔ بیشک اس میں عقل والوں کے لئے نصیحت ہے۔ کیا جس شخص کا سینہ اللہ نے اسلام کے لئے کھول دیا ہو اور وہ اپنے پروردگار کی طرف سے روشنی پر ہو (تو وہ سخت دل نہیں ہو سکتا) پس ان پر افسوس ہے جن کے دل اللہ کی یاد سے سخت ہو رہے ہیں۔ یہی لوگ صریح گمراہی میں ہیں۔

اللہ نے بہایت ہی بہتر باتیں نازل کی ہیں۔ ایسی کتاب جس کی آیتیں ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہیں اور بار بار دہرائی جاتی ہیں اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ان کے بدن کے (اس سے) رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور پھر ان کے جسم اور دل نرم ہو کر اللہ کی یاد کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں یہی اللہ کی ہدایت ہے وہ اس کے ذریعہ جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور وہ جس کو اللہ گمراہ کر دے اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔

وما علینا الا البلاغ

Reference to Late Mr. Abdul Sattar Khan Mohmand M.P.A.

قائد ایوان (ملک خدا بخش بچہ) ۔ جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ اس معزز ایوان کی کارروائی شروع ہو ۔ میں آپ کی خدمت میں التماس کرونگا کہ معزز ایوان question Hour کو ملتوی کر دے کیونکہ اس ہاؤس کی اجازت لینے کے بعد کل ایک قرارداد تعزیت پیش کر رہا ہوں لہذا آپ اجازت لے لیں ۔ تاکہ میں قرار داد پیش کر سکوں ۔

Mr. Speaker. should the question hour be suspended ?

Members. Yes Sir.

Mr. Speaker. The sense of the House is that the question hour should be suspended and it stands suspended.

قائد ایوان ۔ جناب والا ۔ آج صبح ایک نہایت ہی اندوہناک خبر موصول ہوئی ۔ کہ اس معزز ایوان کا ایک نہایت ہی قابل قدر محترم بلکہ محبوب رکن عبدالستار خان مہمند کا رات کو بوجہ حرکت قلب بند ہونے سے انتقال ہو گیا ہے ۔ جناب والا ۔ کو یاد ہو گا کہ کل وہ اس معزز ایوان میں شرکت فرما رہے تھے ۔ اور دوسری نشست میں بھی جو تقریباً 8 بجے تک قائم رہی ۔ اس میں بھی انہوں نے حصہ لیا اور اس کے بعد انہوں نے مجھ سے چند معاملات کے متعلق تبادلہ خیالات کی غرض سے علیحدہ وقت مانگا ۔ اور ہم کافی دیر تک اکٹھے بیٹھے رہے ۔ نہ ان کو ۔ نہ مجھے نہ کسی اور کو اس بات علم تھا ۔ کہ ان سے میری یہ ملاقات آخری ملاقات تھی ۔ جس انداز سے ۔ جس محبت سے ۔ جس شفقت سے ۔ جس اخلاق سے ۔ انہوں نے رات باتیں کی تھیں ۔ اس طرح انہوں نے کبھی پہلے نہیں کی تھیں ۔ میرے ان سے پندرہ سال سے دوستانہ تعلقات رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ "ون یونٹ" سے پہلے سے میں ان کو اور وہ مجھے ایک رشتہ کی وجہ سے جانتے تھے ۔ کیونکہ وہ کاشتکاری کے جدید اصولوں پر عمل پیرا ہو کر ۔ جدید کاشتکاری کی داغ بیل ڈالنے ۔ اور اس میں بھرپور حصہ لینے میں پوری کوشش فرماتے رہتے تھے ۔ وہ ہمارے پشاور ڈویژن کے نہایت ہی ترقی یافتہ زمینداروں میں شامل تھے ۔ اور انہوں نے اپنے علاقہ میں جدید کاشتکاری کو فروغ دینے میں ایک نہایت ہی قابل قدر کردار ادا کیا تھا ۔ اسی وجہ سے ان سے میرے

تعلقات ایک عرصہ سے تھے ۔ ان کا خلوص ۔ ان کی محبت ۔ ان کا بے ساختہ پن ان کا انداز گفتگو ۔ جناب والا ۔ ہر اس شخص کو جس کو بھی ان سے واسطہ پڑا ہے ۔ کبھی نہیں بھولے گا ۔ ابھی حال ہی میں مجھے آنہ کا شریک سفر ہونا کہ میں ہونے کا موقعہ ملا ۔ اتفاق ہوا ۔ اور اس وقت بھی انہوں نے اپنی شگفتہ مزاجی سے ۔ اور اپنے اخلاق سے ۔ اپنے ارد گرد ایک حلقہ دوست و احباب قائم کر رکھا تھا ۔ مجھے سچ جانیے ۔ آن کی وفات سے بے حد افسوس ہوا ہے میں ایک وسیع القلب انسان ہوں ۔ اکثر اوقات الفاظ ۔ یا جذبات یا خیالات میرا ساتھ نہیں چھوڑتے ۔ مگر آج نہ میرے پاس الفاظ ہیں ۔ نہ میرے پاس جذبات ہیں ۔ نہ میرے پاس خیالات ہیں ۔ کہ ایک بچھڑے ہوئے دوست مخلص ہمدم کی اس معزز ایوان کے سامنے کس انداز سے گفتگو کروں ۔ درست ہے ۔ دنیا فانی ہے ۔ یہ بھی درست ہے کہ موت کا وقت مقرر ہے ۔ یہ بھی درست ہے کہ قضا کے سامنے کسی کو چارہ نہیں ۔ مگر ایسی جدائیوں ایسی وفات اور ایسی ناگہانی وفات سے کلیجہ پھٹ جاتا ہے ۔ مجھے اس دوست سے بہت کچھ کہنا تھا اور شاید اس دوست نے بھی مجھ سے بہت کچھ کہنا تھا ۔ مگر جناب والا ۔ عمر ناپائدار ہے اور رب عزوجل کی مرضی کے سامنے صبر کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہوتا ۔ کاش مجھے معلوم ہوتا ۔ کاش ایوان کو معلوم ہوتا کہ اس کی ہمارے ساتھ کل کی شرکت آخری شرکت ہوگی تو ہم اس کو جی بھر کر دیکھ لیتے ۔ اس سے اور باتیں کر لیتے ۔ اس سے کچھ اور باتیں سن لیتے ۔ جناب والا ۔ مجھے بے حد افسوس اور صدمہ ہے ۔ ایک دل گداز صدمہ اس معزز ایوان کے لئے بھی ہے ۔ میرے لئے فی الواقع ایک ناقابل برداشت اور اس علاقہ کے لئے بلکہ ملک و ملت کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے ۔

جناب والا ۔ مرحوم کی کون کون سی خوبیوں کو بیان کروں میں اپنے دل کا بوجھ ہلکا کروں ؟ ان کی ملنساری کا ذکر کروں ؟ اس کی بے پناہ محبت کا ذکر کروں ؟ اس کے خلوص کا ذکر کروں ؟ بہر حال جب تک ہم زندہ ہیں اس وقت تک اپنے دوستوں کے بچھڑ جانے کا افسوس کرنا پڑتا ہی رہے گا ۔ اور بالخصوص جناب والا ۔ میرے لئے یہ بھی ایک اندوہ ناکہ

بات ہے کہ اس معزز ایوان کے کئی ممبر اس عرصہ میں ہمیں داغ مفارقت دے گئے ہیں ۔ ابھی حال ہی میں جناب والا کو یاد ہوگا کہ ہم نے اپنے دوست چشتی مجاہد زمان کی وفات حسرت آیات کے متعلق ایک قرار داد تعزیت پیش کی تھی ۔ اور ابھی حال ہی کی بات ہے کہ چار اور ایسے صدموں کے متعلق بھی ہم نے اپنے جذبات کا اظہار کرنے کے بعد مرحومین کے پسماندگان اور لواحقین سے اظہار ہمدردی کیا تھا ۔ آج ہم اس فہرست میں ایک اور اضافہ کر رہے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کی مرضی ہے ۔

میں معزز ایوان کی خدمت میں عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں اس سانحہ کی اطلاع مسٹر جسٹس مشتاق حسین صاحب کی وساطت سے موصول ہوئی ۔ کتنے افسوس کا مقام ہے کہ ان کے آخری لمحوں میں ہم میں سے کوئی ان کے پاس موجود نہ تھا ۔ جج صاحب نے ازراہ نوازش وہ سب کچھ کیا جو کیا جا سکتا تھا مگر اجل قضاء اور حکم خداوندی ٹل نہیں سکتے ۔ اور معزز ایوان کی اطلاع کے لئے یہ بھی عرض کروں کہ جج صاحب نے ازراہ نوازش انہیں نہ بھول سکنے والے دوست اور اس ہمدم دیرینہ کے جنازے کو ان کے آبائی وطن میں منتقل کرنے کا نہ صرف انتظام کیا بلکہ اس کے ساتھ وہ روانہ بھی ہو چکے ہیں ۔ کاش ہمیں آخری وقت میں یک کندھا دینے کا موقع مل سکتا ۔

بہر حال جناب والا ۔ میں نے جیسا کہ عرض کیا ۔ میں آج جذبات سے مغلوب ہو رہا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس ہمدم دیرینہ عبدالستار مہمند ایک ترقی پسند کاشتکار ایک مخلص دوست اور ایک محب وطن پاکستانی کو اپنی جنت الفردوس میں اور اپنی جوار رحمت میں ممتاز جگہ عطا فرمائے اور ساتھ ہی ان کے پسماندگان کو اور ان کے لواحقین کو اور اس علاقے کے بسنے والوں کو بلکہ مغربی پاکستان کے بسنے والوں کو اور بالخصوص کاشتکار برادری کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے ۔ میں التماس کروں گا کہ محترم قائد حزب اختلاف اور دیگر احباب کے اظہار خیالات ہمدردی کے بعد آج سارے دن کے لئے اس معزز ایوان کی کارروائی اس معزز رکن کے احترام میں اور اس کی یاد میں ملتوی ہو جانی چاہیے اور آپ ہماری جانب سے ان کے لواحقین کو دلی ہمدردی کا پیغام پہنچا دیں ۔ اور جملہ

حاضرین ازراہ نوازش ان کی روح کو ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی فرمائیں ۔ میں آپ کا بیحد ممنون ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ -I) ۔ جناب سپیکر ۔ میں انتہائی رنج و اندوہ کے ساتھ جناب قائدایوان کی ہمنوائی کرتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ اس اجلاس کے دوران یہ ہمارے تیسرے ساتھی ہیں جو ہم سے جدا ہو گئے ہیں ۔ اور جس روز ہم یہاں اکٹھے ہوئے تھے اس روز ہم نے سابقہ اجلاس اور موجودہ اجلاس کے درمیانی وقفہ میں اپنے سے جدا ہونے والے چار ساتھیوں کے لئے فاتحہ خوانی کی تھی ۔ جناب والا ۔ زندگی انتہائی فانی ہے اور جو شخص بھی اس دنیا میں آیا ہے اس نے لوٹ کر جانا ہے ۔ لیکن یہ ناگہانی اور اچانک صدمہ برداشت کرنے کے لئے انسان کو بڑے مضبوط دل و جگر کی ضرورت ہے ۔

جناب والا ۔ عبدالستار خاں مہمند ایک خلیق اور ملنسار دوست تھے جب کبھی ملتے ۔ ہنس کر ملتے ۔ بڑی عزت اور احترام سے پیش آتے ۔ میرے دل میں ان کا بےحد احترم تھا ۔ ابھی کل شام وہ یہاں بیٹھے تھے ۔ کسے معلوم تھا کہ وہ آج یہاں نہیں ہوں گے ۔ اور ہم ان کے سوگ میں اور ان کی یاد میں آج ماتم کناں ہوں گے ۔ مرحوم بہت سی خوبیوں کے مالک تھے وہ ایک جوشیلے کارکن بھی تھے ۔ جہاں ان میں اور بہت سی خوبیاں تھیں جو محترم قائدایوان نے گنوائی ہیں وہاں ان میں ایک یہ خوبی بھی تھی کہ وہ ایک جوشیلے سیاسی کارکن تھے ۔ جب کبھی وہ اس ایوان میں تقریر فرماتے تو ان کی تقریر بڑی پرجوش ہوتی تھی ۔ جذبات سے پر ہوتی تھی ۔

میں جناب قائد ایوان کی تجویز سے مکمل طور پر اتفاق کرتا ہوں کہ ہمیں مرحوم کے سوگ میں آج کے اجلاس کو ملتوی کر دینا چاہئے اور اس اجلاس کو مرحوم کے لئے فاتحہ پڑھنے کے بعد برخاست کر دیا چاہئے ۔ میں یہ بھی درخواست کرتا ہوں کہ آپ ہمارے جذبات اور احساسات مرحوم کے پسماندگان تک پہنچائیں ۔ آخر میں مرحوم عبدالستار خان مہمند کے لئے دعائے

مغفرت کرتا ہوں کہ انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

Minister for Education. (Mr. Muhammad Ali Khan) It is with very heavy heart that I rise to condole the death of my old friend, Abdus Sattar Khan, whom I knew since my childhood. His lands are adjacent to my estate. He was a very great progressive farmer of that area. In fact, he was the first person in Mardan district who introduced mechanized farming in his area and I followed his example. We were together as cooperators in the district. I was President of the Sugar Cane Sale Association and he was Secretary of that Association. I was President of the Frontier Cooperative Bank and he was with me as a cooperator and we worked together for many years. He was an old Muslim League worker and during the last referendum in the Province he did whatever was possible so that that area may join Pakistan. He was elected to the then Provincial Assembly and remained an active member of that Assembly and then this time he got the Muslim League ticket and was elected to the Provincial Assembly. He was an active member here and everyone who came in contact with him would remember him for ever He was with us till yesterday and today when I looked at his seat it was vacant, He has left us for ever. No one knew yesterday that he would be departing so soon. His death is a personal loss to me and I did not believe when I heard this morning that he has passed away. It was the greatest shock that I had received during this year. We cannot do anything but to pray for the departed soul that may God Almighty grant him all His blessings and give him the highest place in paradise.

This is sir, the way of life everyone of us will have to go but he was so young and he had many things to do in this world. His demise was sudden and extremely and not for his members of the family but all his friends and those who had come in contact with him in life will always remember him with good words.

سید عنایت علی شاہ ۔(پشاور ۔ 4)جناب سپیکر ۔ میں جناب قائد ایوان اور جناب قائد حزب اختلاف کے خیالات کا دلی طور پر ھمنوا ھوں ۔ اس خبر سےمجھے دلی رنج پہنچا ہے کہ جناب عبدالستار خان سہمند اس دنیائے فانی سے رخصت ھو گئے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ وہ میرے قریب رہنے والے تھے اور میرے بڑے اچھے مخلص دوست تھے ۔ وہ ایک نڈر سپاھی تھے اور سیاست کے میدان میں انھوں نے نہایت قابل قدر خدمات انجام دی ہیں ۔ جناب وزیر تعلیم نے درست فرمایا ہے کہ سابق صوبہ سرحد میں ریفرنڈم کے موقع پر انہوں نے کارھائے نمایاں انجام دئے ہیں جن کا یہ اثر ھوا تھا کہ صوبہ سرحد پاکستان میں شامل ھو گیا ۔ ون یونٹ سے پہلے وہ ایم ایل اے تھے ۔ سیاسی نقطہ نظر سے ان کا مقام بہت اونچا تھا ۔ وہ صحیح معنوں میں سیاست میں ایک نڈر سپاھی تھے اور انہوں نے نہایت ٹھوس اور قابل قدر خدمات کا مظاہرہ کیا تھا ۔ انہوں نے بڑی قربانیاں دیں اور چٹان کی طرح مضبوط کھڑے رہے ۔ ھم ان کے لواحقین سے ھمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے ۔

خان اجون خان جدون (مردان ۔ 3) جناب والا ۔ آج مجھے اس ایوان میں داخل ھونے کے بعد پتہ چلا کہ ھمارے کسی ممبر کا انتقال ھو گیا ہے ۔ چنانچہ میں ڈرتے ڈرتے آپ کے پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کے پاس پہنچا تو انہوں نے مجھے یہ جانکاہ خبر سنائی کہ ۔ مجھے یقین نہیں آتا تھا ۔ میری آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا گیا ۔ اور میں اس بات کو سوچنے لگا کہ اس دنیا کی زندگی کتنی فانی ہے ۔

جناب والا ۔ مسٹر عبدالستا خان سہمند کے ساتھ کافی عرصہ سے دوستانہ تعلقات تھے ۔ وہ ایک بہت ھی مخلص دوست اور ایک بہت ھی قابل قدر سیاسی کارکن تھے ۔ ان کی وفات سے سابق صوبہ سرحد ایک محب وطن سے محروم ھو گیا ہے ۔ اب اس خلا کو پر کرنا مشکل نظر آتا ہے ۔ میں کل ھی یہ بات سوچ رہا تھا کہ میرا ایک بل Goat restriction (amendment) Bill

ہے جو ایگریکلچرل سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس کافی عرصہ زیر غور رہا ہے میں ان سے مل کر کہوں گا کہ وہ کمیٹی کی میٹنگ طلب کریں ۔

آج صبح جب میں آ رہا تھا تو میرا خیال تھا کہ سب سے پہلے یہ کام کروں گا کہ ان سے مل کر کہوں کہ وہ میٹنگ طلب کریں ۔ لیکن مجھے کیا پتہ تھا کہ مجھے جاتے ہی یہ خبر ملے گی ۔ کہ وہ اس دنیائے فانی سے رخصت ہو گئے ہیں ۔ اب ہمارے پاس سوائے دعا کے اور کیا ہے ۔ جو انہیں دے سکیں ۔

مجھے ان کے لواحقین سے دلی ہمدردی ہے اور میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں جگہ دے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ 6) جناب سپیکر ۔ دنیا کی بے ثباتی کے بارے میں دو رائیں نہیں ہو سکتیں اور ہمارے دوستوں اور عزیزوں کی ناگہانی موت ہمیشہ ہمیں اس لافانی حقیقت کے بارے میں جھنجوڑتی اور یاد دلاتی رہتی ہے کہ ہمیں یہاں اور وہاں آنے والی دنیا میں ہر وقت حساب کتاب دینے کے لئے تیار رہنا چاہئے ۔ یہ ایک سبق ہے جو کہ ہم ایک اپنے عزیز دوست اور بزرگ بھائی کی موت سے حاصل کر سکتے ہیں ۔ اور اسلام کی تعلیمات کا خلاصہ بھی یہی ہے کہ ہمیں نیکی کرنے میں تساہل نہیں کرنا چاہئے ۔ کیا علم ہے کہ کسی وقت ہماری زندگی کا یہ دور یہ قلیل عرصہ ختم ہو جائے ۔ جناب اسپیکر عبدالستار سہمند مرحوم اور مجھ میں ایک قدر مشترک تھی ۔ وہ بیباک اور بہت تیز واشگاف الفاظ میں اظہار خیال کرنے کے عادی تھے بلکہ میں یہ کہوں کہ یہ ان کی فطرت ثانی تھی ایک دو بار اس ایوان میں بحث کے دوران چھڑیں لیکر ان سے لطف اندوز ہونیکا موقع بھی نصیب ہوا ۔ آپ یقین کیجئے کہ بحث کے دوران میں چھوٹی موٹی چھڑیں جو ہوتی ہیں اس سے نفرت کی بجائے دلی لگاؤ میں اضافہ ہوتا ہے اور بعض اوقات دلی لگاؤ میں یہ اضافہ کا باعث بنتی ہے ۔ مجھے حقیقتاً ان کی موت سے سخت صدمہ ہوا ہے ۔ وہ اپنے چہرہ اور الفاظ سے اپنے صاف دل اور ذہن کی عکاسی کیا کرتے تھے ۔

اور اپنی زبان کے زیر و بم سے وہ اپنے دل اور ذہن کی عکاسی کرتے تھے ۔ آپ کو اچھی طرح اس بات کا احساس ہوگا کہ یہ خوبی اس زمانے میں جب کہ لوگ اپنے احساسات کو چھپانے کے بہت ماہر ہوگئے ہیں بہت کم پائی جاتی ہے ۔ جناب والا ۔ وہ ان خوبیوں کے مالک تھے جو کہ اس دور میں نایاب ہوتی جا رہی ہیں ۔ ان کی موت سے شدید صدمہ ہوا ہے ۔ میں اللہ تعالیٰ کے سامنے دست بدعا ہوں کہ وہ ان کو اپنی جوار رحمت میں اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔

میر ولی محمد خان تالپور (حیدآباد 5) جناب سپیکر ۔ میں بھی ان معزز ارکان کا ہمنوا ہوں جنہوں نے اس غمناک وفات پر اظہار غم کیا ہے ۔ مجھے بھی دوسال مرحوم عبدالستار کے ساتھ شوگر کین کنٹرول بورڈ پر اکٹھا کام کرنیکا موقع عطا ہوا تھا اور میں نے ان کو ہمیشہ آباد کاروں کا معاون اور ہمدرد پایا ۔ جناب والا ۔ اس موقع پر ہم ان کے لئے خدا سے دعا کرنے کے علاوہ اور کچھ نہیں کر سکتے ۔ لہذا میں مرحوم کے لئے دعائے رحمت کرتا ہوں ۔

بابو محمد رفیق (لورالائی ۔ سبی) جناب اسپیکر ۔ آج صبح جب میں ہاؤس میں آیا تو میں نے اپنے دوست اجون خان کو باہر دوڑتے دیکھا ۔ میں حیران ہوا کہ ضرور کوئی اہم واقعہ ہوا ہے ۔ ابھی ہم چند دوست ہی یہاں اکٹھا ہوئے تھے تو پتہ چلا کہ ہمارے معزز دوست عبدالستار کا انتقال ہو گیا ہے آپ یقین جانئے کہ میں سکتے میں رہ گیا کیونکہ کل ہی کی بات تھی کہ وہ لائبریری میں بیٹھے ہوئے تھے تو مجھ سے انہوں نے کہا تھا کہ بابو یہاں آؤ بیٹھکر گپ شپ لڑائیں ۔ میں نے کہا کہ میں ایک ضروری کام سے باہر جا رہا ہوں اس سے فارغ ہوکر آجاؤں گا تو بیٹھیں گے ۔ اس کے بعد جب میں وہاں گیا تو وہ وہاں نہیں تھے معلوم ہوا کہ وہ ہال ہی میں چلے گئے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں ان سے زیادہ واقف تو نہیں تھا ۔ کچھ عرصہ قبل انہوں نے ایک ہوٹل میں دعوت دی تھی اور اس میں چند دوستوں کو مدعو کیا تھا ۔ ان کی وہ خوش اخلاق اور میزبانی مجھے آج تک یاد ہے ۔

جس جوشیلے انداز میں ایوان میں تقریر کرتے تھے وہ ہمیشہ معزز ممبران کے دلوں پر ثبت رہے گا ۔ یہ دنیا فانی ہے ۔ ہر ایک شخص لوٹ کر جائیگا ۔ میں اس موقع پر دست بدعا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔

ملک محمد اختر (لاہور 2) جناب سپیکر ۔ میں بھی اپنے جذبات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں کہ ان ایام میں ہمارے کیسے کیسے دوست اور ہم سے بہتر انسان اور افراد اور ہمارے عزیز ساتھی ہم سے بچھڑ گئے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ زندگی کے اس دور میں رفقائے کار اور دوستوں کا جدا ہونا میں سمجھتا ہوں کہ دل میں ایسی تلخ یادیں گھاؤ اور زخم چھوڑ جاتا ہے جن کو ایک انسان تمام عمر تلخ حقیقت کے طور پر یاد رکھتا ہے ۔ جناب اسپیکر میں مرحوم سے زیادہ آشنا نہیں تھا لیکن مرحوم کی جن خوبیوں کا آج اس ایوان میں ہمارے معزز ارکان نے ذکر کیا ہے تو میں نے فی الفور یہ محسوس کیا کہ ان کے انتقال سے نہ صرف ایک بڑا خلا پارلیمنٹری تاریخ میں واقع ہوا ہے بلکہ ہماری زمیندار برادری ایک نہایت ہی progressive قسم کے کولمبس سے محروم ہو گئی ہے یعنی mechanised farming میں ان کا گزاں قدر حصہ تھا ۔ جناب والا ۔ مرحوم ان دنوں قائد اعظم کے ساتھیوں میں سے تھے جب زیفرنڈم کے لئے جبروتشدد سابق صوبہ سرحد میں ہو رہا تھا تو انہوں نے قیام پاکستان کے لئے انتھک جدوجہد کی ۔ جناب سپیکر ۔ ان کی موت سے نہ صرف ان کا علاقہ بلکہ مغربی پاکستان ایک بہت ہی اہم شخصیت سے محروم ہو گیا ہے ۔

چودھری انور عزیز (سیالکوٹ 4) ۔ جناب سپیکر ۔ ابھی چند لمحہ پہلے پتہ چلا ہے کہ عبدالستار خان اب ہم میں نہیں ہیں ۔ آپ کے سامنے اس ہاؤس میں ان کی محبت اور یاد میں بہت کچھ کہا گیا ہے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کہاں سے وہ الفاظ ڈھونڈ کر لاؤں جو ہماری محبت اور ہماری عقیدت اور جذبات کا اظہار کر سکیں ۔ جناب والا ۔ بہت چیزیں ایسی ہیں جن کو انسان نے اس دنیا میں خوبیاں قرار دیا ہے ۔ سب سے پہلی

خوبی جو انسان نے اپنے اندر ڈھونڈی ہے وہ دلبری ہے۔ جناب والا ہم سب جانتے ہیں کہ کوئی آدمی اس ہاؤس میں عبدالستار سے زیادہ دلیر نہیں تھا۔ جناب والا۔ دوسری خوبی جو انسان نے پائی ہے اور جس کی عزت کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ انسان قابل اعتماد ہو۔ تو جو لوگ عبدالستار دوست تھے وہ جانتے ہیں کہ عبدالستار قابل اعتماد تھے اور جو ان کے دشمن تھے وہ بھی جانتے ہیں کہ عبدالستار قابل اعتماد تھے۔ تیسری خوبی جو انسانیت میں ڈھونڈی گئی ہے وہ دوستی ہے۔ جناب والا۔ عبدالستار کے متعلق کسی کو شک بھی نہیں ہے کہ وہ دوستوں کے دوست نہیں تھے اور ایک خوبی جو عبدالستار میں تھی وہ مہمان نوازی تھی اور مہمان نوازی ان کا جزو تھا ان کا حصہ تھا۔ جناب والا۔ یہاں پر ایسے ایسے پیارے لوگ ہماری بیشتر شمالی علاقہ سے یہاں آئے ہوئے ہیں لیکن ابھی کچھ لمحہ پہلے ہمیں بتایا گیا کہ عبدالستار خان اب ہم میں نہیں رہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے کہ اس علاقہ میں اور اس تمام ایریا میں ایک صحیح مرد کی کمی ہو گئی ہے۔ وہ بڑا دلیر آدمی تھا بڑا دوستوں کا دوست تھا۔ مجھے بھی ان کی دوستی اور محبت کی حرارت میں بیٹھنے کا موقع ملا ہے۔ جو وہ لمحے میں نے گزارے ہیں وہ صرف یاد رہ جائیں گے اور دوبارہ لوٹ کے نہیں آئیں گے۔ لیکن عبدالستار کی روح کو بھی یہ سکون ضرور ہونا چاہئے کہ جب تک کوئی بھی وہ آدمی اس ہاؤس میں زندہ ہے جس کے ساتھ اس کا برتاؤ رہا ہے یا ملا ہے اتنی دیر تک وہ مر نہیں سکتا۔ وہ ہمارے درمیان اپنی یاد میں زندہ رہے گا۔ اب سوائے دعا کے اور کیا ہے اور وہ دعا بھی ایک گناہگار آدمی کی ہو گی جو ہم کریں گے۔ سنا ہے خدا دوسروں کے لئے گناہگاروں کی دعا قبول کرتا ہے۔ خدا اسے جنت میں جگہ دے۔ اس کے لواحقین کو صبر عطا فرمائے اور ہمیں بھی صبر دے۔

ملک معراج خالد (لاہور نمبر 5)۔ جناب والا۔ جب میں لائی میں تھا تو اجون خان صاحب نے یہ خبر سنائی کہ سہمند صاحب کا انتقال ہو گیا ہے۔ بخدا جانیئے مجھے ایسے محسوس ہوا جیسے دل پر بجلی گر پڑی ہو۔ ہم اس ایوان میں سارے دوست ہیں بھائی ہیں ساتھی ہیں اور ان

چار سالوں میں ہمارے درمیان محبت اور اخوت کا جو رشتہ قائم ہو گیا ہے وہ ایسا ہے کہ تھوڑی سی مدت کے لئے جدائی بھی نہایت شاق گزرتی ہے یہ ہمیشہ کی جدائی ہے اور اتنی اچانک ، ظاہر ہے کہ یہ نہایت ہی شاق ہے اور اب جب میں ان کی اس موقع پر اپنے خیالات کا اور اپنے جذبات غم کا اظہار کر رہا ہوں تو میں سمجھتا ہوں کہ سب کے دل غم میں ڈوبے ہوئے ہیں مرحوم صاحب صحیح معنوں میں ایک جاندار شخصیت تھے ان کی سب سے بڑی خوبی جو مجھے نہایت ہی پسند تھی یہ تھی کہ جو کچھ ان کے نظریات تھے وہ ان پر سختی سے کاربند تھے ۔ یہ نہیں کہ دل میں کچھ اور ہو اور زبان پر کچھ اور جو کچھ ان کے دل میں تھا وہی ان کی زبان پر تھا اور وہ بڑے جوش و خروش اور خلوص کے ساتھ اس کا اظہار کرتے تھے ۔ میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ اس ممتاز ایوان میں وہ نہایت ہی ممتاز شخصیت تھے اور ان کے جانے سے ہم ایک نہایت ہی اچھے دوست اور نہایت ہی پیارے ساتھی سے جدا ہو گئے ہیں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کے حلقہ انتخاب کے عوام بھی ایک مخلص اور خیر خواہ نمائندے سے محروم ہو گئے ہیں اور مغربی پاکستان کے لوگ بھی ان ہاؤس میں ان کی contribition سے محروم ہو گئے ہیں ۔ ان کے دل میں جو خیال آتا تھا وہ اسے اپنے زور سے بیان کرتے تھے کہ اکثر اوقات سب کو ماننا پڑتا تھا ۔ میں سب دوستوں کے ساتھ اس دعا میں شریک ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں ہمیں یہ سوچنا چاہئیے کہ یہ دنیا اتنی بے ثبات ہے کہ یہاں کسی چیز کو قرار نہیں ۔ ہماری زندگی کے جو چند لمحات ہیں تھوڑا بہت وقت جو باقی ہے ہمیں چاہئیے کہ اپنے اپنے خیالات اور اعتقادات کے مطابق اپنے وطن اور اپنے عوام کی خدمت میں صرف کریں اور اس تھوڑی سی مدت میں جو غم بن پڑتا ہے ملک قوم اور عوام کے لئے کر جائیں ۔ تاکہ اللہ تعالیٰ ہمیں یہاں اور آخرت میں سرخروئی عطا فرمائیں شکریہ ۔

وزیر بنیادی جمہوریت لوکل سیلف گورنمنٹ (میاں محمد یامین خان وٹو) ۔ جناب والا ، موت آتی ہے ۔ کسی کا ساتھی کسی کا دوست

15.2.1969

کسی سے جدا ہو جاتا ہے اس معزز ایوان کی گزشتہ چار سال کی زندگی میں ہم اپنے بہت سے قابل قدر اور بڑے عزیز دوستوں سے موت کے ہاتھوں محروم ہو گئے ۔ عبدالستار مہمند کی موت ان تمام زخموں کو اس طرح سے تازہ کر گئی ہے کہ میں اپنے اس احساس اور اس دکھ کو الفاظ میں بیان کرنے سے اپنے آپ کو قاصر پا رہا ہوں ۔ بہت سے دوسرے اراکین کی طرح مجھے بھی اس ایوان میں حاضری کے لئے آ رہا تھا سیڑھیوں پر کسی صاحب نے کہا کہ ایک ممبر کی موت واقع ہو گئی جو اثر باقی ممبر صاحبان کے دلوں پر ہوا وہی کیفیت میری تھی ۔ بیقراری اس وجہ سے زیادہ تھی کہ خدا جانے وہ کون سا ساتھی ہے جو آج ہم سے بچھڑ گیا ہے ایوان میں داخل ہوتے ہی جناب اجون خان جدون صاحب سے عبدالستار مہمند کا نام سنا فوراً میری نگاہ غیر ارادی طور پر اس سمت کی طرف گئی جس پر ابھی کل وہ بیٹھے تھے اور کسی موقعہ پر انہوں نے نہایت بلند آواز میں کوئی بات کہی تھی اور بہت سے ممبر صاحبان کی توجہ اس طرف ہو گئی تھی ۔

جناب والا ۔ مہمند صاحب کی دوستی ان کے خلوص اور ان کی جرأت اور ہمت کا تذکرہ تمام دوستوں نے کیا ہے ، میں سمجھتا ہوں انسان اپنی زندگی میں سب سے قیمتی چیز جو پیچھے چھوڑ سکتا ہے کہ اس کے مرنے کے بعد اس کے ساتھی اور اس کے دوست اس کے متعلق نیک جذبات رکھتے ہوں ۔ مہمند صاحب وہ شخصیت ہیں جنہوں نے حصول پاکستان کے لئے نہایت جرأت اور حوصلہ کے ساتھ کوشش کی تھی اور خاص طور پر اس علاقہ میں جہاں پاکستان کے حصول کا فیصلہ ہو جانے کے وقت ریفرنڈم کی ضرورت آئی تھی اور اس حیثیت سے وہ ان لوگوں میں شامل ہیں جن کا اس عظیم قوم پر ہمیشہ احسان رہے گا ۔ وہ اتنی جلدی ہم میں سے اٹھ گئے ہیں ۔ موت کا بے رحم ہاتھ اس طریق سے ان پر اٹھا ہے کہ ہم اس کے احساس کی گہرائی کو محسوس کرتے رہ گئے ہیں ۔ وہ آج ہی ہم میں تھے اور آج ہی نہیں ہیں ۔ اتنا تھوڑا وقت تھا ان کے یہاں آنے اور جانے میں کہ میری جو دلی کیفیات ہیں انہیں صحیح طور پر بیان کرنا شائد میرے بس میں نہ ہو ۔

جناب والا ۔ مرحوم کے لئے میں اپنے دلی جذبات کو تمام دوستوں کے جذبات کے ساتھ وابستہ کرتا ہوں اور خداوند تعالیٰ کے حضور دست بدعا ہوں کہ وہ انہیں جنت فردوس میں جگہ عنائت فرمائیں اور ان کے پسماندگان

کیے خاص طور پر ان کے بھائی بیگم صاحب کو جو اس معزز ایوان کے رکن بھی ہیں صبر جمیل عطا فرمائیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں استدعا کرتا ہوں کہ مرحوم کی روح کو ثواب پہنچانے کے لئے دعا فرمائی جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ مجھے یہ خبر آج صبح ایک چٹھی کے ذریعہ موصول ہوئی وہ چٹھی دیکھنے اور اسے پڑھنے کے بعد مجھے یقین نہیں آتا تھا کہ فی الواقعہ یہ اطلاع عبدالستار مہمند کے متعلق ہے ۔ چنانچہ میں نے ٹیلیفون کے ذریعے ان کے گھر رابطہ پیدا کیا ۔ مجھے معلوم ہوا کہ یہ خبر درست ہے یقین جانئے کہ مجھے یہ سن کر بے پناہ صدمہ اور دلی رنج ہوا ہے ۔ ابھی کل شام وہ اس ایوان میں اپنی نشست پر موجود تھے ایک تقریر کے دوران انہوں نے بلند آواز سے مداخلت کرنا چاہی تو میں نے انہیں چپ رہنے کے لئے کہا ۔ لیکن یہ معلوم نہیں تھا کہ وہ ہمیشہ کے لئے چپ ہو جائیں گے ۔ بہر حال ہمیں اس صدمہ کو صبر اور شکر کے ساتھ برداشت کرنا ہے ۔ یہ ہمارا گیارھواں صدمہ ہے ۔ معلوم نہیں کہ ہم سے کیا خطا سرزد ہوئی ہے ۔ ہمیں مشیت ایزدی کے سامنے جھکنا ہی پڑتا ہے ۔ جو رضائے الٰہی ہے اس کو ماننا ہی پڑتا ہے ۔ مسٹر عبدالستا خان مہمند ایک نہایت ملنسار اور خوش اخلاق انسان تھے ۔ وہ اس ایوان کے ایک معزز رکن ہونے کی حیثیت سے ہمیشہ اپنے مطالبات کو بڑے زور کے ساتھ اس ایوان میں پیش کرتے تھے اور وہ اپنے حلقہ نیابت کی نمائندگی بھی بڑے زور و شور سے کیا کرتے تھے ۔ وہ تمام ممبران میں بے حد مقبول تھے ۔ انہوں نے جتنی دیر اس ایوان میں حق نمائندگی ادا کیا ہے اچھے طریق سے ادا کیا ہے ۔

میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ میں آپ سے یہ بھی استدعا کروں گا کہ آپ ان کے لئے دعائے مغفرت کریں ۔

(اس مرحلہ پر فاتحہ خوانی کی گئی)

اب ایوان کی کارروائی خان عبدالستار خان مہمند کے احترام میں کل صبح 9 بجے تک کے لئے ملتوی کی جاتی ہے ۔

(ایوان کی کارروائی بروز بدھ مورخہ 19 فروری 1969 صبح 9 بجے تک کے لئے ملتوی ہو گئی)

SIXTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Wednesday, the 19th February, 1969.

چہارشنبہ ۔ 2 ذی الحج 1388ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9.00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, H. K., in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi. (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۚ حَتّٰى إِذَا جَاءُوْهَا وَفُتِحَتْ
أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ۝ وَ
قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَأَوْرَثَنَا الْأَرْضَ نَتَبَوَّأُ مِنَ الْجَنَّةِ
حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ أَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ
يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

(پ ۲۴ : س ۳۹ : ع ۵ : آیات ۷۳ تا ۷۵)

اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے تھے وہ گروہ در گروہ ہو کر بہشت کی طرف روانہ کئے جائیں گے یہاں تک کہ جب وہ لوگ اس کے پاس پہنچیں گے تو اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے اور داروغہ جنت ان سے کہے گا تم پر سلامتی ہو تم بہت اچھے رہے۔ بس اس میں ہمیشہ رہنے کے لئے داخل ہو جاؤ۔ اور وہ لوگ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہم سے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا ہم کو اس پوری زمین کا مالک بنا دیا کہ ہم بہشت میں جہاں چاہیں قیام کریں پس کیا خوب بدلہ ہے عمل کرنے والوں کا۔ اور تم فرشتوں کو دیکھو گے کہ عرش کے گرداگرد حلقہ باندھے ہوں گے اور اپنے پروردگار کی تسبیح و تحمید میں مشغول ہوں گے اور تمام لوگوں کے درمیان حق و انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ تمام تعریف اللہ کے لئے ہے جو تمام عالم کا پروردگار ہے۔

تلاوتنا اياكم

Starred Question and Answers.

Mr. Speaker. Now the Question Hour. Mr. Hamza.

INTER SE SENIORITY OF CLASS I AND CLASS II OFFICERS OF IRRIGATION DEPARTMENT

Major Muhammad Aslam Jan. Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, on the 14th of February 1969, the police lathi-charged a peaceful ladies procession at Shahrah-e-Quaid-e-Azam. This news has appeared in the daily Nawa-i-Waqat, Lahore, on 15th February 1969. This unmanly act of the police has caused great resentment in the mind of the public of the province.

Minister for Home. My submission is that this case also relates to the police excesses, which is going to be looked into by the Tribunal and, therefore, I will submit, Sir, that my friend should be asked not to press it. I, of courses oppose it, if he does not desist from pressing this motion.

Major Muhammad Aslam Jan. Sir, on the one side, we say that the matters are being discussed and investigated by a Tribunal, and, on the other side, they go on creating chaos and high-handedness by the police. I have to press it Sir.

Mr. Speaker. Major Muhammad Aslam Jan asks for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely on the 14th of February 1969, . . .

Minister for Home. In that case I would like to place the facts before you Sir. I deny that the women's procession was tear-gassed.

Mr. Speaker. This is about lathi-charge.

Minister for Home. Isn't it motion No. 620 ?

Mr. Speaker. The police lathi-charge the ladies procession on Shahrah-e-Quaid-e-Azam, Lahore.

Minister fo Home. Women's procession ?

It is regarding "the police lathi-charged peaceful procession of ladies". I submit that this is absolutely incorrect. I deny the facts.

Mr. Speaker. The procession was not lathi-charged ?

Minister for Home. No it was not.

Mr. Speaker. Has the Member got any proof ?

Major Muhammad Aslam Jan. I have got 'Nawa-e-Waqat' in which it has been said that, on that day, when a peaceful procession of ladies came ; first they were tear-gassed and then they were lathi-charged.

Minister for Home. No lathi-charge was made.

Major Muhammad Aslam Jan. In my next adjournment motion I will prove it that the ladies were lathi-charged as well.

Mr. Speaker. That is about the tear-gassing. Do you contend that no tear-gassing was made by the Police ?

Minister for Home. My submission is that the procession was tear-gassed and at that time the ladies 'procession had not reached the spot. It is true that the gas was still in the air and it is quite possible that when the ladies' procession arrived there, some of the ladies might have felt the effect of the gas but it is not true that the ladies' procession was tear-gassed.

Mr. Speaker. As the facts have been denied by the Minister for Home, both the motions are ruled out of order.

Next motion No. 622.

LATHI-CHARGE BY POLICE ON A PEACEFUL PROCESSION AT SHARAH-E-QUAID-E-AZAM, AND BEATING AGHA SHORISH KASHMIRI EDITOR OF WEEKLY "CHATTAN"

Major Muhammad Aslam Jan. I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and of urgent public importance, namely, on the 14th of February, 1969, the uncalled for lathi-charning by police on a pecaceful procession at Shahrah-e-Quaid-e-Azam, Lahore, and beating Agha Shorish Kashmiri, a well-known Journalist, Proprietor and Editor of the Weekly 'Chattan' who was one of the leaders of the procession. This news has appeared in the daily 'Nawa-e-Waqt', Lahore, dated 15th February, 1969. This has caused great resentment in the public of the Province.

Minister for Home. I deny the facts and oppose this motion. I submit it was wrong to say that Agha Shorish Kashmiri was lathi-charged.

Malik Muhammad Akhtar. He is injured.

Minister for Home. It is also incorrect that he received any injury and there is no medical report to the effect that he received any injury.

Malik Muhammad Akhtar. Point of order.

Agha Shorish Kashmiri has been injured, he is wearing bandages and his photograph appeared yesterday in some newspapers. Kazi Sahib should be more cautious in making statements. We don't want to bring privilege motions at every stage. He should check up from his subordinates and rather kick them out who are responsible for making incorrect statement. I saw that he has been injured and his photo is there.

Minister for Home. My submission is that if my friend furnishes any evidence to show that he was lathi-charged or that he received any injury, I, on my own, will refer this

matter to Mr. Justice Mahmood and have it examined. I certainly don't like that any respectable man should be mishandled or man-handled or lathi-charged or that he should receive any injury at the hands of the police. I am sorry if Agha Shorish Kashmiri has received any injury but my friend must furnish me with some evidence, and if they do that, then I will certainly have the matter referred.

Mr. Speaker. We will take up this motion tomorrow and the Member should furnish a proof about that. Next motion No. 623.

TEAR-GASSING LATHI-CHARGE BY POLICE ON A PEACEFUL PROCESSION AT SHAHRAH-E-PEHLVI, RAWALPINDI

Major Muhammad Aslam Jan. I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter or recent occurrence and of urgent public importance, namely, on the 14th February, 1969, the uncalled for tear-gassing and lathi-charging by police on a peaceful procession at Shahrah-e-Pehalvi, Rawalpindi. This news has appeared in the daily 'Nawa-e-Waqt, Lahore, dated the 15th February, 1969. This has caused great resentment in the public of the Province.

Minister for Home. I oppose it. My instructions are that no peaceful procession was lathi-charged or tear-gassed at Shahrah-e-Pehalvi, Rawalpindi, on the 14th of February, 1969. The report is absolutely incorrect.

Mr. Speaker. Was there any procession, on that day, on the Shahrah-e-Pehalvi ?

Minister for Home. I think this adjournment motion may also be taken up day after tomorrow because the instructions which I have received are ambiguous. I don't know whether the emphasis is on peaceful procession or. . . .

Mr. Speaker. Let it be tomorrow then.

Minister for Home. Should it not be day after tomorrow because I would like to have that information from Rawalpindi ?

Mr. Speaker. Let it be tomorrow. Next Motion No. 624.

BEATING OF ADVOCATES, A STUDENT LEADER AND OTHER LEADERS OF DAC BY THE POLICE WHEN THEY WERE LEADING A PEACEFUL PROCESSION AT SHAHRAH-E-PEHLVI, RAWALPINDI

Major Muhammad Aslam Jan. I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and of urgent public importance, namely, on the 14th of February, 1969 the police beat Mr. Mahmood Ahmad Minto, Advocate, Mr. Salah-ud-Din, Advocate, Mr. Parvez Altaf, student leader and other leaders of DAC who were leading a peaceful procession at Shahrah-e-Pehalvi, Rawalpindi. This news has appeared in the daily 'Nawa-e-Waqt', Lahore, dated 15th February, 1969. This has caused great resentment in the public of the Province.

Minister for Home. I oppose the motion. It is incorrect that the police beat Mr. Mahmood Ahmad Minto, Advocate, Mr. Salah-ud-Din, Advocate, Mr. Parvez Altaf, student leader, and other leaders of the DAC who were leading a peaceful procession at Shahrah-e-Pehalvi. The fact is that a large number of persons had gathered at Committee Chowk on 14th February. When the DAC procession reached near the Committee Chowk and dispersed peacefully ; a crowd, and a substantial crowd, gathered there. The police had been kept at a distance from the Committee Chowk towards the Shabistan Cinema. The crowd, assembled at the Committee Chowk, suddenly, started stoning as a result of which some police

constables were injured. One of the constables received severe injuries on his head which started bleeding. Thereafter the crowd suddenly encircled the police and tried to drag one of the constables forcibly and grapped his over-coat. One person also removed the cap of the constable from his head. The police party had to rush to recover the police constable and, consequently, they had to resort to lathi-charge and tear-gassing. The mob, which also included members of the DAC, pelted stones on the police heavily and the police resorted to tear-gass and lathi-charge in order to disperse the unlawful assembly. Now, if Mr. Mahmood Ahmad Minto, Mr. Salah-ud-Din and Mr. Parvez Altaf were also including in those nefarious activities, then they might have been injured but I am not aware of it.

میجر محمد اسلم جان ۔ یہ نہایت ہی افسوس کا مقام ہے کہ آج تک ہم لوگ جتنے بھی تحاریک التوائے کار پیش کرتے رہے ہیں ان کے لئے ہمیشہ غلط انفارمیشن وزیر داخلہ کو دیجاتی ہیں اور وہ defend کرتے ہیں ۔ اور اس وجہ سے یہ تمام تحاریک خلاف ضابطہ قرار دے دی جاتی ہیں ۔ لیکن جناب والا ۔ حقائق جو ہیں وہ یہ ہیں کہ ایک طرف ان کی تمام پولیس آرگنائیزیشن اور دوسری طرف تمام وکلا ہیں تو میں ان وکلا کو ترجیح دونگا جنہوں نے مجھے راولپنڈی سے ٹیلیفون کر کے بتایا ہے کہ یہ جلوس بلکل پرامن تھا یہ لوگ اکٹھے کھڑے ہوئے تھے لیکن اس کے باوجود انہوں نے بغیر کسی اشتعال کے ان پر لاٹھی چارج کیا ۔ اس جلوس میں جماعت اسلامی اور نظام اسلام پارٹی کے لوگ ہی تھے جن پر لاٹھی چارج ۔ ان کا جو شر پسند عنصر ہے جس کو یہ پتھراؤ کے لئے پرامن جلوس میں خود بھیجتے ہیں یہ سب کچھ اس کی وجہ سے ہوتا ہے ۔

Mr. Speaker. I hold the motion in order.

Major Muhammad Aslam Jan asks for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and of urgent public importance, namely, on the 14th of February, 1969, the

police beat Mr. Mahmood Ahmad minto, Advocate, Mr. Salah-ud-Din, Advocate, Mr. Parvez Altaf, student leader and other leaders of DAC who were leading a peaceful procession at Shahrah-e-Pehalvi, Rawalpindi. This news has appeared in the daily "Nawa-e-Waqt", Lahore, dated 15th February, 1969. This has caused great resentment in the public of the province.

(Leave was refused)

مسٹر حمیزہ - جناب سپیکر - وزیر امور داخلہ کے بیان کے پیش نظر

میرا اس ایوان میں چند معروضات پیش کرنا نہایت ضروری ہے - انہوں نے فرمایا ہے کہ راولپنڈی میں جناب منٹو اور ڈی اے سی کے دوسرے زعما - اس مجمع میں موجود تھے جس نے پولیس کے ساتھ بدتمیزی کا سلوک کیا - میں ان کی اطلاع کے لیے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں نے اس ایوان میں ایک تحریک التوا خوجہ محمد صفدر صاحب کے ساتھ پولیس کی بدسلوکی کے خلاف دی تھی - مگر 5 فروری کو عام نظم و نسق پر بحث کی وجہ سے وہ یہاں پیش نہیں ہو سکی میں نے جناب وزیر صاحب کی خدمت میں ذاتی طور پر عرض کیا تھا کہ 27 جنوری کو جمہوری مجلس عمل کے جلوس میں جو انہوں نے لاہور میں نکالا تھا میں اور خواجہ صاحب دونوں شریک تھے - جی پی او کے قریب اس پر اشک آور گیس چھوڑی گئی - ہم جلوس کے آگے تھے اور جناب آئی جی پولیس اور جناب ڈپٹی کمشنر اور جناب ایس ایس پی صاحب کے ساتھ بات چیت کر رہے تھے - جب اشک آور گیس چھوڑی گئی تو خواجہ صاحب زمین پر بیٹھ گئے - ایک نوجوان پولیس افسر نے بیٹھے ہوئے خواجہ صاحب کو پکڑ کر کھڑا کیا اور انہیں دھکے دیئے - میں بھاگ کر ان کے پاس پہنچا - ہم اس وقت جلوس سے علیحدہ تھے اور افسروں سے بات چیت کر رہے تھے - میں نے ذاتی طور پر جناب وزیر امور داخلہ سے درخواست کی تھی کہ وہ اس کے متعلق انکوائری کریں - میں یہاں اس کے متعلق تحریک التوا بھی پیش کر چکا ہوں - انہیں چاہیے کہ وہ کم از کم اس افسر کے خلاف ضرور تحقیقات کرائیں - خواجہ محمد صفدر صاحب جانی پہچانی شخصیت ہیں مغربی پاکستان کے عام آدمی ان کی

شکل کو پہچانتے ہیں اور ان کے نام کو جانتے ہیں وہ پولیس افسر لاہور میں تعینات ہونے کی وجہ سے لازمی طور پر خواجہ صاحب کو پہچانتا تھا لیکن وزیر امور داخلہ نے آج تک ہمیں اس بارہ میں کوئی اطلاع نہیں دی کہ آیا وہ تحقیقات کر رہے ہیں یا نہیں کر رہے ۔ اب وہ ہاؤس میں اس قسم کے ارشادات فرما رہے ہیں اگر پولیس کے ساتھ کوئی شخص بدتمیزی کے ساتھ پیش آئے تو وہ اسے سخت ناپسندیدگی سے دیکھتے ہیں ۔ مگر یہ بھی انتہائی بدتمیزی ہے کہ پولیس ہمارے انتہائی قابل صد احترام بزرگوں کے ساتھ جو امن کے داعی ہیں اس طرح پیش آئے ۔

Mr. Speaker. We will take up rest of the adjournment motions tomorrow.

Major Muhammad Aslam Jan. Point of order. The House is not in quorum.

Mr. Speaker. Let there be a count. The House is not in quorum. Let the bells be rung. (bells were ring).

The house is in quorum now. First Motion is form Minister for Education.

BILLS

THE UNIVERSITY OF PESHAWAR BILL, 1969.

Minister for Education (Mr. Muhammad Ali Khan) Sir, I beg to introduce the University of Peshawar Bill, 1969.

Mr. Speaker. The University of Peshawar Bill, 1969, stands introduced. Next motion.

Minister for Education. Sir. I beg to move :

> That the requirements of rule 74 of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan be dispensed with in so far as the University of Peshawar Bill, 1969, is concerned.

Mr. Speaker. The motion moved and the question is :

> That the requirements of rule 74 of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan be dispensed with in so far as the University of Peshawar Bill, 1969, is concerned.

(*The motion was carried.*)

Mr. Speaker. Next motion.

THE UNIVERSITY OF KARACHI BILL, 1969.

Minister for Education. Sir, I beg to introduce the University of Karachi Bill, 1969.

Mr. Speaker. The University of Karachi Bill, 1969, stands introduced.

Minister for Education. Sir, I beg to move :

> That the requirements of rule 74 of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan be dispensed with in so far as the University of Karachi Bill, 1969 is concerned.

Mr. Speaker. The motion moved and the question is :

> That the requirements of rule 74 of the Rules of Procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan be dispensed with in so far as the University of Karachi Bill, 1969 is concerned.

(*The motion was carried.*)

Mr. Speaker. Next motion.

THE WEST PAKISTAN UNIVERSITY OF ENGINEERING AND TECHNOLOGY BILL, 1969.

Minister for Education. Sir, I beg to introduce the West Pakistan University of Engineering and Technology Bill, 1969.

Mr. Speaker. The West Pakistan University of Engineering and Technology Bill, 1969, stands introduced.

Minister for Education. Sir, I beg to move :

> That the requirements of rule 74 of the Rules of Procedure, of the Provincial Assembly of West Pakistan be dispensed with in so far as the West Pakistan University of Engineering and Technology Bill, 1969 is concerned.

Mr. Speaker. Motion moved and the question is :

> That the requirements of rule 74 of the Rules of Procedure, of the Provincial Assembly of West Pakistan be dispensed with in so far as the West Pakistan University of Engineering and Technology Bill, 1969 is concerned.

(*The motion was carried*).

THE WEST PAKISTAN UNIVERSITY OF AGRICULTURE BILL 1969.

Minister for Education. Sir, I beg to introduce the West Pakistan University of Agriculture Bill, 1969.

Mr. Speaker. The West Pakistan University of Agriculture Bill, 1969, stands introduced.

Minister for Education. Sir, I beg to move :

> That the requirments of rule 74 of the Rules of procedure of the Provincial Assembly of West Pakistan be dispensed with in so far as the West Pakistan University of Agriculture Bill, 1969 is concerned.

Mr. Speaker. Motion moved and the question is :

> That the requirements of rule 74 of the Rules of Procedure of the

Provincial Assembly of West Pakistan be dispensed with in so far as the West Pakistan University of Agriculture Bill, 1969 is concerned.

(*The motion was carried.*)

Mr. Speaker. We will now resume discussion on the University of the Panjab Bill, 1969. Yes Malik Muhammad Akhtar.

Khawaja Muhammad Safdar. (Sialkot I) was on my legs.

جناب والا ۔ میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ محترم سردار محمد اشرف صاحب کی ترمیم سے تین صورتیں پیدا ہو جائیں گی جن کے ذریعہ وہ (1) چانسلر صاحب یونیورسٹی ہنگامی قانون کی توثیق کر دیں گے یا نہیں کریں گے 2 یا اس ہنگامی قانون پر دوبارہ غور و خوض کے لئے واپس سینٹ کو بھیج دیں گے ۔ اس روز محترم سردار محمد اشرف صاحب نے ایک حوالہ دیا تھا کہ اسی قسم کی ایک سب آرٹیکل 77 آئین پاکستان میں بھی ہے ۔ اس لئے اس کی کوئی خرابی نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے اعتراض یہ ہے کہ دو صورتیں تو سامنے آتی ہیں ان کے متعلق تو سمجھ آ سکتی ہے کہ چانسلر صاحب اس ہنگامی قانون کی توثیق فرمادیں گے ۔ اجازت دے دیں گے یا اس ہنگامی قانون کو اگر انہیں ناپسند ہو سنیٹ کے پاس دوبارہ غور و فکر کے لئے بھیج دیں گے ۔ لیکن تیسری صورت جو اس ترمیم میں لکھی ہوئی ہے کہ اگر وہ منظوری دینے سے انکار کر دیں گے تو اس کے بعد کوئی پتہ نہیں کہ اس ہنگامی قانون کا کیا بنے گا ۔ میں نے اس روز بھی محترم سردار محمد اشرف صاحب کی خدمت میں گزارش کی تھی کہ آئین کے آرٹیکل 77 میں یہ بھی درج ہے کہ جب صدر صاحب یا گورنر صاحب کسی بل کی منظوری نہ دیں یا اپنی منظوری روک دیں تو اس صورت میں اسمبلی دوبارہ اس بل پر غور کر سکتی ہے ۔ میں نے اس روز بھی آرٹیکل 77 سب آرٹیکل 3 کا حوالہ دیا تھا ۔ یہ الفاظ انتہائی غیر ضروری ہیں ۔ منظوری روک دینے سے نہ صرف جناب چانسلر صاحب کو یہ اختیار حاصل ہو جائیگا کہ وہ جس یونیورسٹی ہنگامی قانون کو چاہیں اپنے پاس رکھ چھوڑیں ۔

وہ اس کی منظوری دے کر واپس بھیجیں نہ وہ اپنی منظوری دیں بلکہ وہ ان کے پاس میز پر پڑا رہے ۔ یہ صورت حال خوشگوار نہیں ہے ۔ ہماری حکومت یہ صورت حال پیدا کرنا چاہتی ہے ۔ ہونا یہ چاہئے کہ چانسلر صاحب اس ہنگامی قانون کی منظوری یا اجازت دے دیں یا اس ہنگامی قانون کو سنیٹ کے پاس دوبارہ غور و فکر کے لئے بھیج دیا جائے ۔ تیسری صورت جیسے سب آرٹیکل 3 کی طرح یہاں درج نہیں کی گئی ہے یہ نہیں ہونا چاہئے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس کی کیا ضرورت ہے جب کہ چانسلر ہنگامی قانون کی منظوری دے دے گا یا منظوری نہ دینے کی صورت میں واپس سینٹ کو بھیج دے گا ۔ یہ دو صورتیں تو ٹھیک ہیں لیکن تیسری صورت پیدا نہیں ہونی چاہئے ۔ اس لئے میں گزارش کروں گا کہ آپ میری ترمیم کو قبول فرمالیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ آپ نے میری ترمیم میں یہ دیکھا ہوگا کہ اس میں تین صورتیں موجود ہیں ۔ ایک یہ کہ چانسلر اس ہنگامی قانون پر اپنی منظوری دے دے یا وہ ہنگامی قانون جو سینٹ کی طرف سے آئے اس پر اپنی منظوری روک لے اور اس کو اپنی تجاویز کے ساتھ واپس بھیج دے ۔

جناب والا ۔ میرے فاضل دوست اور بزرگ خواجہ محمد صفدر صاحب نے آئین کے آرٹیکل 77 کا حوالہ دیا ہے ۔ اس میں یہ چیز موجود ہے کہ جناب گورنر صاحب بھی صوبائی اسمبلی کے پاس کردہ قانون کی منظوری کو روک سکتے ہیں ۔ وہاں یہ بھی دیا گیا ہے کہ صوبائی اسمبلی دو تہائی کی اکثریت سے اس پر دوبارہ غور کر سکتی ہے ۔ میرے فاضل دوست اس بات سے مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ سینٹ اور صوبائی اسمبلی میں بہت فرق ہے ۔ مجھے یہ خوشی ہوتی کہ اگر وہ موجودہ صورت سے زیادہ بہتر کوئی تجویز پیش کرتے لہذا میں یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ جو ترمیم میں نے پیش کی ہے اس کو قبول فرمایا جائے ۔

جناب والا ۔ ایک ادارے کو اس کی مناسبت اور درجے کے مطابق ہی اختیارات دینے پڑتے ہیں ۔ صوبائی اسمبلی تو اس صوبہ کا سب سے بڑا ادارہ

ہے ۔ اس ادارے کو کسی اور ادارے سے تشبیہ دینا مناسب معلوم نہیں ہوتا ۔ جو اختیارات یا جو مقام اس ادارے کا ہے اسی نظریہ یا اسی پہلو سے کسی اور ادارے کے ساتھ اس کا موازنہ کرنے کے لئے اتفاق نہیں کر سکتا لہذا میں آپ سے استدعا کروں گا کہ جو ترمیم میں نے پیش کی ہے اسے قبول فرمایا جائے ۔

Mr. Speaker. The question is :

> That in the amendment given notice of by Sardar Muhammad Ashraf Khan, appearing at serial No: 40 in the 3rd Revised list No: 1 in the proposed sub-clause (2) of Clause 11, the words and comma "withhold his assent to it," occurring in lines 3-4 be deleted.

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker. Amendment No: 1 given by Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I beg to mave :

> That in the amendment given notice of by Sardar Muhammad Ashraf Khan, appearing at serial No: 40, in 3rd Revised List No; 1, in the proposed sub-clause (2) of Clause 11, between the words "when" and "a" occurring in line 1, the words "a statute or" be inserted.

Mr. Speaker. Tha amendment moved is :

> That in the amendment given notice of by Sardar Muhammad Ashraf Khan, appearing at serial No. 40, in 3rd Revised List No: 1, in the proposed sub-clause (2) of Clause 11,

between the words "when" and "a" occurring in line 1, the words "a statute or" be inserted.

Minister for Education. Opposed

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - آپ نے ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ محترم سردار محمد اشرف صاحب نے جو تجویز پیش کی ہے - وہ صرف یونیورسٹی آرڈیننس کے متعلق ہے کہ سینیٹ ان کو پاس کرے - ان کو منظور کرے پہلے اور بعد میں چانسلر سے منظوری لے - میں نے یہ تجویز کیا تھا کہ statute بھی پہلے سینیٹ پاس کرے - اور اس کے بعد چانسلر اس کی منظوری دے - اس کی ضرورت اس لیے یہاں پڑی ہے - آپ اس بل کے متن کو ملاحظہ فرمائیں - statute کی منظوری حاصل کرنے کے لیے گورنر کو مقرر کیا گیا ہے - میری رائے میں یہ درست نہیں ہے - گورنر اور چانسلر میں انہوں نے فرق پیدا کیا ہے - لیکن یہ ٹھیک نہیں ہے - سردار محمد اشرف صاحب نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ سینیٹ کے فرائض کو گورنمنٹ اور اسمبلی کی حد تک نہیں لانا چاہیے - میری عرض یہ ہے کہ وہ ادارہ اپنے فرائض کی ادائیگی میں اتنا ہی خودمختار ہونا چاہیے - جتنا کہ اسمبلی - سینیٹ کو یہ اختیار ہونا چاہیے کہ وہ ہر قسم کے قواعد و ضوابط یونیورسٹی کے لئے بنائے - اس پر یہ ارشاد فرمایا ہے کہ سینیٹ کو یہ اختیارات نہ دیں - سینیٹ کو یہ اختیارات نہیں ہونے چاہیئے - آپ statute سے اندازہ کریں کہ جب معزز ایوان یہ پاس کرچکا ہے - یونیورسٹی کا چانسلر عام طور پر گورنر ہوگا - یا اگر وہ خود چانسلر نہیں بنے گا - تو وہ اپنے نمائندے کو چانسلر بنائے گا اس صورت میں گورنمنٹ کو کیا خطرہ لاحق ہے کہ statute کی منظوری گورنر صاحب کے پاس جائے - میں تو کہتا ہوں کہ گورنر صاحب کے پاس جائے - اور ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کہتا ہے کہ سیکرٹری صاحب تک ہی رہ جائے - بات یہ ہے کہ تمام قسم کے قواعد و ضوابط بنانے کی قوت سینیٹ میں مرکوز ہونی چاہیئے - میں پھر اعادہ کروں گا - اس بات کا کہ یہ اختیارات چانسلر صاحب کے ہاتھ میں نہیں ہونے چاہئیں - کیونکہ

اور کسی صورت میں بہتر نہیں ہوگا ۔ میرا خیال ہے ۔ کہ میری تجویز منظور فرمائیں ۔

ملک معراج خالد ۔ جناب والا ۔ معاملہ بالکل واضح ہے ۔ کہ آپ آرڈیننس کی منظوری کے لیے چانسلر صاحب کو یہ اختیارات دے رہے ہیں ۔ جو statute کے سلسلہ میں کسی طرح کم اہم نہیں ہیں ۔ آپ کسی دوسری authority کو اختیارات دینا چاہتے ہیں ۔ اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ یعنی ایک خود چانسلر کو جن اختیارات کا حامل سمجھتے ہیں ۔ وہ statute کے ذریعہ سے واپس لینا چاہتے ہیں ۔ یہ بالکل مفید ترمیم ہے ۔ اگر آپ اس کو قبول کر لیں ۔ تو اس میں آپ جس طریقہ سے چانسلر کے اختیارات میں توسیع کر رہے ہیں ۔ یہ اس کے مطابق ہے ۔ یہ دو عملی کا آرڈیننس کہ چانسلر کے پاس جائے ۔ یہ یونیورسٹی کے معاملات میں رکاوٹ پیدا کرنے کا باعث ہوگی ۔ یہ نہیں ہونا چاہیئے ۔ اس موجودہ فضا میں میں حیران ہوں کہ آپ اس کو اس طرح کیوں لا رہے ہیں ۔ کیونکہ آرڈیننس ضروری ہے ۔ تو statute بھی ضروری ہے ۔ یہ یونیورسٹی کا کاروبار چلانے کے لیے ہے ۔ یا authority کو undermine کرنے کے لیے ؟

Mr. Speaker. Isn't the statute more important than ordinances ?

وزیر تعلیم ۔ statute علیحدہ چیز کے لیے ہے ۔ اور یہ علیحدہ ۔

Mr. Speaker. That is true ; isn't the statute more important than the ordinance ?

Minister for Education. It's the way one puts it.

Mr. Speaker. In the scheme of things, you have arranged it earlier than the ordinance.

ملک معراج خالد ۔ اس لیے جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا ۔ گزارش کروں گا ۔ آپ کی وساطت سے وزیر تعلیم کی خدمت میں کہ آپ اس نہایت ہی اہم نکتہ کو نظر انداز نہ کریں ۔ اور جس صورت میں آپ یہ اس

community کے سامنے پیش کرنا چاہتے ہیں ۔ اس سے بالکل اس کی نفی ہوتی ہے ۔ اس لیے کہ آپ statute کو کم اہمیت دے رہے ہیں ۔ یہ آپ کی غلطی ہے ۔ آپ اس کی تلافی کریں ۔

پارلیمانی سیکرٹری تعلیم ۔ جناب والا ۔ میرے فاضل دوست کی یہ خواہش ہے کہ اس میری amendment میں وہ آرڈیننس کے علاوہ statute کو بھی شامل کرنا چاہتے ہیں ۔ اگر آپ ہیئت ترتیب کو دیکھیں ۔ تو 23-22-21 کو دیکھنے پر معلوم ہوگا کہ statute اور آرڈیننس کے دائرہ عمل کو مختلف کر دیا گیا ہے ۔ اور بہت سی چیزیں ایسی ہیں ۔ جو آپ اس سے پیشتر پاس کر چکے ہیں ۔ لہذا اس ہیئت ترتیب کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ زیادہ مناسب ہے کہ statute کو منظوری کے لیے بھیجا جائے ۔ اس لیے میں خواجہ صاحب کی ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں

Mr. Speaker. The question is :

> That in the amendment given notice of by Sardar Muhammad Ashraf Khan, appearing at serial No. 40, in, 3rd Revised List No. I, in the proposed sub-clause (2) of Clause II, between the words "when" and "a" occurring in line 1, the words "a statute or" be inserted.

(*The motion was lost.*)

Mr. Speaker. I will put the amendment of Sardar Muhammad Ashraf Khan to the vote of the House. The question is :

> That for sub clause (2) of Clause 11 of the Bill, the following be substituted, namely :—
>
> (2) When a University Ordinance has been passed by the Senate it shall be presented to the Chancellor for

assent, and the Chancellor may assent to the Ordinance, withold his assent to it, or refer it back to the Senate for re-consideration.

Khawaja Muhammad Safdar. Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - 1) ۔ جناب والا ۔ ابھی آپ نے ایک نکتہ اٹھایا تھا اور جناب محترم وزیر تعلیم سے پوچھا تھا کہ کیا ان کی رائے میں statute اہم ہیں یا ordinances اہم ہیں ؟ اس کا انہوں نے ایک مبہم سا جواب دیا تھا ۔ میں جناب کی توجہ پہلے اس بل کی دفعہ 21 کی طرف دلاتا ہوں ۔ دفعہ 21 میں ہے کہ statutes کن کن چیزوں کے متعلق بن سکتے ہیں ۔ یعنی یہ formation of bodies جو ہوگی یا مختلف bodies کی تشکیل جو ہوگی ، وہ کیسے ہوگی ۔ مثلاً Selection Board ہے یا finance committee ہے ، یہ کس قسم کی ہوگی ۔ یہ statutes ہیں ۔ جناب والا ۔ اس chapter میں سب سے پہلے انہوں نے statutes کو رکھا ہے ۔

(a) constitution, powers and duties of the Authorities ;

(b) conditions and procedure for the affiliation or disaffiliation of college ;

اب جناب وہ بنائے کیسے جائیں ؟ یہ دفعہ 22 میں ہے ۔ دفعہ 22 میں یہ ہے کہ سینیٹ اس کو پاس کرے گی اور اس کی منظوری گورنمنٹ دے گی ۔ اب آگے چل کر دفعہ 23 میں ordinences آتے ہیں ۔ ordinances میں یہ ہے کہ جو institutions یونیورسٹی چلا رہی ہے ، ان کا انتظام کیسے کیا جائے ۔ ٹیچروں کے فرائض کیا ہوں گے ؟ فیسیں کیا لی جائیں گی ؟ یعنی اس قسم کی بہت کم درجہ چیزیں ہیں جو کہ ordinances کے ذریعہ طے پائی ہیں ۔ اب ordinances کیسے بنائیں جائے گے ؟ انہیں پہلے سینیٹ پاس کرے گا اوپر پھر چانسلر صاحب ان کی منظوری دیں گے ۔ یہ دفعہ 24 میں ہے ۔ اب

جناب والا ۔ اس صورت حال کے پیش نظر آپ غور فرمائیے کہ میں نے ان کی خدمت میں نہایت ہی ادب سے عرض کیا تھا کہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ گورنمنٹ کی زیادہ سے زیادہ مداخلت یونیورسٹی میں چاہتے ہیں ۔ اور اسی لیے یہ طریقہ کار رکھا گیا ہے ۔ حالانکہ عملی طور پر مداخلت پھر بھی کرسکتے ہیں ۔ جب چانسلر خود گورنر ہوں گے یا گورنر کے nominee ہوں گے تو ان کے پاس کوئی statutes منظوری کے لیے جائے گا تو وہ اپنے ڈیپارٹمنٹ سے ، محکمہ تعلیم سے مشورہ کر سکتے ہیں ، پوچھ سکتے ہیں کہ میں اس کی منظوری دوں یا اس کی منظوری نہ دوں یا اس کی منظوری روک لوں یا اس کو دوبارہ غور کے لیے واپس کر دوں ۔ وہ بڑی آسانی سے ایسا کر سکتے ہیں اور یہ ہر روز ہو رہا ہے ۔ ابھی تک ہم نے یہ فیصلہ نہیں کیا کہ چانسلر کا سیکرٹیریٹ علیحدہ ہوگا یا نہیں ۔ اگر چانسلر کا سیکرٹیریٹ وہی سیکرٹیریٹ ہوتا ہے جو کہ گورنر کا ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا سیکرٹیریٹ ہے تو مجھے معلوم نہیں ہو سکا یا کم از کم میں یہ معلوم نہیں کر پایا کہ ان کے پیش نظر دقت کون سی ہے ۔ اگر دقت محض یہ ہے کہ بعض اوقات جناب والا ۔ کوئی کام کرنا بھی ہو ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر (وزیر صحت سے مخاطب ہوکر جو مصروف گفتگو تھیں) بیگم صاحبہ خواجہ صاحب کی دلیل کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ شاید وہ کوئی ضروری بات کر رہی تھیں ۔

وزیر صحت (بیگم زاہدہ خلیق الزمان) جناب والا ۔ مخدوم صاحب کسی ضروری بات کے لیے کچھ کہہ رہے تھے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کوئی بات نہیں جناب ۔ کوئی ضروری بات ہوگی ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ہر کام ایک خوبصورت طریقے سے بھی ہوسکتا ہے ۔ یہاں چانسلر رکھ لیا جائے اور پھر چانسلر صاحب اپنے سیکرٹیریٹ کے ذریعے سے statutes اور ordinances کے متعلق رائے

لے لیں - یہ ایک خوبصورت طریقہ ہے - لیکن ایک بھونڈا طریقہ بھی ہے - اور وہ یہ کہ یونیورسٹی میں گورنمنٹ کی مداخلت ظاہر و باہر اور کھلے کھلے الفاظ میں اس میں درج کر دی جائے کہ گورنمنٹ ضرور اس میں مداخلت کرے گی - میں ان کو مشورہ دوں گا کہ وہ کم از کم تھوڑا سا اس کو سوچ سمجھ لیں - ان کے اختیارات میں کمی نہیں آئیگی - میں یقین سے کہتا ہوں کہ گورنمنٹ کے اختیارات میں قطعاً کوئی کمی نہیں آئے گی - میری ایک اور تجویز آگے آئے گی - اگر وہ اسے قبول کر لیں (لیکن وہ اسے قبول نہیں کریں گے) کہ چانسلر کا اپنا علیحدہ سیکرٹیریایٹ ہو - اگر یوں ہو جائے تو پھر گورنمنٹ کے اختیارات میں کمی آسکتی ہے - ورنہ قطعاً کمی نہیں آسکتی - اس لیے میں ان سے درخواست کروں گا کہ خدارا غور فرمائیے اور پھر فیصلہ کیجیئے -

ملک معراج خالد (لاہور - 5) - جناب سپیکر - میں خواجہ صاحب کی پرزور تائید کرتا ہوں - مجھے کچھ عرض کرنے کی ضرورت اس لیے بھی محسوس ہوئی ہے کہ ابھی ابھی سردار اشرف خان صاحب نے فرمایا تھا کہ statutes جو ہیں وہ ordinances کی نسبت کم اہم ہیں -

سردار محمد اشرف خان - میں نے یہ نہیں کہا -

ملک معراج خالد - اگر آپ نے نہیں کہا تو پھر آپ اس کو تسلیم کرتے ہیں اور آپ کو یہ ماننا چاہیئے اور اس کے مطابق عمل کرنا چاہیئے کہ statutes پہلے بنیادی چیزیں طے کرتے ہیں اور اس کے بعد ordinances کے ذریعہ جزوی چیزیں طے ہوتی ہیں - پھر آپ statutes کو چانسلر کی منظوری سے باہر کیوں رکھتے ہیں ؟ آپ اسے کیوں قبول نہیں کرتے ؟

مسٹر سپیکر - ان کی دلیل یہ تھی کہ چانسلر سے بھی بڑی اتھارٹی جو ہے یعنی گورنمنٹ یہ اس کے پاس جائیں -

ملک معراج خالد - جناب والا - یہ سیکرٹری کے ذریعہ ہوگا اور سیکرٹری گورنر سے اوپر تو نہیں - جب گورنر کو چانسلر مقرر کرتے ہیں

تو سیکرٹری کس طرح اوپر ہوسکتا ہے گورنر کے ؟ آپ یہ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ گورنمنٹ چانسلر سے اوپر ہے ۔

ملک معراج خالد ۔ وہ صرف یہ چاہتے ہیں کہ ان کے سیکرٹری کا جو سیکرٹیریایٹ ہے (یعنی سیکشن آفیسرز وغیرہ) وہ یونیورسٹی کے اوپر مسلط رہے ۔ یہی چیز ہے جس کے خلاف یہ سارے مظاہرے ہو رہے ہیں اور agitation ہے اور بے اطمینانی کی صورت ہے ۔ کاش کہ یہ اس صورت حال کو اچھے طور پر پہچان جائیں اور تسلیم کرلیں کہ یہی خرابی ہے جس کی وجہ سے یہ ساری چیز ہو رہی ہے ۔ اور اس کو دور کرنے کی کوشش کریں ۔ لیکن یہاں پھر غلط ملط کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ اور خواہ مخواہ دوسروں کے اشاروں پر یہ غلط چیزیں ٹھونسی جا رہی ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ کبھی نہیں کہا (جیسا کہ میرے فاضل دوست نے تاثر دینے کی کوشش کی ہے) کہ statutes اس لیے گورنمنٹ کے پاس آ رہے ہیں کہ ان کی اہمیت کم ہے ۔ میں نے یہ عرض کیا تھا کہ ان کا جو دائرہ عمل ہے وہ ordinances کے دائرہ عمل سے بالکل مختلف ہے ۔ اور جو چیزیں statutes میں درج ہیں ، ان کا چانسلر کے پاس جانے کی نسبت گورنمنٹ کے پاس جانا بہتر ہے ۔ جناب والا ۔ اگر آپ دیکھیں تو اس میں سب وہ چیزیں ہیں جو کہ coordination کے لیے لازمی ہیں ۔ اس وقت ہمارے پاس چھ یونیورسٹیاں ہیں ۔ آپ سیکشن 9 پاس کر چکے ہیں جس میں ہے کہ چانسلر جناب گورنر کے علاوہ بھی کوئی شخص ہوسکتا ہے ۔ تو اگر یہ صورت حال ہو جائے تو چند اہم چیزوں کی مختلف یونیورسٹیوں کے پاس coordination کرنے کے لیے ضروری ہے یا ان کے پاس ایک coordination قائم کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اہم چیزیں یا امور بجائے مختلف چانسلروں کے پاس جانے کے سیدھے گورنمنٹ کے پاس آئیں ۔ مثال کے طور پر جناب والا ۔ یہ ممکن ہوسکتا ہے academic duplicacies ہونی شروع ہو جائیں ۔ ایک یونیورسٹی میں کوئی ایک چیز ہونی شروع ہو جائے اور وہی چیز کسی دوسری یونیورسٹی

میں بغیر ضرورت کے شروع ہو جائے اور اس چیز سے زیادہ اہم چیزوں کو نظر انداز کر دیا جائے ۔

اس کے علاوہ میں اپنے فاضل دوست خواجہ محمد صفدر صاحب کی خدمت میں عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ حکومت نے اب ڈیڑھ کروڑ روپیہ کی رقم مہیا کی ہے جو کہ specialised subjects کے لیے ہے ۔ مثال کے طور پر جناب والا ۔ اب حکومت نے کراچی میں marine biology کے courses شروع کیے ہیں ۔ اس کے مقابلہ میں پنجاب میں solar space phyics کے subjects شروع کیے ہیں اور پشاور میں geology کا subject شروع کیا گیا ہے ۔ اسی طریقے سے سندھ میں Chemical Chrystology کا مضمون introduce کیا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ ایسی چیزیں ہیں کہ گورنمنٹ جن پر ایک phased programme کے تحت اور ضرورت کے تحت اور اپنے وسائل کو مد نظر رکھتے ہوئے عملدرآمد کرے گی ۔ اس لیے ضروری ہے کہ گورنمنٹ اس سارے کام کو coordination کرے ۔

اس کے علاوہ اور بہت سی چیزیں ہیں جناب والا ۔ مثال کے طور پر medium of instruction ہے ۔ اب یہ حکومت کا کام نہیں کہ وہ مختلف یونیورسٹیوں کو اس کے متعلق ہدایت جاری کرے ۔ لہذا میں عرض کروں گا کہ ایک coordination کی پالیسی کی خاطر جو کہ تمام یونیورسٹیوں کے مفاد کے لیے ہے ، یہ ضروری ہے کہ ان statutes کی منظوری کے اختیارات بجائے چانسلر کے گورنمنٹ کو تفویض کیے جائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ لیکن جہاں تک statutes بنانے کا تعلق ہے ، اس میں چانسلر کہیں نہیں آئیں گے ۔ سینیٹ پاس کرے گی اور گورنمنٹ منظوری دے گی ۔ اور چانسلر completely eliminated ہوں گے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ آپ اگر ملاحظہ فرمائیں تو آپ دیکھیں گے کہ چانسلر اگر چاہیں تو سینیٹ کی میٹنگ کو preside کر سکتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ statutes کی formation کے لیے چانسلر اگر سینیٹ کی میٹنگ کو preside کریں تبھی وہ ان سے

associated ہوں گے ورنہ نہیں ۔

Parliamentary Secretary (Education). Sir. Chancellor will obviously be in picture as far as functions of the Senate are concerned. But this is a policy matter that the functions which come under their purview should be approved by the Government or the Chancellor. As I have stated, in my opinion, it is in the fitness of things and in the interest of Universities and also in the public interest that these statutes should be approved finally by Government and not by the Vice-Chancellors.

Mr. Speaker. The question is :

> That for sub-clause (2) of Clause 11 of the Bill, the following be substituted, namely :—
>
> (2) When a University Ordinance has been passed by the Senate it shall be presented to the Chancellor for assent, and the Chancellor may assent to the Ordinance, withhold his assent to it, or refer it back to the Senate for re-consideration.

(*The motion was carried.*)

Amendments No. 41,42,43 and 44 are now ruled out of order. Amendment No. 45 by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar. Sir, I beg to move :

> That sub-clause (3) of Clause 11 of the Bill, be deleted and subsequent sub-clauses re-numbered accordingly.

Mr. Speaker. The amendment moved is :

> That sub-clause (3) of Clause 11 of the Bill, be deleted and subsequent

sub-clauses re-numbered accordingly.

Minister for Education. I oppose it.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - بل کی کلاز نمبر 11 کی ذیلی دفعہ (3) میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ جب بھی ایسی تجویز ہو ، کہ کسی فرد یا کسی eminent personality کو آنریری ڈگری دی جائے - تو وہ subject to the comfirmation by the chancellor ہو - میں اس پر اعتراض نہیں کر رہا ہوں ، میرے نے اس چیز کو واضح طور پر study کیا ہے -

Mr. Speaker There, should be no conference inside the Hall. Yes please.

ملک محمد اختر - اس اثر کو زائل کرنے کے لئے ہم ترمیم برائے ترمیم نہیں دے رہے ہمارے پاس اس ترمیم کا پس منظر ہے ، ہمارے پاس authority ہے - ہمارے پاس international reports ہیں جو یونیورسٹی کے affairs کے متعلق کی گئی ہیں - ہمارے پاس اعلیٰ پیمانہ کی commission کی report ہے - لیکن وقت کی کمی کی وجہ سے ایسے پیش نہیں کر سکتا البتہ اس میں سے دو تین lines آپ کی اجازت سے اس ہاؤس میں پیش کرتا ہوں - جو بالکل relevant ہیں - یہ کیتھوری کمشن کی رپورٹ ہے - یہ کمشن اتنا پرانا نہیں - اس کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے - کہ آنریری ڈگری دینا بنیادی طور پر academic council کا کام ہے - ابھی اور ترامیم بھی آ رہی ہیں - جن میں یونیورسٹی کی autonomy کا ذکر ہوگا - اس لئے اس وقت اس کی مخالفت کروں گا - اور وہ بھی اس رپورٹ کی بنا پر ہوگی جہاں تک یونیورسٹی autonomy میں academic freedom کا تعلق ہے ، انہوں نے یہ کہا ہے -

KATHARI COMMISSION REPORT:

> It is recognized that a representation of low elements on the various governing bodies of the Universities

is necessary and justified in view of the nature of relationship between the University and the society." (یعنی عوام) "It would however be contrary to the principles of University autonomy if the bodies assume a dominating and controlling position. Convention should be developed which would shift the centre of gravity of authority to the academic wings of the University in particular." یہ میں جناب والا پڑھنا چاہتا تھا "Care should be taken to see that the academic council is vested with the final authority in all academic matters. The functions of the non-academic element should be mainly to present the academic, the wider interest of the society as a whole but not to oppose them. It should also serve to represent the views and interest of the academies to the wider society and thus make a smooth functioning of the university more easily possible.

جناب والا - اس اعلیٰ کمشن کی رپورٹ میں eminent educationist نے یہ قرار دیا ہے کہ کوئی بھی interference قابل برداشت ہو سکتی ہے - ماسوائے اس کے جو مکمل طور پر اور خالص بلکہ حتمی طور پر ادبی نوعیت کی نہ ہو - میں یہ سمجھتا ہوں کہ degrees کی confirmation کے سلسلہ میں خواہ وہ آنریری ہو یا کوئی دوسری ہو - یہ مکمل طور پر سو فیصدی ادبی مسئلہ ہے اب جو quotation دی گئی ہے - اس میں یہ بھی کہا گیا ہے - کہ out side agencies کی جو domination ہے - جس میں چانسلر بھی شامل ہے - وہ صرف یونیورسٹی کے نظم و نسق میں دخل انداز ہو سکتے ہیں - لیکن ادبی معاملات میں کوئی

جواز نہیں - گیتھوری کمشن کی رپورٹ کے مطابق یونیورسٹی کی ادبی autonomy میں degree کی confernent کے سلسلہ میں کسی طور پر کسی قسم کی مداخلت نہ کی جائے -

جناب والا - میں لمبی بات نہیں کرنا چاہتا - اب حکومت کی جانب سے بھی کافی ترامیم آ گئی ہیں - اور یہ کام بڑھ گیا ہے - اس لئے میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ چانسلر کو یہ اختیار دینا کہ اس کی اجازت سے آنریری ڈگری confer کی جائے اور senate یا academic council کو subject to the confirmation by the chanceller اجازت ہو تو یہ انتہائی زیادتی ہے -

Mr. Speaker. The question is :

That sub-clause (3) of Clause 11 of the Bill, be deleted and subsequent sub-clauses renumbered accordingly.

(The motion was lost.)

No. 46 by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar. Sir, I beg to move :

That in sub clause (4) of Clause 11 of the Bill for the word "Chancellor" occurring in line 1, the word "Syndicate" be substituted.

Mr. Speaker. The amendment moved is :

That in sub-clause (4) of Clause 11 of the Bill, for the word "Chancellor" occurring in line 1, the word "Syndicate" be substituted.

Minister for Education. I oppose it.

ملک محمد اختر - جناب صدر - دفعہ 11 کی ذیلی دفعہ 4 میں جو چانسلر کو اختیار دیا گیا ہے - اگر آپ دیکھیں - تو وہ ایک سہل سی بات ہے - اس میں یہ قرار دیا گیا ہے -

Clause 11 (4): The Chancellor may remove any person from the membership of any Authority if such person :—

(*i*) has become of unsonud mind, deafmute or has become otherwise incapacitated from discharging his functions as a member of such Authority ; or

(*ii*) is an undischarged insolvent ; or

(*iii*) has been convicted by a court of law of an offence involving moral turpitude.

یعنی اگر کسی رکن کا دماغ unsound ہوگا تو اس کے متعلق تو medically بات ہو جائے گی incapacitated ۔ یہ بھی کوئی ایسی متنازعہ فیہ بات نہیں یا کوئی کسی قسم کی conviction ہو جائیگی یہ بھی کوئی ایسی بات نہیں ۔ کہ جس کے لئے کسی اعلیٰ حاکم کو اختیارات دئے جائیں ۔ یعنی میرا مراد یہ ہے کہ یہ routine کی بات ہے ۔ تو آپ کی سنڈیکیٹ میں 90 فیصدی انسان ہیں ۔ وہ day to day function run کرتے ہیں ۔ یونیورسٹی کے امور کے متعلق میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ frivolous اور چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں ۔ routine کی باتیں ہیں ۔ اس سے اندازہ لگائیں ۔ تو یہ دفعہ routine کی دفعہ ہے ۔ اور چانسلر کو یہ اختیارات دینا چاہتے ہیں ۔ حال ہی میں ایک واقعہ ہوا تھا کہ ایک بہت بڑے شخص کو خاندانی رنجش کی بنا پر پاگل خانہ بھجوا دیا تھا ۔ یہ چاہتے ہیں کہ چانسلر کو اختیار دے دیں ۔ اور وہ کہیں کہ یہ پڑھا لکھا ہے اس کا دماغ چل گیا ہے ۔ (جس کو ہم crack کہتے ہیں) ۔ یا یہ والس چانسلر پاگل ہو گیا ہے ۔ اس کو remove کر دیا جائے ۔ یہ routine کی باتیں ہیں ۔ میں نہیں سمجھتا ۔ وہ اتنا کیوں کر رہے ہیں ۔ مجھے ان کے ارادے اچھے معلوم نہیں ہوتے ۔ چونکہ میں نے clause as a whole کی مخالفت کرنی ہے ۔ اس لئے اس سے زیادہ کچھ نہیں کہہ سکتا ۔

Mr. Speaker. The question is :

> That in sub-clause (4) of Clause 11 of the Bill, for the word "Chancellor" occurring in line 1, the word "Syndicate" be substituted.

(*The motion was lost.*)

Next amendment No. 47 by Khawaja Muhammad Safdar:

Khawaja Muhammad Safdar. Sir I beg to move :

> That in para. (*i*) of sub-clause (4) of Clause 11 of the Bill, the word "deafmute" occurring in line 1, be deleted.

Mr. Speaker. The amendment moved is :

> That in para. (*i*) of sub-clause (4) of Clause 11 of the Bill, the word "deafmute" occurring in line 1, be deleted.

Minister for Education. I oppose it.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ کلاز نمبر 11 کی سب کلاز (4) میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ اگر کوئی صاحب ۔ کسی اتھارٹی کا کوئی رکن رکن بننے کے بعد دماغی توازن کھو بیٹھے یا مخبوط الحواس ہو جائے یا گونگا بہرا ہو جائے ۔ یا اُس میں اس قسم کا کوئی جسمانی نقص پیدا ہو جائے ۔ کہ وہ بہ حیثیت رکن کسی اتھارٹی کے اپنے فرائض ادا نہ کر سکے ۔ تو چانسلر کو اختیار ہوگا کہ اسے رکنیت سے علیحدہ کر دے ۔ میں نے اپنی ترمیم میں یہ کہا ہے کہ یہاں سے لفظ deafmute نکال دیا جائے ۔ میں کوئی ڈاکٹر نہیں ہوں ۔ شاید یہاں کوئی ڈاکٹر بیٹھے ہوں ۔ تو وہ بتا سکیں ۔ میں اتنا جانتا ہو کہ deafmute پیدائشی ہوتا ہے ۔ یہ بعد میں نہیں ہوتا ۔ mute اس لئے ہوا ہے کہ پیدائشی بہرہ ہوتا ہے ۔ وہ بول نہیں

سکتا وہ الفاظ سن نہیں سکتا اور نہ بعد میں بول سکتا ہے ۔ آپ نے ایک لفظ استعمال کیا ہے کہ جو بیک وقت گونگا بھی ہے اور بہرہ بھی ہے ۔

مسٹر سپیکر۔ اگر اس کو حذف کر دیا جائے تو اس میں کوئی قباحت نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ incapacitated میں بات آ جاتی ہے ۔

Minister for Education. This expression is the language of the law. It is always "deafmute"

ملک محمد اختر ۔ یہ appropriate کا لفظ موجودہ حکومت کے لئے ہے ۔

Mr. Speaker. This Ordinance is not for the Government.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں عرض کروں گا کہ technically ایک آدمی گونگا اور بہرہ ہو سکتا ہے لیکن یہ صورت حال وارد ہی نہیں ہو سکتی ہے جیسا کہ آپ کہتے ہیں کہ جب الیکشن ہو چکا ہوگا تو اس کے بعد ۔ ۔ ۔ ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں آپ سے معذرت چاہتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ کیا جناب والا ۔ یہ حقیقت نہیں ہے کہ یہ حکومت پہلے ہی دن سے گونگی اور بہری ہے ۔

Mr. Speaker. This is not a point of order.

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ مگر آپ اس کی بڑی امداد کرتے رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں نہایت ہی ادب سے درخواست کروں گا کہ مجھے اس میں کوئی فائدہ نہیں ہے اگر یہ لفظ حذف ہو جائے تو بہتر ہوگا میں یقین سے کہتا ہوں کہ کسی صاحب نے 1961 کے آرڈیننس میں سے اسے درج کر دیا ہے اور اس کو نقل کر کے وہاں سے یہاں رکھ دیا ہے ۔ جہاں تک میری طبی معلومات ہیں جو بہت تھوڑی ہیں اور ناقص ہیں ان کی رو سے میں کہہ سکتا ہوں کہ اگر کوئی شخص اچھا بھلا ہے لیکن

ہو سکتا ہے کہ چار دن کے بعد اس کو کوئی ایسی تکلیف ہو جائے کہ وہ بہرہ ہو جائے لیکن وہ بہرہ ہونے کے ساتھ ساتھ گونگا نہیں ہو سکتا ۔

Minister for Education. This expression is the language of the law, But if the Member so insists we could accede to his request.

Mr. Speaker. The question is:

> That in para (*i*) of sub-clause (4) of Clause 11 of that Bill, the word "deafmute" occurring in line 1 be deleted.

(*The motion was carried.*)

Mr. Speaker. Next 48 - Mr. Mahmood Azam Farooqi. (Not present) Mr. Hamza.

Mr. Hamza. Not moving. (Amendment not moved).

Mr. Speaker. 49.

Malik Muhammad Akhtar. Not moved.

Mr. Speaker. 50.

Malik Muhammad Akhtar. Sir, I beg to move :

> That sub-clause (5) of Clause 11 of the Bill be deleted.

Mr. Speaker. The amendment moved is :

> That sub-clause (5) of Clause 11 of the Bill be deleted.

Minister for Education. I oppose it.

ملک محمد اختر (لاہور 2) ۔ جناب والا ۔ یہ ذیلی دفعہ اسطرح ہے کہ چانسلر صاحب وقتاً فوقتاً جیسے بھی وہ چاہیں یونیورسٹی کے لئے احکامات صادر فرما سکتے ہیں اور وہ اپنے معاملات کو اس طرز پر کریں جیسے کہ ان کے احکامات میں درج ہے ۔ جناب والا ۔ میں نہیں سمجھتا کہ یہ آمریت کا زمانہ ہے یا ہم ایسٹ انڈیا کمپنی کے دور سے گزر رہے ہیں ۔ جناب والا ۔

abuse of powers کے ایسے اندیشہ جات اس بل میں موجود ہیں ۔ پھر ایسی مثالیں بھی ہیں کہ abuse of powers ہوتا رہا ہے ۔ جناب‌والا ۔ ان کے پاس یونیورسٹی کے قوانین ہیں ۔ رولز اور ریگولیشن ہیں ۔ جناب‌والا یہ چاہتے ہیں کہ اس میں as may be specified کی جگہ as may be prescribed کر دیا جائے ۔ یہ چانسلر کو تمام حدود اور instructions اور قانونی حدوں سے آگے بڑھنے کی اجازت دے رہے ہیں ۔ جناب والا ۔ میری ترمیم تھی کہ چانسلر گورنر مغربی پاکستان کے بجائے ہائی کورٹ کے کسی جج کو مقرر کیا جائے لیکن یہ گورنر یا ان کے نامزد کسی شخص کو بھی چانسلر کے فرائض سرانجام دینے کے لئے کہہ رہے ہیں ۔ آپ جناب والا ۔ دیکھیں کہ اس ذرا سی ترمیم سے یونیورسٹی کی بالکل نوعیت ہی بدل جائے گی کہ گورنر صاحب یا ان کے نامزد وہ کوئی بھی صاحب ہوں چانسلر کے فرائض سرانجام دیں گے ۔ جناب والا ۔ آپ دیکھیں کہ چانسلر وقتاً فوقتاً جو بھی چاہے یونیورسٹی کے لئے ہدایت جاری کر دیگا ۔ چانسلر جس کی terms and conditions specified نہیں ہیں جس کا رتبہ specified نہیں ہے یہ کسی بھی اے۔بی۔سی۔ڈی کو لا سکتے ہیں ۔ دراصل اس ایک شق سے سنیٹ اور سنڈیکیٹ کو صرف ایک شخص کی نمائندگی نے جو انہوں نے کی ہے منفی کر کے رکھ دیا ہے ۔ اور یہ بھی طریقہ کار نہیں ہے کہ ایسی ہدایت جاری کی جائیں گی تو ان ہدایت پر انہیں right of representation حاصل ہوگا ۔ مثلاً دفعہ 10 ۔ میں انسپکشن کی دفعہ میں ایسا provision کیا گیا ہے کہ سنڈیکیٹ کی جانب سے چانسلر کو reference back کیا جائیگا ۔ تو جناب والا وہ provision یہاں پر نہیں ہے ۔ یعنی جناب والا ایک open جنرل لائسنس چانسلر کو دیدیا گیا ہے کہ چانسلر جس طور پر چاہے یونیورسٹی کو دے ۔ چھلانگ لگائے اور یونیورسٹی کو کچل ڈالے ۔ یونیورسٹی اس کے پنجہ استبداد میں ہے ۔ اور اس کے قبضہ میں ایک بے بس کھلونے کی طرح رہے ۔ تو جناب والا میں اس شق کی شدید مخالفت کرتا ہوں کہ چانسلر کے اختیارات لا محدود ہر گز نہیں ہونا چاہئیں ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی 1) جناب والا ۔ شق 5 کو 1961

کے آرڈیننس سے لے کر اس بل میں رکھنے سے یہ پورا بل اس آرڈیننس سے بھی زیادہ سخت ہو گیا ہے ۔ گو کہ یہ تاثر دیا جاتا رہا ہے کہ اس بل کے بعد یونیورسٹی کے حالات بہتر ہو جائیں گے ۔ لیکن میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ان میں ایسی ایسی کلازز رکھدی گئی ہیں جس کی وجہ سے چانسلر کو بالکل آمر بنا دیا گیا ہے اور یہ 1961 کا چربہ ہی نہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت ایکٹ بنایا جائیگا ۔ جناب والا ۔ چانسلر چونکہ گورنر ہوگا اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ایسا بھی گورنر آئے جس نے یونیورسٹی میں داخلہ نہ لیا ہو یا کالج تک بھی نہ گیا ہو وہ کس طریقہ سے یہ کہہ سکے گا کہ یونیورسٹی میں جو کام ہو رہا ہے اس میں کیا غلطیاں ہوئی ہیں ۔ لامحالہ اس کو انحصار کرنا پریگا ایجوکیشن سیکریٹری پر اور ایجوکیشن سیکریٹری کے لئے ضروری نہیں ہے کہ وہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے ہی آیا ہو اور اس کو یونیورسٹی کے متعلق تمام تکالیف کا علم ہو تو وہ سیکشن آفیسر پر انحصار کریگا ۔ تو یہ شق جو رکھی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ چانسلر اس طریقہ سے یونیورسٹی کی کارروائی کریگا یہ انتہائی سخت ہے ۔ سینیٹ میں ہم نے جو عوامی نمائندگی دی ہے ۔ اس کے باوجود ہم نے یہ قرار دیا ہے کہ اگر سنیٹ کوئی فیصلہ کر بھی دے تو بھی چانسلر کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ جس طرح سے چاہے گا اسی طرق سے یونیورسٹی کی کارروائی ہوگی ۔ ہم چانسلر کو مطلق العنان نہیں بنا دینا چاہتے ۔ اگرچہ سینیٹ عوام کی پوری نمائندہ نہیں ہے ۔ اس کے باوجود اسے یہ اختیار ہونا چاہئیے کہ وہ دیکھے کہ یونیورسٹی کا جو کام ہے اس میں قانون کی خلاف ورزی تو نہیں ہو رہی ۔ یونیورسٹی کا کام چلانا سنیٹ کا کام ہے نہ کہ چانسلر کا اس لئے اس شق کو یہاں سے خارج کرنا انتہائی ضروری ہے ۔

Minister for Education. Sir, I will explain in a n inute. We had received certain allegations regarding growth of authoritarianism in various seats of learning, and this was brought to the notice of the public by the Hamood-ur-Rahman Commission report. This was inserted after discussion with various student leaders, and some eminent professors of the

University. Their rights should be safeguarded and the Chancellor, who is the supreme authority to this corporate body, should have the right to direct . . .

Mr. Speaker. The question is :

That sub-clause (5) of Clause 11 of the Bill, be deleted.

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker. Amendment No. 51 by Khawaja Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar. Sir I beg to move -

That sub-clause (6) of Clause 11 of the Bill, be deleted.

Mr. Speaker. Amendment moved is -

That sub-clause (6) of Clause 11 of the Bill, be deleted.

Minister for Education. I oppose it Sir.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - اس ایوان نے سب کلاز 5 کو قبول کرنے کے بعد میری رائے میں یہ فیصلہ صادر کر دیا ہے کہ سب کلاز 6 کی ضرورت نہیں ہے - سب کلاز 5 میں چانسلر صاحب کو لامتناہی اور غیر محدود اختیارات دے دیئے گئے ہیں کہ وہ جس طرح چاہے یونیورسٹی کے نام احکام جاری کر سکتے ہیں -

The Chancellor may require -

(*i*) any return, statement, estimate statistics or other information regarding matters under the control of the University ; or

(*ii*) a report on any matter relating to the University ; or

(*iii*) o copy of any document in the charge of the University ;

to be submitted to him, and the

Vice-Chancellor shall comply with such requisition.

یہ حد درجہ غیر ضروری ہے میں تو حقیقت میں یہ چاہتا ہوں کہ سب کلاز 5 بھی نہ ہوتی اور سب کلاز 6 بھی نہ ہوتی ۔ حقیقت یہ ہے کہ یہاں جیسے پنجابی میں کہتے ہیں "کاٹھی پر کاٹھی" ڈالی جا رہی ہے زین پر زین ڈالی جا رہی ہے ۔ پہلے اختیارات پر اکتفا نہیں کیا جا رہا کوشش یہ کی جا رہی کہ سارے اختیارات گورنمنٹ کے پاس رہیں ۔ سنیٹ یا یونیورسٹی کی دوسری اتھارٹیوں کے پاس نہ رہیں ۔ کلاز 10 سے یہ اختیارات شروع ہوئے ہیں چانسلر کے پوری کلاز 10 اس بارہ میں ہے ۔ پھر کلاز 11 ۔ ہے کلاز 10 میں جو اختیارات دئیے گئے ہیں ان کے مطابق ہر قسم کے احکام چانسلر صاحب جاری کر سکتے ہیں ۔ اگر یونیورسٹی کی کسی اتھارٹی کا کوئی فیصلہ بھی ہو تو یہ چانسلر صاحب اسے بھی کالعدم قرار دے سکتے ہیں ۔ اس کے بعد یہ ایک اور سیکشن 46 ہے یونیورسٹی آرڈیننس 1961 سے جو کلاز 4 کے طور پر رکھا گیا ہے ۔ نمبر 5 جو ہے یہ بلینک کلاز ہے ۔ اس کے بعد یہ چھوٹے چھوٹے مخصوص اختیارات حاصل کرنا میری سمجھ میں نہیں آتا ۔ کہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ یا لاڈیپارٹمنٹ جس نے اس بل کو ڈرافٹ کیا ہے ۔ ان کے ذہن کو کیا ہے آخر کسی اور کے پاس بھی کوئی اختیارات ہونے چاہئیں یا سارے اختیارات چانسلر کے پاس ہی ہونے چاہئیں ۔ ویسے بڑے اختیارات میں چھوٹے اختیارات شامل ہوتے ہیں ۔

Mr. Speaker. The question is :

That sub-clause (6) of Clause 11 of the Bill, be deleted.

(*The motion was lost.*)

Mr. Speaker. Next amendment is from Syed Zafar Ali Shah. (Not moved), Syed Inayat Ali Shah (not moved)- and then we will take up amendment from Kazi Muhammad Azam Abbasi and Chaudhri Anwar Aziz, the notice of which was given on 17th,

Kazi Muhammad Azam Abbasi. Sir, I beg to move :

> That for sub-clause (7) of Clause 11 of the Bill, the following be substituted, namely:—
>
> (7) The Treasurer shall be a person having experience of development, finance or Accounts, and shall be appointed by the Chancellor on such terms and conditions as may be determined.

Mr. Speaker. Amendment moved is :

> That for sub-clause (7) of Clause 11 of the Bill, the following be substituted, namely:—
>
> (7) The Treasurer shall be a person having experience of development, finance or Accounts, and shall be appointed by the Chancellor on such terms and conditions as may be determined.

Minister for Education. Not opposed Sir.

Khawaja Muhammad Safdar. Opposed Sir.

Mr. Speaker. There is an amendment to amendment by Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar. Sir, I beg to move :

> That in the amendment given notice of by Kazi Muhammad Azam Abbasi and Chaudhri Anwar Aziz appearing at Serial No. 1, in the Revised 1st, Supplement to 3rd Revised, List No. 1, in the proposed sub-clause (7) of Clause 11, for the word "determined" occurring at

the end, the words "prescribed by the Senate" be substituted.

Mr. Speaker. Amendment to amendment moved is -

"That in the amendment given notice of by Kazi Muhammad Azam Abbasi and Chaudhri Anwar Aziz appearing at Serial No. 1, in the Revised 1st Supplement to 3rd Revised, List No. 1, in the proposed sub-clause (7) of Clause 11, for the word "determined" occurring at the end, the words "prescribed by the Senate" be substituted.

Minister for Education. I opposed it Sir.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - یہاں ٹریژر کی تقرری کا اختیار چانسلر کو دیا گیا ہے کہ وہ اس کی تقرری ایسی شرائط پر کرے جسے وہ مناسب سمجھے - کوشش تو ہم کرتے ہیں کہ بات کم کریں لیکن بات کرنی پڑتی ہے اور وہ بڑھتی جاتی ہے -

Mr. Speaker. There is one thing in this amendment. The words used or " . . . shall be appointed by the Chancellor on such terms and conditions as may be determined.". Determined by whom ?

Minister for Education. By the Chancellor himself.

Mr. Speaker. It is not for him, because he is the ordinary authority; but determined by the Syndicate, Senate, University, or by whom ?

Minister for Education. By the Chancellor; it is a corollary that because the appointing authority is the Chancellor, he has to determine.

Mr. Speaker. "on such terms and conditions as may be determined"?

Minister for Education. As he may determine.

Mr. Speaker. Yes, it should be "as he may determine" or "as may be determined by him". Therefore, it is not complete in itself.

ملک محمد اختر۔ جناب والا ۔ پنجاب یونیورسٹی کی مبینہ بدعنوانیوں کے پیش نظر حکومت نے اس دفعہ میں نئے تین سب سیکشن جو غالباً 6 و 7 اور 8 میں شامل کئے ہیں ۔ کم از کم مجھے ایک حد تک اعتراض نہیں ہے کہ یہ مالی امور پر اپنا کنٹرول رکھنا چاہتے ہیں لیکن اگر کنٹرول دھرا ہو یعنی عوامی نمائندگان کا بھی کنٹرول ہو اور حکومت بھی ان معاملات پر کنٹرول رکھے تو یہ زیادہ واجب ہوگا ۔ ایسے نہ ہو کہ حکومت کے کسی اعلیٰ حاکم کے ساتھ مل کر مالی بدعنوانیاں اسی طرح سے بدستور جاری رہیں ۔ ان حالات میں جب کہ کروڑ روپے کے قریب اس یونیورسٹی میں خرد برد کا الزام موجود ہے اور دیگر یونیورسٹیوں میں ایسی ہی حالت موجود ہے اس کام کے لئے خزانچی کا عہدہ جو نیا قائم کیا جا رہا ہے (پہلے خزانچی انٹرنل آفیسر ہوتا تھا جو وائس چانسلر یا کسی اور طرح سے سینڈیکیٹ مقرر کرتی تھی) وہ ان بدعنوانیوں کا سد باب کرنے کے لئے قائم کیا جا رہا ہے اس کو سینٹ سے بےنیاز بنا دینا میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک چھوٹا لاٹ صاحب یا چھوٹا وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی میں پیدا کر رہے ہونگے ۔

جناب والا ۔ میں وزیر تعلیم صاحب کی خدمت اقدس میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ ان خرابیوں کے پیش نظر ۔ ان معاملات کے پیش نظر جو یونیورسٹیوں کے مالی امور کے سلسلہ میں سامنے آئے ہیں اور اس میں جہاں اپنا یا حکومت کا ہاتھ رکھنا چاہتے ہیں وہاں خزانچی اس قسم کا رکھیں جس کی شرائط یا جس کی تقرری چانسلر کرتا ہو کیونکہ چانسلر مغربی پاکستا کا نامزد شخص بھی ہو سکتا ہے ۔ ایسی صورت میں خزانچی کے معاملہ یا خزانچی کی شرائط جو وہ رکھنی ہوں ان کو سینٹ طے کرے نہ کہ چانسلر طے کرے ۔

Mr. Speaker. The question is :

> That in the amendment given notice of by Kazi Muhammad Azam Abbasi and Chaudhri Anwar Aziz,

appearing at serial No. 1, in the Revised 1st Supplement to 3rd Revised List No. 1, in the proposed sub-clause (7) of Clause 11, for the "determined" occurring at the end, the words "prescribed by the Senate" be substituted.

Parliamentary Secretary, (Education.) I will request that I may kindly be allowed to move an amendment to the amendment of Kazi Muhammad Azam Abbasi.

Mr. Speaker. But I am putting the amendment to amendment which has been moved by Malik Muhammad Akhtar. The Members should not move anything or stand in their seats while the Chair is putting the question.

Mr. Speaker. The question is :

That in the amendment given notice of by Kazi Muhammad Azam Abbassi and Chaudhri Anwar Aziz, appearing at serial No. 1, in the Revised 1st Supplement to 3rd Revised List No. 1, in the proposed sub-clause (7) of Clause 11, for the word "determined", occurring at the end, the words "prescribed by the Senate" be substituted.

(*The motion was lost.*)

Parliamentary Secretary, (Education.) I beg to move -

That in the amendment given notice of by Kazi Muhammad Azam Abbassi, in the proposed sub-clause (7) of Clause 11 after the word determined", occurring at the end, the words "by him" be substituted.

Mr. Speaker. Notice of the amendment was received on the 17th and this amendment should have been given earlier.

Parliamentary Secretary, (Education.) We wanted to accept the amendment moved by Syed Zafar Ali Shah who is, unfortunately, not present today.

Mr. Speaker. The question is :

> That in the amendment given notice of by Kazi Muhammad Azam Abbassi, in the proposed sub-clause (7) of Clause 11, after the word "determined", occurring at the end the words "by him" be substituted.

(The motion was carried)

Mr. Speaker. The question is :

> That for sub-clause (7) of Clause 11 of the Bill, the following be substituted, namely:—
>
> (7) The Treasurer shall be a person having experience of development, finance or Accounts, and shall be appointed by the Chancellor on such terms and conditions as may be determined by him.

(The motion was carried)

Amendment Nos. 2 and 3 are now out of order.

Amendment Nos. 54, 55 and 56 are also out of order.

Amendment No. 57 is not moved.

Malik Muhammad Akhtar. I will be opposing the clause as a whole.

Khawaja Muhammad Safdar. Then I will be moving amendment No. 58.

I beg to move :

That sub-clause (8) of Clause 11 of the Bill be deleted.

Mr. Speaker. The motion is -

That sub-clause (8) of Clause 11 of the Bill be deleted.

Minister for Education. I oppose it.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - پیشتر اس کے کہ میں اپنی معروضات پیش کروں میں آپ کے سامنے ضمنی دفعہ 8 پیش کرنا چاہتا ہوں -

Government may with the prior approval of the Chancellor, issue to the Vice-Chancellor any directions in the public interest, net inconsistent with the provisions of this Act, the Statutes, University Ordinances or Regulations, in a matter concerning the University and the Vice-Chancellor shall comply with such directions.

اس سے مراد یہ ہے کہ صوبائی حکومت کا محکمہ تعلیم بھی جس مسئلہ کے متعلق بھی چاہے پنجاب یونیورسٹی کو ہدایات جاری کر سکتا ہے - اس میں بات صرف یہ ہوگی کہ ہدایات جاری کرنے سے قبل چانسلر سے اجازت لینی ہوگی اور چانسلر عام طور پر گورنر صاحب ہوتے ہیں -

جناب والا - مجھے انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جہاں تک کلاز 11 کا تعلق ہے اس کی ضمنی کلازز - 5 - 6 - 7 اور 8 - 1961 کا ہنگامی قانون جو بدنام زمانہ تھا اس میں بھی موجود نہ تھیں - 1964 کے ایکٹ میں یہ چاروں کلازز موجود نہ تھیں - 1904 کے انڈین یونیورسٹی ایکٹ میں بھی موجود نہ تھیں لیکن آج جب کہ ہم ایک نازک دور سے گزر رہے ہیں (میں اس وقت اس کی طرف بالکل اشارہ نہیں کرنا چاہتا) ہمیں چاہئے تھا کہ 1961 کے ہنگامی قانون کو عوامی امنگوں اور مطالبات کے پیش نظر بہتر بناتے -

مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جہاں تک کلاز 11 کا تعلق ہے اس نے یونیورسٹی کو عضو معطل بنا کر رکھ دیا ہے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اس طرح یونیورسٹی کی حیثیت ایک ضمنی ادارہ جیسے محکمہ تعلیم میں ریجنل ڈائریکٹر ہے سے زیادہ نہیں ہوگی ۔ یہ ایک نازک صوبائی مسئلہ ہے ۔ یونیورسٹی ایک خود کار ادارہ ہونا چاہئے ۔ اس کو مغربی پاکستان کی حکومت کے محکمہ تعلیم کا تتمہ نہیں ہونا چاہئے ۔ اس چیز کے پیش نظر میں آپ کے سامنے اپنی گزارشات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ میری ناچیز رائے میں اس دفعہ کے ذریعہ پنجاب یونیورسٹی کو حکومت مغربی پاکستان کے محکمہ تعلیم کا ایک تتمہ بنا کر رکھ دیا گیا ہے اس سے یونیورسٹیوں کی کوئی حیثیت نہیں رہی ۔ جناب والا ۔ اس مسئلہ کے متعلق نہ صرف میں اپنی رائے دے رہا ہوں ۔ بلکہ میں آپ کی خدمت میں حمودالرحمن کمشن کی رپورٹ میں سے دو ایک سطریں آپ کو پڑھ کر سناؤنگا ۔ یہ رپورٹ 1956-57 کے ان حالات میں لکھی گئی ۔ جب کہ اس قسم کے اختیارات گورنمنٹ یا چانسلر کو یونیورسٹی کے اندرونی معاملات میں مداخلت کے لئے موجود نہیں تھے ۔ آج اس وقت کی میں بات کر رہا ہوں ۔ حمودالرحمان صاحب جو اس وقت ہمارے پاکستان کے چیف جسٹس ہیں ۔ انہوں نے اپنی رپورٹ میں صفحہ 81 پر یہ ارشاد فرمایا ہے ۔ کہ ان حالات میں جب کہ کچھ اختیارات نہیں تھے ۔ تب بھی انہوں نے یہ تجویز کیا تھا کہ کوئی ایسی کمیٹی بنائی جائے ۔ جو گورنمنٹ اور یونیورسٹی کے تعلقات کو اعتدال پر رکھ سکے ۔ گورنمنٹ چاہتی ہے کہ یونیورسٹی کے معاملات میں دخل اندازی کرے ۔ تو انہوں نے یہ تجویز کیا تھا ۔

> It will eliminate the little irritations now felt by the University authorities against the criticisms made of their proposals by Government officials below the level of a Secretary. It will also reasonably safeguard the autonomy of educational institutions which all academics are so sensitive about. It may also provide us with a machinery to

deal with intractable situations, whether between educational institutions themselves or between them and the other parties.

جناب والا ۔ یہ رپورٹ تو ابھی 1966 میں نکلی گئی ہے لیکن میں آپ کے سامنے یونیورسٹی کی autonomy کے متعلق دو ایک اور اقتباسات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ یہ کلکتہ یونیورسٹی کمشن 19-1917 کی رپورٹ میں سے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ یہ صفحہ 290 پر ہے ۔

The great majority of our correspondent, Englishmen and Indians alike, hold the view that the functions now exercised by Government ought to be modified so as to allow to the Universities greater degree of freedom.

یہاں پر ہی اکتفا نہیں ہے ۔ اب میں صفحہ 225 کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں اس میں درج ہے ۔

I consider that a University is by nature an "autonomous body" and that, though mistakes are made, and will be made, these mistakes are a lesser evil than official control would be", says F. G. Turner.

یہ مسٹر ایف ۔ جی ٹرنر اس زمانہ میں ایجوکیشن کمشنر تھے ۔ اس کے بعد صفحہ 259 میں ان برائیوں کا ذکر کرتے ہیں ۔ جو یونیورسٹی پر ذمہ داری نہ ڈالنے سے پیدا ہوتی ہیں

(At this stage Mr. Deputy Speaker, Mr. Ahmedmian Soomro resumed the Chair.)

یعنی گورنمنٹ کا کنٹرول یونیورسٹی کے معاملات پر دیکھئے کیا خرابیاں پیدا ہوتی ۔

The greatest of these draw-backs is one which is put to be ruinous to any system of administration, the weakening of responsibility :

(*a*) Resposibility is often weakened in the governing bodies of the university, because its members know that every important decision at which they arrive is liable to be amended or reversed by a superior authority.

جیسے ہم نے یہاں گورنمنٹ کو اختیارات دئیے ہیں ۔ یا چانسلر کو اختیارات دئیے ہیں کہ وہ جو چاہیں یونیورسٹی کے معاملات میں کریں ۔ یہ کلکتہ کمشن رپورٹ کے صفحہ 259 میں درج ہے ۔

The responsibility is often weakened in the governing bodies of the university, because its members know that every important decision at which they arrive is liable to be amended or reversed by a superior authority. Under such circumstances the temptation not to take one's responsibility seriously enough is often great. 'The Members of the Senate', as Mr. Mohini Mohan Bhattacharjee observes, "feel that their power is illusory and do not take as keen interest in their work as they ought to do.

جناب والا ۔ اس سلسلہ میں ان اقتباسات کے پیش نظر آپ یونیورسٹی کو ایک خود کار ادارہ کے طور پر چلنے دیں ۔ یہ نہ ہو کہ چانسلر صاحب جو گورنر ہوں ۔ وہ جب چاہیں ان کے پاس کیے ہوئے ریزولیشن یا فیصلہ کو رد کر دیں ۔ یا کسی وقت جب چاہیں ۔ ان کو کسی قسم کی ہدایت دینے دیں ۔

جو اس یونیورسٹی کو قابل قبول نہ ہو ۔ لیکن وہ ان کو ماننا پڑے گا ۔ اور اس پر عمل کرنا پڑے گا ۔ میں آپ کی وساطت سے اس ایوان کے معزز ارکان کو انتباہ کرنا چاہتا ہوں کہ اگر اس کلاز 11 کے چاروں حصے اور سب کلاز (8) کو قبول کرلیں ۔ تو خود یونیورسٹی بھی اپنا کام نہیں کر سکے گی ۔ اور ہر روز یونیورسٹی کے چانسلر اور صوبائی گورنمنٹ کے سیکرٹری میں دنگا ہوگا ۔ فساد ہوگا ۔ اور اس سے بچوں کو فائدہ نہیں ہوگا ۔ اس لیے کہ وائس چانسلر ۔ سنڈیکیٹ اور سینیٹ کو یہ خیال ہوگا کہ ہم جو فیصلہ کریں گے ۔ اس کے خلاف گورنر کی ہدایت جاری ہو سکتی ہیں ۔ آخر کچھ حد ہونی چاہیئے ۔ ایک طرف کہتے ہیں کہ خود کار ادارہ ہونا چاہیئے ۔ دوسری طرف کہتے ہیں کہ گورنمنٹ کو یہ اختیار ہونا چاہیئے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں سب کلاز (8) کی مخالفت کرتا ہوں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ آپ غور فرمائیں کہ ایک طرف ہمیں یہ کہا جا رہا ہے کہ نیا بل آ گیا ہے ۔ اور اب طلبا کی تمام تکالیف دور ہو جائیں گی ۔ اور یہ جو ادارہ ہے ایک خود کار ادارہ ہوگا ۔ اس کی اٹانمی میں کوئی مداخلت نہیں ہوگی ۔ اور دوسری طرف یہ کہا جا رہا ہے کہ گورنمنٹ کے سیکرٹری اپنے سیکشن آفسر ۔ یا اپر ڈویژن یا لوئر ڈویژن کلرک جن کی قابلیت اور اہلیت آپ جانتے ہیں ۔ وہ جو نیچے سے noting چلاتے ہیں ۔ اس پر دستخط ہوتے چلے جاتے ہیں ۔ ان کی قابلیت اور اہلیت پر اعتماد ہوتا ہے ۔ یہی وجہ تھی کہ 1961-68 تک یونیورسٹی آرڈیننس منسوخ نہ کیا ۔ گولیاں چلائیں ۔ طلبا کو اندر کیا ۔ ان کو rusticate کیا ۔ اور آج اس پر یہ کہا جا رہا ہے ۔ میرے خیال میں تو بجائے اس کے کہ یہ کہا جائے کہ حکومت واقعی سچے دل اور خلوص سے پہلے آرڈیننس کو منسوخ کرکے یہ بل لائی ہے ، کہنا چاہیئے اور اس قسم کی کلازز کو دیکھنے کے بعد محسوس بھی یہی ہوتا ہے کہ حکومت اس آرڈیننس سے بھی زیادہ سخت قسم کا قانون لا رہی ہے ۔ جناب والا ۔ آپ دیکھیں کہ یہ کہتے کیا ہیں ۔

> Government may, with the prior approval of the Chancellor, issue. . .

یہ نہیں ہے کہ چانسلر صاحب اپنی کوئی کسی قسم کی suggestion وغیرہ offer کریں گے ۔

He will issue to the Vice-Chancellor any direction.

یہ نہیں ہے کہ کوئی advice دیں گے بلکہ حکم دیں گے کہ تم ایسا کرو گے اور وہ مجبور ہوں گے حکم ماننے پر چاہے ان کے احکام غلط ہی کیوں نہ ہوں ۔ اس کے اوپر سینیٹ نے اور سنڈیکیٹ نے کوئی کسی قسم کا فیصلہ کیوں نہ کیا ہو جس وقت ایک ایجوکیشن آفیسر کی رائے پر چلتے ہوئے چانسلر صاحب یہ حکم دے دیں گے کہ

This is my direction, you will have to obey

تو وہ اس کو obey کریں گے ۔ تو پھر اس سینیٹ کو بنانے سے اور اس مضحکہ خیز بل کو بنانے کا فائدہ کیا ہے ؟ جناب والا ۔ آپ دیکھئے 1882 میں جب انگریز نے یہ یونیورسٹی بل بنایا اور یونیورسٹی کی بنیاد پڑی اور 1904 میں جب اس کو دوبارہ ترمیم کرکے ٹھیک کیا گیا اور جب 1954 میں اس کو پھر ٹھیک کیا گیا تو کہیں بھی جمہوری اقدار کا گلہ گھونٹنے کی کوشش نہیں کی گئی ۔ لیکن آج ہم ایک طرف تو یہ کہتے ہیں کہ یہ جو احتجاج ہیں ، یہ جو مصیبتیں ہیں ان کو دور کیا جائے تو دوسری طرف ہم اس قانون کو اس قدر سخت بنا رہے ہیں اور جمہوریت اور جمہوری اقدار کا گلہ گھونٹ رہے ہیں ۔ اس صورت حال کے پیش نظر آپ ان سیاستدانوں کو کیا کہیں گے جن کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے ملک میں گڑبڑ مچائی اور ان کی وجہ سے ملک اس قسم کے بحران کا شکار ہوا ؟ آج جب کہ ضرورت ہے کہ آپ ایک ایسا قانون بنائیں جس کو پانچ یا چھ مہینے کے بعد دوبارہ بدلنے کی ضرورت محسوس نہ ہو ، آپ ایک ایسا قانون بنا رہے ہیں جسے دیکھ کر محسوس یہ ہوتا ہے کہ چھ مہینے کے بعد اس کو منسوخ کیا جائے گا اور یہ قانون دوبارہ بنایا جائے گا ۔

جناب والا ۔ آگے جا کر کہتے ہیں ۔

issue to the Vice-Chancellor any

directions in the public interest, not inconsistent with the provisions of this Act, the Statutes, University Ordinances or Regulations, in a matter concerning the University, and the Vice-Chancellor shall comply with such directions.

جناب والا ۔ اس سے پہلے جتنے قوانین یونیورسٹی کے ہیں ، آپ کسی یونیورسٹی کے قانون میں یہ شق بتا دیجیئے ۔

that he will comply such directions.

اگر یہی چیز ہے تو پھر سینیٹ کیوں بنا رہے ہیں ؟ لوگوں کی آنکھوں میں دھول کیوں جھونک رہے ہیں ؟ جناب والا ۔ ان معروضات کی بناء پر میں یہ عرض کروں گا کہ یہ بالکل بیکار کلاز ہے ۔ اس کو فوراً نکال دینا چاہیئے ۔ اور یہ جو لوگوں کا گلا گھونٹا جا رہا ہے اس کو اور مت گھونٹیے ۔ آپ ایک ایسا قانون بنائیں کہ جس سے ملک کے حالات بہتر ہوں اور جس کو اگلے چالیس پچاس سال میں بدلنے کی ضرورت محسوس نہ ہو ۔ ایسا قانون بنانے کی کوشش نہ کیجیئے جسکو چار یا پانچ یا چھ مہینے کے بعد بدلنے کی ضرورت محسوس ہو جائے ۔

Mr. Deputy Speaker. Yes Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائلپور - 6) ۔ جناب سپیکر ۔ میرا ذاتی خیال ہے کہ جناب وزیر تعلیم نے اس مسودہ قانون میں اصولی لحاظ سے سینیٹ کی گنجائش رکھنے کے بعد جو لازمی اور ضروری ترامیم تھیں وہ نہیں کیں ۔ میرے نزدیک جب حکومت یہ تسلیم کر چکی ہے کہ جامعہ پنجاب کا تمام کام یا اس کا ڈھانچہ یا وہ فرائض جو کہ اس نے سر انجام دینے ہیں وہ سینیٹ کی زیر سرکردگی اس کی رہنمائی میں اور اس کے منشاء کے مطابق اس کے بنائے ہوئے statutes کے مطابق چلائے جائیں گے تو اس کے بعد حکومت کی جانب سے یا جناب چانسلر کی جانب سے مداخلت کی جو گنجائش قانون کی صورت میں رکھی جاتی ہے یا مختلف دفعات کی صورت میں رکھی جاتی ہے یہ قطعی طور پر اس مسودہ

قانون کی سکیم اور اس کی روح کے منافی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے اپنی زندگی کے قلیل سے عرصے میں جو تھوڑا بہت تجربہ حاصل کیا ہے وہ مجھے بتاتا ہے کہ جب کسی فرد یا کسی ادارے کو آزادی کے ماحول میں کام کرنے کا موقع نہیں دیا جاتا تو اس صورت میں وہ اس ادارہ یا وہ فرد ان تمام فرائض کو اس خوش اسلوبی سے اور اس حسن و خوبی سے سر انجام نہیں دے سکتا جس کی اس سے توقع کی جانی چاہیے ۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہر وہ غلطی یا ہر وہ نقص جس کی نشاندھی کی جاتی ہے ، اس کے متعلق اس کو یہ موقع مہیا ہو جاتا ہے اس کو یہ موقع ملتا ہے اور اس موقع سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے اور غلطی یا نقص کی ذمہ داری کسی دوسرے ادارے پر ڈال دی جاتی ہے جس کو اس کام میں مداخلت کرنے کا حق دیا گیا ہوتا ہے ۔ یہ صورت حال جس کی ذیلی دفعہ (8) میں گنجائش رکھی گئی ہے یہ اپنی جگہ جامعہ کی خود مختاری کے منافی ہے ۔ اور ساتھ ہی ساتھ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ دفعہ حکومت کو ہمیشہ بدنام کرنے کا ایک آسان طریقہ جامعہ کے منتظمین کو مہیا کرتی ہے یا فراہم کرتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو ذاتی طور پر بھی اس بات کا علم ہوگا کہ ہم ایک انتہائی نازک اور خطرناک دور سے گزر رہے ہیں ۔ اب چونکہ حکومت کی جانب سے مداخلت اکثر و بیشتر دیکھی جاتی تھی تو ہمارے وہ بھائی جو کل تک اس حکومت کی ہر قسم کی حمایت کرنا اپنا فرض سمجھتے تھے ، آج جب کہ حالات دگرگوں ہیں اور جب ان کی جواب طلبی کی جاتی ہے تو وہ خود کوئی ذمہ داری لینے کے لیے تیار نہیں ہوتے ۔ بلکہ کہہ دیتے ہیں کہ اس کی تمام ذمہ داری ہماری حکومت اور جناب صدر مملکت پر ہے ۔ یہ محض اس لیے ہو رہا ہے کہ اوپر سے وقتاً فوقتاً مداخلت کی جا رہی ہے ۔ حالانکہ میں یہ بات ماننے کے لیے تیار نہیں ہوں کہ یہ بالکل پتلیوں کی طرح ان کے کہنے کے مطابق کام کرتے رہے ہیں ۔ اللہ تعالی نے ان لوگوں کو ذہن بھی دیا تھا ۔ فراست بھی بخشی تھی ۔ معاملہ فہمی بھی عطا کی تھی ۔ یہ اختلاف کر سکتے تھے ۔ یہی کیفیت جامعہ پنجاب کی ہوگی ۔ کیونکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب حکومت کی جانب سے مداخلت کی گنجائش رکھی

جاتی ہے (اور واضح الفاظ میں اور واضح طور پر یہ قانون میں موجود ہے) تو اس صورت میں وہ لوگ ہمیشہ حکومت کو بطور scapegoat کے استعمال کریں گے ۔ جناب والا ۔ آپ نے اس ذیلی دفعہ (5) کا انتہائی گہرائی کے ساتھ اور سنجیدگی کے ساتھ مطالعہ کیا ہوگا ۔ اور آپ نے ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ جب چانسلر صاحب یونیورسٹی کے معاملات میں مداخلت کر سکتے ہیں اور حکم صادر فرما سکتے ہیں اور یونیورسٹی پابند ہے ان کے احکامات کو بجا لانے پر ۔ تو میرے نقطۂ نظر سے چانسلر صاحب جس قسم کے اور جو بھی احکامات جاری کریں گے ۔ یقینی طور پر حکومت کے مشورہ کے بعد اس قسم کے احکامات جاری کرنا پسند کریں گے ۔ میرے خیال کے مطابق چانسلر عمومی طور پر صوبہ کے گورنر ہوں گے ۔ ان حالات میں اس چیز کو پسند نہیں کریں گے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ یہ مسودہ قانون جس شکل میں آ رہا ہے ۔ اور اس میں کچھ بنیادی تبدیلیاں کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ لیکن میں پھر بھی اس ذیلی دفعہ کے خلاف ہوں ۔ میں وزیر تعلیم کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ 1961 سے یونیورسٹی کا نظام حکومت کی ہدایات کے مطابق چلتا رہا ہے ۔ یونیورسٹی کا وجود برائے نام موجود تھا ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آپ کی سرپرستی میں اور آپ کی ہدایات اور پالیسی کے مطابق یونیورسٹی کا کام کاج چلتا رہا ہے ۔ کیا اس دور میں تعلیمی معیار بلند ہوا ہے ۔ یا انحطاط کی طرف تیزی سے چلا گیا ہے ؟ میرے خیال میں یونیورسٹی کا کام کاج اس قدر خراب ہوا ہے ۔ اور مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ 75 لاکھ روپیہ کا غبن مختلف اداروں میں اس یونیورسٹی کے پچھلے کئی سالوں میں detect کیا گیا ہے ۔ اور دیکھا گیا ہے ۔ ہماری حکومت نے اس کی ذمہ داری کسی شخص پر یا کسی ادارے پر ڈالنے کے لیے جو دو کمیٹیاں مقرر کی ہوئی ہیں آج تک وہ اس کی ذمہ داری کسی پر نہیں ڈال سکی ہیں ۔ آپ یونیورسٹی کا کام کاج تو اس طرح چلا رہے ہیں ۔ اور مالیات اور نظم و نسق کی کیفیت یہ ہے کہ آپ نے ایک Class II کے افسر treasurer کے عہدے پر مامور کیا ہوا ہے ۔ امتحانات کی جو کیفیت ہے ۔ اور جس طریقہ پر بدنام ہوئے ہیں ۔ اور امتحانات میں جو نقائص اس دور میں دیکھے

گئے ہیں ۔ وہ پہلے کبھی نہیں دیکھے گئے تھے ۔ اگر آپ اس یونیورسٹی میں مداخلت کرنا پسند کریں گے ۔ تو یونیورسٹی میں خود اعتمادی پیدا نہیں ہوگی ۔ اور Senate ہمیشہ بے شعور افراد کی طرح کام کاج چلائے گی ۔ آپ یقین کیجیے وہ تمام کی تمام بدنامی آپ کے پلے ڈالنا پسند کریے گی ۔ ایک جانب آزادی کے ماحول میں کام نہ کرنے کی اجازت دیے کر آپ خود اعتمادی کو مجروح کریں گے ۔ اور ساتھ ہی جو کھچاؤ اور گھٹن اور احتجاج کا سلسلہ ہے ۔ وہ جاری رہے گا ۔ حکومت پر اس بل کے متعلق بہت سے اعتراضات کیے جا رہے ہیں ۔ جن میں کچھ غلط بھی ہیں ۔ اس سلسلہ میں میں عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ اس ذیلی دفعہ کو اگر اس قانون میں اسی طرح رکھا گیا ۔ تو وہ قوم اور ملک کے مفاد کے منافی ہوگا ۔ اور یہ جامعہ کی خود اعتمادی کے صریحاً خلاف ہے ۔ اس لیے میں وزیر تعلیم سے احتجاج کرتا ہوں کہ آپ چونکہ اس مسودہ قانون میں بہت سی بنیادی تبدیلیوں کا فیصلہ کر چکے ہیں ۔ اس لیے خواجہ محمد صفدر صاحب کی اس ترمیم کو قبول فرمائیں ۔

ملک معراج خالد ۔ جناب والا ۔ اس یونیورسٹی بل کا مقصد یہ ہے ۔ اور ہونا بھی چاہیئے کہ جو پہلے حالات تھے ۔ جن کی وجہ سے اور جن کی بنا پر مجبور ہوکر حکومت کو یہ بھی لانا پڑا ۔ اس کے تحت لازم آتا تھا کہ وہ سارے تمام اقدامات جن کی وجہ سے خرابیاں پیدا ہوئیں ۔ اور معاشرہ کے تمام طبقات میں جائز شکایات پیدا ہوئیں ۔ اور ان کو مطمئن کرنے کے لیے اور یونیورسٹی کی تمام خرابیوں کو دور کرنے کے لیے یہ مسودہ قانون لانا پڑا ۔ اس کو نظر انداز نہ کیا جاتا ۔ سوال یہ ہے کہ ہم نے یونیورسٹی کو خودمختار بنانا ہے ۔ اور یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ لوگوں کے مطالبات کے پیش نظر اب جو قانون نئی شکل میں بنایا جا رہا ہے ۔ وہ یونیورسٹی کی خود مختاری کے لیے ہے ۔ لیکن اگر صرف اس ذیلی دفعہ کا مطالعہ کیا جائے ۔ تو معلوم ہوگا کہ اس سے جو مشکلات پیدا ہوں گی ۔ اور جو برے نتائج نکلیں گے ۔ اگر صرف ان پر غور کیا جائے ۔ تو اس نتیجہ پر پہنچنے پر مجبور ہوں کہ اس بل میں نہ صرف پہلے آرڈیننس کی خرابیوں کو پورے طور پر

روا رکھا جا رہا ہے - بلکہ انہیں شدید تر شکل دی جا رہی ہے - مگر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ رجعت بہتری ہے - وہ تو تب ہوتی جب پہلے ایسی چیزیں موجود ہوتیں - اور اب انہیں لوٹا دیا جاتا - افسوس کا مقام تو یہ ہے کہ یونیورسٹی آرڈیننس میں ایسی کوئی دفعہ موجود نہیں تھی - اور نہ ہی اس سے پہلے یونیورسٹی کے قانون میں ایسی چیز موجود تھی - شرم کی بات تو یہ ہے کہ برطانوی سامراج کے دور میں بھی ان تمام چیزوں سے احتراز کیا گیا حالانکہ سیاسی ضروریات یہ تھیں کہ کسی نہ کسی بہانے تعلیمی درسگاہوں کو اپنے کنٹرول میں رکھا جاتا - اور سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے کسی نہ کسی طرح استعمال کرتے - لیکن انہوں نے اتنی جرات نہ کی - اس سے لا محالہ میں تو یہ سوچنے پر مجبور ہوں کہ اگر انگریز سامراج مختلف طریقوں سے عوام کی خواہشات کو دبانے کے لیے جو حربے استعمال کرتا رہا - اس نے بھی ایسا نہ کیا - ان لوگوں کا ذہن ان سے بھی بدتر ہے - اس لحاظ سے کہ اس پورے یقین اور اعتماد کے ساتھ جو کچھ کریں گے - لوگوں کی خواہشات کو دبانے کے لیے قبول کر لیا جائے گا - کاش موجودہ حالات سے کچھ سبق حاصل کیا جاتا - اور عبرت کا سامان فراہم کیا جاتا - اس سے پیشتر سردار محمد اشرف خان صاحب نے یہ دلائل دیئے ہیں کہ چونکہ گورنر ایک ایسا مرکز ہوگا - جس کی صورت مختلف Chancellors کی ہوگی - اس لیے وقتاً فوقتاً یونیورسٹی کو ہدایت دینا ضروری ہے - اور گورنر کا عمل دخل ہونا چاہیے -

جناب والا - اس یونیورسٹی بل اور اس سے پہلے یونیورسٹی آرڈیننس کے تحت بھی وہی حالات تھے - کاش وہ اس حقیقت کو پہچانتے - اگر ہم نے اس بات کی حقیقت کو تسلیم کر لیا ہے کہ یونیورسٹی میں خود مختاری ہونی چاہیئے - تو یہ ذیلی دفعہ اس ثبوت کے لیے کافی ہے کہ یہ قطعی طور پر ان مقاصد کے منافی ہے - اس کی تکذیب ہے - اس کی تحقیر ہے -

ایک معزز ممبر - کیا تکذیب ہے - کیا تحقیر ہے -

ملک معراج خالد - آپ کا ذہن صاف ہونا چاہیے -

جناب والا ۔ یہ نہیں کہا گیا کہ محکمہ تعلیم چانسلر کو کچھ شفارشات اور تجاویز بھیجے گا ۔ بلکہ یہ ہے کہ اس سے پیشگی اجازت حاصل کرنے کے بعد direction دے گا ۔ اور پھر یہ کتنا inconsistent ہے کہ یہ سب کچھ پبلک کے مفاد میں کیا جائے گا ۔ اور statutes اور آرڈیننسز کے مقاصد کے یہ چیز خلاف نہیں ہوگی ۔ تو جہاں سینیٹ سنڈیکیٹ بیٹھی ہوئی ہے اور وائس چانسلر صاحبان ہیں ان کا سارا سکرٹریٹ ہے اور وہ statutes اور آرڈیننسز کے منشاء اور مقاصد کو نہیں سمجھ رہے ہیں اور اس کے خلاف کر رہے ہیں اور محکمہ تعلیم کا سکریٹریٹ ہی ایسا واحد ادارہ ہوگا اور وہاں ایسے لوگ ہوں گے کہ جو یہ سمجھ رہے ہیں کہ ان مقاصد کے یہ خلاف ہے اور ان کی صریحاً تحقیر ہے تو اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ اب تک ان کے ذہن میں یونیورسٹی کے ادارہ کی کوئی صحیح اور قابل احترام شکل موجود نہیں ہے ۔ اور اب تک یہ سمجھ رہے ہیں کہ حالات وہی ہیں جو چلے تھے ۔ خواہ یونیورسٹی کے کچھ ہی معاملات ہوں ہمیں اس کو اسی طرح کنٹرول کیے رہنا ہے ۔ اور ان guided اور controlled اداروں کو خود مختاری اور خود کاری کا نام دینا ہے ۔ کاش وہ سمجھتے اور اس بات کو تسلیم کرتے کہ ان کے تمام وسائل ، ان کے تمام حربے اور ذریعوں کے باوجود تمام طبقوں نے انہیں expose کر دیا ہے ۔ اور ظاہر کر دیا ہے کہ آپ کی یہ ساری خود فریبی ہے ۔ اور انہیں اچھی طرح معلوم ہے اور وہ آئندہ اسے نہیں چلنے دیں گے ۔ یہ کس طرح تصور کر سکتے ہیں کہ ایسی چیزیں سامنے لے کر وہ انہیں باور کرا سکیں گے ۔ اور انہیں اعتماد میں لے سکیں گے کہ ہم جو کچھ کر رہے ہیں یہ خود مختاری کی ضمانت ہے اور وہ اس پر یقین اور اعتماد کرتے ہوئے ان کو شاباش اور مرحبا کہیں ۔ اس لیے افسوسناک کنٹرول کے لیے یہ دفعہ ان کے اپنے مفاد کے خلاف ہے ۔ اور ان مقاصد کی نفی ہے ۔ جن کو پورا کرنے کے لیے یونیورسٹی بل لایا جا رہا ہے ۔ افسوس کا مقام تو یہ ہے کہ سابقہ قانون کے منشاء اور مقصد کو ایک خاص شکل دی جا رہی ہے اور اس پر جب ہم یہاں عرض کرتے ہیں کہ وہ حالات کو پہچانیں اور اس کے جو سنگین مضمرات ہیں ان کو محسوس

کریں اور ان کو مانیں تو اس طرح ہم نہ صرف مفاد عامہ کی بات کرتے ہیں بلکہ ہم تعلیم کے وسیع تر مقاصد کے لیے یہ گزارش کرتے ہیں اور خود حکومت کے اپنے دعووں کو پاکیزگی بخشنے کے لیے یہ عرض کرتے ہیں ۔ تاکہ جس مقصد کو پیش کرنے کے لیے یہاں بل لایا جا رہا ہے وہ پورا ہو سکے ۔ اس لیے میں یہ گزارش کروں گا کہ خواجہ صاحب کی اس ترمیم کو کاش وزیر تعلیم صاحب قبول فرمائیں اور یہ ہمارے ہی شک و شبہات نہیں ہیں بلکہ قوم کے شک و شبہات ہیں ان کو دور کرنے کی کوشش فرمائیں ۔

Minister for Education. The provisions of this Clause have been necessitated in this Bill by the fact that it is the Education Department which is ultimately responsible for the over-all development of educational progress in the Province, especially when developmental plans are to be executed. It is necessary that the Government should have such powers to issue directions to the higher seats of learning when national plans regarding education are to be executed and implemented by those Universities. In this sub-section, the autonomy of the Universities has been ensured and their sanctity has already been ensured by the proviso that whenever the Government intends to send a directive to the Universities it has to take permission from the Chancellor, who is the supreme head of the Universities, and that too in the national interest - not in a routine manner-and also not inconsistent with the rules and regulations framed under this Act. It has been stated that it is a negation of the autonomy of the Universities. We do believe in the autonomy of the higher seats of learning but we want to differentiate between sovereignty and autonomy. There should be a line of demarcation between them. By all means give them autonomy but they should not be so autonomous that they just do not pay any head to any advice from outside. Khawaja Muhammad Safdar during his speech made some references and quoted from certain Indian authorities ; I assure him that even in Bharat they have not been able to implement whatever has been stated here.

Another friend of mine said that one Section Officer would be sitting in the Education Department and sending directions to the Universities. My submission is that it is not the case. There is no Section Officer in the Secretariat who deals with the Universities. It is either the Director of the Implementation Cell or the Education Adviser or the Secretary of the Department himself and even sometimes the Minister for Education, who is responsible to these very Universites by replying all questions regarding their affairs, who deals with the Universities. It has been stated just now by my friend Mr. Hamza that the standard of education in the Universities has gone down tremendously and that there has been some sort of misappropriation to the tune of about seventy lakhs of rupees. We have been seeing all these things but there was no authority with the Government to put them on the right track and that is why the standard of education might have gone down or there might have been some sort of misappropriation as has been said by the Member. The Finance Committee was different from the Implementation Committee. That was a tentative committee which was responsible for the buildings, etc. Government, at that time, did not have any powers whatsoever to have a directional approach or to give them guidance in certain matters. It is now here that we intend to retain this powers so that educational programmes in the national interest are implemented by the higher seats of learning and the government should have a liaison with the Universities so that the Minister for Education, who is responsible to this House and answers all sorts of questions and adjournment motions regarding the affairs of the Universities, should be able to perform his functions.

I would request all my friends sitting on the opposite side not to make it a point of prestige, to see the difficulties of the Government, appreciate those difficulties of the Government and to pass this section.

Mr. Deputy Speaker. The question is :

That sub-clause (8) of Clause 11 of

the Bill be deleted.

(The motion was lost.)

I will now put the Clause to the vote of the House.

Malik Muhammad Akhtar. I shall be opposing the clause.

Mr. Deputy Speaker. The member can do so after I have ut the clause.

The question is :

That Clause 11, as amended, stands part of the Bill.

Malik Muhammad Akhtar. Opposed.

ملک محمد اختر (لاهور 2) - جناب سپیکر - یہ دفعہ چانسلر کے اختیارات کے متعلق ہے - جناب والا - ایک عجیب سا سماں پیدا ہوگیا ہے یعنی میں بات کہنے پر مجبور ہوں مجھے کچھ ایسے امور کی جانب اشارہ کرنا ہے جن کے متعلق گزشتہ چند سالوں میں انکشافات ہوئے ہیں - جناب والا - میں اس بات کا شدید مخالف ہوں کہ یونیورسٹی کےادبی معاملات day to day ایڈمنسٹریشن یا یونیورسٹی کے ایسے معاملات جن کا کام محض امتحانات یا دیگر امور کے متعلق ہو اس کے متعلق حکومت یا چانسلر کسی طور پر دخل دے - لیکن جناب والا - اس کے ساتھ ہی ساتھ میں بڑی بے باکی سے اور برملا اس ایوان میں یہ بات کہتا ہوں اور دہراتا ہوں اور یہ میرا موقف ہے کہ حکومت گذشتہ سالوں میں گراں قدر رقوم تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں وائس چانسلر کے ہاتھوں میں دے کر ایک بے لگام گھوڑے کو من مانی کرنے دی ہے اور انہیں ایک چھوٹے نواب کی طرح ایسے مواقع فراہم کیے ہیں کہ وہ بد دیانتی کریں اور اس کے عوض وہ حکومت کے سیاسی فکر کو طلبا میں روا رکھیں اور طلبا کو نشانہ بنائیں - یہ تمام اختیارات وائس چانسلر کو یونیورسٹی کی خود مختاری میں مداخلت کے لیے دے رہے ہیں - میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا - جیساکہ حمود الرحمن رپورٹ میں درج ہے کو حکومت کا کچھ نہ کچھ حصہ قدر دخل اور کنٹرول یونیورسٹی

پر ضرور ہونا چاہیئے - جناب والا - میں لمبی بات نہیں کرتا اس رپورٹ کے صفحہ 36 سے 38 تک اس پر بحث کی گئی ہے - میں صرف اس کا حوالہ دیتا ہوں - میں سمجھتا ہوں کہ اگر یونیورسٹی کو اس قسم کی خود مختاری دے دی جائے جیسے ہم نے تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں تین کروڑ روپیہ پنجاب یونیورسٹی کے لیے وقف کیا تھا - جس میں سے گراں قدر رقم کہا جاتا ہے - خورد برد کی گئی ہے - اس کے بعد ایک کمیٹی بنائی گئی جس نے وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی کے زیر صدارت کام کرنا تھا مگر اس کی میٹنگ کبھی نہ ہوئی - دراصل سپریم باڈی یہ ایوان ہے - میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمیں مکمل حق حاصل ہونا چاہیئے - کہ ہم یونیورسٹی کے مالی امور پر کنٹرول کر سکیں - یہ نہیں کہ فلاں کی ڈگری چھین لیں اور فلاں کو ڈگری دے دیں - بلکہ یہ کہ ہم ان کے مالی امور پر کڑی نگاہ رکھ سکیں - ہماری خوش نصیبی ہے کہ ہمیں اس وقت اچھا وزیر تعلیم ملا ہوا ہے - پتہ نہیں چند دنوں کے بعد کیا ہونا ہے - جناب والا - یہ عجیب complex phenomenon ہے ایک طرف ہمیں اسے خود مختاری رکھنے کے لیے لڑنا ہوگا اور اسے وہ حق دینا ہوگا اور دوسری طرف وہ غبن ہے جو ڈولپمنٹ اخراجات میں ہوا - درمیانی وقفہ یہ تقاضا کرتا ہے - ہو سکتا ہے کل تک مخلوط حکومت آ جائے - اس کا بھی غالباً امکان ہے - میں یہ سمجھتا ہوں کہ دفعہ 8 ہم جس صورت میں لائے ہیں اسے نہیں لانا چاہیئے - یا ہم اس میں specify کرتے کہ ہم مالی امور پر کنٹرول رکھنا چاہتے ہیں - اب اس سے ہمارے دلوں میں شبہات پیدا ہوتے ہیں - میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کو specify کر دینا چاہیے تھا کہ حکومت اپنی جو رقومات یونیورسٹی کو دے گی ان پر حکومت کو حق ہوگا کہ اپنا آڈیٹر مقرر کرے - اور ہماری فنانس کمیٹی کے پاس اس کا حساب آئے - تو جناب والا - میں عرض کروں کہ چونکہ وہ اچھی دفعات نہیں لائے اس لیے مخالف پارٹی کی طرف سے اس بل کی مخالفت کی جا رہی ہے - لیکن اس حد تک حکومت کے ساتھ میرا نظریہ متفق ہے کہ یہ جو غبن ہوا ہے - آخر کون چیک کرے گا ان باتوں کو - مگر

عذر گناہ بدتر از گناہ

کے مصداق انہوں نے چانسلر کو اختیار دے دیا ہے کہ وہ جسے چاہے وائس چانسلر کر دے ۔ خواہ وہ کل ایسے شخص کو وائس چانسلر مقرر کر دے جس سے کہے لڑکوں کو ماروں اور خوب کھاؤ ۔ میں ایسی ریاستیں بنانے کے حق میں نہیں ہوں ۔ جیسے پٹیالہ اور کپورتھلہ کی ریاستیں تھیں ۔ جن کے راجا وائس چانسلر ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہ پٹیالہ اور کپورتھلہ کا ذکر کرتے ہیں ۔ اپنے قریب کی ریاست سوات کا ذکر کیوں نہیں کرتے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ ہم سوات دیر اور چترال میں بنانا چاہتے ۔ صدر مملکت نے تین ریاستیں بنائی ہیں ۔ یہ چھ اور بنانا چاہتے ہیں ۔

مسٹر انور عزیز ۔ * * * * * * * *

Malik Muhammad Akhtar. Sir, he may be order to withdraw.

Mr. Deputy Speaker. Those words should be withdrawn.

Mr. Anwar Aziz. Withdrawn.

Mr. Deputy Speaker. Expunged from record.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ ایک تلخ حقیقت ہے ۔

چوہدری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ وہ اپنی سیٹ پر نہیں ہیں ۔ اس لیے وہ پہچانے نہیں جاتے ۔

ملک محمد اختر ۔ وہ اپنی سیٹ پر آ کر اپنے الفاظ دھرائیں اور پھر واپس لیں

(قہقہہ)

جناب والا ۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے میں نے اس ممبر کے بارہ میں

*Expunged under the orders of Mr. Deputy Speaker.

تین بار سوالات کا اعادہ کیا بلکہ میں وزیر تعلیم اور سیکرٹری محکمہ تعلیم پر الزام لگاتا ہوں کہ ان کی طرف سے ان کا کوئی جواب نہیں آیا اور انہوں نے ایوان کو اس کے متعلق کوئی تفصیل نہیں دی ۔ میں کوئی ایسا طریقہ چاہتا ہوں جس سے یونیورسٹی کے مالی امور پر مکمل کنٹرول اس ایوان کا ہو ۔ اس کے علاوہ جناب والا ۔ مکمل cheek up ہو ۔ خواہ وہ آپ آڈیٹر جنرل کو کہیں ۔ یا اس کے لئے اپنا کوئی سنیر افسر مقرر کریں ۔ خواجہ صاحب نے بڑی اچھی تجویز دی تھی کہ ڈپٹی اکاؤنٹنٹ جنرل کے عہدے کا کوئی آدمی آئے ۔ جناب والا ۔ جب تک ہم پری آڈٹ کا انتظام نہیں کریں گے یہ سیاسی لوگ جو حکومت میں برسر اقتدار ہیں اپنے اختیارات کو misuse کریں گے ۔ یونیورسٹی کے مالی امور پر اس ہاؤس کا مکمل کنٹرول کسی نہ کسی شکل میں رکھنا ضروری ہے ۔ علاوہ ازیں فنڈز کے misuse کو روکنے کے لئے بھی کوئی نہ کوئی طریقہ اختیار کرنا ہوگا ۔ مگر جس طریقہ سے یہ دفعہ 8 لائے ہیں یہ ذرا زیادتی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ جو بزرگ یہاں صدارت کی کرسی پر بیٹھتے ہیں انہیں ممبران کی تقریر سمجھنے کے لئے کوئی خاص تربیت دی جاتی ہے ۔

Mr. Deputy Speaker, I did not follow your point.

مسٹر حمزہ ۔ جناب مجھے افسوس ہے کہ میں آپ کو سمجھا نہیں سکا ۔

Mr. Deputy Speaker. The question is that clause 11, as amended forms part of the Bill.

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ میں کچھ عرض کروں مجھے آج یہ حیرت ہو رہی ہے کہ اتفاق سے آج ملک محمد اختر صاحب کچھ سچی باتیں کرنے کے موڈ میں ہیں جہاں تک حمزہ صاحب کا تعلق ہے ۔ ۔ ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں نے دس روز پہلے بھی قائد ایوان کے سامنے یہی باتیں کہی تھیں ۔

Mr. Deputy Speaker. That is no point of order. Ruled out of order.

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا ۔ اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ تعلیم کی ترقی یا حکومت کے مختلف پروگرام کا جو حتمی انحصار یا ذمہداری ہے وہ محکمہ تعلیم یعنی حکومت پر ہے ۔ اس لئے یہ انتہائی ضروری ہے کہ حکومت کے پاس ایسے اختیارات ہوں کہ جن سے وہ اپنی پالیسیوں یا اپنے ان پراجیکٹ کو جو ایک پروگرام یا phased یا پروگرام ترقی یافتہ نظریہ کے تحت مرتب کئے گئے ہوں ان یونیورسٹیوں کو اپنی ہدایات بھیج سکے ۔ اگر اس کلاز کا بغور مطالعہ فرمایا جائے تو آپ کو یہ احساس ہوگا کہ ایک طرف یونیورسٹی کے تقدس اور یونیورسٹی کی خو دمختاری کا خیال کیا گیا ہے اور دوسری طرف حکومت کو یہ حق نہیں دیا گیا کہ وہ براہ راست یونیورسٹی کو کسی قسم کی ہدایت یا حکم بھیج سکے ۔ اس لئے یونیورسٹی کے تقدس کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ پرویژن رکھ دی ہے کہ یونیورسٹی کو ہدایات چانسلر کی منظوری کے ساتھ بھیجی جائیں یعنی چانسلر کی وساطت سے ہدیات بھیجی جائیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ بھی عرض کروں گا جیسا کہ میرے فاضل دوست ملک اختر صاحب نے ابھی فرمایا ہے کہ پاکستان میں حالات و واقعات بہت سے ممالک سے مختلف ہیں لیکن یہاں یونیورسٹی کو 100 فیصدی گرانٹ حکومت دیتی ہے لہذا ان تمام چیزوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے یہ ضروری سمجھا گیا کہ حکومت کو یہ حق صرف تین مراحل پر تفویض کیا جائے ۔

(1) In public interest.

(2) In developmental programmef.

(3) Through Chancellor.

اس لئے سب پروسیجر کو مدانظر رکھتے ہوئے یونیورسٹی الٹمی کو disturb نہیں کیا گیا ہے بلکہ یہ disturbance مفاعامہ کے تحت دی گئی ہے اور یہ بھی چانسلر کے ذریعہ یونیورسٹی کو حکومت ہدایات دے سکتی ہے ۔ لہذا میں گزارش کروں گا کہ اس ترمیم کو پاس کیا جائے ۔

Mr. Deputy Speaker. The question is :

That Clause 11 as amended stand part of the Bill.

(The motion was carrid)

ملک محمد اختر - absolutely کورم نہیں ہے -

Mr. Deputy Speaker. Either there is quorum or there is no quorum. What do you mean by "absolutely no quorum ?

Let there be a count (count was taken) The House is not in quorum, let the bells be rung. (The bells were rung). Yes, the House is in quorum. We will now take up Clause 12. Amend-

ment No. 59. Clause 12.

Khawaja Muhammad Safdar. Not moving. (Amendment not moved)

Mr. Deputy Speaker. Next. Mr. Hamza.

Mr. Hamza. Not moving. (Amendment not moved)

Mr. Deputy Speaker. Next. Sardar Muhammad Ashraf Khan.

Parliamentary Secretary (Education) (Sardar Muhammad Ashraf Khan) Sir, I beg to move :

That for Clause 12 of the Bill the following be substituted:

Mr. Deputy Speaker. You have got two amendments.

Khawaja Muhammad Safdar. He has four amendments.

Mr. Deputy Speaker. Which one is he moving? He is not moving No: 2 in the revised list.

'interruptions'

Parliamentary Secretary: There are so many revised lists.

Mr. Deputy Speaker. No. 2.

Parliamentary Secretary. Withdrawn.

Mr. Deputy Speaker. No: 4. Is it that which you have given notice of on the 17th ?

Khawaja Muhammad Safdar. There are two amendments of which notice was given on the 17th.

Parliamentary Secretary. It say that the Vice-Chancellor shall be appointed for a terms of four years and shall be eligible for re-appointment.

Mr. Deputy Speaker. He has not given the prescribed notice.

Parliamentary Secretary. As you know, Sir, there are changes at the eleventh hour and this is an important Bill. As such, there are certain limitations on us. I tried to give notice in time but unfortunately it has come to that.

Mr. Deputy Speaker. Why do you want, me to exercise my special powers ?

Parliamentary Secretary. I would request that this is an important provision. Keeping in view the amendments that the Government has accepted even from the Opposition and the Government side, there are bound to be certain further changes and amendments. This amendment was based on the developments which took place in this House and as such it was obligatory. I wasted no time and actually I gave notice immediately after clause 9 was passed on that day. I would, therefore, request you to waive the condition and allow me to move the amendment.

Mr. Deputy Speaker. Alright.

Parliamentary Secretary: Thank you, Sir.

Sir I beg to move:

That for Clause 12 of the Bill, the following be substituted, namely:—

12 (1) The Vice-Chancellor shall be appointed by the Governor of West

Pakistan at his discretion, for a term of four years, subject to such terms and conditions as he may determine and shall be eligible for re-appointment for such further period or periods as the Governor may from time to time specify.

(2) When the office of the Vice-Chancellor is vacant temporarily or otherwise by reason of leave, illness or other cause, the Governor shall make such arrangements for carrying on the duties of the office of the Vice-Chancellor as he may think fit.

Mr. Deputy Speaker. The amendment moved is:

That for Clause 12 of the Bill, the following be substituted, namely:

12 (1) The Vice-Chancellor shall be appointed by the Governor of West Pakistan at his discretion, for a term of four years, subject to such terms and conditions as he may determine and shall be eligible for re-appointment for such further period or periods as the Governor may from time to time specify.

(2) When the office of the Vice-Chancellor is vacant temporarily or other wise by reason of leave, illness or other cause, the Governor shall make such arrangements for carrying on the duties of the office of the Vice-Chancellor as he may think fit.

Mr. Deputy Speaker. There is an amendment to this

amendment by Malik Muhammad Akhtar. Malik Akhtar, when did you give notice ?

Malik Muhammad Akhtar. Sir, I received this amendment as a matter of fact this morning, and in the Assembly Secretariat I have prepared this amendment to amendment. The notice was served on me this morning.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, you will find from List No. 1, Revised Ist Supplement to Third Revised, from which my friend Sardar Ashraf has read out, that amendment No. 4 was in fact given notice of and was circulated to us through list No. 2, Revised 1st. Supplement to Third Revised.

Mr. Deputy Speaker. You have given amendment to his amendment.

Khawaja Muhammad Safdar. Yes Sir, and I give notice to that amendment, and this is the same amendment. The present list is a consolidated list and the amendment first of all, appeared in List No. 1, 4th Supplement, Third Revised List, at No. 2. I gave an amendment to this amendment.

Mr. Deputy Speaker. Please move your amendment.

Khawaja Munammad Safdar : Sir, I don't move No. 2 but I will move No. 3.

Sir, I beg to move :

> That in the amendment given notice of by Sardar Muhammad Ashraf Khan, appearing at serial No. 4, in the Revised Ist Supplement to 3rd Revised List No. 1, for the proposed Clause 12, the following be substituted, namely: –
>
> 12. (1) The Governor shall appoint an eminent educationist as the Vice-Chancellor for a term of your years and he shall be eligible for re-

appointment for a period not exceeding two years.

(2) When the office of the Vice-Chrncellor is vacant temporarily by reasons of illness or otherwise, the Chancellor shall make such arrangements for carrying on the duties of the office of the Vice-Chancellor as he may think fit.

Mr. Deputy Speaker. If you are seeking to substitute the whole clause, would that be an amendment to his amendment.

Khawaja Muhammad Safdar. Of course, Sir! amendment by substitution, to substitution Clause as proposed by Sardar Ashraf.

Mr. Deputy Speaker. You have suggested substitution to the original Clause.

Khawaja Muhammad Safdar: If I propose a substitution Clause to original one, which is this Clause, it would have preference over it. That is why I am proposing this substitution Clause as an amendment to his amendment.

Mr. Deputy Speaker. Amendment moved is ;

That in the amendment given notice of by Sardar Muhammad Ashraf Khan, appearing at serial No. 4, in the Revised 1st Supplement to 3rd Revised List No. 1, for the proposed Clause 12, the following be substituted, namely:—

12. (1) The Governor shall appoint an eminent educationist as the Vice-Chancellor for a term of four years and he shall be eligible for re-

appointment for a period not exceeding two years.

(2) When the office of the Vice-Chancellor is vacant temporarily by reason of illness or otherwise, the Chancellor shall make such arrangements for carrying on the duties of the office of the Vice-Chancellor as he may think fit.

Minister for Education. I oppose it Sir.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں نے اپنی اس تجویز کے ذریعہ گورنر کی نامزدگی کو انتہائی طور پر قبول کرنے کی کوشش کی ہے - اس کے باوجود بھی محترم وزیر تعلیم نے یہ مناسب خیال کیا ہے کہ میری اس ترمیم کی مخالفت کریں - میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں - آپ کے توسط سے کہ اگر ان کی رائے میں بھی یہی بات ہے کہ چونکہ گورنر صاحب ضروری ہیں کہ چانسلر ہوں - بلکہ ان کا کوئی نامزد کردہ بزرگ بھی پنجاب یونیورسٹی کا چانسلر ہو سکتا ہے - اس لئے یہ اختیارات دینا - جیسا کہ بل میں ابتدائی طور پر ہے - کہ چانسلر کو اختیارات دیں - یا وائس چانسلر کو اختیارات دیں - بلکہ یہ اختیارات گورنر صاحب کے پاس ہونے چاہئیں میں ان کی اس مشکل کو سمجھتا ہوں - اور اسی لئے میں نے اپنی ترمیم میں بھی یہ اختیارات گورنر صاحب کو دیے ہیں - اب recent جو amendment ہے - اس میں میرا اور ان کا اختلاف جو ہے وہ drafting پر ہے - میں چاہتا ہوں کہ وائس چانسلر محدود عرصہ کے لئے مقرر نہیں کیا جانا چاہیے جناب والا - محترم وزیر تعلیم صاحب کو یہ علم ہوگا - کہ وائس چانسلر کے عہدہ کی میعاد دو سال ہوا کرتی تھی - اگرچہ وہ بڑھائی جاسکتی ہے - اب جب کہ ہم نے یہ مدت چار سال کر دی ہے - اب اگر سردار محمد اشرف کی ترمیم مان لی جائے - تو چار سے یہ مدت 16 بلکہ 20 سال تک بھی بڑھائی جا سکتی ہے گورنر صاحب کو یہ کل اختیارات دے دیئے گے ہیں - اس ترمیم کی صورت میں گورنر صاحب اپنی صوابدید پر جتنی چاہے - وائس چانسلر کی ملازمت کی مدت میں توسیع کر سکتے ہیں - میں نے ان سے اختلاف

کرتے ہوئے یہ کہا ہے کہ چار سال تک کیلئے ہی مقرر کیا جائے اور اگر دوبارہ بھی مقرر کریں ۔ تو زیادہ سے زیادہ دو سال کے لئے مقرر کیا جائے ۔ ایک شخص جس کو وائس چانسلر مقرر کیا جائے گا ۔ وہ نوجوان نہیں ہوگا ۔ اس کے لئے تجربہ ۔ بڑا وسیع علم ضروری ہے ۔ وہ لازماً عمر کے اس حصہ میں ہونگے جب وہ وائس چانسلر مقرر ہونگے ۔ جہاں کہ وہ زیادہ دیر جینے کی یا زندگی کی امید نہیں کر سکتے ۔ ایسی صورت میں گورنر صاحب کو یہ اختیارات دینا بے معنی ہوگا ۔

دوسری بات جس کی طرف میں وزیر تعلیم کی توجہ دلانی چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ ایک شخص نے اگر 4 سال تک اسی عہدے پر رہ کر اچھا کام کیا ہے ۔ تو دو سال اور دے دیجئے ۔ کہیں یہ کہ مستقل طور پر اس کو وائس چانسلر مقرر کر دیا جائے ۔ یہ غلط عمل ہوگا ۔ اور یہ بھی ان کے خیال میں غلط ہے ۔ اتنا تو نہیں کہ چھ سال میں بھی ہمیں کوئی شخص نظر نہ آئے ۔ دوسری ترمیم میں جو مجھ میں اور ان میں اختلاف ہے وہ پاوٹ 11 میں ہے ۔ دوسرے صفحے میں میں نے محترم سردار محمد اشرف سے اس حد تک اختلاف کیا ہے کہ اگر کچھ عرصہ تک وائس چانسلر کا منصب خالی ہو جائے ۔ تو بجائے اس کے کہ گورنر صاحب کے پاس کیس جائے ۔ کم از کم چانسلر صاحب جو کہ گورنر صاحب کے ماتحت ہونگے ۔ اس کو اتنا تو اختیار دیجئے کہ کچھ عرصہ کے لئے دو تین ماہ کے لئے کسی کو وائس چانسلر مقرر کر سکے ۔ آپ گورنر صاحب کے نامزد چانسلر پر اتنا بھی اعتبار نہیں کرتے ۔

Mr. Deputy Speaker. The House is adjourned to meet at 4-30 p. m.

The Assembly then adjourned to meet again in the afternoon at 4-30 p. m.

EVENING SESSION

(The Assembly met at 4-3 p. m. with Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.)

Mr. Speaker. Yes. Khawaja Muhammad Safdar to please resume his speech.

Khawaja Muhammad Safdar. Sir, there is no quorum.

Mr. Speaker. Let there be a court. (Court was taken), Let the Bells be rung, (Bells were rung). The House is still not in quorum and is adjourned till 9-00 at tomorrow.

(The House then adjourned to meet again at 9-00 a.m. on Thursday, the 20th February, 1969).

ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Thursday, the 20th February, 1969.

پنج شنبہ ۔ 5 ذی الحج 1388ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Ghaudhri Muhammad Anwar, H: K., in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi. (Qari of the Assembly) and its translation.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ۭ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَاۗءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝

(انفال ۸ ۔ س ۹ ۔ ع ۱۸ ۔ آیت ۲۸ تا ۳۱)

اور لوگ جان رکھو کہ تمہارا مال اور اولاد بڑی آزمائش ہے اور یہ کہ اللہ کے پاس اچھائیوں کا بڑا اجر ہے۔

اے ایمان والو! اگر تم اللہ سے ڈرتے رہو تو وہ تمہارے لئے حق و باطل میں تمیز کرنے والی ایک قوت پیدا کر دے گا اور تم سے تمہاری برائیاں دور کر دے گا اور تم کو بخش دے گا اور اللہ بڑا فضل کرنے والا ہے۔

اور (اے پیغمبر) وہ وقت یاد کرو جب کافر تمہارے خلاف اپنی خفیہ تدبیروں میں لگے تھے کہ تمہیں گرفتار کر لیں یا قتل کر ڈالیں یا جلاوطن کر دیں اور وہ اپنی مخفی تدبیریں کر رہے تھے اور اللہ اپنی مخفی تدبیریں کر رہا تھا اور اللہ بہتر تدبیر کرنے والا ہے۔

اور جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو کہتے ہیں ہم نے سن لیا اگر ہم چاہیں تو ہم بھی اسی طرح کی آیتیں کہہ لیں یہ تو بالکل پرانے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔

صدقہ علینا الا الا

Starred Questions and Answers

Mr. Speaker. Now the Question Hour. Mr. Hamza.

NON-APPROVAL OF OCTROI SCHEDULE ENFORCED BY MUNICIPAL COMMITTEE, KAMALIA

*14693. **Mr. Hamza.** Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that various business organizations and some residents of Kamalia, District Lyallpur, have brought to the notice of the authorities concerned through posters and representations that the Octroi schedule being enforced by the local Municipal Committee has not been approved by the Government.

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons of its enforcement and the action taken or intended to be taken by the Government in this behalf?

Minister for Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo). (*a*) Yes.

(*b*) The fact that the Municipal Committee, Kamalia (District Lyallpur) adopted the model octroi schedule (prescribed by Government in the Octroi Rules) on 14th May, 1966 without first obtaining sanction of the Government, came to the notice of the Commissioner, Sargodha Division at the time of inspection of the Committee, in July, 1966. The Municipal Committee, was directed by the Commissioner to get the matter regularised according to rules. The Municipal Committee submitted the proposal for the sanction of schedule in June, 1967 and the same was submitted to Government by the Commissioner in November, 1968. In course of examination certain information has been called for from the Commis-

sioner and the same is awaited. Commissioner, Sargodha is lookiug into the circumstances under which the schedule was adopted without prior approval of Government.

Yesterday while preparing this answer to this question, I called for the file, and now the latest position is that yesterday the notification sanctioning the revised octroi schedule of Municipal Committee, Kamalia, which was submitted by the Municipal Committee after inviting and settling the objections from the public, has been issued on the 19th, vide notification No. SO. III-LG-1 (40)-SG/67, dated 19th February, 1969. About the previous one and the period for which the octroi was charged without formal sanction of the Government, the report has been called for. I wanted to ascertain regular and irregular collection of the octori but that was something very lengthy, so it could not be ascertained yesterday. The officers are trying to collect that and all possible efforts will be made to sort it out.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر بلدیات مجھے بتائیں گے کہ یہ جو میونسپل کمیٹیوں کے چیئرمین سرکاری افسر ہوتے ہیں ۔ جیسے کمالیہ میں ریذیڈنٹ مجسٹریٹ چیئرمین کے فرائض سرانجام دیتے ہیں ۔ کیا انہیں اتنی سمجھ نہیں کہ وہ لوگوں سے بغیر کسی اختیار کے ٹیکس وصول کرنا شروع کردیتے ہیں ۔ کیا آپ اس ایوان میں یقین دلائیں گے کہ آپ ایسے افسران کے خلاف باضابطہ کارروائی کرکے انہیں قرار واقعی سزا دیں گے ؟

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

MIAN MIRAJ DIN

Secretary. The following application has been received from Mian Miraj Din, M.P.A.—

> Due to certain urgent private affairs, I could not attend the Assembly Session on the 20th and 21st January and 10th and 11th February, 1969. I shall be grateful if leave for the above four days is granted to me.

Mr. Speaker. The question is :

> That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

MIAN SAIFULLAH KHAN

Secretary. The following application has been received from Mian Saifullah Khan, T.Q.A., M.P.A.—

> With the declaration of curfew in Lahore the Session of the Assembly was postponed and I left Lahore for Quetta on January, 29, 1969. I have suffered an attack of malaria and at present I am under treatment. As soon as I am fit to travel I will reach Lahore to attend the remaining days of the Session. From 29th January, 1969 I may kindly be granted leave of absence.

Mr. Speaker. The question is :

> That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

CHAUDHRI MANAK KHAN BOSAL

Secretary. The following application has been received from Chaudhri Manak Khan Bosal, M.P.A.—

جناب عالی - میری طبیعت آج مورخہ 11
فروری کو خراب ہے - اس لیے میں آج اجلاس
میں شمولیت سے قاصر ہوں - لہذا رخصت
عنایت فرمائیں -

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

MR. MUHAMMAD ASLAM KHAN KHATTAK.

Secretary. The following application has been received from Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak, M.P.A.—

As I am proceeding for Haji, I may please be granted leave from 17th February to the end of the Session.

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

MIAN KHAN MUHAMMAD KALYAR

Secretary. The following application has been received from Mian Khan Muhammad Kalyar, M.P.A.—

جناب عالی - گزارش ہے کہ میں بغرض حج
17 فروری سے جا رہا ہوں - اس لیے 17
فروری سے تا اختتام اجلاس رخصت عطا
فرمائی جاوے -

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

MR. ABDUL GHAFFAR KHAN PASHA

Secretary. The following application has been received from Mr. Abdul Ghaffar Khan Pasha, M.P.A.—

> I am unwell and am not in a position to stay in Lahore and attend the Assembly Session. I, therefore, request that I may please be granted leave from 10th February for the rest of the Session days.

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

KHAN GUL HAMEED KHAN

Secretary. The following application has been received from Khan Gul Hameed Khan, M.P.A.—

جناب عالی ۔ عارض ہوں کہ بوجہ بیماری
مورخہ 5 فروری کو اسمبلی کی کارروائی میں
حصہ نہیں لے سکا ۔ مہربانی فرما کر 5 فروری
کی رخصت عطا فرمائی جاوے ۔

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

NAWABZADA SHEIKH UMAR

Secretary. The following application has been received from Nawabzda Sheikh Umar, M.P.A.—

جناب عالی ۔ گزارش ہے کہ مورخہ 7 فروری
کو ڈھاکہ میں تھا ۔ اور اسمبلی اجلاس میں
شرکت نہ کر سکا ۔ لہذا مہربانی فرما کر
7 فروری کی رخصت عطا فرمادیں ۔

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

NAWABZADA GHULAM QASIM KHAN KHAKWANI

Secretary. The following application has been received from Nawabzda Ghulam Qasim Khan Khakwani, M.P.A.—

I could not attend Assembly Sittings on 10th and 11th February, 1969 being away from Lahore for some important private business, I request to be excused for this absence.

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

HAJI DARYA KHAN JALBANI

Secertary. The following application has been received from Haji Darya Khan Jalbani, M.P.A.—

I could not attend the meetings of Assembly held from 1st to 5th and 11th to 20th January, 1969 and from

1st Febtuary, 1969 to 5th Febuary, 1969 due to some unavoidable private circumstances. House may, therefore, kindly be moved for my leave for the said periods.

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

RAIS SARDAR SHABBIR AHMED KHAN

Secretary. The following Telegram has been received from Rais Sardar Shabbir Ahmed Khan, M.P.A.—

Due to chronic kidney trouble still under medical treatment. please grant fifteen day leave from 21-1-1969.

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

SAHIBZADA NOOR HASSAN

Secretary. The following application has been received from Sahibzada Noor Hassan, M.P.A.—

I have been advised by the Doctor to have rest. Being indisposed I would not be able to attend the sittings of the Assembly for the rest of the Session. I request for the leave to be granted.

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

MR. ABDUL QAYYUM QARESH

Secretary. The following application has been received from Mr. Abdul Qayyum Qureshi, M.P.A.—

مجھے تکلیف ہے ڈاکٹر نے چار یوم آرام
کی ہدایت کی ہے ۔ لہٰذا چار یوم یعنی 17
فروری تا 20 فروری رخصت عطا فرمائی
جائے ۔

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried).

SARDAR MUHAMMAD AYUB KHAN

Secretary. The following application has been received from Sardar Muhammad Ayub Khan, M.P.A.—

I was unable to attend the meeting of the Assembly on 24th January, 1969 as I had to attend to an urgent personal work. Leave of absence may kindly be granted for 24th January, 1969.

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried).

KHAN MUHAMMAD IQBAL KHAN JADOON

Secretary. The following application has been received from Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon, M.P.A. —

I could not attend the meeting of Assembly on 20th January, 1969 as I was not feeling well. My absence

from the meeting of Assembly for the above-mentioned date may kindly be excused.

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

MR. MUHAMMAD ASLAM KHAN KHATTAK

Secretary. The following application has been received from Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak, M.P.A.—

I was not well on 23rd and 24th Jaunary, 1969. I may, therefore, be granted leave for these days.

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

NAWAZADA GHULAM QASIM KHAN KHAKWANI

Secretary. The following application has been received from Nawabzada Ghulam Qasim Khan, M.P.A:—

I could not attend the Assembly Sittings from 13th January to 17th January, 1969 due to some important business at Multan. Please condone may absence and oblige.

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

MAHR MUHAMMAD IQBAL KHAN HIRAJ SIAL

Secretary. The following application has been received from Mahr Muhammad Iqbal Khan Hiraj Sial, M.P.A.

گزارش ہے کہ میں مورخہ 8-1-69 اور
21-1-69 کو بوجہ زکام اور بخار اسمبلی کی
کارروائی میں شریک نہ سکا ۔ مہربانی فرما کر
چھٹی عنایت فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker. The question is

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried).

MIAN NAZEER AHMED

Secretary. The following application has been received from Mian Nazeer Ahmed, M.P.A.

گزارش ہے کہ میں بوجہ بخار آج اسمبلی کے
اجلاس میں حاضر نہیں ہو سکتا ۔ براہ مہربانی
میری آج مورخہ 24-1-69 کے لیے رخصت
منظوری فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker. The question is

That the leave asked for be granted.

(The motion was carried).

KHAN GUL HAMEED KHAN OF ROKHRI,

Secretary. The following application has been received from Khan Gul Hameed Khan of Rokhri, M.P.A.—

میں 17-1-69 کو میانوالی بسلسلہ پی ڈی

کنوکیشن چلا گیا تھا ۔ لہذا اسمبلی سے میری
17-1-69 کی رخصت دی جائے ۔

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*),

HAJI IMAM ALI UMAR,

Secretary. The following telegram has been received from Imam Ali Umar, Haji, M.P.A.—

Due to my illness I could not attend Session held from 1-1-1969. Still seriously ill. Unable to attend. Kindly grant leave from 1st January to end of the Session.

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

MR. FATEH MUHAMMAD KHAN.

Secretary. The following application has been received from Mr. Fateh Muhammad Khan, M.P.A.—

I was unable to attend the Assembly Session from the first of January till the Eighth of January and have an urgent piece of work at home and will not be able to attend the Assembly Session from the 27th of January till the end of the Session. Leave for these days may kindly be granted.

Mr. Speaker. The question is :

That the leave asked for be granted.

(*The motion was carried*).

(At this stage Mr. Deputy Speaker occupied the Chair).

Resolutions

REVOCATION OF THE PROCLAMATION OF EMERGENCY (RESUMPTION OF DISCUSSION)

Mr. Deputy Speaker. We will now take up Private Members's Business. Mr. Hamza, I think, your resolution now becomes infructuous.

Khawaja Muhammad Safdar. This Resolution has, in fact, become infructuous. Therefore, we do not press for a division.

مسٹر حمزہ ۔ (لائلپور ۔ 2) ۔ جناب والا ۔ آپ کا فرمان بجا ہے ۔ میں صرف ممبران اسمبلی کی تنبیہہ کے لیے اور ان کے لیے عبرت کا جو مقام ہے ، اس کی یاد دھانی کے لیے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر وہ اپنی عقل سے اور اپنے ضمیر کے مطابق فیصلہ کریں اور ملکی معاملات میں دلچسپی لیں اور محض انگوٹھے پر انگوٹھا لگانے کی رسم چھوڑ دیں تو اس سے ان کا وقار بلند ہو گا ۔ اور میں نے اسی لیے ۔۔۔۔

Mr. Depury Speaker. I don't think the remark

"اگر وہ عقل سے کام لیں"

is right about the Members.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس دن بھی یہ چیز ظاہر تھی کہ جناب صدر مملکت ۔۔۔۔

چوھدری محمد سرور خان * * * * * * *

Mr. Deputy Speaker. The Member should withdraw those remarks. Those remarks are expunged from the proceedings of the Assembly.

---

*Expunged as ordered by the Deputy Speaker.

مسٹر حمزہ ۔ میں ان کو فارسی کا ایک جملہ سنا کر بیٹھ جاتا ہوں ۔

چرا کارے کنند عیران مجلس کہ باز آید پشیمانی

Mr. Deputy Speaker. Since this Resolution has become infructuous we will take up Resolution No. 2.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ میں حمزہ صاحب کو مبارک پیش کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے جو مطالبہ پیش کیا تھا ، حکومت نے اسے مان لیا ہے ۔ ہم سب نے مان لیا ہے ۔ اب اس کے بعد وہ ہمیں تنبیہہ کرنے کے لیے اور اور نصیحت کرنے کے لیے اٹھے ہیں ۔ میرا خیال ہے وہ خود عقل کی بات نہیں کر رہے ۔

CONSTRUCTING BUNDS ON THE EMBANKMENTS OF "NULLAH DEK"

We will now take up Resolution No. 2 given notice of by Chaudhri Muhammad Sarwar Khan

Chaudhri Muhammad Sarwar. I beg to move :

> That this Assembly is of the opinion that the flow of "Nullah Dek" in the Districts of Sialkot, Gujranwala and Sheikhupura should be channelised by constructing bunds on its embankments and for this purpose a cess of one paisa per rupee on the Land-Revenue be levied.

Mr. Deputy Speaker. The Resolution is :

> That this Assembly is of the opinion that the flow of "Nullah Dek" in the Districts of Sialkot, Gujranwala and Sheikhpura should be channelised by constructing bunds on its embankments and for this purpose a

cess of one paisa per rupee on the Land-Revenue be levied.

Minister for Irrgation and Power. I oppose it.

چوہدری محمد سرور خان (سیالکوٹ - 3) - جناب سپیکر - یہ ایک بہت پرانا مسئلہ ہے - - - -

Mr. Deputy Speaker. There is an amendment to this Resolution. I think, the amendment should be moved first.

Chaudhri Muhammad Nawaz. I beg to move :

That the Resolution moved by Chaudhri Muhammad Sarwar Khan at Serial No. 2 may kindly be amended as follows :
that after the word 'levied' at the end, the following be added 'in the said Districts.

Mr. Deputy Speaker. Any opposition to the amendment ?

Minister for Irrigation and power. Yes, I oppose it.

چوہدری محمد نواز - حضور والا - - - - - (قطع کلامیاں)

Mr. Deputy Speaker. Yes, Chaudhri Muhammad Sarwar Khan.

رائے منصب علی خان کھرل - جناب والا - جب ہمیں اصل ریزولیوشن کا ہی پتہ نہیں کہ اس کے ذریعہ محرک کیا کہنا چاہتا ہے اور ترمیم پر پہلے ہی تقریر شروع ہو جائے - قواعد کی رو سے تو آپ بجا فرماتے ہیں لیکن کم از کم ریزولیوشن کا تو پتہ چل جائے کہ معزز ممبران کا مقصد کیا ہے اور وہ کہنا کیا چاہتے ہیں -

Mr. Deputy Speaker. Do you want the rules of procedure to be amended ? Do you know that amendment takes precedence over the original resolution ?

چوہدری محمد نواز - حضور والا - اس ریزولیوشن میں چوہدری

محمد سرور نے ایک اہم مسئلہ کی طرف حکومت کی توجہ مبذول کرائی ہے ۔ اور اس میں میں نے جو ترمیم پیش کی ہے ۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ اس ریزولیشن میں ایک بات واضح نہیں تھی کہ جو cess میرے فاضل دوست نے اپنے ریزولیشن میں تجویز کیا تھا ۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ وہ سارے صوبہ پر لگایا جائے گا ۔ میں نے اس چیز کو واضح صورت دینے کے لیے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ صرف ان اضلاع پر یعنی سیالکوٹ ۔ گوجرانوالہ اور شیخوپورہ جہاں سے یہ نالہ گزرتا ہے ۔ یہ cess لگایا جائے ۔ تاکہ اس کی آمدنی سے ان علاقہ جات کے لوگوں کا فائدہ ہو ۔ اور جو روپیہ حکومت خرچ کرے ۔ ان علاقوں کے زمینداروں سے مالیہ کے ساتھ یہ cess وصول کیا جائے ۔

Mr. Deputy Speaker. Do you want to say anything.

Minister for Irrigation. Yes sir.

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ وزیر آبپاشی نے جب اس ریزولیشن کو oppose کیا تھا ۔ تو پھر اس ترمیم کو oppose کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔

Mr. Deputy Speaker. The main resolutiou may or may not carried.

چوہدری محمد نواز ۔ حضور والا ۔ میری ترمیم کو وزیر آبپاشی نے oppose کیا تھا ۔ اس لیے وہی اس کا جواب دیں گے ۔

Mr. Deputy Speaker. I have already called upon him to speak.

ملک معراج خالد ۔ جناب والا ۔ وزیر آبپاشی کی خدمت میں ایک گزارش کروں گا وہ یہ کہ تمام resolution کو کسی طریقہ سے اس طرح arrange کیا جائے کہ میاں محمد شفیع صاحب کا ریزولیشن بھی زیر بحث آ جائے گا ۔ وہ بڑا اہم ریزولیشن ہے ۔ اور یہ کوشش کی جائے کہ کسی طرح وہ ہاؤس میں ضرور پیش ہو سکے ۔

Minister for Irrigation. In the Rules of Procedure there are time limits laid down; and if any Member wants to speak, I do not see any reason for not allowing him to do so. You may appeal to the Members not to speak.

چوہدری محمد سرور خان - پوائنٹ آف آرڈر - معزز ممبر نے جو درخواست پیش کی ہے وہ آپ سے کرنی چاہئے تھی - یا اس ہاؤس سے کرنی چاہیئے تھی - لیکن انہوں نے اپنی درخواست وزیر آبپاشی سے کی ہے - وزیر آبپاشی تو میاں صاحب کے ریزولیوشن کو پاس میں رہا دیں گے -

مسٹر حمزہ - کیا وہ ڈیک ٹالہ ہیں -

وزیر آبپاشی (مخدوم حمیدالدین) - جناب والا - میں اس بات کا اعتراف کرتا ہوں کہ یہ مسئلہ اہم نوعیت کا ہے - مگر جہاں تک اس کی دوسری implications کا تعلق ہے - وہ بھی میں سمجھتا ہوں - خاص اہمیت کی حامل ہیں - جناب والا کو یاد ہوگا کہ اس ایوان میں وقفہ سوالات کے دوران اس کے متعلق کئی بار دریافت کیا گیا ہے - اور میں محکمہ آبپاشی کے نقطہ نظر سے اس ایوان کو آگاہ کر چکا ہوں -

جناب والا - اس ریزولیوشن کے دو حصے ہو سکتے ہیں - جو کہ ہمارے محل نظر ہیں -

1 - یہ ڈیک ٹالہ ایک برساتی نالہ ہے - اور جن علاقوں سے یہ گزرتا ہے - وہاں کی زرعی آبادی کو نقصان لاحق ہوتا ہے -

2 - اس کی embankment کی جائے اور اس project کو implement کرنے کے لیے cess لگایا جائے - میں چوہدری صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ جہاں تک اس ریزولیوشن کی phraseology کا تعلق ہے - اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا یہ مقصد ہے کہ پورے مغربی پاکستان میں میں یہ cess عائد کیا جائے - اگر آپ کا مطلب یہی ہے -

Mr. Deputy Speaker. That means you are supporting the amendment.

Minister for Irrigation. I have only projected that this resolution merits our consideration on two basic aspects of it. تو اس کا یہ پہلا aspect ہے اور میں نے ضمناً اس کا ذکر کیا ہے۔

Mr. Deputy Speaker. Do you want that the cess should be on the entire Province.

Minister for Irrigation. This is what I am objecting to.

Mr. Deputy Speaker. You are opposing the amendment.

Minister for Irrigation. It should be clarified that. I am opposing both the resolutions.

Mr. Deputy Speaker. We are at the amendment at the present moment.

Minister for Irrigation. I have only invited your attention to the factors leading the second amendment to have been presented before the House, and I was, by way of clarification, telling them that there are so many defects, otherwise I have nothing to do with that and I am not supporting that.

Mr. Deputy Speaker. I am still failing to understand whether you are supporting it or opposing.

Minister for Irrigation. I am opposing.

Mr. Deputy Speaker. You want that the cess should be levied in the whole of the Province.

Minister for Irrigation. No, no.

Mr. Deputy Speaker. The amendment is that if the resolution is carried, then cess is to be levied in the concerned districts only and that is the amendment.

Minister for Irrigation. I am opposing the very embankments also on this Dek Nullah.

Mr. Deputy Speaker. Supposing you are opposing the amendment and the amendment is lost but the main resolution is carried. What would be its effect ?

Minister for Irrigation. Then my opposition stands to both the resolutions.

(Interruptions)

Mr. Deputy Speaker. The question is that if this is the intention that the resolution is carried, then the cess . . . . . ; (interruptions)

Minister for Irrigation. I need your clarification. The earlier resolution maintains that, first of all, a project be prepared and as a result of that project the total embankment of this "Nullah" which is coming right from the borders of Jammu, gets into Sialkot, goes on to Sheikhupura, etc, etc., would be implemented, and for that purpose a cess should be levied.

Mr. Deputy Speaker. On the whole Province.

Minister for Irrigation. On the whole province according to the earlier resolution; I oppose that. The second Resolution, which has been moved, concerns only the modus operandi of the assessment which is also part of the earlier Resolution. So, let me enlighten myself through you that in case this second Resolution is carried, which only concerns the restriction on the field of operation of that assessment clause, what happens to the earlier Resolution.

Mr. Deputy Speaker. The House can reject the main Resolution.

Minister for Irrigation. That still has been seized by the House. That is still pending before the House.

Mr. Deputy Speaker. That stage is still to come. If you oppose the amendment and the House rejects this amendment and the House decides to uphold the original Resolution, then the effect would be that the cess will be levied throughout the Province.

Minister for Irrigation. After the disposal of the second amendment, the earlier Resolution still remains as amended.

Mr. Deputy Speaker. The earlier Resolution as amended will be put to this House.

Minister for Irrigation. Then this part which, on the face of it, seeks the rectification of the earlier resolution by way of limiting the mode of assessment to certain arreas, I don't oppose.

Mr. Deputy Speaker. That is what I am trying to explain.

چوہدری محمد سرور - بڑی مشکل سے آخر کو یہ شایں زیر دام آیا -

Mr. Deputy Speaker. I will now put the amendment to the vote of the House.

The amendment is :

That in the Resolution of Chaudhri Muhammad Sarwar at item No. 2 of the agenda, at the end of the word "levied" the full-stop be deleted and the following words be added ? "in the said districts".

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh). Sir I had asked you for one minute. I want to explain one point to the House. The question or the principle before the House is that a particular developmental work should be undertaken by a cess in that particular ilaqa. Now, this would seek to lay down a precedent for all under-developed and non-developed areas that this House having come to this conclusion that for any developmental work, which is to be undertaken to safeguard the interests of a particular area, the expenditure should be borne by the residents of that area. This would lead in my humble judgment to a natural corollary that whenever we take a project of this character for under-developed areas who have not the means (this area happens to have some means to do it) well, then it will lay down a precedent or in that case also the demand would be or the Government can make a demand or certain Members can make a demand that because

it is going to help a particular area so the money should be borne by them. This has not been the philosophy of the developmental projects upto now. The money earned in Sind area has been spent in other areas. The money earned in the Punjab area has been spent on other areas. Why I was wanting to have your indulgence was that when you were discussing the matter with the Hon'ble Minister one thing struck my mind not that I am opposing or supporting it, but it is my duty to lay down before the House this point that this will lay down a principle or precedent which may be followed in certain cases. For example, Sir, if this is laid down here a Member can say, why should not the Government do this on their own. After all this is the function of the Government to safeguard the soils as well as to preserve the agricultural economy of a particular area.

The second point that I am afraid of is that one pice, or whatever it is going to be, and knowing as I do about the land revenue it is a barani area. . . . .

(At this stage Mr. Speaker takes the Chair)

Mr. Speaker. Yes please.

Minister for Agriculture. I have to relate to you a little story so as to acquaint you because I was actually addressing the Chair as well as the House. There is a Resolution here-No. 2, which has been moved by Chaudhri Muhammad Sarwar Khan-an admirable Resolution. I commend the spirit behind it. He has moved a Resolution that on this Dek Nala, with which you are very familiar and which has been damaging a lot of area and also damaging cropped area, there should be certain embankments. About the technical and practical side of the question my brother, Makhdum Hamid-ud-Din, will be able to speak when his turn comes. There is an amendment given by Chaudhri Muhammad Nawaz which purports to say or purports to clarify that this money should be realised only from those two or three Districts which are going to be favoured or which are going to benefit from these embankments.

There was an argument between the Chair and my friend, Makhdum Hamid-ud-Din, and he was asked to say categorically whether he opposed it or not. As we bow before the Chair, we kept quiet and said nothing. But I rose on a point of principle for the House to consider that whether we are going to lay down a new policy and a new precedent that any works of this character shall have to be financed from that area. And particularly as my friend, the Hon'ble Leader of the Opposition, would bear me out that the land revenue of these areas is not of the type that will bear any expenditure and thereby the whole Resolution, which to my mind is a valuable Resolution, becomes infructuous.

Chaudhri Muhammad Sarwar. I agree with the Leader of the House.

مسٹر سپیکر - فاضل قائد ایوان کی اس تصریح کے بعد کیا آپ یہ الفاظ اڑا دینے کے لئے تیار نہیں ہیں کہ کوئی cess لگایا جائے بلکہ یہ سفارش ہو جائے کہ وہاں ایک embankment بنایا جائے - اس طرح آپ کی تسلی قائد ایوان چاہتے ہیں -

چودھری محمد سرور خان - ان کو سننے کے بعد اور ان کی تقریر سمجھنے کے بعد . . . . . .

Minister for Agriculture. That will he acceptable? But one thing I just wanted to add lest my intervention may be misunderstood. The reason why I have intervened is this that if this principle is accepted then the underdeveloped areas will have no occasion to get their things done.

مسٹر سپیکر - کیا اس کے لئے آپ کوئی ترمیم پیش کرنا چاہتے ہیں ؟

چودھری محمد سرور خان - جی ہاں -

Mr. Speaker. I think Chaudhri Muhammad Sarwar would be happy to move this amendment.

Minister for Agriculture. He will be happy. Then it is alright.

چودھری محمد نواز - حضور والا - میں قائد ایوان سے صرف یہ بات پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس ایوان میں اس نالے کے متعلق ایک بار نہیں بلکہ دو چار بار کہا گیا اور یہ مسئلہ زیر بحث آیا اور ہمارے وزیر متعلقہ ہمیشہ یہ کہتے رہے ہیں کہ اس کے متعلق ہمارے زیر غور کوئی سکیم ہے - جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے - اس کے لئے تقریباً 11 کڑور روپیہ خرچ ہوگا لیکن وہ سکیم جو تیار کی گئی تھی روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے یا کوئی اور وجوہات ہوں جن کا مجھے علم نہیں ہے آج تک انہوں نے اس کو پایہ تکمیل تک نہیں پہنچایا - اس علاقہ کا ایک ممبر جو وہاں کے عوام کا وہاں کے زمینداروں اور وہاں کے کاشت کاروں کی تکلیف کا پورا احساس کرتا ہے اس نے یہ قرارداد پیش کی ہے۔ قائد ایوان سے مجھے اتفاق ہے - لیکن میں ان سے یہ سوال کرتا ہوں کہ آج تک اس قرارداد کے پیش ہونے سے پہلے انہوں نے بحیثیت قائد ایوان اس علاقہ کے لوگوں کی دقتوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس کے متعلق کیوں کارروائی نہیں کی اور اب اگر ایک ممبر خود کہتا ہے کہ اس پر سیس لگا دیا جائے تو آپ اس کے راستہ میں حائل ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ ایک مثال بن جائے گا - میں اصولی طور پر ان سے اتفاق کرتا ہوں - مگر میں یہ پوچھتا ہوں کہ آخر کیا وجہ ہے کہ اسے مکمل نہ کیا جائے - یہ زمین آپ کے لئے زرمبادلہ کماتی ہے - اگر اس سکیم کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے تو میری ناقص رائے میں یہ بڑا اہم پراجیکٹ بنے گا - اور اس سے بہت سا فائدہ ہوگا - آپ یا تو یقین دہانی کرائیں کہ یہ سکیم یا پراجیکٹ پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا ورنہ اسے ان لوگوں پر چھوڑ دیں -

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ - 3) - جناب والا - چودھری محمد سرور صاحب نے جو قرارداد پیش کی ہے میں اس کی حمایت کرتا ہوں - لیکن ابھی ابھی میرے فاضل دوست چودھری محمد نواز صاحب نے جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے مجھے ان سے اتفاق نہیں ہے - یہ مسئلہ خاص طور پر گوجرانوالہ یا شیخوپورہ میں سکارپ کے تحت آتا ہے - اور جناب کو علم ہے کہ اس علاقہ میں مالیہ اور آبیانہ کی شرح میں بہت اضافہ کر دیا گیا ہے - مثال کے طور پر 1947ء سے 1956ء تک گندم اور مکی کا جو آبیانہ تھا وہ

جناب 6 روپے تھا ۔ 1968ء میں یہ ساڑھے بیس روپے ہو گیا ہے ۔ اسی طرح کپاس اور چاول کا آبیانہ 1947ء میں ساڑھے نو روپے تھا ۔ آج جناب یہ 96 روپے ہے ۔ اسی طرح گنا کو لیجئے ۔ 1947ء میں اس کا آبیانہ 20 روپے تھا ۔ آج 68 روپے ہے ۔ تو ان حالات کے پیش نظر یہ بالکل غلط ہوگا اور یہ عوام پر بوجھ ہوگا اگر ہم معمولی سی رقم بھی ان پر مزید ڈال دیں ۔ اور ان سے وصول کریں ۔ اس لئے جناب قائد ایوان کی یہ تجاویز بڑی معقول اور مناسب ہیں ۔

Mr. Speaker. But he is moving an amendment to that.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ چودھری محمد نواز صاحب نے کہا ہے کہ قائد ایوان اس کی راہ میں روڑے اٹکا رہے ہیں اور وہ نہیں چاہتے کہ یہ سکیم پایہ تکمیل تک پہنچے ۔ چودھری محمد نواز صاحب شاید یہ چاہتے ہیں کہ یہ سیس لگایا جائے ۔ میں اس سیس کی مخالفت کرتا ہوں ۔ لیکن اس قرارداد کی جیسا کہ اس میں ترمیم کی گئی ہے تائید کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker. I have received a notice of amendment from Chaudhri Muhammad Idrees.

چوہدری محمد نواز ۔ اگر یہ سیس کو . . . . . .

Mr. Speaker. Has Chaudhri Muhammad Nawaz leave of the House to withdtaw his amendment ?

Voices. Yes.

Mr. Speaker. The amendment stands withdrawn.

Chaudhri Muhammad Idress. Sir, I beg to move :

> That the words "and for this purpose a cess of one paisa per rupee on the Land Revenue be levied." be deleted from Resolution No. 2 moved by Chaudhri Muhammad Sarwar Khan.

Mr. Speaker. Amendment moved and the question is:

> That in the Resolution moved by Chaudhri Muhammad Sarwar Khan at Item No. 2 of the Agenda, the words "and for this purpose a cess of one paisa per rupee on the Land Revenue be levied." be deleted.

(*The Motion was carried.*)

Minister for Agriculture (Malik Khuda Bakhsh): Sir, I wanted to clear one impression, which has been created by some remarks by my friend, Chaudhri Nawaz. I was not wanting to thwart the attempt to rectify this difficulty of that Ilaqa. This is far from my mind. In fact, the resolution as framed by Chaudhri Muhammad Sarwar or the amendment made by Chaudhri Muhammad Nawaz would have restricted the execution of the works, because it would be said that one paisa out of one rupee of land revenne has only to be raised, and if the amount given by my friend is correct, i.e. Rs. 11 crores, then Sir, the total land revenue of the province is Rs. 10 crores. Sir, my friend is confusing the Abiana with land revenue. The words used are land revenue. The land revenue has not changed in these three districts during the last so many years. (interruption) In your districts it is being changed. Why I wanted to intervene was that this would restrict the resolution's effect if this would have been done. Apart from the principle, whenever Rs. 11 crores would have been collected, then they would have executed this work, and the Government of the day would have taken shelter under this resolution that because you had passed the resolution that one paisa out of one rupee . .

جب رقم جمع ہوگی تب اسے بتائیں گے ، آپ نے ہمیں تو یہ کہا ہی

نہیں ہے -

This is why I had intervened. It was in the interest of the land-owners of that Ilaqa, so that it should not be done. So,

Chaudhri Nawaz has probably not understood my real motive as to why I said this.

چودھری محمد نواز - قائد ایوان نے جو کچھ فرمایا ہے مجھے ان سے اتفاق ہے - قرارداد اس شکل میں تھی کہ مجھے اس میں ترمیم دینی پڑی - اگر قرارداد کی یہ شکل ہوتی تھی جو چودھری ادریس صاحب کی ترمیم کے بعد ہوئی ہے تو پھر میرے ترمیم دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا -

Mr. Speaker. I think in view of the acceptance of that amendment, now the resolution, as it stands, is like this: "This Assembly is of the opinion that the flow of "Nullah Dek" in the Districts of Sialkot, Gujranwala and Sheikhupura should be channelised by constructing bunds on its embankments." Do you still oppose this resolution?

Minister for Irrigation & Power: Yes Sir.

رائے منصب علی خان کھرل - میں قائد ایوان کی خدمت میں صرف ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں - انہوں نے فرمایا ہے کہ لینڈ ریونیو میں اضافہ نہیں ہوا اگر لینڈ ریونیو میں اضافہ نہیں بھی ہوا تو آبیانہ میں اضافہ ہوا ہے اور وہ بھی کاشتکاروں نے دینا ہے - بوجھ تو انہی پر پڑے گا - اصول تو وہی رہتا ہے - دوسری بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ درست ہے کہ اس سکیم پر 11 کروڑ روپے صرف ہوں گے - شاید وہ کم رقم میں ہو سکتی ہو -

Mr. Speaker. I think the Minister will clarify it.

چودھری محمد نواز - میں نے کسی سے ایسا سنا تھا وہی کہہ دیا - جناب والا - منسٹر صاحب پہلے تقریر فرما چکے ہیں -

وزیر آبپاشی (مخدوم حمید الدین) - میں نے تو تقریر نہیں کی ہے -

جناب والا - میں اس کے دوسرے پہلو کے متعلق عرض کر رہا تھا -

مسٹر سپیکر - جس شکل میں اب قرارداد ہے آپ اس کے متعلق فرمائیں -

وزیر آبپاشی - اس کے متعلق جناب میں یہ عرض کروں گا . . . . .

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا ، حرک کو پہلے تقریر کرنی چاہیئے یا مخالفت کرنے والے کو -

مسٹر سپیکر - اس کا طریقہ یہ ہے کہ جو قرارداد پیش کرے پہلے وہی تقریر کرے - اس کے بعد اس میں ترامیم پیش ہوں اور ان پر تقریریں کی جائیں - اس کے بعد اصل قرارداد پر جس نے بولنا ہے بولے -

چودھری محمد سرور خان - میں نے قرارداد پیش کی ہے . . . .

Mr. Speaker. After you had moved the resolution, you should have made a speech.

چودھری محمد سرور خان - مگر مجھے تقریر کا موقع نہیں ملا ہے -

Leader of the House. The Speaker at that time said that the amendment will have to be taken first.

Minister for Irrigation & Power. The Speaker at that time ruled that the amendment will have to be taken into consideration first and that the Member will make his speech after the amendment, otherwise he was going to speak on it.

مسٹر سپیکر - میں ایوان کی اطلاع کے لئے پروسیجر بیان کر دوں - پہلے ریزولیوشن آئے گا - ریزولیوشن پیش ہوگا - ریزولیوشن پیش ہونے کے بعد اصل ریزولیوشن پر تقریر ہوتی ہے وہ ریزولیوشن جس شکل میں بھی ہو تاکہ تقریر کے بعد ہاؤس کو پتہ چل جائے کہ ریزولیوشن کیا ہے - اس کے بعد ایک ایک کر کے ترامیم آئیں گی - ترمیم پیش کرنے والا بھی تقریر کرے گا اور جو اس ترمیم کی مخالفت کرے گا وہ بھی تقریر کرے گا یا ہاؤس میں اگر کوئی ممبر تقریر کرنا چاہتا ہوں وہ تقریر کرے گا - اس کے بعد ترامیم put کی جائیں گی اور ان پر فیصلہ ہوگا - فیصلہ ہونے کے بعد یہ

جس شکل میں ریزولیوشن سامنے آئے گا اس پر بحث ہو گی ۔ وزیر صاحب اس کا جواب دیں گے پھر محرک کو جواب کا حق دیا جائے گا جس کے بعد بحث ختم ہو گی ۔

چودھری محمد سرور خان (سیالکوٹ 2) ۔ جناب والا ۔ میں نے اس ریزولیوشن کے ذریعہ اس ایوان کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانے کی کوشش کی ہے کہ ضلع سیالکوٹ جو جموں کی سرحد سے ملتا ہے یعنی جموں کے پہاڑی علاقہ سے ملحق ہے ۔ اس پہاڑی علاقہ سے جو پانی صاف زمین پر آتا ہے یہ پانی اونچائی سے نیچے کی طرف بہنے کی وجہ سے زمین کو تباہ کر دیتا ہے ۔ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ بالخصوص اس علاقہ میں جس جگہ پر پاکستان میں یہ ندی آ کر داخل ہوتی ہے وہاں پر ہر سال انسانوں اور مویشیوں کی جانیں تلف ہو جاتی ہیں اور وہاں کے دیہات اور مکانات تباہ ہو جاتے ہیں ۔ یہاں ایک ایسا حصہ ہے جو دریائے راوی کی tributary کے پانی سے آباد ہے اور اس پانی پر تمام صوبہ کی ایریگیشن کا انحصار ہے ۔ جن اضلاع کا نام میں نے اس ریزولیوشن میں لیا ہے ان علاقوں میں سے یہ گزر کر اس کا پانی تمام مغربی پاکستان کو سیراب کرتا ہے ۔

جناب والا ۔ میرا یہ مطلب ہے کہ ضلع سیالکوٹ کی یہ بہت بڑی problem ہے اور یہ problem ایسی نہیں ہے جو حکومت کے پیش نظر نہیں ہے ۔ اس problem پر 1953 میں بھی غور کیا گیا ۔ اس وقت بھی محکمہ آبپاشی کے وزیر موقع پر گئے ۔ انہوں نے اس علاقہ کا دورہ کیا لیکن وہ سکیم ٹیکنیکل طور پر غلط تھی ۔ کیونکہ وہاں پر کوئی پہاڑی نہ تھی اس لئے وہ چاہتے تھے کہ وہاں پر ایک بہت بڑا ڈیم بنا کر اس پانی کو جمع کر لیا جائے جو کہ آبپاشی کے لئے مفید ہے ۔

۔ سیالکوٹ کے ضلع میں broken land یا semi-mountainous range قسم کی کوئی زمین نہیں ہے ۔ اس لئے وہ 10 کروڑ روپے کی سکیم اس وقت معرض التوا میں ڈالی گئی ۔ اب بھی میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس پوری ڈویژن بلکہ اس پورے صوبہ کی ضروریات کے لئے کئی بار اس حکومت

کی طرف سے احساس ہوا ہے یا عوام کی طرف سے مطالبات ہوئے ہیں یا باھمی ڈسٹرکٹ کونسلوں کے ریزولیوشنوں کے ذریعہ اور وقتاً فوقتاً اس ہاؤس میں سوالات کے ذریعہ حکومت کی توجہ اس طرف مبذول کرائی گئی ۔ جناب والا سب سے پہلے میں یہ بات عرض کرنی چاہتا ہوں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ محکمہ آبپاشی کو اس سکیم کی مخالفت نہیں کرنی چاہیے کیونکہ وہ اس سے پہلے اس سکیم کی افادیت کے پیش نظر اس سکیم کو ضرور قائم کرنے کے لئے غور کر چکا ہے ۔ اس کام کے لئے ایک رقم کا خاکہ بھی منظور ہو چکا ہے ۔ اب اگر اس میں کسی کو اختلاف ہو سکتا ہے تو وہ محکمہ مالیات کو ہونا چاہیے اور وہ بھی کسی ٹیکنیکل وجہ سے اختلاف ہونا چاہیے ورنہ محکمہ آبپاشی کو اس میں کوئی اختلاف نہیں ہو سکتا ۔ میں یہ بھی آپ کی خدمت میں عرض کر دوں کہ 11 کروڑ روپے کی اصل سکیم محکمہ نے بنائی تھی ۔ یہ کوئی یکمشت سکیم نہ تھی کہ اس پر ایک ہی دفعہ عمل کر دیا جائے اور اس پر 11 کروڑ کا 11 کروڑ روپیہ ہی خرچ کر دیا جائے ۔ یہ تمام کام ایک phased پروگرام کے ذریعہ ہوگا ۔ جس طرح محکمہ مناسب خیال کرے اس رقم کو خرچ کرے ۔ اس کے بعد مخدوم صاحب کا مجھے پتہ ہے کہ وہ کیا فرمائیں گے ۔ وہ یہ فرمائیں گے . . . . . .

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ آپ اپنے متعلق فرمائیں ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ پہلے میں یہ جواب دے چکا ہوں کہ یہ سکیم اکٹھی شروع نہیں کی جائے گی بلکہ یہ سکیم phased پروگرام کے تحت مکمل ہو گی ۔ وہ یہ فرمائیں گے کہ بعض جگہ پر اس زمین میں بند کی ضرورت نہیں ہو گی کیونکہ پانی کے ذخیرہ کرنے کی وجہ سے جو مٹی آتی ہے وہ اس زمین کی زرخیزی کو ضائع کرتی ہے ۔ جناب والا ۔ میں کم از کم ضلع شیخوپورہ کے کچھ حصہ سے واقف نہیں ہونگا لیکن باقی حصہ کے متعلق میں اس ہاؤس میں یہ اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ڈیک نالہ کا کوئی حصہ بھی آبپاشی کے لئے استعمال نہیں ہوتا اور نہ آج تک کبھی استعمال ہوا ہے ۔ ڈیک نالہ آبپاشی کے لئے نہیں

بلکہ زمین کی بربادی کے لئے - دیہاتوں کی بربادی کے لئے - مویشیوں کی بربادی کے لئے اور انسانوں کی اتلاف جان کے لئے ضرور استعمال ہوا ہے - آبپاشی کے استعمال کے لئے اس کی شکل یہی ہوگی کہ اس کے بند اونچے کر دیئے جائیں اور اس کو channelise کیا جائے پھر اس کے بہاؤ کو محکمہ آبپاشی جس طرح مناسب سمجھے پہلے پوائنٹ سے آخری پوائنٹ پر لیول دیتا آئے - اس طرح پانی کی رفتار کنٹرول میں ہوگی - اس پر ٹیوب ویل بھی لگیں گے - اس پر پمپ بھی لگیں گے - اس پر ہرشین ویل بھی ہوں گے -

جناب والا - تیسری بات جو بڑی افادیت کی حامل ہے وہ میں آنریبل وزیر صاحب کے نوٹس میں لائے بغیر نہیں رہ سکتا وہ اس ریزولیوشن کو منظور کریں یا اس ریزولیوشن کو ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ کے پاس بھیجیں کیونکہ گوجرانوالہ کی طرف سیالکوٹ کے نصف حصہ سے انڈین آرمی جی - ٹی - آر کو عبور کرنے والی تھی تو سب سے بڑی رکاوٹ جو ان کے راستے میں پیش آئی یا سب سے بڑی روکاوٹ جو وجہ تاخیر ہو گئی تھی وہ نالوں کو عبور کرنے کے لئے اپنی re-inforcement کا انتظار تھا - وہ یہی ایک ڈیک نالہ تھا جس کے سائفن کی طرف آ کر ان کو رکاوٹ پڑی - میں سمجھتا ہوں کہ اس ریزولیوشن کو من و عن ترمیمی حیثیت سے منظور کریں کیونکہ phased پروگرام سے ہمیں کوئی اختلاف نہیں ہوگا - بلکہ اگر آپ ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ سے بھی امداد طلب کریں گے تو مجھے یقین ہے کہ ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ بھی اس کام کے لئے ضرور امداد کرے گا -

جناب والا - ان گذارشات کے ساتھ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ان کو اس ریزولیوشن کی مخالفت نہیں کرنی چاہئے اور خاص طور پر اس ڈویژن کے عوام کے جذبات کا ان کو احترام کرنا چاہئے - میں تمام مغربی پاکستان کے لوگوں سے اپیل کروں گا کہ بالخصوص یہ علاقہ پاکستان کے لئے ایک observer کی حیثیت رکھتا ہے - اگر جنگ ہو تو سب سے زیادہ نقصان ہم کو - اگر سیلاب آئے تو سب سے زیادہ نقصان ہم کو -

جناب والا - آج بھی میں آپ کو سیالکوٹ کی پوزیشن بتاتا ہوں - جس

دی اس صوبہ میں disturbance وقوع ہوئی وہاں پر سینکڑوں مویشیوں کو انڈیا کے لوگ ہانک کر لے گئے بلکہ لوگوں کو بھی انہوں نے قتل کر دیا اور دیہاتوں کو لوٹ لیا ۔ میں سمجھتا ہوں وہ حوصلہ مند لوگ جو پورے ملک کے لئے observer کی حیثیت کا کام دے رہے ہیں ان کی spirit اور ان کے مورال کو اونچا رکھنے کے لئے یہ بڑی معمولی رقم ہے جو آہستہ آہستہ ہم خرچ کریں گے ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ تیسرا فائدہ میں یہ عرض کروں گا اور میرا اپنا اندازہ یہ ہے کیونکہ میں سرکاری طور پر بحث نہیں کر سکتا لیکن جو اعداد و شمار میں نے اکٹھے کئے ہیں اس کے مطابق گوجرانوالہ اور سیالکوٹ میں صرف 36 ہزار ایکڑ زمین اس ڈیک نالہ کے پانی کی وجہ سے متاثر ہوئی ہے ۔ وہ زمین ناقابل کاشت ہے کیونکہ اس میں ریت بہت موٹی آتی ہے ۔ اس لئے دریا کے مطابق یہ بات سمجھا جاتا کہ دریا ایک سال زمین برد کرتا ہے اور دوسرے سال اس کو برآمد کرتا ہے ۔ یہ فارمولا کم از کم اس نالہ پر لاگو نہیں ہوتا ۔ میں اس کے متعلق یہ عرض کر دوں کہ سو سال سے جو اس نے ریت کا ڈھیر چھوڑا ہوا ہے وہ اس طرح سے ہے ۔ اس کی وجہ سے زمین ناقابل کاشت ہے ۔

جناب والا ۔ چوتھی بات یہ ہے کہ بورڈ آف ریونیو نے ایک دفعہ اس ہاؤس میں یہ اصول تسلیم کیا تھا کہ جو زمین دریا برد ہوتی ہے ان متاثرہ زمینداروں کو اس کا بدل دیا جائے گا لیکن اس ہاؤس میں دوسری دفعہ بورڈ آف ریونیو کی طرف سے جواب آ گیا کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ متاثرہ زمینداروں کو دریا برد زمینوں کا معاوضہ دیا جائے ۔ میں نے اس جواب کو چیلنج بھی کیا تھا ۔ فی الحقیقت قاعدہ یہ ہے کہ جو زمین دریا برد ہو جاتی ہے اس کا معاوضہ گورنمنٹ دیتی ہے لیکن یہ بڑی مضحکہ خیز سی بات ہے کہ جو دریاؤں کے معاونوں سے زمین برد ہوتی ہے اس کا معاوضہ حکومت نہیں دیتی ہے ۔

جناب والا ۔ جس جگہ یہ ڈیک نالہ پاکستان میں آ کر داخل ہوتا ہے وہاں کے چار دیہاتوں کے نام لئے بغیر میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ان دیہات کی اڑھائی ہزار ایکڑ زمین میں سے ایک دیہات کی 75 ایکڑ ۔ ایک دیہات کی

65 ایکڑ اور ایک دیہات کی 43 ایکڑ زمین قابل کاشت رہ گئی ہے۔ باقی ساری زمین دریا برد ہو چکی ہے۔ جناب والا۔ اس صورت حال کے ہوتے ہوئے۔ ان تکالیف اور ان ذمہ داریوں کے ہوتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس علاقہ کی دائمی تکلیف ہے۔ جس کی وجہ سے انسانوں کی جانیں تلف ہوتی ہیں۔ جس کی وجہ سے ہر سال مویشیوں کی جانوں کی تلفی ہوتی ہے۔ مکانات مسمار ہو جاتے ہیں۔ کھڑی فصلیں تباہ و برباد ہو جاتی ہیں بلکہ پورے دیہات کے دیہات راتوں رات صفحہ ہستی سے مٹ جاتے ہیں۔ ان تکالیف کا ازالہ کرنے کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ مخدوم صاحب کو اس ریزولیوشن کی مخالفت نہیں کرنی چاہیے اور اسے پاس کرنا چاہیے۔ کیونکہ فی الحقیقت یہ جو مقام ہے۔ یہ مغل regime میں ان spiritual لوگوں کی وجہ سے مشہور تھا۔ اور شاہجہان اپنے زمانہ میں ان spiritual لوگوں کو بلایا کرتا تھا۔ شاہ دولہ ہمارے علاقہ کے بہت مشہور انجینئر تھے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس حیثیت سے بھی آپ پر ہماری زیادہ ذمہ داری ہے کہ آپ لوگوں کو اس مصیبت سے نجات دلانے کی کوشش کریں۔

قاضی محمد اعظم عباسی۔ جناب والا۔ میں چوہدری محمد سرور صاحب کے ریزولیوشن کو support کرتے ہوئے انہیں مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اس قسم کا ریزولیوشن لا کر ہمارے لئے بھی گنجائش پیدا کر دی ہے۔ کہ محکمہ irrigation جن جن علاقہ جات میں توجہ نہیں دے رہا ہے۔ ایسے ریزولیوشن لا کر ان کو پابند کریں کہ ایسے projects پر غور کریں۔ جہاں تک اس ریزولیوشن کا تعلق ہے چوہدری صاحب نے جو کچھ کہا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس project پر عمل کرنا نہایت ضروری ہے کیونکہ یہ ایسے علاقے ہیں۔ جہاں پر اگر محکمہ irrigation کی توجہ دلائی گئی ہے اور اگر یہ توجہ دے۔ تو نہ صرف اس کا عوام کی اقتصادیات پر اثر پڑے گا۔ بلکہ غلہ بھی زیادہ پیدا ہوگا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ریزولیوشن کی مخالفت جناب وزیر انہار کو نہیں کرنی چاہئیے۔ اگر ان کا یہ کہنا ہے کہ اس project کو chalk out نہیں کیا گیا ہے۔ اور مالی مشکلات ہوں گی۔ تو انہیں phase-wise کر لینا چاہیے انہیں اس کی مخالفت نہیں کرنی چاہیئے۔

انہیں چھوٹے چھوٹے علاقوں میں بارانی نالے اور دریاؤں کی طرف توجہ دینا نہایت ضروری ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں چوہدری صاحب کے ریزولیوشن کو support کرتا ہوں ۔

ملک معراج خالد ۔ جناب والا ۔ میں مختصر الفاظ میں چوہدری صاحب کے اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں اور اپنے دوستوں کا اس میں ہم نوا ہوں کہ 11 کروڑ روپیہ یک لخت نہیں خرچ کیا جائے گا ۔ یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ اسی وزارت کے زمانہ میں اس نے پورا ہونا ہے آپ اس کو اصولی طور پر منظور کر لیں ۔ اور جس طرح قائد ایوان نے بیان فرمایا تھا ۔ کہ کاشتکاروں ، زمینداروں اور اس علاقے کے عوام کا انہیں پورا پورا درد ہے ۔ اس پر پھول چڑھائیں اور اس کو من وعن مان لیں ۔ تا کہ ان کی تکالیف کا ازالہ ہو جائے ۔

نوابزادہ چوہدری اصغر علی ۔ صاحب سپیکر ۔ میں جناب چوہدری محمد سرور کے اس ریزولیوشن کی تائید کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ میں بھی سیالکوٹ کا رہنے والا ہوں اور یہ محسوس کرتا ہوں کہ جس قدر ان برساتی نالوں سے جو کشمیر سٹیٹ کے ساتھ والے اضلاع میں تباہی آتی ہے ۔ اگر ہماری حکومت اس تباہی سے کسی طور پر اس رقبہ کو محفوظ کر لے ۔ تو یہ جو 11 کروڑ کی رقم ہے ۔ وہ میرے خیال میں ہم چند سالوں میں ہی اتنی آمدنی پیدا کر سکتے ہیں ۔ اور جو رقبہ غیر مستقل اراضی کا ہے ۔ اور جیسا کہ چوہدری صاحب نے فرمایا ہے کہ 37 ہزار ایکڑ وہ رقبہ جو قابل کاشت نہیں ہے اور ان نالوں کی طغیانی کی وجہ سے پیداوار سے بھی محروم ہو چکا ہے ۔ آپ اس کا یہ اندازہ لگائیں کہ تین روپے فی ایکڑ کی آمدنی کے حساب سے آپ کو ایک سال میں کتنی آمدنی ہو جاتی ہے ۔ اور 11 کروڑ کو پورا کرنے کے لئے ہمیں اس قدر آمدنی 11 سال میں ہو سکتی ہے ۔ قومی آمدنی میں اضافہ ہوگا ۔

جناب والا ۔ آج کل ہم "اناج زیادہ اگاؤ مہم" کے تحت اتنی کوشش کر رہے ہیں ۔ اس کا ہم اندازہ لگا کر دیکھیں ۔ کہ ہم کتنے خسارے میں ہیں ۔ اگر ہم نے فی ایکڑ دس من چاول بھی ایک سال میں حاصل کئے تو

37 ہزار ایکڑ سے 3 لاکھ 70 ہزار من نہاول حاصل کر سکتے ہیں اور جہاں ہم خوراک کے بڑے حصے کو پورا کر سکتے ہیں وہاں پر حکومت ہزاروں روپے کا زر مبادلہ کما سکتی ہے ۔ یعنی اس قسم کی سکیموں کو اس خیال سے نہیں دیکھنا چاہیے کہ اس پر کتنی رقم خرچ ہو گی بلکہ یہ دیکھنا چاہیے کہ اس سے ہمیں کس قدر آمدنی حاصل ہوگی یا پبلک کو کس حد تک فائدہ ہوگا ۔ جہاں تک ہماری حکومت کا تعلق ہے اگر اس ترقی کے دور میں بھی کاشتکاروں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا ۔ تو میں یہ محسوس کرتا ہوں ۔ کہ اس سے بہتر دور کبھی نہیں آ سکتا ۔ کیونکہ میری عمر ساٹھ سال سے اوپر ہے ۔ اور میں نے آج تک سوائے ایک کے کسی حکومت کو نہیں دیکھا جس کو قوم نے باوجود کام کرنے کے condemn نہ کیا ہو ۔ کیونکہ ہماری قوم کی یہ تعریف ہے کہ یہ شکایت اس کی کرتے ہیں جو کام کرتا ہے ۔ جو کام نہیں کرتا اسے بالکل کوئی نہیں پوچھتا کیونکہ اس کا کام سے تعلق ہی نہیں ہوتا اور لوگ بھی اسے نہیں جانتے ۔ گالیاں اسی کو ملتی ہیں جو کام کرتا ہے ۔ ایک صاحب نے کہا ہے ۔

گرتے ہیں شاہسوار ہی میدان جنگ میں
وہ طفل کیا گرے گا جو گھٹنوں کے بل چلے

تو حضور والا ۔ حمزہ صاحب تو شاید تشریف نہیں رکھتے ۔

ایک ممبر ۔ خواجہ صاحب ہیں ۔

نوابزادہ چودھری اصغر علی ۔ خواجہ صاحب کی تو اور قسم کی طبیعت ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ حضور والا ۔ وقت کی کمی کے پیش نظر میں درخواست کرتا ہوں کہ اس ریزولیوشن کو ہاؤس کے سامنے ووٹنگ کے لئے put کیا جائے ۔

Mr. Speaker: Let him conclude his speech.

نوابزادہ چودھری اصغر علی ۔ حضور والا ۔ اس کے ساتھ ساتھ

میں حکومت سے عرض کروں گا کہ وہ اس ایک ضلع کی بجائے مالاکنڈ ۔ گجرات اور راولپنڈی یعنی جتنے اضلاع پہاڑ کے دامن میں ہیں ان کے لئے بھی حکومت اگر improve کرے تو وہاں سے لاکھوں من گندم اور چاول پیدا ہو سکتا ہے ۔ لہذا ان اضلاع کی طرف بھی توجہ دینی چاہئے ۔ آخر میں میں چودھری محمد سرور کی اس ریزولیوشن کی پر زور تائید کرتا ہوں ۔

وزیر آبپاشی و بزقیات (مخدوم حمید الدین) ۔ جناب سپیکر ۔ عام بات قرارداد کو oppose کر کے ایک نا خوشگوار فرض کی ادائیگی کرنے جا رہی ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ قراردادیں بہت ہیں اور وقت بہت کم ہے ۔ اس لئے آپ وزیر صاحب کے لئے آدھ گھنٹہ وقت مقرر کر دیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ وزیر صاحب نصف گھنٹہ تک تقریر کر سکتے ہیں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ تو پھر جناب والا میرا نام بھی لکھ لیا جائے تاکہ ہماری قراردادیں بھی ہاؤس کے سامنے آ جائیں ۔ وزراء صاحبان نے بھی ایک طریقہ چلایا ہے کہ ایک ریزولیوشن کو لے کر اس کو اپنا شروع کر دو تاکہ ہماری قراردادیں آ ہی نہ سکیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ رانا صاحب جب ٹائم ختم ہونے والا ہوگا تو آپ کی تجویز بھی ہاؤس کے سامنے رکھ دی جائے گی ۔

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں آپ سے یہ مؤدبانہ گذارش کرتا ہوں کہ میں نے اپنی نرم بات کی تھی تو اس وقت میرے فاضل دوست مخدوم صاحب اس ریزولیوشن پر اپنی تقریر فرما چکے تھے ۔ تو ان کی اپنی اوپینین میری سمجھ میں نہیں آ رہی ۔ ایک طرف تو قائد ایوان اس ریزولیوشن کو support کرتے ہیں اور دوسری طرف وزیر آبپاشی اس کی مخالفت کرتے ہیں ۔ کہ اب کے اس وقت کو اس طرح نہ ٹالا جائے

یا گذارنا ہے تا کہ دوسرے ریزولیوشن پاس نہ ہوں تو پھر علیحدہ بات ہے ۔ لیکن میں آپ سے یہ درخواست کرتا ہوں . . . . .

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ میں اپنے معزز دوست کی اطلاع کے لئے پہلے کچھ عرض کرنا ضروری اس لئے سمجھتا ہوں کہ جب جناب یہاں تشریف فرما نہیں تھے اس وقت ان کا یہ تاثر کہ میں تقریر کر چکا ہوں یہ میں سمجھتا ہوں کہ صحیح نہیں ہے

مسٹر سپیکر ۔ آپ ریزولیوشن پر بات کریں ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ مگر اس میں یہ ہے کہ انہوں نے کچھ ایسی بات کی ہے کہ جو تشریح طلب ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں نے ان کے پوائنٹ آف آرڈر کو خلاف ضابطہ قرار دے دیا ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ تو اس سے ان کو تاثر یہ ہوا کہ میں ریزولیوشن پر تقریر کر چکا ہوں حالانکہ یہ بات نہیں ہے ۔ اور وہ بھی chair کی compulsion کے تحت کہ

You should speak on the amendment and oppose or support it.

جناب والا ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ مجھے یہ نا خوشگوار فرض اس لئے ادا کرنا پڑا کہ میں سمجھتا ہوں اور مجھے اس سے اتفاق ہے کہ یہ مسئلہ جو ہے یہ اس علاقے کی دیہی آبادی اور اس کی خوشحالی اور زرعی ترقی کے پیش نظر واقعتاً ایک اہم مسئلہ ہے ۔ ہم سب کو اس کا اعتراف ہے جناب کو یاد ہوگا کہ اس کا تو میں وقفہ سوالات کے دوران بھی بسا اوقات اعتراف کر چکا ہوں اور یہ بھی عرض کر چکا ہوں اور اب بھی یہی عرض کر رہا ہوں کہ ہم نے اپنی اس کوشش اور اس تگ و دو کو ختم نہیں کیا اور مجھ سے زیادہ سرخرو اور کوئی شخص نہیں ہوگا جب ہم اس قابل ہوں گے ۔ اور انشاءاللہ ہوں گے کہ ہم اس علاقے کے لوگوں کو اس قابل

کے خسران سے محفوظ و مامون رکھ سکیں ۔ تو میں نے یہ فرض اس لئے ادا کیا تھا کہ کم سے کم اس پراجیکٹ کی nature سے متعلق اور جو مشکلات ہم اس وقت تک face کرتے رہے ہیں ان کے متعلق اور اس کے اندر جو inherent complications ہیں ان کے متعلق بھی اس معزز ایوان کو آگاہ کر سکوں اور اس کے بعد معزز ایوان نے فیصلہ کرنا ہے ۔ میں نے اپنی کوئی رائے impose تو کرنا نہیں ہے ۔ اور نہ ہی مجھے اس قسم کی کوئی آئینی یا دستوری حیثیت حاصل ہے ۔ میں نے تو یہ موقع حاصل کرنے کے لئے قرارداد کو oppose کیا ہے کہ میں اپنا مؤقف معزز ایوان کی خدمت میں پیش کر سکوں ۔

جناب والا ۔ جناب کو یاد ہو گا کہ اسی علاقے کے متعلق بلکہ میں تو سمجھتا ہوں کہ اسی problem کے متعلق ایک سوال کے دوران اس قرارداد کے معزز محرک نے یہ مطالبہ فرمایا تھا کہ کیا میں اس کے لئے تیار ہوں کہ چیمبر میں یا کسی کمیٹی میٹنگ میں یا اس قسم کی ایک میٹنگ طلب کر کے اس مسئلہ کو thrash out کیا جائے ۔ تو جناب کو یاد ہوگا کہ میں نے کہا کہ ایک نہیں، دو بار تین بار یا جب تک اس بات کی ضرورت ہے میں اس بات کے لئے تیار ہوں کہ ہم سب اکٹھے ہو کر یعنی اس علاقے سے متعلق جو اصحاب ہیں وہ بھی ہوں ۔ محکمہ سے متعلق جو ہیں وہ بھی ہوں تو ہم سب بیٹھ کر اس کے متعلق غور و خوض کریں ۔ تو اس کی تعمیل میں کل ہم نے اپنے چیمبر میں ایک میٹنگ کی ۔ خواجہ صاحب جو کہ یہاں مصروف تھے اس لئے وہ نہ آ سکے لیکن میرے محترم دوست چیمبر میں تشریف لائے ۔ وہاں نقشہ جات بھی ہمارے پیش نظر تھے ۔ اور ایک دو اور صاحبان جو اس علاقے اور ضلع سے متعلق ہیں وہ بھی موجود تھے ۔ ہم نے غور و خوض بھی کیا ۔ اس وقت کا میرا تاثر یہ تھا کہ اس قرارداد کے محرک کی تشفی ہو گئی ہے کیونکہ جناب والا ۔ ایک تو assessment کے متعلق جو بات ہے وہ میں نے point out کی تھی ۔ دوسرے اس embankment سے متعلق بھی محکمہ اریگیشن کے جو متعلق افسر صاحبان تھے انہوں نے بھی بالوضاحت اس کے متعلق تشریح کی ۔ اور اس وقت کا میرا تاثر یہ تھا کہ محترم محرک نے یہ شاید قبول فرمایا تھا اس

پر رضا مند ہوئے تھے ۔ اور اس وقت کا میرا تاثر یہ ہے کہ محترم mover نے شاید یہ قبول فرما لیا تھا اور وہ رضامند ہو گئے تھے ۔ کہ جو inherent complication تھیں وہ میں نے آشکارا کی تھیں تو شاید اس سے مطمئن ہو جائے اور اگر اس کو اس حد تک amend کرنا منظور ہوتا کہ certain reaches کے upstream پر اور وہاں کی topogtraphy کچھ ایسی ہے کہ وہاں وہ ہر سال اپنا کورس بدلتا رہتا ہے اور جو area وہ چھوڑتا ہے وہ قابل کاشت نہیں رہتا ۔ اس علاقہ میں اتفاق سے density of population ہے ۔ وہاں بستیاں زیادہ ہیں اور وہ خراب ہو جاتی ہیں ۔ انہوں نے ایک خاص distance فرمایا تھا کہ اس کو channelize کر دیا جائے تا کہ یہ لوگوں آبادی کا تحفظ ہو سکے ۔ تو بہر حال یہ ایک تجویز تھی ۔ میرا خیال تھا شاید وہ amended تجویز آئے گی ۔ وہ تجویز ایسی تھی جس کے متعلق میں نہیں سمجھتا تھا کہ کسی قسم کا بنیادی النظر میں اختلاف ہو سکے ۔ نہ تو آپ انجینئر ہیں اور نہ میں انجینئر ہوں ۔ اپنے تجربہ کے ریشن نظر میرا خیال تھا کہ وہ amended تجویز جو یہ فرمانے والے تھے اگر وہ ہوتی تو شاید اس پر کوئی اعتراض نہ ہوتا ۔ اس کے متعلق دو چار اہم باتیں عرض کروں گا ۔ کیونکہ وقت تھوڑا ہے اور تقاضا ہے کہ اور ویژولیشن بھی آئیں اور میں چاہتا ہوں کہ وہ آئیں تا کہ میں اپنا بیا فی الضمیر بیان کر سکوں ۔ باقی فیصلہ تو آپ نے کرنا ہے ۔

راناپھول محمد خان ۔ محترم وزیر صاحب نے کافی تقریر کر لی ہے ۔

وزیر آبپاشی ۔ میں نے تو ابھی شروع کرنی ہے وہ تو تمہید تھی ۔

وزیر زراعت و خوراک ۔ ایک بجے تک تقریر کر لیں ۔

وزیر آبپاشی ۔ میں جلدی ختم کردوں گا ۔

راناپھول محمد خان ۔ اب آپ ختم کریں ۔ ہاؤس اس کا فیصلہ کر لے گا ۔

وزیر آبپاشی ۔ نہیں نہیں ۔ جناب آپ کو بھی اس سے دلچسپی ہوگی ۔

اس کے لئے عرض یہ ہے کہ چودھری محمد سرور خان کو شخصی طور پر مجھے احترام ہے اور ان کی صلاحیتوں کا اعتراف بھی ہے ۔ آپ کو معلوم ہے کہ یہ بات ہمیشہ ایوان کے پیش نظر رہی ہے ۔ ہم نے اس سلسلہ میں کسی قسم کی تگ و دو کو ختم نہیں کیا ۔ یہ تو صرف تجاویز کا اختلاف ہو رہا ہے ۔ کہ تجویز کونسی بہتر ہیں اور کس تجویز کی تکمیل کریں جہاں تک اس کے مقصد کا تعلق ہے ہم نے کسی طور سے بھی اس سے دست کشی نہیں کی ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ resolution تو پھر اسی کے متعلق ہے ۔

وزیر آبپاشی ۔ اس شکل میں اس کی تکمیل کرنے میں مشکلات ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ شکل تو آپ کے محکمہ نے اختیار کرنی ہے ۔

وزیر آبپاشی ۔ انہوں نے جیسا فرمایا ہے کہ اس بڑے channel پر کوئی ایسا رقبہ نہیں ہے جس کی spill irrigation ہوتی ہو اور جس کی moisture retention ہوتی ہو ۔ ہماری اطلاع کے مطابق یہ بات ہے کہ خاص طور پر ظفر وال والے اور جو upper reaches کے علاقے میں وہاں کافی area اس پر dependent ہے ۔ اس کے علاوہ down stream میں بھی کافی علاقے ہیں ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ مخدوم صاحب کی تسلی کے لئے عرض کروں گا کہ باہو رفیق صاحب ڈیک کے رہنے والے ہیں ۔ ان سے بھی انہوں نے اپنی عمر میں کتنی دفعہ گاؤں تبدیل کیا ہے ۔

وزیر زراعت و فوراک ۔ وہ تو لورا لائی سے تعلق رکھتے ہیں ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ اصل میں وہ ڈیک کے رہنے والے ہیں ۔

Minister for Irrigation and Power. On the total length and breadth of it, there are several areas which are every year receiving flood irrigation.

معطر سپیکر - لیکن اگر آپ channelize کریں گے تو کیا وہ lift irrigation سے محروم تو نہیں ہو جائیں گے ؟

وزیر آبپاشی - یہ تو جناب natural flow ہے -

مسٹر سپیکر - میرا یہ مطلب ہے کہ اگر کچھ لوگ فائدہ اٹھا رہے ہیں تو channelize کرنے سے وہ محروم تو نہیں ہو جائیں گے ؟

وزیر آبپاشی - پھر spills نہیں ہوں گی - جب اس کی اتنی embankment کریں گے - تو spill کیسے ہوگا اس کے cross Section کو wide کرنا ہوگا - تو spill کہاں سے آئے گا - اس section میں اس کو run نہیں کریں گے اس کے cross-section کو بڑھانا ہوگا - تاکہ اس کی velocity کم ہو - اور آہستہ چلے - اس کے اوپر enbankment ڈالیں گے - تاکہ erosion نہ ہو - اس کی power کو کم کرنا ہوگا - وہ اپنے ہی کنٹرول نہیں ہوگا - میری پہلی عرض تو یہ ہے کہ tail reaches کے spill getting areas ہیں -

On both sides of it, historically it would be snatched from those persons.

دوسرے التماس یہ ہے کہ جیسا کہ میں ابھی ایک پوائنٹ بتا رہا تھا کہ خاص طور پر جب M.R. سے down steam آئیں تو اس کی چوڑائی تھوڑی ہوجاتی ہے - اس کی embankment کرنے کے لئے اس کے section کو بڑھانا ہوگا - اس کو wide کریں گے تاکہ اس کی velocity کم ہو اور erosion نہ ہو - پھر اس کے ساتھ embackment ڈالنا ہوگا - تو یہ down M.R. ایسے علاقے ہیں جو بہت زرخیز ہیں - مثلاً شیخوپورہ - گوجرانوالہ اور سیالکوٹ کے اضلاع ہیں - ایک تو cross section کرنے کی وجہ سے کچھ لوگوں کی زمین اس کے اندر آئے گی پھر اس کے بعد embankment لگائیں گے تو یہ جتنا علاقہ اس کے دونوں طرف ہے -

historically it would be snatched from those persons,

مسٹر سپیکر ۔ لیکن اس کے تناسب سے جو رقبہ خراب ہو رہا ہے ۔ اس کا کیا ہوگا ۔

وزیر آبپاشی ۔ اب جھگڑا تو اس بات کا ہے کہ تناسب کیا ہے ۔ جناب والا ۔ ہماری اطلاع یہ ہے کہ اس میں زیادہ وقت کے لئے flow نہیں رہتا ہے ۔ مون سون وغیرہ میں کچھ پانی آتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کا خیال ہے کہ یہ بالکل خشک ہو جاتا ہے ۔

وزیر آبپاشی ۔ تھوڑا تھوڑا پانی رہتا ہے ۔

جناب والا ۔ میری تو کوشش یہی ہے کہ اس tenure میں میں گوجرانوالہ کے احباب کی کچھ خدمت کر کے یہاں سے جاؤں ۔ جناب والا ۔ اس سے بہت سے لوگ اپنا رقبہ مستقل طور پر کھو بیٹھیں گے ۔ پھر ایسے لوگ بھی ہیں ۔ جن کے پاس کل دو ایکڑ ہیں یا چار ایکڑ ہیں جو ان کے طفیل سے چلے جائیں گے ۔ big channel. on both sides of the whole تو اس سے ایک social problem پیدا ہونے کا احتمال ہے ۔

Mr. Speaker. Then there should be no acquisition in West Pakistan if that argument is accepted.

وزیر آبپاشی ۔ not this ۔ میرے کہنے کا مقصد یہ تھا کہ these problems are there ۔ دوسرا یہ ہے کہ اس میں جیسے propose کیا تھا کہ بعض مقامات پر بند لگا دئے جائیں تو اس سے یہ ہوگا کہ جن علاقوں میں بند نہیں ہوگا ۔ وہاں intensity بڑھ جائے گی ۔ جس سے اور خراب ہونے کا خطرہ ہے ۔ آخر میں میں یہ عرض کروں گا کہ میں سمجھ رہا ہوں کہ جناب چاہتے ہیں کہ میں اپنی تقریر کو ختم کروں ۔

Mr. Speaker. The House wants it.

وزیر آبپاشی ۔ آپ نے نصف گھنٹے کے لئے فرمایا تھا ۔ کیا نصف گھنٹہ ختم ہو چکا ہے ۔

Mr. Speaker. Not yet.

Minister for Irrigation. I remember that pronouncement of the learned Chair.

چوہدری محمد نواز ۔ وہ وقت ختم ہوچکا ہے ۔

وزیر آبپاشی ۔ میں آپ کے اطمینان کے لئے بات کر رہا ہوں ۔

چوہدری محمد نواز ۔ ہمیں اطمینان ہے ۔ (شور) ۔ خدا کے لئے رسول کے نام پر رحم کیا جائے ۔

وزیر آبپاشی ۔ میں عرض کروں گا کہ اس سلسلے میں کسی problem یا اس کے ساتھ دوسری problems کو بھی موثر طور پر تکمیل پذیر کرنے کے لئے صوبائی حکومت نے ایک agency مقرر کر دی ہے جس نے اسے take up کیا ہوا ہے اور consideration کے بعد وہ ان مسائل کو حل کرنے کے لئے عملاً اپنا کام شروع کردے گی ۔

Mr. Speaker. What is that agency ?

وزیر آبپاشی ۔ وہ flood کمیشن ہے ۔

Mr. Speaker. Flood Commission is there since long.

وزیر آبپاشی ۔ میں اس پروجیکٹ کا نیچر عرض کر رہا ہوں ۔ اس نیچر کے جتنے proposals ہیں ۔ ان کے لئے ہماری کوشش ہے کہ flood کمیشن کوئی ایسا arrangement کرے اور خاص طور پر ۔ ۔ ۔ ۔

We have laid the greatest emphasis on the officers that, at the earliest possible opportunity, they should take up such problems and implement them.

Mr. Speaker. The question is :

> That this Assembly is of the opinion that the flow of "Nullah Dek" in the Districts of Sialkot, Gujranwala and Sheikhupura should be channelised

by constructing bunds on its embankment.

(*The motion was carried*).

Next Resolution by Chaudhri Muhammad Nawaz.

Kazi Muhammad Azam Abbasi. Point of order. Before Chaudhri Sahib moves his Resolution, I want to submit that you were good enough to tell us that after moving the Resolution it was necessary to oppose it if we wanted to move amendments, but I would refer you to rule 98 which says :

> After a resolution has been moved, any Member may, subject to these rules, move an amendment to the resolution.

Therefore, my submission is that after Chaudhri Muhammad Nawaz Sahib has moved his resolution, we will be entitled to move our emendments without opposing it.

Mr. Speaker. That is against all parliamentary conventions.

آپ جتنے بھی رولز دیکھیں گے تو ان میں یہ پروویژن ہوگا کہ ریزولیوشن کو move کرنے کے ساتھ تقریر کا حق ہوتا ہے ۔ اور اگر آپ یہ precedent پیش کرنا چاہتے ہیں کہ ریزولیوشن move کرنے کے بعد امنڈمنٹ آجائے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ آپ ہاؤس کو اس پر تقاریر کرنے کا موقع ہی نہیں دینا چاہتے ہیں ۔

قاضی محمد اعظم عباسی ۔ تقریر کرنے کے متعلق میں نہیں عرض کر رہا ہوں ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ آپ نے فرمایا تھا کہ جب کوئی ریزولیوشن move کرے اور کوئی اس کو oppose کرے اس کے بعد وہ تقریر فرمائیں تب امنڈمنٹ آئیگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ میرا کہنا یہ ہے کہ کوئی ممبر صاحب ریزولیوشن move کریں اور تقریر فرمائیں اس کے بعد امنڈمنٹ پیش ہوگی ۔

Kazi Muhammad Azam Abbasi. It is not necessary to oppose it. Without opposing the Resolution we can move our amendments. That is my contention.

Mr. Speaker. If the notice of amendment is there, then that amendment will automatically come before the House even if that resolution is not opposed. That is the position.

Kazi Muhammad Azam Abbasi. Thank you very much, Sir.

Mr. Speaker. Actually, giving notice of an amendment is an indication to the Chair that you want to speak on the resolution.

Chaudhri Muhammad Nawaz to move his resolution.

PROPRIETARY RIGHTS TO BE GIVEN TO ALLOTTEES OF STATE LAND IN THE PROVINCE UNDER WELL SINKING, TUBE-WELL SINKING AND GROW MORE FOOD SCHEMES.

Chaudhri Muhammad Nawaz. I beg to move :

> That this Assembly is of the opinion that allottees of State land in the Province under well Sinking, Tube-well Sinking and Grow More Food Schemes should be given proprietary rights in the lands allotted to them.

Mr. Speaker. The Resolution moved is :

> That this Assembly is of the opinion that allottees of State land in the Province under Well Sinking, Tube-well Sinking and Grow More Food Schemes should be given proprietary rights in the lands allotted to them.

Minister for Revenue and Rehabilitation. I oppose it.

چوہدری محمد نواز ۔ مجھے بڑا افسوس ہے کہ خان صاحب نے اس کو oppose کیا ہے ۔

چوہدری محمد ادریس ۔ کیا پہلے امنڈمنٹ move نہیں ہونگی ؟

مسٹر سپیکر ۔ پہلے ریزولیوشن کے متعلق تقاریر ہونگی اس کے بعد امنڈمنٹ لائی جائے گی ۔

چوہدری محمد نواز ۔ جناب والا ۔ میں وقت کی کمی کے پیش نظر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ چوہدری صاحب کیا آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ریزولیوشن move کرنے کے بعد ترامیم آئیں اور ان ترامیم پر تقاریر ہوں ؟

چوہدری محمد ادریس ۔ میں جو کچھ سمجھا ہوں وہ یہ ہے کہ جوں ہی کسی وقت ریزولیوشن move ہوگا اس کے بعد امنڈمنٹس dispose of ہونگی ۔

Mr. Speaker. The making of a speech by the mover is a necessary corollary to the moving of a resolution, otherwise it is absolutely meaningless.

چوہدری محمد ادریس ۔ میرا پوائنٹ یہ ہے کہ امنڈمنٹ dispose of ہونے کے بعد ہم right exercise کریں گے ۔

Mr. Speaker. No. First the Member will make a speech and then the amendments would be moved, debated upon, put to the House, decided and then the resolution would be taken up.

چوہدری محمد ادریس ۔ اگر آپ کی یہ رولنگ ہے تو مجھے اعتراض نہیں ہے ۔

Mr. Speaker. This is not my ruling but it is the parliamentary practice.

چوہدری محمد ادریس - میں اس کے متعلق یہ عرض کر رہا تھا کہ رول اس پر clear تھا -

Mr. Speaker. Rules are not inconsistent with the parliamentary procedure and practice.

چودھری محمد نواز - حضور والا - جب سے پاکستان معرض وجود میں آیا ہے مغربی پاکستان میں خاص طور پر اور سابق پنجاب کے کالونی ڈسٹرکٹس میں عام طور پر مختلف اسکیموں کے تحت مختلف افراد کو زمینیں الاٹ کی گئیں - جن میں grow more food, well sinking اور ٹیوب ویل اسکیمیں ہیں اور اس کے علاوہ Land Reclamation اور گھڑپال اور گائے پال اسکیموں کے تحت مختلف لوگوں کو وقتاً فوقتاً زمین دیجاتی رہی ہیں - 1952 کی اسکیم کے تحت لوگوں کو جو زمین الاٹ کی گئی تھیں ان کی checking ریپبلکن حکومت کے دور میں ہوئی - اس کے بعد اس کی checking مارشل لا کے دوران ہوئی - اس کے بعد 1962 میں جب نیا آئین اس ملک کو ملا اس وقت یہ checking کی گئی - اس کے بعد 1966 میں ان آراضیات کی الاٹمنٹ کی نظرثانی کی گئی جن کو 1952 کی اسکیم کے تحت زمین الاٹ ہوئی تھیں - ان لوگوں نے 15 - سال کے عرصہ میں اس کو آباد کیا اور جو کچھ ان کے پاس سرمایہ تھا انہوں نے ان پر لگا دیا - لیکن ہوا کیا - آج پندرہ سال کا عرصہ گزر جانے کے بعد جنہوں نے پیسہ جمع کروایا تھا اور انہیں proprietary right مل چکے ہیں - گورنر کی السپکشن ٹیم جس کا legally کوئی وجود نہیں ہے جس کی کوئی پوزیشن نہیں ہے اور وہ جو کچھ آرڈر کرتی ہے وہ legally stand نہیں کر سکتا وہ گاؤں کے سینکڑوں نہیں ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں افراد کو برباد کرنے پر تلی ہوئی ہے اور ان اسکیموں کے تحت وہ لوگ involve ہیں - میں عرض کرتا ہوں کہ بورڈ آف ریونیو ان لوگوں سے جن کے پاس کالونی ڈسٹرکٹ میں کراؤن لینڈ ہے اور جس پر ان کا قبضہ ہے - اپنے قبضہ میں زمین لے چکا ہے - گورنر السپکشن ٹیم کے کہنے پر وہ ان سے زمین واپس نہیں لے سکتا اس قانون کے ہوتے ہوئے یہ لوگوں کے ساتھ ناانصافی کرنا

چاہتے ہیں اور ان لوگوں نے جنہوں نے اس زمین کو اپنا خون پسینہ ایک کر کے آباد کیا ۔ ان سے یہ زمین چھین کو دوسرے interested لوگوں کو اور اپنے رشتہ داروں اور اقربا کو یہ الاٹ کرنا چاہتے ہیں ۔ اور اب یہ چیز منظرعام پر آ گئی ہے ۔ جناب والا ۔ میرے پاس پنجاب کوڈ ہے جس کے volume II صفحہ 92 سے میں کچھ پیش کرنا چاہتا ہوں

Punjab Code Volume II, page 92, Section 6.

> If any person who after the commencement of this Act has been put in possession of land in a colony as a tenant has given false information intending or having reason to believe that any servant of the State may be thereby deceived regarding his qualification to become a tenant he shall be deemed to have committed a breach of his tenancy ; provided that this section shall not apply to persons who have been in possession of a tenancy for more than three years or to any person who has acquired a right of ownership.

حضور والا ۔ ہو کیا رہا ہے ۔ اس سیکشن کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ان لوگوں کو بے دخل کرایا جارہا ہے اور وہ لوگ عدالت میں stay لیتے ہیں ۔ مگر انہیں بلا وجہ disturb کیا جا رہا ہے ۔ یہ اس پر تلے ہوئے ہیں ۔ وہ افسران جن کا ذاتی مفاد ہے وہ نہ صرف ہمارے لئے بلکہ گورنمنٹ کے لئے بھی مشکلات پیدا کر رہے ہیں ۔ آج شہروں میں ہنگامی حالات ہیں ۔ اگر انہوں نے اس صورت حال کو درست نہ کیا تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ مایوسی اور بے دلی گاؤں میں بھی پھیل جائیگی ۔ (تالیاں) میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ آپ اس قرارداد کو پاس ہونے دیں اور عوام کے جو جذبات اور احساسات ہیں انہیں سمجھنے کی کوشش

کریں (تالیاں) ان الفاظ کے ساتھ میں تھوڑا سا اضافہ کرتا ہوں صرف ایک منٹ میں۔ وہ لوگ جن کو یہ زمین الاٹ ہوئی ہے اگر وہ اپنے ہاتھ سے کاشت نہیں کرتے تو انہیں کوئی حق نہیں کہ ان کے پاس یہ زمین رہے۔ وہ لوگ جنہوں نے غاصبانہ قبضہ کیا ہوا ہے افسران یا ان کے بعض عزیزوں کی معرفت ان سے زمین ضرور چھینی جائے۔ لیکن جن لوگوں نے 15 سال کے عرصہ میں اسے آباد کیا ہے گورنمنٹ کو ہرگز انہیں بے دخل نہیں کرنا چاہئے۔

Mr. Speaker. Now we will take up the amendment.

Diwan Syed Ghulam Abbas Bukhari. Sir I beg to move:

> That in the proposed Resolution, for the words "and Grow More Food Sehemes" occurring in line 3, the comma and words, "Grow More Food and Lambardari Schemes or any other Scheme of the Government under which the lands were allotted" be substituted.

Malik Meraj Khalid. Opposed.

مسٹر سپیکر۔ بخاری صاحب آپ کی یہ ترمیم مبہم ہے۔

دیوان سید غلام عباس بخاری۔ اس میں سے جو حصہ نمبرداری رقبہ کے لئے ہے وہ رہنے دیا جائے باقی کو نکال دیا جائے۔

مسٹر سپیکر۔ آپ کی ترمیم مبہم ہے۔ اس لیے خلاف ضابطہ ہے۔

دیوان سید غلام عباس بخاری۔ نمبرداری رقبہ تو رکھیں۔

مسٹر سپیکر۔ وہ تو اس وقت پیش نہیں ہے۔

Chaudhri Muhammad Sarwar Khan. Sir I beg to move.

> That in the proposed Resolution between the word "them" and full-stop appearing at the end, the

commas and words, "including lands the allotments of which are at present under scrutiny of the competent authority" be inserted.

Malik Meraj Khalid. Opposed.

Mr. Speaker. "Under scrutiny. of the competent authority" ۔ سے آپ کی کیا مراد ہے

چودھری محمد سرور خان ۔ ریونیو بورڈ ہی کو سمجھنا چاہئیے یا کوئی اور ایجنسی جو موجود ہو ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا اس کا مطب یہ نہیں ہو گا ۔ ۔ ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ جناب والا ۔ کچھ لوگوں کو scrutiny کے نام پر ان حقوق سے محروم کیا جا رہا ہے ۔ ایک اصول کے تحت باقی لوگوں کو یہ فائدہ پہنچتا ہے مگر ایک آدمی کے خلاف فرض کیجیے برسوں فیصلہ دے دیا گیا ہو ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کا مطب ۔ کہ وہ زمین اپنے الاٹ ہوئی ہی نہیں ۔ وہ الاٹی نہیں رہا ۔ جس کی زمین تنسیخ کرنے کے بعد اس کی سکروٹنی ہوتی ہے ۔

ایک آواز ۔ سکروٹنی پہلے ہوتی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر پہلے ہوتی ہے تو وہ الاٹی ہے ۔

Chaudhri Muhammad Sarwar Khan. I withdraw my amendment:

Mr. Speaker. Both the amendments now stand disposed of. Now the resolution before the House is original resolution, of which the notice was given by Ch. Muhammad Nawaz and you can oppose or support the resolution. Next amendment by Rai Mansab Ali Khan Kharal.

Rai Mansab Ali Khan Kharal. Sir, I beg to move.

That in the proposed Resolution, between the words "Schemes" and

"should" occurring in line 3, the words and comma "and tenants of Gurdawara Land Naukana Sahib, District Sheikhupura" be inserted.

Mr. Speaker. That is outside the scope of the resolution and is ruled out of order. Next Amendment by Mr, Abbasi.

Kazi Muhammad Azam Abbasi. Sir I beg to move.

That in the proposed Resolution, between the words "Schemes" and "should" occurring in line 3, the words "and the leasees of Kacha land in the former Province of Sind" be inserted.

Mr. Speaker. That is also outside the scope of the Resolution and is ruled out of order.

Syed Zafar Ali Shah. Sir, how this is outside the scope of the Resolution.

Mr. Speaker. I have given my ruling.

Kazi Muhammad Azam Abbasi. Sir, we are not challenging the ruling but we want to be guided by you for future guidance.

مسٹر سپیکر - اس کے متعلق میں عرض کروں یہ قرار داد چودھری محمد نواز نے پیش کی تھی وہ Well sinking Scheme, Tube well sinking scheme and Grow More food scheme کے متعلق تھی - اس کے متعلق اگر آپ کوئی ترمیم پیش کرنا چاہتے ہیں تو کریں - اگر آپ نئی سکیم لانا چاہتے ہیں تو نئی قرار داد لائیں -

قاضی محمد اعظم عباسی - کیا ہم اس میں کوئی نئی سکیم شامل نہیں کر سکتے -

مسٹر سپیکر - نئی نہیں کر سکتے - اس کے لئے الگ قرار داد کا نوٹس دیں -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا - اب وقت بہت کم ہے - ابھی بہت سی ترامیم پیش ہونے والی ہیں - اور صرف پندرہ منٹ باقی رہ گئے ہیں -

مسٹر سپیکر - آپ یہ نکتہ ایک بج کر 29 منٹ پر اٹھائیں -

رائے منصب علی خان کھرل - پوائنٹ آف آرڈر - اس قرار داد کا اصول یہ ہے کہ جو بے زمین کاشتکار ہیں - جن کی اپنی زمین نہیں ہے انہیں حقوق ملکیت دیں - اس لحاظ سے میری ترمیم اس کے منافی نہیں ہے -

مسٹر سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

بابو محمد رفیق - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - میرا ایک ریزولیوشن تھا - کوئٹہ قلات ڈویژن کے متعلق - مگر میران نے اس ہاؤس میں اتنی ترامیم پیش کی تھیں جو اس کے سکوپ سے باہر تھیں اور آپ نے ان کی اجازت دے دی تھی - ابھی آپ نے فرمایا ہے کہ ایسی ترامیم پیش نہیں ہو سکتیں - میں اپنی guidance کے لئے پوچھتا ہوں - مجھے پتہ نہیں چلتا کہ ان ترامیم میں اور ان میں فرق کیا ہے -

مسٹر سپیکر - یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں بنتا -

مسٹر حمزہ (لائل پور - 6) - جناب سپیکر - پچھلے تقریباً 4 سال سے مجھے اس ایوان میں چودھری نواز صاحب سے ملنے ان کے خیالات سننے اور ان سے مستفید ہونے کا اتفاق ہوا - آپ یقین کیجئے اب میں انہیں تھوڑا سا سمجھ سکتا ہوں - لیکن یہ قرار داد جو انہوں نے پیش کی ہے - میں ان سے معذرت چاہتا ہوں - میں یہ سمجھ نہیں سکا کہ اس سے ان کا مقصد اور مدعا کیا ہے - رہی سہی کسر انہوں نے اپنی مختصر اور خوبصورت سی تقریر سے پوری کر دی ہے -

جناب سپیکر - وہ فرماتے یہ ہیں کہ ٹیوب ویل سکیم - گرو مور فوڈ سکیم یا سنکینگ سکیم کے تحت لوگوں کو جو زمین دی گئی تھی - انہیں اس کے مالکانہ حقوق دی دئے جائیں - لیکن جب وہ تقریر فرما رہے تھے تو

انہوں نے اپنی تقریر میں بار بار 1952 کا ذکر کیا ۔ 1952 کا ذکر کرنے کے بعد 15 سال کے عرصے کا حوالہ دیا ۔ ظاہر یہ ہوتا تھا کہ وہ اپنے آپ کو 1967 میں پا رہے تھے تاہم ان کو چاہئے تھا کہ اگر ان کا منشا یہی ہے کہ وہ محض 1952 کے الاٹیوں کو مالکانہ حقوق دلانا چاہتے ہیں تو اس ریزولیوشن میں اس کی وضاحت ہونی چاہئے تھی ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ انہوں نے کئی بار گورنرز معائنہ ٹیم کے متعلق ناراضگی کا بھی ذکر خیر کیا ۔

جناب سپیکر ۔ میرے نقطہ نظر سے یہ اراضیات آج سے کافی سال پہلے ہماری حکومت مختلف افراد کو مختلف شرائط کے تحت دیتی رہی ۔ گورنر معائنہ ٹیم کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ بہت سے لوگوں نے ہیرا پھیری کر کے مختلف شرائط کے تحت زمین حاصل کر لی تھی ۔ اگر کسی شخص کو گورنرز معائنہ ٹیم کی کارکردگی کے متعلق شکایت ہے تو انہیں چاہئے ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب اس ترمیم پر بول رہے ہیں جو چودھری سرور صاحب نے پیش کی ہے ۔ انہوں نے تو اپنی ترمیم واپس لے لی ہے ۔ اس لئے گورنرز معائنہ ٹیم کا اس ریزولیوشن سے کوئی تعلق نہیں رہ گیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میرا نقطہ نظر یہ ہے کہ اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے یہ اراضیات الاٹ کی گئی ہیں ۔ وہ اراضیات جن لوگوں نے حاصل کی ہیں اگر وہ شرائط کے مطابق کاشت نہیں کر رہے ہیں تو حکومت کو یہ حق حاصل ہونا چاہئے کہ ان کے خلاف باضابطہ کارروائی کرے اور ساتھ ہی ساتھ اس قسم کا ادارہ یا محکمہ مقرر کیا جائے جس کے پاس حکومت کے تفویض کردہ اختیارات ہوں اور حکومت اس ادارے کو اپنے اختیارات سے تجاوز نہ کرنے دے ۔ میں چودھری محمد نواز صاحب سے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ اس بدنام زمانہ حکومت کی حمایت نہیں کرتے ہیں لیکن اس حکومت نے گورنرز معائنہ ٹیم جو ایک نیک مقصد کے لئے قائم کی گئی تھی جو اب اختیارات سے تجاوز کرتی ہے کس منہ سے آپ اس کا گلہ کرتے ہیں ۔ میں زمینوں کو خصوصی طور پر تمام کی تمام سرکاری زمینوں کو ان لوگوں کو

دینے یا ان لوگوں کے حوالے کرنے کے حق میں ہوں جو خود اپنے ہاتھ سے ہل چلاتے ہیں - میں اس کام کو قوم و ملک کے مفاد کے لئے انتہائی ضروری سمجھتا ہوں بلکہ میں اس سے بھی ایک قدم آگے بڑھوں گا کہ وہ لوگ جنہوں نے اس دور میں بلکہ اس دور سے پہلے انگریزوں کے دور میں قوم سے غداری کی ہے اور اس کے صلے میں لاکھوں ایکڑ زمین حاصل کر لی ان سے وہ زمین چھین کر ان لوگوں کو دی جائے جنہیں زمین حاصل کرنے کا حق بنتا ہے - میں ذاتی طور پر محسوس کرتا ہوں کہ یہ مبہم سی قرار داد جو جناب چودھری محمد نواز صاحب جیسے انتہائی ذہین شخص کے انتہائی زرخیز ذہن کی پیداوار ہے اگر اس کو پاس کردیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ میرے ذہن میں آئندہ زمانے میں زمین تقسیم کرنے کا جو خاکہ ہے یعنی یہ کہ تمام کی تمام سرکاری اراضیات خود کاشت کرنے والوں کے حوالے کی جائیں وہ ختم ہوجائیگا - ان میں سے بہت سے ایسے افراد ہیں جنہوں نے اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کر کے - ہیرا پھیری کر کے بہت سے لوگوں نے بینامی طور پر اراضیات حاصل کی ہوئی ہیں ایک انچ زمین بھی ان کے حوالے کرنا تو کجا میں ان کو زمین کی شکل دکھانے کے لئے بھی تیار نہیں ہوں -

جناب سپیکر - مجھے یہ خوشی ہے - میری یہ تمنا ہے - میری یہ دعا ہے کہ اس ملک میں ایک ایسی حکومت قائم ہو جو عوام کے حقوق کی صحیح معنوں میں نمائندگی کرے - اس کی حفاظت کرے - لوگوں کے پاس جتنی بڑی اراضیات ہیں ان کو قومی مفاد کے تحت ان لوگوں میں آسان شرائط پر تقسیم کرے جو زمین کے بھوکے ہیں - جو زمین کو بذات خود سینکڑوں سالوں سے دیکھنے کے لئے یا اس کو استعمال کرنے کے لئے ترس رہے ہیں یہاں وقت اور حالات کے تقاضوں کی آڑ میں اس قسم کی قراردادیں پاس کروانا مفاد پرست لوگوں کا کام ہے ایسی قرار دادیں لوگوں کو خوش کرنے کے لئے پیش کی جاتی ہیں - اس لئے میں اس کی سخت مخالفت کرتا ہوں -

جناب سپیکر - چودھری محمد نواز صاحب کا اور اس حکومت کا بھی

وقت ختم ہو گیا ہے (ہیئر۔ ہیئر) میں تو ایک فانی انسان ہوں ۔ میرا یہ ایمان ہے اور میں اس بات کی ضمانت نہیں دے سکتا کہ جو زمین میں لے رہا ہوں یہ میرے بعد کسی دوسرے کو نہیں مل سکے گی ۔

ملک معراج خالد (لاہور 5) جناب والا ۔ چودھری نواز صاحب نے قرارداد پیش کرتے وقت اپنی تقریر کے آخیر میں عام انسانوں کی طمانیت قلب کے لئے کہدیا ہے اگرچہ ان کی شروع میں نیت نہیں تھی ۔ انہوں نے خود اس بات کا اظہار کر دیا ہے اور وہ اس اصول کے حامی ہیں کہ یہ تمام زمین ان لوگوں کو دی جائیں جو خود کاشت کار ہیں ۔ چھوٹے مالک ہیں یا مزارعین ہیں ۔ ابھی انہوں نے اپنی تقریر کے آخری حصہ میں بطور اصول یہ تسلیم کیا ہے کہ اس چیز کو مدنظر رکھا جائے کہ کنویں لگانے ۔ ٹیوب ویل نصب کرنے اور زیادہ غلہ اگاؤ کی سکیموں کے تحت جن لوگوں کو 1952 میں یا اس کے بعد زمین دی گئی ہیں وہ زمین مختلف پریشر ۔ مختلف میل جول یا ہیرا پھیری کے ذریعہ الاٹ کی گئیں اور ان میں نوکر شاہی کے وہ افراد بھی شامل ہیں جن کے بارے میں بار بار ایک لمبی چوڑی رپورٹ پیش کر چکے ہیں ۔ بلکہ اس ہیرا پھیری اور فریب کاری کو تشت ازبام کرنے کے لئے اگر کوئی گورنر کی معائنہ ٹیم مقرر کر دی ہے کہ حق داران کو حق دلائے لیکن ان کے منہ میں زبان نہیں کھل سکی کہ جنہوں نے یہ زمین مختلف ہیرا پھیری سے حاصل کی ہیں ۔ ۔ ۔

چودھری محمد نواز ۔ حضور والا ۔ وقت ختم ہو گیا ہے ہاؤس کا وقت بڑھا دیا جائے ۔

Mr. Speaker. What is the sence of the House-should it be extended ?

Khawaja Muhammad Safdar. I understand that the House is being prorogued.

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ ہاؤس کا وقت پون گھنٹہ بڑھا دیا جائے ۔

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - پانچویں قرار داد ساری قوم سے متعلق ہے - آپ اس وقت تک بڑھا دیجئے جب تک پانچویں قرار داد کا فیصلہ نہیں ہو جاتا -

(قطع کلامیاں)

چوہدری محمد نواز - جناب والا - یہ ہر معاملہ میں پیش پیش ہوتے ہیں -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - یہ مجھے کاٹنے کو دوڑتے ہیں -

(قطع کلامیاں)

Mr. Speaker. I think the sence of the House is that the time should be extended by half an hour. It is therefore, extended by half an hour.

ملک معراج خالد - جناب والا - ان سکیموں کے تحت 1952 سے لیکر آج تک جن لوگوں نے اراضیات حاصل کی ہیں ان کے متعلق میں پورے وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ وہ لوگ وہ نہیں تھے جو چھوٹے مالک تھے - جو بے دخل مزارعین تھے یا دوسرے ایسے کاشتکار تھے جن کے پاس زمینیں نہ تھیں - اس لیے ہی حکومت نے کسی مصلحت کے تحت ان الاٹیوں کی جانچ پڑتال کے لیے گورنر معائنہ ٹیم مقرر کی ہے جس کا سربراہ چوہدری نواز صاحب کو بنایا ہے - یہ تمام زمینیں ان سے واپس لی جائیں یہ کوئی درست بات نہیں ہے - لیکن وہ لوگ جنہیں ان سکیموں کے تحت زمینیں دی گئی ہیں - لیکن وہ خود کاشت کرتے ہیں - اور ان کے پاس ان رقبوں کے علاوہ کوئی دوسری زمینیں نہیں ہے - اور ان کے پاس کم از کم 12½ ایکڑ یا 25 ایکڑ زمین ہے - ان کے لیے مناسب ہے - مالکانہ حقوق دیئے جائیں - لیکن جب تک اس اصول کو نہ تسلیم کیا جائے کہ ان لوگوں کے پاس یہ زمینیں نہیں رہیں گی جن کے پاس اپنے رقبہ جات موجود ہیں - یا ان الاٹمنٹوں کے علاوہ دوسری جگہوں پر بھی انہوں نے رقبے لے رکھے ہیں - تو لازمی طور پر جس پالیسی کے تحت اس الاٹمنٹ کی سکروٹنی کی جائے گی - یہ عوام

کے مفاد کے مطابق ہے ۔ میں حمزہ صاحب کی پوری پوری تائید کرتا ہوں کہ زمینیں صرف نوکر شاہی ۔ یا بڑے بڑے زمینداروں یا کارخانہ داروں نے الاٹمنٹ کے ذریعہ حاصل کی ہیں ۔ ان سے واپس لینی چاہئیں ۔

میں اس مرحلہ پر تمام معزز دوستوں کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ ان سکیموں کے علاوہ ایک ایسی سکیم بھی صوبہ میں رائج ہے ۔ ہزارہا نہیں لاکھوں الاٹمنٹیں ایسی ہیں جنہیں قانونی ۔ اخلاق اور شرعی طور پر کوئی حق نہیں پہنچتا تھا کہ الاٹمنٹیں حاصل کرتے ۔ اس سلسلہ میں استحصالی اقدامات کیے گئے ہیں ۔ خاص طور پر 1958 کے بعد اس کو جائز قرار دیا جاتا ہے ۔ سیالکوٹ سے بہاولنگر کے Indo-Pak باڈر پر ان لوگوں کو زمینیں دی جا چکی ہیں ۔ جو نہ خود کاشتکاری کرتے ہیں ۔ اور نہ ہی ان کو کوئی حق پہنچتا تھا ۔ اس لیے میں اس ریزولیوشن کی اس لحاظ سے مخالفت کرتا ہوں کہ ان تمام الاٹیوں کو مالکانہ حقوق ملیں ۔ اور میں اس بات کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں کہ عوام کے مفاد کو ہمیشہ پیش نظر رکھا جائے ۔ وہ جس خطرہ کو آج شہروں میں محسوس کرتے ہیں ۔ کل دیہاتوں میں بھی پھیل جائے گا ۔ اور اس کے لیے جتنی جلدی کی جائے ۔ بہتر ہے ۔ الاٹیوں میں صرف ان لوگوں کو مالکانہ حقوق دیئے جائیں ۔ جن کے پاس 12½ ایکڑ زمین ہے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں تو حیران رہ گیا ہوں کہ ٹائم کے متعلق کیا جھگڑا شروع کر دیا ہے ۔ کوئی کہتا ہے ۔ 15 منٹ کوئی کہتا ہے ۔ آدھا گھنٹہ بڑھا دو ۔ جہاں تک ان قرار دادوں کا تعلق ہے ۔ آج تک صوبائی اسمبلی کے 1965 کی قرار دادوں پر عمل نہیں ہوا ۔ اور یہ کہتے ہیں کہ ہمیں اتنا ٹائم دو ۔ اور اتنا ٹائم دو ۔ جہاں تک ان قرار دادوں کا تعلق ہے ۔ آپ اس سے بخوبی واقف ہیں کہ یہ صرف گورنمنٹ exchequer پر burden ہے ۔ قرار دادوں کا جو حشر ہوتا ہے ۔ اس کے مدنظر بہتر یہی ہے کہ ہم قرار دادیں پیش ہی نہ کریں ۔ یہ ہمارے لیے بے عزتی کا باعث ہیں جہاں تک اس قرار داد کا تعلق ہے ۔ وہ ملک اور قوم کے مفاد میں ہے ۔

رانا پھول محمد خان - اس قرارداد پر بہت سی تقریریں ہو چکی ہیں - اس پر ووٹنگ کرلیں -

دیوان سید غلام عباس بخاری - جناب سپیکر - یہ قرارداد جو چوہدری صاحب نے پیش کی ہے - یہ ان کی آواز نہیں، بلکہ سوسائٹی کی اکثریت کی آواز ہے - جناب والا - 14/15 سال پہلے گورنمنٹ نے مختلف علاقوں پر ٹیوب ویل سکیم کے تحت - یہاں سکیم کے تحت اور دیگر سکیموں کے تحت زمین دی تھی - جس میں 80% رقبہ جات ان کو دیئے گئے ہیں جو landless ہیں اور 20% الاٹیز میں سمجھتا ہوں کہ غلط ہوئی ہیں - لہذا میں سمجھتا ہوں کہ چوہدری صاحب کی قرارداد کو منظور کر لیا جائے - میں ان کی حمایت کرتا ہوں -

وزیر مال - جناب والا - چوہدری صاحب نے جس شکل میں یہ ریزولیوشن پیش کیا ہے - ان کی تقریر ان کے مطابق ہرگز نہیں تھی - ریزولیوشن یہ ہے -

> **This Assembly is of the opinion that allottees of State land in the Province under Well-Sinking, Tube-well Sinking and Grow More Food Schemes should be given proprietary rights in the lands allotted to them.**

جو تقریر چوہدری صاحب نے کی ہے - اس میں تینوں اسکیموں کے متعلق ایک لفظ بھی نہیں کہا - آپ نے فرمایا ہے کہ مختلف اوقات میں مختلف سکیموں کے تحت سرکاری زمینیں لوگوں کو ملتی رہی ہیں - اور یہ اس سلسلہ میں 1652 کا نام لیا ہے -

چوہدری محمد نواز - وقت کی کمی کی وجہ سے میں تفصیل میں نہیں جا سکا -

وزیر مال - یہ تینوں سکیمیں جن میں ویل سنکنگ سکیم - ٹیوب ویل سنکنگ اور "grow more Food Scheme" ہیں - ان کا 1952 سے کوئی

تعلق نہیں ہے - یہ تینوں بعد کی سکیمیں ہیں - ریزولیوشن میں پہلی سکیم جس کا نام لیا گیا ہے - ٹیوب ویل سنکنگ سکیم ہے - Well-Sinking scheme کے متعلق جو decision ہوا ہے ، وہ 23 دسمبر 1959 کا ہے - اور اس میں جو statement of condition ہیں وہ اسی notification کے تحت issue ہوئی ہیں - وہ میرے پاس ہے - اس کو اگر جناب ملاحظہ فرمائیں - - - ساری سکیم تو لمبی ہے اور اس پر زیادہ وقت لگے گا - اس لیے میں مختصراً عرض کرتا ہوں -

Area leased is in Clause 3

A tenancy of 25 acres or thereabouts will be granted on these conditions provided the following categories of land shall not be leased out, namely :—

(1) commanded or commandable in the foreseeable future by canal irrigation ;

(2) Charagah

(3) areas lying within a belt of.

(a) five miles running along and on the outer side of the outer limits of the Corporation of the City of Lahore ;

(b) two miles running along and on the outer side of the outer limits of a first-class Municipality ;

(c) one mile running along and on the outer limits of any other town ;

(4) cultivated area including 'Banjar Jadid';

(5) areas already leased out under any of the schemes approved by Government ;

In Clause 9 it is mentioned.

The period of lease

The tenancy shall be for a period of 20 years and on the expiry of this period the tenant shall be entitled to a renewal of the tenancy for a further period of ten years only on such terms and conditions as may then be prescribed by Government with no further option of purchase or renewal ; provided the option of renewal is exercised by the tenant in writing during the last year of the tenancy at least six months before the date of its expiry.

Then there is a very important clause

جس کی طرف چوہدری صاحب نے توجہ نہیں دی

and that is clause 15 about the purchase of land.

Any tenant who has duly complied with all the terms and conditions of the grant to the satisfaction of the Collector and has duly paid all sums due from him to the Government under these conditions shall be entitled, after the expiry of five years from the date of commencement of the tenancy, to exercise the option to purchase the land subject to the following conditions :—

(a) the option will not be exercised before the expiry of the period

of five years from the commencement of the tenancy but may be exercised at any time during the 6th to 19th year of the tenancy;

Chaudhri Muhammad Nawaz. Please read something about section 16.

Minister for Revenue and Rehabilitation.

(b) at the time of exercising the option to purchase the land at least 90% of the area of the tenancy has been under crops during the two harvests preceding the date of application for purchase of the land;

(c) the tenant shall exercise this option of purchase in respect of the whole tenancy and not of a part thereof;

(d) any tenant who owes at any time during the period from the date of this notification. . . .

مسٹر حمزہ - پرائنٹ آف آرڈر - جناب والا - مجھے curtain lectures دینے جا رہے ہیں - آپ ان کو منع کریں -

Mr. Speaker. Yes, please?

مسٹر حمزہ - چوہدری نواز صاحب مجھے curtain lectures دے رہے ہیں -

مسٹر سپیکر - کیا دے رہے ہیں ؟

مسٹر حمزہ - یہ لیکچرشپ حکومت سے جناب -

Minister for Revenue and Rehabilitation.

(d) any tenant who owes at any time during the period from the date of this notification upto and including the date of exercising the option to purchase the land either severally or jointly with co-sharer or co-sharers, so much land that the total area of that land owned by him plus the land allotted on these conditions is more than 250 acreas, shall not be allowed to purchase the proprietary rights in the land allotted to him under these conditions.

عرض یہ ہے کہ یہ purchase کے متعلق ہے - ریزولیوشن یہ ہے کہ ان tenants کو جن کے پاس یہ tenancies ہیں ، ان کو حقوق ملکیت دیا جائے - میں عرض کرتا ہوں کہ حقوق ملکیت کا already اس میں ذکر ہے in great detail یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ - - -

Mr. Speaker: Please conclude.

رانا پھول محمد خان - جناب والا - میری گزارش یہ ہے کہ ایک طرف تو ہماری حکومت عوام کو بنیادی حقوق دے رہی ہے اور مطالبے ہو رہے ہیں اور دوسری طرف ہمارے حقوق سلب کیے جا رہے ہیں (قطع کلامیاں) میں تجویز پیش کرتا ہوں کہ تمام قراردادوں کے لیے وقت بڑھایا جائے -

مسٹر سپیکر - یہ ریزولیوشن ختم ہو رہا ہے - آپ تشریف رکھیں -

رانا پھول محمد خان - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آج وزراء نے تہیہ کیا ہوا ہے کہ ریزولیوشنوں کو نہ آنے دیا جائے - اس لیے میں یہ عرض کروں گا کہ وزیر مال - - - -

مسٹر سپیکر - رانا صاحب آپ تشریف رکھئے -

میاں محمد شفیع - جناب والا - جو ریزولیوشن آج رہ جائیں گے ، ان کا کیا حشر ہوگا ؟ یعنی جو آج نہیں آسکیں گے ، ان کا کیا ہوگا ؟

مسٹر سپیکر - جو آج نہیں آسکیں گے ، وہ تو پھر نہیں آسکیں گے -

میاں محمد شفیع - وہ دوبارہ کسی اور سیشن میں آسکیں گے ؟

Mr. Speaker. No.

میاں محمد شفیع - یہ تو پھر خواہ مخواہ ہمارا وقت ضائع ہوا -

(قطع کلامیاں)

رانا پھول محمد خان - جناب والا - میں وزراء کے رویہ کے خلاف احتجاج کے طور پر walk out کروں گا - (قطع کلامیاں) یہ ہمارے ساتھ زیادتیاں کر رہے ہیں -

(قطع کلامیاں)

Mr. Speaker. Order please. Yes Khan Sahib.

وزیر مال - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا - - -

چوہدری محمد نواز - جناب والا - question اب put کیا جائے -

Mr. Speaker. Khan Sahib, are you concluding ?

چوہدری محمد نواز - حضور والا - ہمیں کسی speech کی ضرورت نہیں ہے - ہم چلے جائیں گے ہاؤس سے - ہم تقریر نہیں سننا چاہتے -

(قطع کلامیاں اور شور)

Syed Inayat Ali Shah. Now the question should be put.

Mr. Speaker. Let him conclude.

Chaudhri Muhammad Nawaz. We don't want any speech.

Mr. Speaker. Let me ascertain from him.

(interruptions)

Are you going to make a lengthy speech or are you going to conclude within two minutes ?

وزیر مال - اگر تو میں نے merits کے مطابق سب چیزوں کے متعلق کہنا ہے جیسا کہ subject اس وقت demand کرتا ہے۔ then I need more than an hour تین سکیموں کے متعلق ذکر ہے - اگر میں نے سب کے متعلق کہنا ہے تو مجھے وقت لگے گا - (قطع کلامیاں) اتنا لمبا چوڑ subject ہے -

مسٹر سپیکر - اتنا وقت تو نہیں ہے -

وزیر مال - اگر مجھے کہیں تو میں ختم کرتا ہوں - لیکن اگر subject کے ساتھ justice کرنا ہے تو مجھے وقت لگے گا -

Mr. Speaker. I will now put the question.

The question is :

> That this Assembly is of the opinion that allottees of State land in the Province under Well Sinking, Tube-well Sinking and Grow More Food Schemes should be given proprietary rights in the lands allotted to them.

(*The motion was carried*).

Next resolution.

INTRODUCTION OF LIFT IRRIGATION SCHEME ON BOTH SIDES OF BALLOKI: SULAIMANKI LINK.

رانا پھول محمد خاں - میں یہ قرارداد پیش کرتا ہوں

کہ اس ایوان کی رائے یہ ہے کہ بلوکی سلیمانکی
لنک کے ہر دو جانب لفٹ اریگیشن سکیم پر
عمل درآمد کیا جائے تاکہ راجباہ نیاز بیگ
راجباہ رکھ اور راجباہ وان میں پانی کی کمی
کو پورا کیا جا سکے -

Mr. Speaker. The resolution is:-

> That this Assembly is of the opinion that Lift Irrigation Scheme be introduced on both sides of Balloki Sulaimanki Link to meet the shortage of water in Rajbah Niaz Beg Rajbah Rakh and Rajbah Wan.

Minister for Irrigation and Power: I opposed it.

✓ **رانا پھول محمد خان** (لاہور - 7) - جناب والا - میری تحصیل چونیاں کو ہندوستان کی نہر سیراب کرتی تھی اور اس کا tail کا علاقہ تین راجباہوں پر واقع ہے یعنی راجباہ رکھ - راجباہ وان اور راجباہ نیاز بیگ - راجباہ نیاز بیگ میں پانی کی کمی پوری کرنے کے لئے گورنمنٹ نے ٹیوب ویل لگائے ہیں جس سے ہماری زمین تھور ہو رہی ہیں - اب وہاں سے بلوکی سلیمانکی لنک جو ہمارے علاقے سے نکل رہی ہے اس سے انہوں نے اس سرکاری رکھ کو ہماری تحصیل میں پانی دیا ہے جس پر افسروں کو مربعے دئیے گئے ہیں لفٹ اریگیشن کے ذریعہ ان کو پانی دیا گیا ہے لیکن ان سو دیہات کو پانی نہیں دیا گیا جو اڑپ رہے ہیں جن کی زرخیز زمین برباد ہو رہی ہیں اور جو تہیہ کر چکے ہیں کہ اگر ان کے پانی کا انتظام نہ کیا گیا تو وہ اس اسمبلی ہال کے سامنے بھوک ہڑتال کرنے پر مجبور ہو جائیں گے - ان کی زرخیز زمین تباہ ہو رہی ہے لیکن افسروں کو نوازا جا رہا ہے - افسروں کو بلوکی سلیمانکی لنک سے پانی دیا جا رہا ہے - بہاول پور پانی پہنچایا جا رہا ہے لیکن جس علاقے کے لوگوں کی زمین اس میں آئی ہیں ان کو پانی نہیں دیا جا رہا - میں جناب وزیر آبپاشی سے گزارش کروں گا کہ وہ اپنے خاندان کی روایت کو قائم رکھتے ہوئے اور خدمت خلق کے جذبہ کو سامنے رکھتے ہوئے ان سو دیہات کی اس تکلیف پر ہمدردانہ غور کریں اور انہیں پانی دیں - کیونکہ اگر آپ دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ہمارے خلاف لوگوں میں پروپیگنڈا ہو رہا ہے کہ افسروں کو زمین دی جا رہی ہیں اور ان بنجر زمینوں کو لفٹ کے ذریعہ پانی دیا جا رہا ہے - لیکن ان دیہات کی زرخیز زمین بنجر ہو رہی

ہے - ان کے مویشی پانی کے لئے تڑپ رہے ہیں - اگر ٹیل پر بھی پانی پہنچ جاتا ہے تو ان سے آبیانہ بطور جرمانہ وصول کیا جاتا ہے - ہزاروں روپیہ حکومت ان سے بطور جرمانہ وصول کر رہی ہے - میں اپنے علاقہ کے ایک سو دیہات کی طرف سے درخواست ہی نہیں کرتا بلکہ میں اپنی حکومت سے اور وزیر آبپاشی سے اپیل کرتا ہوں کہ خدا کے لئے ان عوام پر رحم کریں - جو مر رہے ہیں تڑپ رہے ہیں جن کے مویشی مر رہے ہیں - آپ نے وہ علاقہ شاید نہیں دیکھا اس علاقہ کی زمین بڑی زرخیز ہے - لیکن پانی نہ ملنے کی وجہ سے وہ لوگ مر رہے ہیں - ان کی زمینوں کو پانی ملنے کی بجائے بیابان پور جا رہا ہے - وہ لوگ انتہائی مشکلات میں ہیں - اس لئے میں درخواست کرتا ہوں کہ اس قرارداد کو منظور کیا جائے -

مسٹر سپیکر - چودھری محمد نواز صاحب اپنی ترمیم پیش کریں -

Chaudhri Muhammad Nawaz: Sir I beg to move :

> That in the proposed Resolution, between the words "Rajbah Wan" and the full-stop appearing at the end, the words "for the irrigation of lands situated at the tail in Tehsil Chunian" be inserted.

Mr. Speaker. The amendment moved and the question is

> That in the proposed Resolution, between the words "Rajbah Wan" and the full-stop appearing at the end, the words "for the irrigation of lands situated at the tail in Tehsil Chunian" be inserted,

(*The motion was carried*)

رانا پھول محمد خان - جناب والا - چونکہ ابھی وزیر صاحب نے تقریر کرنی ہے اس لئے میری گزارش ہے کہ وقت بڑھا دیا جائے -

مسٹر سپیکر ۔ یہ ضروری نہیں ۔ ممکن ہے ۔ وہ دو منٹ میں ختم کر دیں ۔

وزیر آبپاشی (مخدوم حمیدالدین) ۔ جناب والا ۔ رانا صاحب نے جن تکالیف کا اظہار کیا ہے ۔ مجھے ان اھالیان سے ھمدردی بھی ہے ۔ مجھے ان کے جذبات کا احترام بھی ہے۔ میں نے تو صرف ایک بات سے اس ھاؤس کو روشناس کرانا ہے ۔ جس کے لئے مجھے یہ ناخوشگوار فرض ادا کرنا پڑا ہے۔ اور میں oppose کر رہا ہوں آپ سن لیں ۔ ممکن ہے ۔ آپ مطمئن ہو جائیں

جناب والا ۔ جن تین Distributories کا ذکر کیا گیا ہے ۔ یعنی رکھ وان اور نیاز بیگ ۔ ان میں پانی کی کمی کی وجہ یہ ہے کہ ان channels میں کچھ inherent defects ہونے کی وجہ سے اور کچھ اس کے silt up ہونے کی وجہ سے drawal of channels کم ہو گیا ہے ۔ ظاہر ہے ۔ اس میں مٹی بھر گئی ہے ۔ اور سیکشن کم ہو گیا ہے اور اس کی وجہ سے جو level rise ہوا ہے ۔ تو earlier reaches کے جتنے out-lets ہیں ان کو تو پانی ملتا ہے مگر tail reaches میں پانی نہیں پہنچتا ۔ تو مختصراً عرض یہ ہے کہ ان تینوں channels میں inherent defects کی وجہ سے tail reaches میں پانی نہیں پہنچ رہا ۔ ان لوگوں کی ضروریات کا پورا احساس کرتے ہوئے میں اس معزز ایوان کی اطلاع کے لئے یہ عرض کروں گا ۔ کہ جہاں تک وان کا تعلق ہے ۔ اس Distributory کی silt clearance اس کی re-modeling اور اس کے section کو ٹھیک کیا جائے گا ۔ current financial year میں اس کے لئے رقم دی گئی ہے ۔ اس کی مختلف وقت میں clearance کر کے اس کو remodel کر رہے ہیں ۔ تاکہ وہ صحیح طور پر supplies کا drawal بھی حاصل کر سکے ۔ ہم اس کی silt وغیرہ اور اس کے جتنے associated engineering defects ہیں ۔ ان کو ٹھیک کر رہے ہیں ۔ اسے remodel کر رہے ہیں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ یہ بالکل بے بنیاد ہے ۔

وزیر آبپاشی - آپ توجہ فرمائیں ۔ gravity flow Irrigation اور lift irrigation میں زمین و آسمان کا فرق ہے ۔

رانا پھول محمد خان - جرنیلوں کے لئے ہو سکتا ہے۔ ہمارے لئے نہیں ہوتا ۔

وزیر آبپاشی - میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ جہاں اس علاقہ کے لئے gravity flow کا انتظام کیا جا رہا ہے ۔ اس حساب سے تینوں channel کی remodeling ہو رہی ہے ۔ Wan Distributory کے لئے رقم available ہے اور اس پر کام ہو رہا ہے ۔ lift irrigation کے مقابلہ میں gravity flow کے ذریعہ اس channel کی remodeling ہو رہی ہے ۔ اس لئے lift irrigation کا demand کرنا مناسب نہیں ہوگا ۔ اور فائدہ مند نہیں ہوگا ۔ بہتر یہ ہے کہ اس سکیم کو implement کر لینے دیجئے ۔ اس کا ابتدائی کام ہو چکا ہے ۔

میاں محمد شفیع - پوائنٹ آف آرڈر ۔ وزیر صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے ۔ اس کے متعلق میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ opinion کسی expert کی ہے ۔ ان کی اپنی ہے ۔ اگر expert کی ہے ۔ تو اسے take up کیا جائے ۔

وزیر آبپاشی - آپ کی expert سے کیا مراد ہے ۔

میاں محمد شفیع - expert سے مراد کوئی Chief Engineer یا کوئی اور بڑا Engineer ہو سکتا ہے ۔

وزیر آبپاشی - جی ہاں ۔ یہ expert کی opinion ہے ۔ میں ایسے معاملات کا فیصلہ خود نہیں کیا کرتا ۔ ہمارے جتنے انجینیرز ہیں ۔ اس کا فیصلہ وہی کیا کرتے ہیں ۔ میرا عرض کرنے کا مقصد یہی ہے ۔ کہ lift irrigation کی نسبت اگر channels کو remodel کر لیا جائے ۔ اور gravity flow صحیح ہے ۔

That would be far better as compared to this artificial type of lift Irrigation because then the people will have to face so many difficulties.

بابو محمد رفیق - کیا وزیر صاحب اس چیز پر روشنی ڈالیں گے کہ اگر ان کی وہ سکیم کامیاب نہ ہوئی - تو وہ اس سکیم پر عمل کریں گے - یعنی اگر وہ سکیم اس areas کی demand پوری نہ کرے تو اس سکیم پر عمل کریں گے ؟

وزیر آبپاشی - ان channels میں جو کمی ہو گئی ہے - وہ ان کو remodel کرانے سے دور ہو جائے گی - اب جب کہ channels کو original position میں remodel کیا جا رہا ہے - تو ظاہر ہے کہ کمی نہیں رہے گی - اگر یہ نہ ہو سکا تو alternative methods اختیار کئے جائیں گے -

مسٹر سپیکر - یہ معاملہ کتنی دیر لے گا ؟

وزیر آبپاشی - میں نے عرض کیا ہے کہ کہ main distributory جو وان والی ہے - اس کے لئے provision موجود ہے - اس پر کام بھی جاری ہے - اور اسی financial year میں ہوگا - دوسری channels کا سروے شروع ہے - which means that all the three are in hand. جس کے لئے allocation ہو چکی ہے - اس کا کام اسی سال میں مکمل ہو جائے گا -

مسٹر سپیکر - جن کی surveying کی جا رہی ہے- کیا اگلے سال میں ان کے لئے رقم مختص فرمائیں گے ؟

وزیر آبپاشی - جب سروے مکمل ہو جائے گا - تو اس کے لئے اگلے سال رقم کے علاوہ implementation کی بھی کوشش کی جائے گی -

دیوان سید غلام عباس بخاری - اگر ان کی یہ سکیم کامیاب ہوگی تو کیا lift scheme بند کر دیں گے ؟ (شور)

مسٹر سپیکر - آرڈر-آرڈر- دیوان صاحب آپ تشریف رکھیں -

وزیر آبپاشی - جناب والا - دیوان صاحب نے میری رہبری کے طور پر جو کچھ فرمایا ہے مجھے اس کا احساس ہے - ان کا خیال ہے کہ remodeling

بھی کر دی جائے ۔ اور لفٹ بھی کی جائے یعنی دونوں پر خرچ کیا جائے ۔ اور دونوں پراجیکٹ مکمل کئے جائیں ۔ یہ نہیں ہو سکے گا ۔

Mr. Speaker. I will now put the resolution to the vote of the House.

The question is :

That this Assembly is of the opinion that Lift Irrigation Scheme be introduced on both sides of Balloki-Sulaimanki Link to meet the shortage of water in Rajbah Niaz Beg, Rajbah Rakh and Rajbah Wan and for the irrigation of lands situated at the tail in Tehsil Chunian.

(*The motion was carried*).

میاں محمد شفیع ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں دست بستہ عرض کرتا ہوں ۔ آپ نے ہاؤس کا وقت نصف گھنٹہ بڑھایا ہے ۔ اگر 15 منٹ اور بڑھا دیں ۔ تو میرا resolution بھی پیش ہوسکے گا ۔

Mr. Speaker. I have received the order of prorogation.

Minister for Law. Sir, before you read out the order, which you propose to read out, I would like to make a short statement. The order of prorogation, which is about to be read, may not be construed as being an attemp on the part of the Government, not to finish the University Bills, which are pending before this House. The Government is very anxious to see that the Bills are cleared at the earliest possible moment and they will do all in their power to finish the Bills as early as possible. For this purpose the next session of the Assembly is likely to be summoned in the first fortnight of March. The reasons for the advice of prorogation are that this House has been in session for the last about seven weeks and very shortly Eid and Haj, these two auspicious days, are about to intervene,

And there are Bills pertaining to the various Universities also, which require a very careful consideration. As you must have noticed and as you have been often remarking in this House, the amendments have been coming almost every day and nobody can keep abreast with the business in this manner because all Members want to participate in this. They want to contribute in a large measure in seeing that the University Bills are made as good, as beneficial and as effective as possible so that the interests of the student community and the interests of education in this province are looked after properly. I think, therefore, that this little interval is called for. It is on account of this alone that the House has been advised to be prorogued. In the first fortnight of March, Insha Allah, the next session will again be summoned.

Mr. Speaker. I will now read the order of prorogation :

> In exercise of the powers vested in me by clause (1) of Article 73 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan I, Muhammad Musa, Governor of West Pakistan, hereby prorogue the provincial Assembly of West Pakistan with effect on and from the afternoon of 20th February 1969.

So, the Assembly stands prorogued.

(The House was then prorogued)

REFERENCE BOOK
Not to be Issue